تلفّظ نُما اُردو لُغت

ڈاکٹر عِصمَت جاوید

ناشر
حاجی غلام محمد اعظم ایجوکیشن ٹرسٹ، پونے

تلفظ نما اردو لغت

تلفّظ نما اُردو لغت

﴿ اُردو تلفّظ کی مستند لغت ﴾

تحقیق و ترتیب

ڈاکٹر عصمت جاوید

محرک و رابطہ کار

بشیر احمد انصاری

ناشر

حاجی غلام محمد اعظم ایجوکیشن ٹرسٹ، پونے

۲۰۰۴ء

Talaffuz Numa Urdu Lugat

❖❖❖

Urdu Dictionary With Pronounciations

❖❖❖

Research & Compilation

Dr. Ismat Javed

Concept & Co-ordination

Bashir Ahmed Ansari

Published by

Haji Gulam Mohd. Azam Education Trust, Pune

2004

نام کتاب	:	تلفظ نما اُردو لغت
مرتب	:	ڈاکٹر عصمت جاوید
سن اشاعت	:	جنوری ۲۰۰۴ء
صفحات	:	۲۲۱ ~~۲۳۲~~
قیمت	:	۲۵۰/ روپے
تعداد اشاعت	:	۱۰۰۰
کمپیوٹر کتابت	:	مدنی گرافکس، پونہ۔ 26122855
طباعت	:	پربھات پرنٹنگ ورکس، پونہ
ناشر	:	حاجی غلام محمد اعظم ایجوکیشن ٹرسٹ، پونے

ملنے کے پتے :

* حاجی غلام محمد اعظم ایجوکیشن ٹرسٹ، 'اعظم کیمپس' خان بہادر ہدایت اللہ روڈ، کیمپ، پونے ۴۱۱۰۰۱
* مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی - ۱۱۰۰۲۵
* مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، ابراہیم رحمت اللہ روڈ، ممبئی ۴۰۰۰۰۳
* مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، علی گڑھ۔

میرے شکریے کے مستحق:

* منوّر پیر بھائی

.... چیئرمین اعظم ٹرسٹ، پونے

* بشیر احمد انصاری

.... جن کی زیر نگرانی یہ سارا کام انجام پایا

* پروف ریڈر میری بیگم منوّر جہاں

.... جنھوں نے میری کمزوری بینائی کی وجہ سے پوچھ پوچھ کر درستی کی۔ وہ میرے خاص شکریہ کی مستحق ہیں

* مشتاق مدنی

.... مدنی گرافکس، پونے

عصمت جاوید

۱۰/اگست ۲۰۰۲ء

عرض ناشر

''تلفظ نما اردو لغت'' کی اشاعت کا منصوبہ رئیس المحققین ڈاکٹر عصمت جاوید صاحب کی حیات ہی میں بنایا جاچکا تھا۔ اوّلاً اس کی کمپوزنگ اورنگ آباد میں شروع ہوئی تاکہ ڈاکٹر صاحب مرحوم کی براہِ راست نگرانی میں عمدہ اور جلد کام تکمیل کو پہنچے۔ مگر بوجوہ اورنگ آباد میں کمپوزنگ کے چند ابتدائی مراحل ہی طے ہوسکے اور اس کی تکمیل، طباعت اور اشاعت پونہ میں ہوئی۔ کتاب چونکہ عمومی نوعیت کی نہ تھی اور اعراب کی پابندیاں اور پیچیدگیاں اہتمامِ کُل چاہتی تھیں اس لیے کمپوزنگ میں قدرے تاخیر ہوتی گئی۔ اسی اثنا میں ڈاکٹر صاحب کی طبیعت بگڑنی شروع ہوئی۔ مگر مجھے خوشی اس بات کی ہے کہ لغت کا پہلا پورا کمپوز شدہ مسودہ انھوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا تھا اور اس پر کماحقہ طمانیت اور مسرت کا اظہار بھی فرمایا تھا۔

ابھی وہ پروف ریڈنگ کا کام پورا بھی نہ کرپائے تھے کہ ان کی وفات کا سانحہ پیش آگیا۔ اس لیے پروف ریڈنگ کا کام برادر محترم بشیر احمد انصاری نے اپنے ذمہ لے لیا جو درحقیقت اس پورے لسانی پروجیکٹ کے محرک بھی تھے۔ دوسرے پروف کے بعد اصل مسودہ اور پروف بیگم منور جہاں عصمت شیخ کی خدمت میں بھیج دیا گیا تاکہ وہ بھی اس پر ایک نظر ڈال لیں۔ موصوفہ نے رمضان ۲۰۰۲ء کا پورا مہینہ اور بعد کے کئی ماہ پروف ریڈنگ کی عرق ریزی میں صَرف کیے اور ضروری ترمیم و تبدل اور حواشی کے بعد ٹرسٹ کے حوالے کیا۔ مگر ابھی آخری مرحلۂ شوق باقی تھا اور کافی وقت اور دقتِ نظری کا طالب تھا کیونکہ لغت اپنے آپ میں ایک تاریخی اور لسانی کارنامہ ہے۔ جناب بشیر احمد انصاری نے پورے مسودہ کو از اوّل تا آخر ایک مرتبہ پھر دیکھا۔ کئی اُمور پر لسانی نقطۂ نظر سے بحثیں ہوئیں اور کئی ماہ کی عرق ریزی کے بعد ڈاکٹر عصمت جاوید مرحوم کا یہ لاثانی علمی کارنامہ منظر عام پر آیا۔

یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ ڈاکٹر عصمت جاوید اُردو دنیا میں انتہائی قد آور اور مستند ترین

شخصیتوں میں شمار کیے جاتے تھے۔ ہمارے عہد کے کئی اکابر اُن کے علمی استناد اور لسانی صلاحیتوں کے دل سے معترف رہے ہیں۔ ان کی شخصیت کا ڈنکا پورے برصغیر میں بجتا تھا۔ وہ غضب کے مقرر اور فطری شاعر تھے بلکہ یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ بنیادی طور پر وہ ایک بہترین شاعر تھے، مگر ان کے علمی جلال نے تحقیق، تدوین، ترجمہ اور لسانیاتی آفاق میں اپنی پناہ گاہیں تلاش کیں۔ اعظم کیمپس سے مرحوم کا رشتہ ایک مخلص سرپرست کا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اپنے آخری لسانی شاہکار کو انھوں نے بغرضِ اشاعت اعظم ٹرسٹ کو عنایت فرمایا۔

اس پورے پروجیکٹ کے تئیں برادر بشیر احمد انصاری اور محترمہ منور جہاں عصمت شیخ نے جس والہانہ خلوص اور غیر معمولی وابستگی کا مظاہرہ فرمایا اس سے ان کے دل میں ڈاکٹر صاحب کی قدر و عظمت کا اندازہ ہوتا ہے۔ مجھے بے حد خوشی اور فخر ہے کہ اس نادر المثال علمی شاہکار کو اُردو دنیا کے سامنے پیش کرنے کا سہرا اعظم ٹرسٹ کے سر ہے۔

اُردو کے قارئین، طلبہ، اساتذہ اور تعلیمی اداروں کے سربراہوں سے میری پرزور اپیل ہے کہ اس نادر و بے بہا ذخیرے کی پذیرائی کریں اور اس کے باقاعدہ مطالعہ کو اپنا معمول بنائیں تاکہ زبان کے تعلق سے نہ صرف ہماری بعض تسلیم شدہ غلطیاں درست ہو جائیں بلکہ ہمارے لسانی ذخیرہ میں بھی بیش بہا اضافہ ہو۔

منوّر پیر بھائی

چیئرمین

حاجی غلام محمد اعظم ایجوکیشن ٹرسٹ

پونے

لغتِ جاوید

سکندر علی وجدؔ صاحب نے ایک ملاقات میں کہا تھا "ڈاکٹر عصمت جاوید کا صحیح علمی اور ادبی مقام سمجھنے کے لیے خود بھی عالم ہونا چاہیے۔" یہ خاکِ دکن سے اُٹھنے والے ایک عظیم مہذب شاعر کا اردو کے مایہ ناز محقق و ادیب کو خراجِ عقیدت تھا۔ اس وقت ڈاکٹر عصمت جاوید کی کئی کتابیں منظر عام پر آچکی تھیں۔ عصمت صاحب نے اپنے تحقیقی اور تخلیقی سفر کو اخیر دم تک جاری رکھا۔ لسانیات کے اصولوں کی وضاحت، اُردو قواعد کی نئے لسانی اصولوں کی روشنی میں ترتیب، اقبالیات کی تشریح، اسرار خودی اور رموزِ بے خودی کے منظوم تراجم، انگریزی ادب کی شاہکار نظموں کے منظوم ترجمے، ادبی مقالے، غزل گوئی، تین دہائیوں تک مہاراشٹر کی اُردو درسی کتابوں کی تالیف، تنقیدی مضامین اور تبصرے، ڈرامے اور مکالمہ نویسی، غرض انھوں نے اپنے آپ کو ہمیشہ ادبی کاموں میں مصروف رکھا۔

عصمت صاحب کو دانش جو حضرات کا حلقہ گھیرے رکھتا تھا۔ سینکڑوں نے ان کی علمی صحبت سے فیض اُٹھایا۔ اِن میں کالج کے طلبہ بھی تھے اور دوست بھی جو ہر عمر سے تعلق رکھتے تھے۔ کوئی علمی گفتگو چھیڑ دیتا اور ان کی گرانقدر رائے کا طالب ہوتا تو بہت خوش ہوتے۔ بس علم و ادب کا دبستان کھل جاتا۔ ایک کے بعد ایک نکات سامنے آتے رہتے۔ ہزاروں اُردو فارسی کے شعر ازبر تھے، حوالہ اور ثبوت کے طور پر شعر سناتے جاتے۔ انگریزی ادب کا ذکر بھی ہوتا۔ ان سے ہر ملاقات کے بعد یہ محسوس ہوتا کہ ہم نے کوئی ضخیم علمی کتاب پڑھ لی ہے۔

عصمت صاحب اپنے چاہنے والوں کی باتوں کو نظرانداز نہیں کرتے تھے۔ باتوں باتوں میں قواعد کے اُصول سکھاتے اور مثالیں دیتے لیکن مطالعہ کی ہمیشہ تاکید کرتے۔ جب ہم مہاراشٹر اُردو اکاڈیمی میں ایک ساتھ ممبر تھے تو میری درخواست پر انھوں نے "مراٹھی آموز" نامی کتاب لکھی جسے اُردو اکاڈیمی نے شائع کیا۔ مراٹھی سیکھنے کے لیے اُردو میں یہ اپنی نوعیت کی انوکھی کتاب ہے۔ اسی طرح میرے اصرار پر تعلیم

بالغاں کے لیے ایک مختصر کتاب ''تاش کا گھر'' بھی لکھی۔ آخر آخر میں جب بس سے سفر کرنے میں دشواری ہونے لگی تو مہاراشٹر اسٹیٹ بیورو آف ٹیکسٹ بک پروڈکشن اینڈ کری کولم ریسرچ، پونہ کے دفتر بال بھارتی میں میٹنگ کے لیے آنا بند کردیا۔ میں نے اُن کے شاگردِ رشید اقبال احمد کے ہاتھوں ایک رقعہ ارسال کیا، ''آپ اکثر کہتے تھے کہ اُردو الفاظ کے تلفظ کو ظاہر کرنے والی ایک لغت ہونی چاہیے۔ یہ کام پتہ نہیں اور کوئی کرے گا یا نہیں۔ کیوں نہ آپ خود یہ کام شروع کردیں۔ اشاعت کی ذمہ داری ہم پر ہوگی۔'' یاد رہے اس وقت عصمت صاحب کی عمر ۷۵ سے تجاوز کرچکی تھی۔ خدا کا شکر ہے انھوں نے میری درخواست کو شرفِ قبولیت بخشا۔ اس سلسلے میں انھوں نے کئی خط لکھے جن میں لغت کے ڈیزائن، خصوصیات اور علامات کے تعین پر گفتگو ہوتی رہی۔ آخر میں یہ بھی طے ہوا کہ لغت میں انھیں الفاظ کی شمولیت پر اکتفا کی جائے جن کے تلفظ کے سلسلے میں دو رائیں ہیں یا انتشار ہے۔ اس سے کام بھی جلد ختم ہوگا، ضخامت بھی کم ہوگی۔

لغت کی اشاعت کی ذمہ داری حاجی غلام محمد اعظم ایجوکیشن ٹرسٹ نے فوراً قبول کرلی۔ چیئرمین جناب منور پیر بھائی صاحب نے ٹرسٹیوں کے ساتھ اورنگ آباد خود عصمت صاحب سے ملاقات کی اور تعاون کا پورا یقین دلایا۔ اردو داں طبقہ اعظم ٹرسٹ کے جملہ ٹرسٹیوں کا ہمیشہ احسان مند رہے گا۔ لغت کے مسودے اور پیش لفظ میں عصمت صاحب نے جن علامتوں کے استعمال کی نشاندہی کی تھی کتاب میں اس کی پوری پوری پابندی کی گئی ہے۔

شیخ صاحب ولی صفت انسان تھے۔ نام و نمود سے کوسوں دور، غرور اور انا نام کی کوئی چیز نہ تھی۔ یہ اس باکمال شخص کا انکسار تھا جو کہتا تھا کہ اُردو تلفظ کو سند کا درجہ دینے میں لوگ اسے ابتدائی مرحلہ یا تجویز بھی خیال کریں تو سمجھوں گا میری محنت رائیگاں نہیں ہوئی۔ اس سے نئی راہیں کھلنے کا قوی امکان ہے۔ اُمید ہے اردو حلقوں میں اس لغت کا خیر مقدم کیا جائے گا۔

بشیر احمد انصاری
سابق اکیڈمک سکریٹری
مہاراشٹر اسٹیٹ بیورو آف ٹیکسٹ بک پروڈکشن
اینڈ کری کولم ریسرچ، پونہ

پیش لفظ

دنیا کی تمام زبانیں صرف معنوی سطح پر ہی نہیں بلکہ صوتیات، لب و لہجہ اور تلفظِ الفاظ کے اعتبار سے بھی ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہوتی ہیں۔ زندہ نامیہ ہونے کی وجہ سے استعمال میں آنے والے ہر زبان کے ذخیرۂ الفاظ میں لفظوں کی آمد و شد کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ جو الفاظ چلے جاتے ہیں وہ متروک اور جو نئے نئے الفاظ اس میں شامل ہوتے رہتے ہیں ان میں سے اکثر "مستعار" یا دخیل کہلاتے ہیں۔ نئے نئے الفاظ بھی وضع ہوتے رہتے ہیں۔ اُردو زبان بھی اس سے مستثنیٰ نہیں۔ اس میں بھی متروک، مستعار اور نئے نئے الفاظ کا ایک بڑا ذخیرہ ہے۔ یہ اس کی زندگی کی علامت ہے۔ نیز اس کا بھی اپنا ایک رسم الخط ہے جو اس کا تشخص قائم رکھنے کے لیے بنیادی وجود کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہندوستان ایک کثیر اللسان ملک ہے اس لیے اردو پر بھی پڑوسی علاقائی زبانوں کے اثرات پڑے ہیں اور پڑتے رہیں گے۔ چونکہ اردو کا لسانی خطہ سارے ملک میں پھیلا ہوا ہے اس لیے اسے سمجھنے والے اور برتنے والے ہر ریاست میں پھیلے ہوئے ہونے کے باعث کم سے کم "دوزبانیے" (bilingual) ہوتے ہیں۔ ایک تو ان کی اپنی ریاست کی زبان ہوتی ہے اور دوسری اردو کی کوئی علاقائی بولی جیسے دکنی، بہاری، گوجری، پنجابی وغیرہ۔ بے شک ہندوستان میں بدقسمتی سے اس کا اپنا کوئی لسانی خطہ نہیں ہے۔ اور نہ اس کا اپنا کوئی معیاری لہجہ ہے۔ لیکن زہے نصیب! ایک زمانے میں وہ دہلی اور نواحِ دہلی کے علاوہ دو آبہ گنگ و جمن میں راج کرتی تھی اور مرکزی حیثیت رکھنے کی وجہ سے سارے ہندوستان میں سند کا اعتبار بھی رکھتی تھی نیز ہندو مسلم بالخصوص ہندی مسلم تہذیب و ثقافت کی امین، اس زبان کو ادبی و علمی مقام حاصل تھا اور اس نے تہذیبی زبان کا درجہ بھی حاصل کر لیا تھا۔ ہر چند کہ آج اردو کے زمین و آسمان بدل گئے ہیں اب اسے ہند و پاک میں کوئی مرکزی حیثیت بھی حاصل نہیں ہے لیکن اب بھی اس میں پرانا دم خم اس لیے باقی ہے کہ اس نے اپنے پرانے رسم الخط کو آج بھی سینے سے لگائے رکھا ہے جس کی بدولت ہندی مسلمانوں کی علمی، دینی، ثقافتی، تہذیبی اور ادبی زبان کا مقام آج بھی اسے حاصل ہے اور وہ لنگوا فرینکا کی حیثیت رکھتی ہے، ساتھ ہی ساتھ اس کی شیرینی، جاذبیت، دلکشی اور عام فہمی نے غیر اردو داں ہندیوں کی ایک اچھی خاصی تعداد کا دل بھی موہ لیا ہے جو اسے دل سے عزیز رکھتے ہیں۔ اردو کی اس ماقبل حیثیت کو برقرار رکھنے میں میڈیا جس میں

پرنٹ میڈیا بھی شامل ہے اور اس کے موجودہ رسم الخط کا زبردست ہاتھ ہے۔ چونکہ اصل زبان وہ ہے جو بولی جاتی ہے، وہ نہیں جو مکتوبی شکل میں پڑھ کر جانی اور سمجھی جاتی ہے، اس لیے اس میں ٹھہراؤ، استقلال اور استقرار پیدا کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس کے سرمایہ الفاظ کے تلفظ میں بھی بڑی حد تک یکسانیت ہو (مکمل یکسانیت ناممکن ہے) لیکن مشکل یہ ہے کہ اردو کی ملک گیر حیثیت اسے مجبور کرتی ہے کہ وہ اپنی مکتوبی حیثیت کا زیادہ سے زیادہ سہارا لے اس لیے آج اپنی موجودہ حیثیت میں تلفظ کا مسئلہ اس کا بنیادی مسئلہ بن گیا ہے۔ وہ تلفظی انتشار کا شکار ہے۔ یہ انتشار ملک کی مختلف ریاستوں کے اردو داں باشندوں میں کافی نمایاں ہے کیونکہ یہ دو زبانیے اردو داں فرقے اردو کے معیاری لہجے کی گفتاری ہیئت (spoken form) سے ناواقف ہوتے ہیں اور صرف اخبارات ورسائل، درسی اور مذہبی کتابوں، افسانوں، ناولوں اور شعری مجموعوں کی مکتوبی ہیئت (written form) کے ذریعہ اسے پڑھ کر جانتے ہیں اس لیے وہ مکتوبہ الفاظ کے تلفظ میں غلطی کر بیٹھتے ہیں۔ اس کی ایک اہم وجہ اردو رسم الخط میں اعراب کی عدم موجودگی ہے۔ اس لیے اکثر و بیشتر وہ الفاظ جو شمالی ہند کی معیاری زبان میں آج بھی بول چال کا حصہ ہیں، ان کا بھی صحیح تلفظ نہیں کرپاتے اور مضحکہ انگیز غلطیوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔

یہ تو خیر ہندوستان کی مختلف ریاستوں کے اردو داں دو زبانیوں کا مسئلہ ہے لیکن اردو میں تلفظی انتشار سے متعلق ایک اہم مسئلہ بھی ہے جس میں معیاری زبان کا استعمال کرنے والے اہل علم و ادب بھی برابر کے شریک ہیں۔ اُردو ایک مخلوط زبان ہے جس میں فارسی اور فارسی کے توسط سے آئے ہوئے صدہا عربی مستعار الفاظ ایسے موجود ہیں جو تصرف کے عمل سے گزر کر اپنا اصل تلفظ بھی کھو بیٹھے ہیں اور معنیٰ بھی۔ ہر زبان کا اپنا صوتیاتی نظام (Phonetic System) ہوتا ہے، اپنے صرفی (Morphological) اور نحوی (Syntactic) اصول ہوتے ہیں، مخصوص لسانی عادتیں اور مختلف لسانی ماحول ہوتا ہے، اور چونکہ ہر زبان کی فعّال لفظیات (Active Vocabulary) اس کے عضویاتی کُل کا اٹوٹ حصہ ہوتی ہے اس لیے جب غیر زبانوں کے الفاظ اُس میں داخل ہوتے ہیں تو وہ اُسی زبان کی صوتیات، صرفیات اور معنیاتی نظام Semantic System کے پابند بھی ہو جاتے ہیں۔ یہ ایک عالمگیر لسانی رُجحان ہے جسے اصطلاح میں 'تصرُّف' کہتے ہیں۔ اُردو بھی اس لسانی رُجحان میں دیگر عالمی زبانوں کے ساتھ نہ صرف شریک ہے بلکہ تصرُّف کی انتہائی حیرت انگیز صلاحیت رکھتی ہے۔ اس نے فارسی اور عربی مستعار الفاظ کے ساتھ بھی فطری طور پر وہی سلوک روا رکھا ہے جو دوسری زبانوں کے ساتھ روا رکھتی آئی ہے لیکن چونکہ اُردو دانوں میں آج بھی ایسے اہلِ علم و ادب کی اچھی خاصی تعداد موجود ہے جو اپنی عربی اور فارسی دانی کی بدولت عربی اور فارسی الفاظ کے اصل تلفظ سے جزواً یا کاملاً بھی واقف ہے اور چونکہ یہ حضرات علمِ لسانیت سے کماحقہ واقف نہیں ہوتے اس لیے اُردو میں عربی و فارسی مستعار الفاظ کے اُردو میں بدلے ہوئے تلفظ و معنیٰ کو غلط سمجھتے ہیں اور اُنھیں غلط قرار دینے پر اصرار بیجا کرتے ہیں، حالانکہ یہ ان کا اپنا غیر لسانی رویہ ہے۔ عام تعلیم یافتہ اہلِ اُردو

کی غلطی نہیں۔ بے شک ایسے الفاظ بایں ہیئت کذائی عربی و فارسی میں مستعمل ہوں تو صریحاً غلط ہیں لیکن اس بات میں دو رائیں نہیں ہو سکتیں کہ وہ اُردو میں اس لیے صحیح ہیں کہ اہلِ اُردو کی غالب اکثریت اُنھیں اُردو تلفظ کے ساتھ اور اُردو معنوں میں استعمال کرتی آئی ہے۔ یہ اُردو کا بنیادی لسانی حق ہے اور جیسا کہ کہا جا چکا ہے وہ اس بنیادی حق کے استعمال میں تنہا نہیں ہے۔ انشاء اللہ خاں انشاء نے آج سے تقریباً دو صدیوں قبل اپنی فطری بصیرت سے کام لیتے ہوئے دریائے لطافت میں یہ بنیادی اصول متعین کیا تھا۔

"جاننا چاہئے کہ جو لفظ اُردو میں آیا وہ اُردو کا ہو گیا خواہ وہ اُردو ہو یا فارسی، ترکی ہو یا ہریانی، پنجابی ہو یا پوربی، اصل کی رو سے غلط ہو یا صحیح، وہ لفظ اُردو کا لفظ ہے، اگر اصل کے موافق مستعمل ہے تو بھی صحیح اور اگر اصل کے خلاف ہے، تو بھی صحیح۔ اس کی صحت اور غلطی اس کے اُردو میں رواج پکڑنے پر منحصر ہے کیونکہ جو چیز اُردو کے خلاف ہے وہ غلط ہے، گو اصل میں صحیح ہو، اور جو اُردو کے موافق ہے وہی صحیح ہے خواہ اصل میں صحیح نہ بھی ہو"۔

مولانا الطاف حسین حالی نے ایسے ہی علم فروشوں کے حوالے سے مقدمۂ شعر و شاعری میں لکھا تھا:

> "پراکرت اور بھاشا کے صدہا الفاظ اپنی اصل کے خلاف ہماری زبان میں مستعمل ہیں مگر چونکہ (وہ) ان کی اصلیت سے واقف نہیں ہیں اس لیے ان کو صحیح سمجھ کر بے تکلف بولتے اور برتتے ہیں لیکن عربی یا فارسی جس سے اُن کو فی الجملہ واقفیت ہے جہاں اُس کا کوئی لفظ اصل زبان کے خلاف کسی کی اُردو نظم یا نثر میں دیکھا اور فوراً ناک چڑھائی"۔ (مقدمۂ شعر و شاعری، ص: ۱۲۰-۱۱۹)

انشاء اور حالی کو (جن میں دوسرے اہلِ علم حضرات مثلاً محمد حسین آزاد، پنڈت کیفی اور شبلی وغیرہ شامل ہیں) یہ باتیں کہے ہوئے ایک صدی سے زیادہ کا عرصہ گذر گیا۔ اس دوران گنگا میں کافی پانی بہہ چکا لیکن الٹی گنگا بہانے والے اہلِ علم آج کے زمانہ میں بھی یہی غلط موقف اختیار کیے ہوئے ہیں۔ حالانکہ اُنھیں اس بات کا علم ہے کہ خود فارسی نے صدہا عربی الفاظ سے اپنا لفظی خزانہ بھرا تو ان میں کثیر تصرّفات کیے ہیں۔ تصرّف کی ایک نمایاں مثال تو یہی ہے کہ عربی منوّن اسماء جو فارسی میں آئے ہیں جیسے کتابٌ، عالمٌ، درسٌ وغیرہ تو انھیں غیر منوّن کر کے کتاب، عالم اور درس بنالیا اور اسی شکل میں یہ عربی نژاد الفاظ اُردو میں بھی آ گئے۔ اسی طرح ایرانیوں نے عربی مستعار الفاظ میں کئی تصرّفات کیے ہیں جنھیں تمام اہلِ اُردو بھی تسلیم کرتے ہیں۔ پھر اُردو کو اس بنیادی حق سے محروم رکھنے کی کوشش کیوں کی جا رہی ہے؟

ان حضرات کا یہ اصرار بیجا اُردو میں تلفظی انتشار کا ایک بڑا سبب بنا ہوا ہے۔ جب کوئی اُردو داں کسی فارسی یا عربی مستعار تلفظ کو اُردو معنی اور تلفظ کے ساتھ استعمال کرتا ہے تو مذکور الصدر اہلِ علم حضرات اسے بھری محفل میں ٹوکتے ہیں اور نکّو بناتے ہیں اس لیے اب پڑھے لکھے اُردو داں حضرات جو عربی اور فارسی کے اصل تلفظ اور معنی سے بھی اچھی طرح

واقف ہیں مخمصے میں پڑ گئے ہیں کہ وہ تلفظ اور معنی میں عربی اور فارسی کی کورانہ تقلید کریں یا اپنی فطری لسانی تقاضوں کے مطابق انھیں اسی طرح استعمال کریں جس طرح اہلِ اُردو کی غالب اکثریت استعمال کرتی آئی ہے۔ اس مشکل کا واحد حل وہ راستہ ہے جسے انشا نے ہمیں دکھایا ہے اور جو اُردو کے لسانی تقاضوں کے عین مطابق ہے یعنی ہم اہلِ اُردو ان تمام الفاظ کا تلفظ درست سمجھ کر اسی طرح کریں گے جس طرح اُردو کے معیاری لہجہ میں وہ مروج ہیں۔ چاہے یہ الفاظ شورسینی اپ بھرنش سے مستعار لیے گئے ہوں یا عربی و فارسی یا کسی اور مخرجی زبان (Source Language) سے۔ اب یہ ہمارا مال ہے۔

لیکن سوال یہ ہے کہ اُردو تلفظ کا علم کس طرح ہو۔ اس سلسلہ میں صرف لغت سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔ اب تک اُردو میں جو فرہنگیں مرتب ہوئی ہیں ان میں بھی کوئی صحیح رہنمائی نہیں ملتی کیونکہ ان فرہنگوں میں بھی اکثر و بیشتر عربی و فارسی الفاظ کا اصل تلفظ ہی دیا گیا ہے اُردو تلفظ نہیں۔ چند فرہنگیں جیسے لغاتِ کشوری اور فرہنگِ عامرہ تو خیر فارسی زبان کی فرہنگیں ہیں اس لیے ان سے تو اُردو تلفظ کے اظہار کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ اصل غلطی اُن پڑھے لکھے حضرات کی ہے جو اُردو تلفظ کی صحت کا معیار جاننے کے لیے ان فرہنگوں کی طرف رجوع ہوتے ہیں۔

اس لیے راقم ایک عرصہ سے ایسی لُغت کی ضرورت محسوس کر رہا تھا جس میں اُردو زبان کے مستعار الفاظ کے اُردو تلفظ کو سند کا درجہ دیا جائے۔ آج کل اُردو کے معیاری تلفظ کے سلسلہ میں 'غلط العام' اور 'غلط العوام' کی اصطلاحیں مروج ہیں لیکن اُنھیں 'غلط العام' اور 'غلط العوام' کہنا ہی غلط ہے۔ کیونکہ بے شک مستند اُردو تلفظ از روئے اصل ضرور غلط ہوسکتا ہے لیکن ہمیں صرف اُردو کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے اُسے اُردو کا مستند تلفظ کہنا چاہیے۔ جہاں تک 'غلط العوام' کی اصطلاح کا تعلق ہے اُسے بجائے غلط العوام کہنے کے تحت معیاری (Sub Standard) تلفظ کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ چونکہ اُردو میں بھی دیگر زبانوں کی طرح طبقاتی بولیاں بھی ہیں جن میں معیاری تلفظ استعمال نہیں ہوتا اس لیے ان طبقاتی بولیوں کے الفاظ کو ملحوظ رکھنے کی خاطر لغات مرتب کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں تھوڑا بہت کام ضرور ہوا ہے جیسے ''فرہنگ اصطلاحات پیشہ وراں'' مرتبہ ظفر الرحمن دہلوی، کرخنداری اُردو (انگریزی کتابچہ) مولفہ ڈاکٹر گوپی چند نارنگ اور 'کرخنداری اُردو کا عمرانی لسانیاتی مطالعہ' از ڈاکٹر نصیر احمد لیکن آج بھی یہ میدان خالی پڑا ہے اور شیرانِ بیشۂ تحقیق کو بادیہ پیمائی کی دعوت دے رہا ہے۔ لیکن یہ خاطر نشین رہے کہ مرتبِ لغتِ ہٰذا نے اس لغت کو صرف معیاری تلفظ تک محدود رکھا ہے۔ البتہ بول چال کے تحت جو تلفظ دیا گیا ہے اس میں عوامی تلفظ کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔

تلفظ کو مکتوبی شکل دینا لوہے کے چنے چبانے کے برابر ہے کیونکہ دنیا کا کوئی رسم الخط اب تک ایسا ایجاد نہیں ہوا ہے جو تلفظ اور لہجہ کی من و عن نمائندگی کرسکے۔ اُردو رسم الخط بھی اس سے مستثنیٰ نہیں پھر بھی اس لغت میں صوتیاتی اعتبار سے مکمل تلفظ کے بجائے اس سے قریب سے قریب تر تلفظ کے اظہار کی کوشش کی گئی ہے اور کچھ نئی علامات قرأت بھی وضع کی گئی ہیں۔ اس لیے اس لغت کے استعمال سے قبل ان سے واقفیت حاصل کرنا نہایت ضروری ہے۔ نیز اس طریقۂ کار

کو بھی سمجھنا ضروری ہے جسے اس لغت میں استعمال کیا گیا ہے۔ لغت ہٰذا میں اُردو کے تمام ذخیرۂ الفاظ کو سمیٹنے کی کوشش نہیں کی گئی ہے بلکہ صرف اُنہیں الفاظ کا انتخاب عمل میں آیا ہے جن میں تلفظ کے اعتبار سے لاعلمی کی بدولت یا اُردو رسم الخط میں اعراب کی عدم موجودگی کے باعث غلطیوں کا احتمال پایا جاتا ہے، یا عربی و فارسی دانی کی روشنی میں ان کے اصل تلفظ پر اصرار کیا جاتا ہے۔ آسان الفاظ کے معنی بھی نہیں دیے گئے ہیں بلکہ معنی کے خانے میں صرف ''معنی معروف'' لکھ دیا گیا ہے۔ علاوہ بریں اس لغت میں ایسے بھی کچھ الفاظ منتخب کیے گئے ہیں جن میں اگرچہ املائی سطح پر تلفظ کی غلطیوں کا امکان نہیں لیکن جو معنی کے اعتبار سے عام فہم بھی نہیں۔ ردّ و قبول کے اس انتخابی عمل میں اس بات کا قوی امکان ہے کہ کچھ اہم الفاظ انتخاب میں شامل ہونے سے رہ گئے ہوں یا کچھ غیر ضروری الفاظ در آئے ہوں جن کے لیے راقم معذرت خواہ ہے۔ چونکہ ہمارے عام تعلیم یافتہ حلقوں میں لسانیات مقبول موضوع نہیں ہے اور نہ وہ جدید لسانی اصطلاحوں جیسے صوتیے، مصوتے، مصمتے وغیرہ سے کماحقہٗ واقف ہیں اس لیے ان اصطلاحوں سے عمداً گریز کرتے ہوئے عام روایتی اصطلاحوں سے ہی کام لیا گیا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ اُردو تلفظ کے اظہار کے سلسلہ میں وہ تمام حرفیے (graphemes) جیسے /ث/ اور /ص/ بجائے س، /ذ/ /ض/ /ظ/ (بجائے ز) قائم رہنے دیے گئے ہیں چونکہ ہم اہلِ اردو /ث/ اور /ص/ کا تلفظ /س/ کی طرح، /ط/ کا /ت/ کی طرح /ذ/ /ض/ /ظ/ کا /ز/ کی طرح اور /ح/ کا /ہ/ کی طرح ہی کرتے ہیں اس لیے اظہار تلفظ میں عملی سطح پر ان حرفیوں کے استعمال سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ البتہ چونکہ ہم حلقی /ع/ کے تلفظ پر بالکل قادر نہیں ہیں اور حلقی /ع/ کو الف کی طرح بولتے ہیں اس لیے اُردو تلفظ کے اظہار میں /ع/ کو الف سے بدل دیا گیا ہے (اگرچہ عربی زبان میں /ث/ /ص/ /ط/ /ذ/ /ظ/ /ض/ ہی کی طرح /ع/ بھی ایک جداگانہ آواز کی حیثیت رکھتی ہے)۔ نیز اسی طرح ہم اہلِ اُردو تلفظ میں فارسی ہائے مختفی کو الف میں بدل دیتے ہیں جیسے دیوانہ کو دیوانا اور پروانہ کو پروانا کہتے ہیں۔ (اگرچہ ہائے مختفی کے بعد کسرۂ اضافت آئے تو پھر اسے الف میں تبدیل نہیں کرتے جیسے پروانۂ محفل اور دیوانۂ جمال کو پروانائے محفل اور دیوانائے جمال نہیں کہتے۔ نیز چونکہ اہلِ عرب (گول ت ۃ اور مشابہ نما ت) کو حالت وقف میں بولتے وقت /ہ/ کی خفیف آواز میں بدل دیتے ہیں یعنی الفاظ درجۃ، مدرسۃ، حادثۃ وغیرہ کو لکھتے تو اسی طرح ہیں لیکن ان کو 'درجہ'، 'مدرسہ'، 'حادثہ' بولتے ہیں۔ اس لیے اہلِ عجم نے جب اس طرح کے عربی الفاظ کو اپنی زبان میں شامل کیا تو انہیں ہائے مختفی کی طرح بولنے اور لکھنے لگے۔ (بعض الفاظ میں انہیں ت سے بھی بدل دیا جیسے مشاورۃ کو مشاورت وغیرہ)۔ ایرانیوں کا یہ املائی تصرّف اہلِ اُردو نے بھی جوں کا توں قبول کیا اور حادثہ، درجہ، مدرسہ، حسینہ، تہلکہ جیسے صدہا الفاظ اسی طرح لکھنے لگے۔ ہم فارسی ہائے مختفی سے امتیاز کی خاطر اسے مفرّس ہائے مختفی کہہ سکتے ہیں۔ اردو میں مفرّس ہائے مختفی کا تلفظ بھی فارسی ہائے مختفی ہی کی طرح کیا جاتا ہے یعنی الف میں بدل دیا جاتا ہے۔ اس لیے اس لغت میں عربی اور فارسی مستعار الفاظ جن میں فارسی ہائے مختفی اور مفرّس ہائے

مختفی دونوں کا استعمال ہوا ہے، اُردو تلفظ کے اظہار کی خاطر انہیں الف میں بدل دیا گیا ہے۔ البتہ چونکہ فارسی میں ہائے مختفی مخصوص طور پر تلفظ میں آتی ہے (صرف ہ تلفظ میں نہیں آتی ورنہ اہل ایران اس ہ کو زیر کے ساتھ استعمال کرتے ہیں زبر کے ساتھ نہیں اور زیر آواز کی نمائندگی کرتی ہے) اور عربی میں حالت وقف میں بھی خفیف ادا ہوتی ہے اس لیے فارسی اور عربی کے اصل تلفظ کو ظاہر کرنے کے لیے انہیں دوسرے بریکیٹ میں باقی رکھا گیا ہے۔

اس لغت میں ہر اندراج کے محاذی چوکور بریکیٹ [ ] میں اُردو تلفظ کے اظہار کے لیے کامل حروف دیے گئے ہیں اور جن الفاظ میں حروف علّت [الف]، [و]، [ی] اور [ے] آئے ہیں ان کو متصلہ شکل میں لکھا گیا ہے جیسے /ب ا/ کو /با/، /ب ے/ کو /بے/، /ب ی/ کو /بی/ اور /ج و/ کو /جو/ لکھا گیا ہے۔ اسی طرح چونکہ ہمزہ اُردو تلفظ میں الف بن جاتا ہے اس لیے لفظ 'گئے' کو /گ اے/ اور 'گئی' کو /گ ای/ کی طرح لکھا گیا ہے۔
دوسرے بریکیٹ ( ) میں مخرجی زبان (Source Language) کا اصل تلفظ درج کیا گیا ہے۔ اور ان زبانوں کے مخففات بھی لکھ دیے گئے ہیں۔ جن الفاظ میں اُردو تلفظ اور مخرجی زبان کے تلفظ میں کوئی نمایاں فرق نہیں ہے، دوسرے بریکیٹ میں یا تو پورا پورا تلفظ دیا گیا ہے یا پھر ڈیش کے بعد ابتدا، وسط یا آخر میں صرف تبدیل شدہ تلفظ دیا گیا ہے، جیسے عادل (آ......) اور حادثہ (......ثہ) لکھا گیا ہے جس سے مراد یہ ہے کہ ڈیش مماثل الفاظ کی نمائندگی کرتا ہے۔ یاد رہے ایسا صرف اختصار کے لیے کیا گیا ہے۔ مخرجی زبان کے اصل معنی دوسرے بریکیٹ کے اندر ہی دیے گئے ہیں۔ بریکیٹ کے باہر اُردو معنی دیے گئے ہیں۔

اس لغت میں جو مروّجہ اور نئی علامات قرأت (اعراب) استعمال کی گئی ہیں، ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:-

اُردو رسم الخط کے اِن مروّجہ اعراب کو استعمال کیا گیا ہے:

(۱) فتحہ [زبر] [ـَ] جیسے رب [رَب] ادب [اَدَب] کرم [کَ رَم]

(۲) کسرہ [زیر] [ـِ] جیسے ارم [اِرَم] کتاب [کِ تاب] اکرام [اِکْ رام]

(۳) ضمہ [پیش] [ـُ] جیسے بلبل [بُ لْ بُ لْ] دلدل [دَ لْ دَ لْ] بشرہ [بُ شْ را]

(۴) الف ممدودہ [آ] جیسے آتش [آ تِ ش] آخر [آ خِ ر]

(۵) واوِلین [اَوْ] ابتدائی حرف پر زبر اور واو پر جزم جیسے جو [جَ وْ] اوزار [اَ وْ ز ا ر] جولانی [جَ وْ لا نی]

(۶) یائے لین [اَیْ] ابتدائی حرف پر زبر اور یے پر جزم جیسے پیسہ [پَ یْ سا] خیر [خَ یْ ر] عیش [عَ یْ ش]

نوٹ :- واوِلین اور یائے لین کا فارسی اور عربی تلفظ اُردو تلفظ سے ممتاز ہے لیکن پیچیدگی سے بچنے کے لیے اصل

تلفظ کے اظہار میں اس امتیاز کو عمداً نظر انداز کیا گیا ہے۔

(۷) نون غنہ [ں] لفظ کے آخر میں آئے تو غیر منقوط جیسے کہاں [ک ہا ں] جہاں [جَ ہاں] گلستاں [گُ لِ سْ تا ں]

لغت ہٰذا میں استعمال شدہ نئی علامتیں حسب ذیل ہیں:

(۱) واؤ معروف [ؤ] واؤ پر اُلٹا پیش۔ حرف ماقبل پر پیش استعمال نہیں کیا گیا ہے جیسے دوسرا [د ؤ س را] جھولا [جھؤ لا] حضور [حُ ضؤ ر]

(۲) واؤ مجہول [وٓ] واؤ پر اُفقی لکیر۔ حرف ماقبل پر پیش استعمال نہیں کیا گیا ہے جیسے دو [د وٓ] ڈھول [ڈ ھ وٓ ل] گول [گ وٓ ل]

(۳) یائے معروف [ي] (الف) لفظ کے آخر میں کامل اور حرف ماقبل پر زیر کی علامت نہیں جیسے کسی [ک سی] بُری [بُ ری] بدی [ب دی]

(ب) لفظ کے درمیان آئے تو /ي/ کے نیچے عمودی لکیر جیسے کھیر، تیر، فقیر

(۴) یائے مجہول [یے] (الف) لفظ کے آخر میں یائے کامل جیسے دے [دے] ملے [م لے] چلے [چَ لے]

(ب) لفظ کے درمیان آئے تو یے کے نیچے اُفقی لکیر جیسے دیر [د یے ر] زیر [ز یے ر]

(۵) جزم جزم کے لیے مروجہ علامت کی جگہ (ْ)استعمال کی گئی ہے جیسے صبر [صَ بْ ر] جبر [جَ بْ ر]

(۶) [الف] نونِ ہم مخرج خفیف : **Homorganic Noon un - stressed** وہ نون جو حرف مابعد سے ہم مخرج ہو کر ادا ہو اور مختلف آواز دے جیسے رنگ [ر نگ] رنج [رَنْج] اگر اس نون کی ادائیگی میں اس پر زور نہ پڑے تو اظہارِ تلفظ اس طرح کیا گیا ہے مانگنا [ما نگ نا] بروزن [ما گ نا] جنگلی [جَ نگ لی] بروزن [جَ گ لی] کھنڈر [کھَ نڈ ر] بروزن [کھ ڈ ر]

[ب] نون ہم مخرج شدید : **Homorganic Noon stressed** اگر اس نون کی ادائیگی پر زور پڑے تو اظہارِ تلفظ کے لیے نون ہم مخرج کے بعد آنے والے حرف کو تکرار کے ساتھ لکھا گیا ہے جیسے رنگین [ر نگ گی ن] رنجیدہ بروزن [رَ نج جی د ا] کھنڈر بروزن [کھ نڈ ڈ ر]

(۷) نون ثقیلہ : Retroflexive Noon سنسکرت اور اس کے اثرات سے ہندی کے بعض الفاظ میں ایسی نون آتی ہے جس کا تلفظ عربی، فارسی، انگریزی اور اُردو نون سے مختلف ہوتا ہے۔ اسے اصطلاح میں نون ثقیلہ کہا جاتا ہے۔ اہل اُردو اس نون کے تلفظ پر قادر نہیں پھر بھی مخرجی زبان کے اصل تلفظ کے اظہار کے لیے دوسرے بریکیٹ میں /ن/ پر اُفقی لکیر بڑھائی گئی ہے۔ جیسے مرن [م ر نٓ]، برہمن [بْ ر ا ہ م نٓ]

(۸) ذو ساکنین : Consonantal Cluster جب دو حروف صحیح ساتھ ساتھ اس طرح آئیں کہ ان کے درمیان علامت حرکت [زیر، زبر اور پیش] نہ ہو تو اسے ذو ساکنین کہا جاتا ہے۔ یہ آواز فارسی اور اُردو کے صرف آخر میں آتی ہے جیسے دوست، مست، لفظ وغیرہ میں۔ اُردو املا میں ایسی صورت میں ذو ساکنین کے حرف اول پر علامت جزم آتی ہے۔ ہم نے اس لغت میں عربی و فارسی الفاظ کے سلسلے میں اس علامت کو برقرار رکھا ہے۔

البتہ اکثر سنسکرت، ہندی اور انگریزی الفاظ میں ذو ساکنین لفظ کی ابتدا میں بھی آتا ہے۔ جب ایسے الفاظ اہل اُردو نے اپنی زبان میں داخل کیے تو ان میں سے چند الفاظ مستعار الفاظ میں اصل تلفظ کو برقرار رکھا۔ ایسے تلفظ کے اظہار کے لیے ہم نے ذو ساکنین کے دوسرے حرف پر یہ علامت [٘] استعمال کی ہے۔ جیسے پریم [پْ رے م] پریت [پْ ری ت] اور پراچت [پْ ر ا ش چ ت]۔

انگریزی مستعار الفاظ : پریس، ڈرامہ، ڈریس اور فریم کو اس طرح ظاہر کیا گیا ہے: پرٖیس، ڈرٖامہ، ڈرٖیس اور فرٖیم۔ البتہ جن انگریزی مستعار الفاظ کے تلفظ میں اہل اُردو ابتدائی دو ساکنوں کے درمیان حرکت کو داخل کر کے ذو ساکنین شکنی کرتے ہیں یعنی سکول کو اسکول اور سٹیشن کو اسٹیشن بولتے اور لکھتے ہیں انہیں علیٰ حالہٖ قائم رکھا گیا ہے۔

(۹) واؤ اشمام ضمہ : اُردو میں /ی/ اور /و/ حرف صحیح کی طرح بھی استعمال ہوتے ہیں جیسے یار، ایاز، وارا اور داور وغیرہ میں، البتہ جب /خ/ پر پیش اور اس کے بعد /واؤ/ حرف صحیح کی طرح الف کے ساتھ آئے تو واؤ کا تلفظ پورا پورا ادا نہیں ہوتا بلکہ ادھورا رہتا ہے جیسے خواب، خواجہ، خوار میں واؤ کا تلفظ ادھورا رہتا ہے اس واؤ کو اصطلاح میں واوِ اشمامِ ضمہ (وہ واؤ جس میں پیش کی بو آئے) کہتے ہیں۔ ہم نے اس واؤ پر علامت (٘) استعمال کی ہے جیسے خوٖاب، خوٖاجہ، خوٖار۔ ان الفاظ کی ادائیگی میں /و/ کو حذف بھی کیا جاسکتا ہے جیسے خواب [خاب] خواجہ [خاجا] خوار [خار] یہ متبادل تلفظ اختیاری (optional) ہے۔

(۱۰) یائے مخلوطی : جب /ی/ حرف صحیح کی طرح آئے اور اس کے بعد الف ہو اور اس سے ماقبل کوئی دوسرا حرف صحیح ہو تو اس حرف کے ساتھ /یا/ کی آواز مخلوط ہو جاتی ہے جیسے پیار، کیاری، نیاری، پیاز، پیالہ وغیرہ میں۔ لغت ہٰذا میں اظہار تلفظ کے لیے اس /یا/ پر علامت (٘) بڑھائی گئی ہے جیسے پیٖار، کیٖاری، نیٖاری، پیٖاز، پیٖالہ۔

(۱۱) واوِ معدولہ : وہ /واؤ/ جو صرف لکھنے میں آئے اور تلفظ میں ادا نہ ہو یعنی غیر ملفوظ ہو تو اسے اصطلاح

میں واوِ معدولہ کہتے ہیں جیسے الفاظ خود، خوشی، خویش وغیرہ میں، ہم ان کا تلفظ [خُد]، [خُش] اور [خے ش] کرتے ہیں۔ امتیاز تلفظ کے لیے اس واؤ کے نیچے دو اُفقی لکیر بڑھائی گئی ہیں جیسے خود، خوش، خویش

(۱۲) جب نون غنہ کسی لفظ کے درمیان آتی ہے تو اس پر نون کا نقطہ لکھتے ہیں جیسے سانس، ہنسی، پھانسی میں۔ اظہارِ تلفظ کے لیے اس درمیانی نونِ غنہ پر علامت [˘] بڑھائی گئی ہے جیسے سان٘س، ہن٘سی، پھان٘سی۔

(۱۳) چند عربی الفاظ کے آخر میں تشدید تو ہوتی ہے لیکن حالت وقف میں تلفظ میں نہیں آتی اور صرف حرکت میں ظاہر ہوتی ہے جیسے الفاظ حد، رد، حق وغیرہ میں آخری حرف ساکن ہے لیکن حدِّ فاصل، ردّ و قبول اور حقِّ خود اختیاری میں مشدد۔ ایسی تشدید جو حالت وقف میں تلفظ میں نہیں آتی اسے قوسین میں ظاہر کیا گیا ہے جیسے حد(ّ)، رد(ّ)، حق(ّ)

(۱۴) چند عربی الفاظ جن کی آخری عین اُردو تلفظ میں الف ممدودہ / آ / میں بدل جاتی ہے تو یہ الف تلفظ میں طویل ہو جاتا ہے جیسے شجاع سے شُجا۔ چونکہ یہ الف تلفظ میں قدرے طویل ہوتا ہے اس لیے اس الف پر علامت مد [~] بڑھائی گئی ہے جیسے شجآ۔

(۱۵) فتحہ لین: اُردو میں اگر کسی لفظ کی ابتدا میں فتحہ ہو اور حرف مابعد حائے حطّی یا ہائے ہوّز ہو تو فتحہ کا تلفظ یائے لین کی طرح ہو جاتا ہے جیسے زحمت [زَ ـیَحْ مت]، احمد [اَ ـیَحْ مَ د]، محسوس [مَ ـیَحْ سوْ س]، محروم [مَ ـیَحْ روْ م] بالکل اسی طرح جس طرح اُردو الفاظ (سہنا، کہنا، گہنا) کا تلفظ [سَ ـیہْ نا]، [کَ ـیہْ نا] ہے۔ ایسے فتحہ کو فتحہ مجہول کہنے کے بجائے فتحہ لین کہنا زیادہ مناسب ہے۔

(۱۶) کسرۂ مجہول: اُردو لفظ 'بہن' میں (ہ) کا تلفظ نہ فتحہ کی طرح ہے، نہ کسرہ کی طرح، بلکہ دونوں کے بین بین ہے۔ اسے کسرۂ مجہول کہتے ہیں۔ عربی کے وہ تمام الفاظ جن میں فتحہ کے بعد حائے حطّی، ہائے ہوّز یا / عین / ہو تو اُردو میں /ح /، /ہ / اور / عین / کسرۂ مجہول کی آواز دیتی ہیں۔ کسرۂ مجہول کے لیے اس حرف کے نیچے اُفقی لکیر کا استعمال ہوا ہے جیسے محل، نعمت، شاعر [مَ حِ ل، نِ عْ مَ ت ، شا عِ ر]

مُفاعَلہ کے وزن پر تمام عربی الفاظ کے حروف جن کے اوپر فتحہ ہے اردو تلفظ میں کسرۂ مجہول میں تبدیل ہو جاتے ہیں جیسے مناظرہ [ع:مُ نا ظَ ر ہ] [اُر: مُ نا ظِ را]، مقابلہ [ع: مُ قا بَ لہ] [اُر: مُ قا بِ لا]

(۱۷) ضمۂ مجہول: مندرجہ ذیل الفاظ میں ابتدائی حرف کی آواز نہ ضمہ ہے نہ فتحہ بلکہ دونوں کے بین بین ہے۔ جیسے عہدہ، محبت، شہرہ اور تحفہ میں یہ ضمہ مجہول ہے۔ لیکن تکنیکی دشواریوں کی وجہ سے ضمۂ مجہول کی کسی اور نئی علامت کی جگہ ہم نے واوِ مجہول کی علامت (وٓ) ہی استعمال کی ہے جیسے محبت [موٓ حَ بَّ ت]، عہدہ [عوٓ ہْ دا] ، شہرہ [شوٓ ہْ را]، تحفہ [توٓ حْ فا] وغیرہ۔

(۱۸) اگرچہ اظہار کے سلسلے میں علامت تشدید (ّ) کا استعمال نہیں کیا گیا ہے لیکن مشدد حروفِ علت /و/

اور /ي/ میں صحیح تلفظ سے قریب تر ہونے کے لیے تشدید کا استعمال ضروری سمجھا گیا ہے جیسے اول کو [اَ وْ وَ ل] لکھنے کے بجائے (ا وَّ ل] اور ایام کو [اَ يْ يا م] لکھنے کے بجائے (ا یّا م] لکھا گیا ہے۔

(۱۹) حرف صحیح واوِ موقوف: عربی اور فارسی کے کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کے آخر میں واو موقوف آتی ہے چونکہ یہ واؤ حرف علت نہیں بلکہ حرف صحیح ہوتی ہے۔ اس لیے حرف ماقبل میں ضم نہیں ہو جاتی بلکہ تلفظ میں علحدہ سے ادا ہوتی ہے اور خفیف آواز دیتی ہے مثلاً یہ الفاظ دیکھیے: عَفْو، عُضْو، لَغْو، سَرْو اور ہجْو۔ ان الفاظ میں آخری واؤ اور حرف ماقبل دونوں ساکن ہیں۔ اس لیے اظہار کے لیے ان کے درمیان یہ علامت /+/ استعمال کی گئی ہے جیسے

[عَ فْ + و]، عضو [عُ ضْ + و]، سرو [سَ رْ+و]، ہجو [ہَ جْ + و] وغیرہ۔

مخرجی زبانوں کے لیے دوسرے بریکیٹ میں جو مخففات استعمال ہوئے ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

ع: عربی، ف: فارسی، ف ع: فارسی عربی یعنی عربی الفاظ کی مدد سے بنے فارسی الفاظ

ت: ترکی، س: سنسکرت ہ: ہندی، انگ: انگریزی، اُر: اُردو

غیر زبانوں کے الفاظ میں اگر عربی نے تصرف کر کے اپنا لیا تو اسے معرّب، اگر ایرانیوں نے اپنا لیا تو مفرّس اور اگر اہل اُردو نے اپنایا ہے تو اسے مورّد کہتے ہیں۔

یہ لغت اپنی نوعیت کی پہلی لغت ہے جس میں اُردو تلفظ کو پہلی بار سند کا درجہ دیا گیا ہے۔ اُردو ایک مطلق العنان زبان ہے جس طرح وہ سنسکرت، ہندی اور انگریزی وغیرہ زبانوں کے مستعار الفاظ کے ساتھ تلفظ و معنی میں اپنے لسانی مزاج کے مطابق آزادی روا رکھتی ہے، اسی طرح کا سلوک وہ عربی و فارسی مستعار الفاظ کے ساتھ بھی روا رکھتی ہے۔ اُردو کو اس فطری حق سے (جو عالمگیر لسانی رجحان ہے) صرف عربی و فارسی مستعار الفاظ کے تلفظ و معنی کے سلسلے میں ہی کیوں محروم رکھا جائے؟ کیا صرف اس لیے کہ ہم ان کے اصل تلفظ سے واقف ہیں؟ بے شک شعراء حضرات اساتذہ کی تقلید میں اپنی منظومات میں اصل تلفظ ہی کی پیروی کر رہے ہیں۔ یہ رویّہ جو ایک مسلّمہ روایت بن چکا ہے مناسب ہے یا نہیں، اس کا فیصلہ مستقبل پر چھوڑیے۔ فی الحال نثر اور بول چال کی زبان میں بھی یہ قدغن لگانی مناسب نہیں۔ اس لیے یہ لغت ایک انجماد شکن کوشش (breakthrough) ہے۔ ع: جس طرف دیکھا نہ تھا اب تک اُدھر دیکھا تو ہے

امید ہے کہ اس لغت کو خاکسار کی جسارت ناروا پر محمول نہیں کیا جائے گا بلکہ اہل علم حضرات اس کی جی کھول کر پذیرائی کریں گے۔

عصمت جاوید عفی عنہ
اورنگ آباد

(آ)

آبجو [آب جوْ] (ف:.....ایضاً) : نہر

آب جو [آبِ جَ وْ] (ف:......) : جو کا پانی

آب خور [آب خوَر] زمین: پانی پینے والی مراد قابل کاشت زمین

آب خورہ [آب خوَ ر ا] (ف:..... خورہ): پانی پینے کا مٹی کا برتن

آب رواں [آ بِ رَ و ا ں): ۱- بہتا پانی۔ ۲- ایک قسم کی باریک ململ

آب زلال [آبِ زُ لا ل]: نتھرا ہوا صاف و شفاف پانی دیکھیے زلال

آبستہ [آ بِ سْ تا] (ف:..... تہ) : حاملہ

آب شورہ [آ بْ شوَ ر ا] (ف:.....رہ): ایک ترش مرکب

آب نقرہ [آبِ نُ قْ را] (ف:.....رہ): چاندی کا پانی مراد پارا۔ دیکھیے نقرہ

آب نوس[آ بْ نوْ س] (ف:ایضاً) : ایک قسم کی سیاہ رنگ کی لکڑی

آتش [آ تِ شْ] (ف: آتِ ش / آت ش) : آگ

آتشک : [آ تِ شْ ک] : ایک موذی بیماری

آتو / آتون [آ تو / آ تون] : استانی

آثار الصنادید [آ ثا رُ صْ صَ نا دی د] (ع:ایضاً): آثار: نشانیاں۔ صنادید جمع۔ واحد صندید: بزرگ، سردار۔ بزرگوں کی یادگار مراد قدیم یادگار عمارتیں۔ دیکھیے صنادید

آختہ [آ خْ تا] (ف:..... تہ) : خصّی

آخر [آ خَ ر] (ع:ایضاً: ثانی) : دوسرا، دیکھیے ربیع الآخر

آخر [آ خِ ر] (ع:ایضاً): جس کے بعد کچھ نہ ہو

آخرکار [آ خِ رْ کا ر] (ف.ع: آ خِ ر کار) : بالآخر

آخری [آخْ ری] (ف: آخ ری): جو سب کے بعد آئے

آخور [آ خو ر] (ت: آ خُ ر) : کوڑا کرکٹ

آخور کی بھرتی : نکمّی چیزوں کا ڈھیر

آخون [آ خُ ن] (ت: آ خُ نْد) : استاد، معلّم

آخوند : دیکھیے آخون

آدمی [آ دْ می] (ف: آدَمی) : معنی معروف

آدمیت [آ دْ مِ یَ ت] (ف:.....د.....یَ ت): انسانیت

آدینہ [آ دی نا] (ف:.....نہ): جمعہ

آذر [آ ذَ ر] (ف:ایضاً): چنگاری، گرمی، موسم گرما کا ایرانی مہینہ

آروغ [آ رو غ] (ف: آ ر وْ غ) : ڈکار

آزر : [آ زَ ر] (ع:ایضاً) : حضرت ابراہیمؑ کے ایک بزرگ خاندان کا نام جن کا پیشہ بتگری اور بت فروشی تھا (اردو میں اس لفظ کو ذال سے لکھنے کا چلن بھی ہے)

آزردہ [آ زُ رْ دا] (ف: آ زُ رْ د ہ) : افسردہ

آزرم [آ زَ رْ م] (ف:ایضاً) : شرم

آزمودہ [آ زْ موْ دا] (ف:.....دہ): آزمایا ہوا

آزوقہ / آزقہ [آ ز وْ قا / آ زُ قا] (ف: آزوْقہ): پرندے کا چوگا مراد قلیل غذا، روزی روٹی

آسیا : [آ سِ یا] (ف:ایضاً) : چکّی

آسیب: [آ سے ب] (ف: آسی ب: خلل، خطرہ) : بھوت پریت کا اثر

آسیہ [آ سِ یا] (ع:.....یہ): فرعون کی نیک سیرت بیوی کا نام

آشفتہ [آ شُ فْ تا] (ف:..... تہ) : بدحواس، پریشان مراد عاشق

آشوب [آ شوب] (ف: آشوب: شور، طوفان، تکلیف): فتنہ و فساد

آصف [آ صِ ف] (ع: آ ص ف) : اسم خاص، حضرت سلیمانؑ کے وزیر کا نام آصف بن برخیاء

آغشتہ [آ غ شْ تا] (ف:.....تہ) : آلودہ، لتھڑا ہوا

آفتابہ [آ ف تا با] (ف:.....بہ) : لوٹا

آفرینش [آ ف ر ی نِ ش] (ف:.....ن ش: آفریدن (پیدا کرنا) کے امر آفریں سے بنا حاصل مصدر) : تخلیق

آمدنی [آ مَ دْ نی / آ مْ دَ نی] (ف: آمَدَنی: آنے کے لائق، جس کا آنا یقینی ہو) : آنے والی دولت، کمایا ہوا دھن

آمرزش [آ مُ رْ زِ ش] (ف: ایضاً) : معافی

آمرزگار [آ مُ رْ ز گا ر] (ف: ایضاً) : خدائے بخشندہ

آناً فاناً [آ نَ ن فا نَ ن] (ع: آ نَ ن فَ آ نَ ن: بتدریج) : جھٹ پٹ، آن کی آن میں

آنسہ [آ نِ سا] (ع: آ نِ سہ) : محبت کرنے والی، کنواری عورت، غیر شادی شدہ عورت کے نام سے پہلے یہ لفظ لکھا جاتا ہے جیسے آنسہ زبیدہ یعنی مس زبیدہ

آنکس [آ ں کَ س] (ہ: انکش) : ہاتھی کو ہانکنے کا اوزار

آنکھ مچولی [آ ں کھ مِ چَ وْ لی] : ایک کھیل

آورد [آ وُ رْ د] (ف: آوُرْد: فارسی مصدر آوردن: لانا کا حاصل مصدر: آمد کی ضد) : سوچ، سوچ کر لایا ہوا خیال جو غیر فطری لگے

آویزش [آ و ے زِ ش] (ف: آ و ی ز ش فارسی مصدر آویختن: لٹکانا کا حاصل مصدر) : تصادم، لاگ ڈانٹ

آویزہ [آ و ے ز ا] (ف: آ و ی ز ہ) : کان میں پہننے کا زیور، جھمکا

آئندہ [آ ا ںْ د ا] (ف: آ ئ ں د ہ آمدن سے بنا اسم فاعل) : آنے والا

ابا (۱) [اِ با] (ع: ایضاً)...... کرنا، انکار کرنا

(۲) [اَ بْ با] : باپ

ابابیل [ا با بی ل] (ع: ایضاً جمع: پرندوں کا جھنڈ) : اردو میں بطور واحد مستعمل، ایک قسم کی چھوٹی چڑیا

اباحت [اِ با حَ ت] (ع: ایضاً) : کسی عمل کا مباح (جائز) ہونا

ابتدا [اِ بْ تِ دا] (ع: ا ب تِ داء) : آغاز

ابتذال [اِ بْ تِ ذا ل] (ع: ا ب ت ذ ا ل) : تہذیب سے گرا ہوا

ابتلا [اِ بْ تِ لا] (ع: ا ب ت لا) : آزمائش، مصیبت

ابتہاج [اِ بْ تِ ہا ج] (ع: اب ت ہاج) : مسرت

ابٹن / ابٹنا [اُ بْ ٹَ ن / اُ بَ ٹْ نا] : ایک قسم کا بدن پر ملنے کا خوشبودار مسالہ

ابخرہ [اَ بْ خِ ر ا] (ع: اَ ب خ ر ہ جمع: واحد بُخار) : رطوبت سے نکلنے والی گیس

ابداع [اِ بْ دآ] (ع:.....د ا ع) : جدّت

ابدال [اَ بْ د ا ل] (ع: ایضاً جمع: واحد بدیل) : اردو میں بطور واحد مستعمل، ولی کا ایک درجہ

ابدی [اَ بَ د ی] (ع: اَ ب د ی) : لازوال

ابرار [اَ بْ ر ا ر] (ع: ایضاً جمع: واحد بَرّ: نیک آدمی) : نیک لوگ، اردو میں واحد غیر مستعمل

ابرام [اِ بْ ر ا م] (ع: ایضاً) : اٹل ہونا، اصرار کرنا

ابرہ [اَ بْ ر ا] (ف:.....ہ) : توشک یا لحاف کے اوپر چڑھایا ہوا کپڑا۔ استر کی ضد

ابریشم [اَ بْ ر ے شَ م] (ف: اب ری ش م) : (۱) کچا ریشم (۲) ریشم

ابریق [اِ بْ ر ی ق] (معرّب: ایضاً) : لوٹا

ابسنا [اُ بَ سْ نا] : (غذا کا) بدبودار ہونا

ابطال (۱) [اَ بْ طا ل] (ع:ایضاً، جمع: واحد بطل: بہادر آدمی): بہادر لوگ

(۲) [اِ بْ طا ل] (ع:ایضاً): رد کرنا، باطل قرار دینا

ابکائی [اَ بْ کا ئی]: متلی جس کے بعد قے نہ ہو

ابلاغ [اِ بْ لا غ] (ع:ایضاً: پہنچانا): ترسیل، تفہیم

ابلق [اَ بْ لَ ق] (ع:ایضاً): سیاہ و سفید رنگ کا گھوڑا، عام گھوڑا

ابلہ [اَ بْ لا](ف:.....لہ): احمق

ابلہی [اَ بْ لَ ہ ی] (ف: اَ بْ لِ ہی): حماقت

ابلیس [اِ بْ لی س] (ع:ایضاً): شیطان

ابن السبیل [اِ بْ نُ سْ سَ بی ل](ع:ایضاً): مسافر

ابنا [اَ بْ نا] (ع: جمع: واحد ابن: بیٹے): عربی تراکیب میں 'والا' کے معنوں میں مستعمل جیسے ابنائے وطن، ابنائے روزگار وغیرہ

ابواب [اَ بْ وا ب] (ع: جمع: واحد باب: دروازہ): کتاب کے وہ حصے جو تقسیم مضامین کے اعتبار سے الگ ہوں

ابولا [اَ بُوْ لا]: آپس میں ابولا ہونا، بات چیت کا بند ہونا

ابہام [اِ بْ ہا م] (ع:ایضاً): مفہوم کا غیر واضح ہونا

ابیات [اَ بْ یا ت] (ع:ایضاً جمع: واحد بیت: شعر) اشعار

ابیض [اَ بْ یَ ض] (ع:ایضاً): سفید

اپاہج [اَ پا ہ ج] (ہ: اَ پا ہِ ج): چلنے پھرنے سے معذور

اپجاؤ [اُ پْ جا ؤ] (ہ:ایضاً): زرخیز

اپریل [اَ پْ رَ یْ ل] (انگ: اے پ ر ل): ایک مہینے کا نام

اپلا [اُ پْ لا]: گائے بھینس کا خشک گوبر جسے روٹی کی شکل میں تھاپتے ہیں

اپھرنا [اُ پھَ رْ نا]: پھولنا، پیٹ کا پھولنا

اپھن [اُ پھَ نْ] ...... جانا: اُبل جانا

اپی [اُ پی] (ہ:ایضاً) چمکتی ہوئی، سان پر چڑھی ہوئی، تیز دھار والی (تلوار)

اتابک [اَ تا بَ ک] (ت:ایضاً): ایک شاہی خطاب، بزرگ باپ

اتالیق [اَ تا لی ق] (ت. ف:ایضاً): اُستاد

اتباع [اِ تْ تِ با] (ع:.....ت با ع): پیروی

اتحاد [اِ تْ تِ حا د] (ع:.....ت.....د): ملاپ، اتفاق

اترانا [اِ تْ را نا]: بے جا ناز و غرور کرنا

اترن [اُ تْ رَ ن]: پہنا ہوا لباس جو دوسرا پہنے

اتصال [اِ تْ تِ صا ل] (ع:.....ت.....ل): دو چیزوں کا آپس میں ملنا

اتفاق [اِ تْ تِ فا ق] (ع:.....ت.....ق): (۱) اتحاد (۲) کسی امر کا اچانک بے ارادہ ہو جانا

اتقا [اِ تْ تِ قا] (ع:.....ت قا): پرہیزگاری

اتقیا [اَ تْ قِ یا] (ع:.....یا، جمع: واحد تقی: پرہیزگار): پرہیزگار لوگ

اتلاف [اِ تْ لا ف] (ع:ایضاً): ضائع ہونا

اتم (۱) [اَ تَ م] (ع: اَ تَ مّ): مکمل ترین۔ اس ترکیب میں مستعمل: بدرجہ اتم

(۲) [اُ تْ تَ م] (س:ایضاً): عمدہ

اتمام [اِ تْ ما م] (ع:ایضاً): تمام ہونا

اتو [اُ تْ تو] (ہ:ایضاً): کپڑے پر نقش و نگار بنانے کا آلہ

اتوکش [اُ تْ تو کَ ش] (ہ.ف): کپڑے پر بیل بوٹے بنانے والا کاریگر

اٹو کرنا [اَ ٹ ٹو] ...... کرنا: اتنا مارنا کہ بدن پر نشان پڑ جائیں

اتہام [ا ت تِ ہا م] (ع:......تِ......م): الزام

اتھل پتھل [اُ تھ لْ پُ تھ ل] : درہم برہم

اٹاری [اَ ٹا ر ی] (ہ:ایضاً) : بالاخانہ

اٹاٹٹ [اَ ٹا ٹ ٹ] : کھچا کھچ

اٹاوہ [اِ ٹا و ا] : ایک شہر کا نام

اٹ پٹا [اَ ٹ پَ ٹا] : عجیب سا (محسوس ہونا)

اٹکرلیس[اَ ٹَ کَ کَ رْ ل ے س]: بے تکا کام، بے جا قیاس آرائی

اٹکل پچو [اَ ٹ کَ لْ پَ چ چُو]: بیجا قیاس آرائی، بے پَر کی اُڑانا

اٹکھیلی [اَ ٹ کھے لی] : ہنسی مذاق، شوخی

اٹنا [اَ ٹ نا] : بھر جانا

اٹنگا [اُ ٹَ نگا] : اوپر چڑھا ہوا، پاجامے کی نسبت بولتے ہیں

اٹوائی کھٹوائی [اَ ٹ وا ئی کھ ٹ وا ئی]: ٹوٹی چارپائی
...... لے کر پڑ رہنا: غم یا غصے کے عالم میں چادر اوڑھ کر چارپائی یا بستر پر پڑ رہنا

اثاث [اَ ثا ث] (ع:ایضاً) : استعمال کا سامان

اثاث البیت [اَ ثا ث لْ بَ ے ت] (ع:ایضاً): گھر کا ساز و سامان

اثاثہ [اَ ثا ثا] (ع:......ثہ): جوڑا ہوا سرمایہ

اثبات [اِ ث با ت] (ع:ایضاً): نفی کی ضد

اثنا [اَ ثْ نا] (ع: اَ ثْ ن ا، جمع: واحد ثِنی): بطور واحد مستعمل، دوران جیسے اسی اثنا میں، اثنائے سفر

اثنا عشری [اِ ثْ نا عَ شْ ر ی] (ع:......عَ شْ ر ی. عربی میں اثنا عشر بارہ کو کہتے ہیں): بارہ اماموں کو ماننے والا فرقہ

اجابت [اِ جا بَ ت] (ع:ایضاً): قبولیت، طبی اصطلاح میں رفع حاجت

اجارہ [اِ جا ر ا] (ع:......رہ) : ٹھیکہ کرنا، اپنے ذمہ لینا

اجاگر [اُ جا گ ر] (س.ہ: جاگتا ہوا، روشن) ...... کرنا: واضح کرنا

اُجالنا [اُ جا لْ نا]: چمکانا، زیور کا میل صاف کر کے اسے چمکانا

اجتماع [اِ جْ تِ ما] (ع: اِ جْ تِ ما ع): اکٹھا ہونا

اجتناب [اِ جْ تِ نا ب] (ع:......تِ......ب): پرہیز کرنا

اجتہاد[اِ جْ تِ ہا د] (ع:......تِ......د): کسی نئے دینی مسئلہ کے سلسلے میں قرآن، حدیث اور اجماع پر قیاس کر کے استنباط کرنا

اجداد [اَ جْ دا د] (ع:ایضاً جمع: واحد جَدّ : دادا) جیسے آباواجداد : باپ دادا

اجڈ [اُ جَ ڈ] (س: اُ جَ ڈْ) : گنوار، تہذیب نا آشنا

اجرا [اِ جْ ر ا] (ع:......اء): جاری کرنا / ہونا

اجرام [اَ جْ ر ا م] (ع:ایضاً جمع: واحد جرم: بے جان چیزوں کے حجم کو 'جِرْم' اور جانداروں کی جسامت کو 'جسم' کہتے ہیں) : اجسام

اجرام فلکی [اَ جْ را مِ فَ لْ کی] (ع.ف: اَ جْ را مِ فَ لَ کی) : آسمان کے ستارے اور سیارے

اجزا [اَ جْ ز ا] (ع:......اء جمع: واحد جُزو: حصہ) : ٹکڑے

اجساد [اَ جْ سا د] (ع:ایضاً جمع: واحد جَسَد: جسم): اجسام

اجسام [اَ جْ سا م] (ع:ایضاً جمع: واحد جسم): جسم بصیغۂ جمع

اجل (۱) [اَ جَ ل] (ع:ایضاً: وقت مقررہ): موت
(۲) (اَ جَ ل](ع: اَجَلّ صیغۂ تفضیل: بہت زیادہ جلیل) : جیسے فاضل اجل: جیّد عالم

اجلاس [اِ جْ لا س] (ع:ایضاً: بیٹھنے کی حالت):
(۱) نشست مراد میٹنگ (۲) دفتر (آفس)
اجلاف [اَ جْ لا ف] (ع:ایضاً جمع: واحد جِلف: کمینہ):
(جِلف اُردو میں مستعمل نہیں) : کمینے لوگ
اجلال [اِ جْ لا ل] (ع:ایضاً): شان و شوکت، دیکھیے
نزولِ اجلال ہونا
اجماع [اِ جْ ما] (ع:......ما ع) : کسی دینی مسئلہ پر
مِلّتِ مسلمہ کا اتفاق
اجمال [اِ جْ ما ل] (ع:ایضاً): تفصیل طلب اختصار، خلاصہ
اجناس [اَ جْ نا س] (ع:جمع: واحد جِنس): چیزیں، غلہ
اجنبی [اَ جْ نَ بی] (ع:ایضاً) : پردیسی
اجنہ [اَ جِ نْ نا] (ع:......نہ جمع: واحد جنین: وہ بچہ جو ماں
کے پیٹ میں ہو): اردو میں 'جن' کی جمع کے معنوں میں
بھی مستعمل
اجیر [اَ ج ی ر] (ع:ایضاً): اجرت پر کام کرنے والا، مزدور
اجیرن [اَ جی رَ ن] (س: اَ جی رْ نَ : بد ہضمی) :
ناقابلِ برداشت، تکلیف دہ
اچاپت [اُ چا پَ ت] (س: اونچا اعتبار): اُدھار
(کریڈیٹ) پر لین دین
اچاٹ [اُ چا ٹ] (ہ:ایضاً)...... ہونا: طبیعت کا اُکتا جانا
اچٹنا [اُ چَ ٹْ نا] (ہ:ایضاً): کسی سخت چیز پر ضرب لگانے
کے بعد آلۂ ضرب کا ٹکرا کر اچھل جانا، طبیعت کا اُکتا جانا
اچکا [اُ چَ کْ کا] (ہ: اُچکنا: اُڑا لینا کا اسم فاعل) : شاطر
چور جو آنکھوں میں دھول جھونک کر کوئی چیز چرالے
اچکن [اَ چْ کَ ن]: ایک لباس جس میں دونوں طرف
پردے اور گریبان سے کمر پٹی تک گھنڈیاں لگی ہوتی ہیں

اچھال چھکا [اُ چھا لْ چھ کْ کا] : اوباش عورت
اچھوانی [اَ چھ وا نی] : حریرہ جو زچہ کو پلاتے ہیں
اچھلنا [اُ چے لْ نا]: ظرف سے پانی کو نکال نکال کر پھینکنا،
اُدھیڑنا
احاطہ [اِ حا طا / اَ حا طا] (ع: احاطہ): کمپاؤنڈ، گھیرا
احبا [اَ حِ بْ با] (ع:ایضاً جمع: واحد حبیب: دوست): دوست
احباب [اَ حْ با ب] (ع: اَحْ باب جمع: واحد حبیب): دوست
احبار [اَ حْ با ر] (ع: اَ حْ با ر - جمع: واحد حِبر : عقلمند):
یہودیوں کے علماء
احتباس [اِ حْ تِ با س] (ع: اِ حْ تِ با س): گھٹن
احتراز [اِ حْ تِ را ز] (ع: اِ حْ تِ را ز] ...... کرنا:
کسی چیز سے بچنا، پرہیز کرنا
احترام [اِ حْ تِ را م] (ع: اِ حْ تِ را م): عزت
احتساب [اِ حْ تِ سا ب] (ع: اِ حْ تِ سا ب) :
جانچ، پوچھ گچھ
احتشام [اِ حْ تِ شا م] (ع: اِ حْ تِ شا م): شان و
شوکت
احتمال [اِ حْ تِ ما ل] (ع: اِ حْ تِ ما ل): گمان،
امکان
احتیاج [اِ حْ تِ یا ج] (ع: اِ حْ تِ یا ج): حاجت
احتیاط [اِ حْ تِ یا ط] (اِ حْ تِ یا ط): ہوشیاری
احرار [اِ حْ را ر / اَ حْ را ر] (ع: اَ حْ را ر -
جمع: واحد حُر : آزاد) : آزاد لوگ
احرام [اِ حْ را م / اَ حْ را م](ع: اِ حْ را م): وہ
بن سلا کپڑا جسے حاجی پہنتے ہیں
احساس [اِ حْ سا س / اَ حْ سا س](ع: اِحْ سا س)
: حواس کے ذریعے کسی چیز کا علم ہونا

احسان [اِ خ سا ن / اَ حْ سا ن](ع: اِ خ سا ن: نیکی کرنا، حسن سلوک سے پیش آنا): کسی کی مدد کر کے اسے زیر بار کرنا

احسن [اَ حْ سَ ن](ع: اَ خ سَن): عمدہ تر

احسنت [اَ حْ سَ نْ تَ] (ع: اَ خ سَ نْ ت: تو نے خوب کیا): کلمہ تحسین بمعنی شاباش

احقر [اَ حْ قَ ر] (ع: اَ خ قَر: سب سے زیادہ حقیر): واحد متکلم کے لیے بطور کلمہ انکسار مستعمل، مراد "میں"

احکام [اَ حْ کا م] (ع: اَ خ کا م - جمع: واحد حکم): حکم بصیغہ جمع

احمد [اَ حْ مَ د] (ع: اَخ مَد: بہت زیادہ تعریف کیا گیا): آنحضرت ﷺ کا اسم مبارک

احمر [اَ حْ مَ ر] (ع: اَ خ م ر): سرخ

احمق [اَ حْ مَ ق] (ع: اَ خ م ق) : بیوقوف

احوال [اَ حْ وا ل] (ع: اَ خ وا ل - جمع: واحد حال) اردو میں بطور واحد مستعمل: کیفیت

احول [اَ حْ وَ ل] (ع: اَ خ وَ ل): بھینگا جسے ایک چیز دو نظر آئے

احیا [اِحْ یا / اَ حْ یا] (ع: ... یا ء): از سر نو زندہ کرنا

احیاناً [اَ حْ یا نَ ن] (ع: اَ خ یا نا): کبھی کبھی، اتفاقاً

اختتام [اِ خْ تِ تا م] (ع: اِ خْ تِ تا م): خاتمہ

اختراع [اِ خْ تِ را] (ع: اِ خْ تِ را ع) : ایجاد

اختصار [اِ خْ تِ صا ر] (ع: اِ خْ تِ صار): مختصر میں ہونا

اختلاج [اِ خْ تِ لا ج] (ع: اِ خْ تِ لا ج) : دل کی دھڑکن سے پیدا ہونے والی گھبراہٹ

اختلاط [اِ خْ تِ لا ط](ع: اِ خْ ت لا ط): میل جول، آمیزش

اختلاف [اِ خْ تِ لا ف](ع: اِ خْ ت لا ف): باہمی فرق، موافقت کی ضد

اختلال [اِ خْ تِ لا ل](ع: اِ خْ ت لا ل): خلل پڑنا

اختیار [اِ خْ تِ یا ر] (ع: ایضاً): کام کرنے کی قوت

اخذ [اَخْذ / اَخَذ] (ع: اَخذ: پکڑنا) ..... کرنا: کوئی چیز لینا

اخراج [اِ خْ را ج] (ع: ایضاً): خارج ہونا

اخراجات [اِ خْ را جا ت] (ع: ایضاً جمع: واحد اخراج): مصارف، خرچ

اخضر [اَ خْ ضَ ر] (ع: ایضاً): سبز

اخفا [اِ خْ فا] (ع: ایضاً) پوشیدگی

اخگر [اَ خْ گَر] (ف: ایضاً) انگارا، چنگاری

اخلاص [اِ خْ لا ص] (ع: ایضاً: خالص کرنا) : بے غرض محبت، خلوص

اخلاط [اَ خْ لا ط] (ع: ایضاً جمع: واحد خلط) : طب کی رو سے انسانی بدن میں چار اخلاط ہیں خون، بلغم، صفرا اور سودا

اخلاق [اَ خْ لا ق] (ع: ایضاً جمع: واحد خُلق): اچھی عادتیں

اخوات [اَ خَ وا ت](ع: ایضاً جمع: واحد اُخت: بہن): بہنیں

اخوان [اِ خْ وا ن] (ع: ایضاً جمع: واحد اَخ: بھائی): صرف ان تراکیب میں مستعمل جیسے اخوان المسلمین، اخوان الشیاطین

اخیار [اَ خْ یا ر] (ع: ایضاً جمع: واحد خیر) : نیک لوگ، اردو میں ترکیب اخیار و اشرار میں مستعمل

اخیاف [اَ خْ یا ف] (ع: ایضاً جمع: واحد خَیف) : وہ بھائی بہن جن کے باپ الگ الگ لیکن ماں مشترک ہو

اخیافی بھائی بہن : وہ سوتیلے بھائی بہن جن کے باپ الگ الگ لیکن ماں مشترک ہو

ادارہ [اِ دا رَا] (ع:.... ہ): منظم جماعت، دفتر

ادبا [اُ دَبا] (ع:ایضاً جمع: واحد ادیب): اہل ادب

ادبار [اِ دْ با ر] (ع:ایضاً: پیٹھ پھیرنا): بد نصیبی ضد: اقبال

ادبدانا [اَ دْ بَ دا نا] : گھبرانا

ادخال [اِ دْ خا ل] (ع:ایضاً) : داخلہ

ادراک [اِ دْ را ک] (ع:ایضاً): سوجھ بوجھ کی صلاحیت

ادرنہ [اَ دَ رْ نا] : بلقان کا ایک شہر جسے ایڈریانوپل کہتے ہیں

ادعا [اِ دْ دِ ا] (ع: ا د و عاء) : دعویٰ

ادعیہ [اَ دْ ع یا] (ع: اَ دْ ع یَۃ جمع: واحد دعاء): دعائیں

ادغام [اِ دْ غا م] (ع:ایضاً): دو ہم صوت یا قریب المخرج حروف کی آوازوں کا ایک دوسرے میں پیوست ہو جانا جیسے شب بو (رات کو مہکنے والا پھول) سے 'شبو' یا شب پر (رات میں اُڑنے والا پرندہ، چمگادڑ) سے 'شپّر'

ادق [اَ دَ ق] (ع: اَ دَ قّ، دقیقہ کا صیغۂ تفضیل بہت پسا ہوا، باریک) : پیچیدہ جس کا سمجھنا مشکل ہو

ادقچہ [اَ دَ قْ چا] (ت:.... چہ): سفید حاشیے کی چادر جو پلنگ پوش اور توشک کے نیچے آرائش کے لیے بچھائی جائے

ادوان / ادوائن [اَ دْ وا ن / اَ دْ وا ئِن]: (ہ) وہ رسّی جو چارپائی کو کسنے کے لیے پائنتی کی طرف لگائی جائے

ادویہ [اَ دْ وِ یا] (ع: اَ د و یَۃ جمع، واحد دواء): دوائیں

ادویات [اَ دْ وِ یا ت] : ادویہ کی جمع الجمع اردو میں ادویہ کے مقابلے ادویات کثیر الاستعمال

ادہم [اَ دْ ہَم] (ع:ایضاً: سیاہ رنگ کا گھوڑا) : اسم خاص: ابراہیم بن ادہم

ادہن [اَ دْ ہَن] (ہ:ایضاً): چاول پکانے کا اُبلا یا اُبلتا ہوا پانی

ادھنا (اَ دھ نْ نا] (ہ:ایضاً آدھا آنہ کا مخفف): ایک سکہ جو دو پیسے کے برابر ہوتا تھا

ادھی [اَ دْ دھی] : ایک سکہ جو آدھی پائی کے برابر ہوتا تھا

ادھیڑ [اَ دْ ھے ڑ] : درمیانی عمر کا، نہ جوان نہ بوڑھا

ادھیڑ بن [اَ دْ ھے ڑْ بُن] (اُدھیڑنا اور بُننا کا حاصل مصدر) : تذبذب

اذگ [اَ ذْ گ] (ہ:ایضاً) : اٹل

اذعان [اِ ذْ آ ن] (ع: اِ ذْ عا ن) : اطاعت اس ترکیب میں مستعمل فرمان واجب الاذعان

اذعانیت [اِ ذْ آ نِ ی ت] (ع: اذعا ن یْ ت): کسی اصول کو سخت گیری سے ماننا Dogmatism

اذفر [اَ ذْ فَر] (ع:ایضاً): تیز بو والا جیسے مشک اذفر

اذکار [اَ ذْ کا ر] (ع:ایضاً جمع: واحد ذِکر): تذکرے

اذکار [اِ ذْ کا ر] (ع:ایضاً) : ذکر کرنا (ذکر اذکار)

اذن [اِ ذْ ن] (ع:ایضاً) : اجازت

اذہان [اَ ذْ ہا ن] (ع:ایضاً جمع: واحد ذہن): ذہن بصیغۂ جمع

اذیت [اَ ذِ یَ ت] (ع: اَ ذِ یَّ ت): تکلیف

ارابچی [اَ را بْ چی] (ف. ت: ایضاً): گاڑی بان

ارابہ [اَ را با] (ف:.... بہ: گاڑی): وہ گاڑی جس پر توپ کا گولا اور بارود رکھتے ہیں۔ چھکڑا

ارادت [اِ را دَ ت] (ع:ایضاً) : (۱) مریدی اختیار کرنا۔ (۲) عقیدت مندی

اراضی [اَ را ضی] (ع:ایضاً جمع: واحد ارض: زمین): اردو میں بطور واحد مستعمل: زمین

اراکین [اَ را کی ن] (ع:ایضاً واحد رکن (ستون) جمع ارکان جمع الجمع اراکین): ممبران

ارباب [اَ رْ با ب] (ع: ایضاً جمع: واحد ربّ): مالک یا 'والا'
کے معنوں میں ان تراکیب میں مستعمل اربابِ سخن
(شعرا)، اربابِ نشاط (گانے بجانے والوں کا فرقہ، ڈوم)،
اربابِ قلم وغیرہ

ارتباط [اِ رْ تِ با ت] (ع: اِ رْ تِ با ط): میل جول، تعلق

ارتجالاً [اِ رْ تِ جا لَ ن] (ع: اِ رْ تِ جا لَ ن
ارتجال (بے سوچے سمجھے بولنا) کا متعلق فعل): برجستہ
کہنا، قلم برداشتہ (لکھنا)

ارتعاش [اِ رْ تِ آ ش] (ع: اِ رْ تِ عا ش): رعشہ
کپکپاہٹ، تھرتھراہٹ

ارتفاع [اِ رْ تِ فا] (ع: اِ رْ تِ فا ع): بلندی

ارتقا [اِ رْ تِ قا] (ع:..... تِ قا ء): ترقی کرنا / ہونا

ارتکاب [اِ رْ تِ کا ب] (ع: اِ رْ تِ کا ب): (گناہ
/ جرم) کرنا

ارث [اِ رْ ث] (ع: ایضاً) : میراث، ترکہ

ارجمند [اَ رْ جُ مَنْد] (ف: اَ رْ ج (قیمت) + مَنْد:
قیمتی) : سعادت مند

اردابیگنی [اُ رْ دا بے گ نی] (ت: ایضاً): مردانہ لباس
میں حرم سرا کی حفاظت کرنے والی مسلح زنانہ پولیس

اردلی [اَ رْ دَ لی] (انگ: آرڈرلی کا مورّد): صاحب کے
ساتھ ساتھ رہنے والا ملازم

اردی بہشت [اُ رْ دِ ی بِ ہِ شْ ت] (ف: اُ رْ
دی بِ ہِ شْ ت): ایرانی تقویم کا دوسرا مہینہ جو موسم
بہار میں آتا ہے اس لفظ کو اُردی کہہ کر موسم بہار مراد لیتے ہیں

ارزش [اَ رْ زِ ش] (ف: ایضاً): قیمت

ارسال [اِ رْ سا ل] (ع: ایضاً)..... کرنا: بھیجنا

ارسطاطالیس [اَ رَ سْ طا طا لی س] (معرّب): ارسطو

ارغنون [اَ رْ غَ نو ن] (معرّب آرگن): ایک باجا

ارغوان [اَ رْ غَ وا ن] (ع: اَ رْ غُ وا ن) : سیاہی
مائل سرخ، سرخ

ارفع [اَ رْ فا] (ع:.....فع): بلند تر

ارقام [اِ رْ قا م] (ع. ف: ایضاً)..... کرنا: لکھنا

ارکان [اَ رْ کا ن] (ع: ایضاً جمع: واحد رُکن): ممبران

ارگجا [اَ رْ گ جا] : صندل، گلاب، کافور، عنبر اور مشک
وغیرہ سے ملا کر بنایا ہوا خوشبودار مرکب

ارم [اِ رَ م] (ع: ایضاً): شدّاد کی بنائی ہوئی جنّت، عام جنّت

ارمغاں [اَ رْ مَ غا ں] (ف: اَرمغان): تحفہ، سوغات

ارنا بھینسا [اَ رْ نا بھَ ے ں سا] : جنگلی بھینسا

ارنڈی [اِ رَ نْڈ ی] (ہ: اَ رَ نْ ڈی): اِرنڈ (ایک درخت)
کے بیجوں سے نکالا ہوا تیل

ارواح [اَ رْ وا ح / اَ رْ وا] (ع: ایضاً جمع: واحد روح):
عورتوں کی زبان پر بطور واحد استعمال

اروی [اَ رْ وی] : ایک قسم کی ترکاری

ارہر [اَ رْ ہَ ر] : ایک قسم کی دال جسے دکن میں توریا تووَر
کہتے ہیں

اریب (۱) [اَ ری ب] (ع: ایضاً): دانشمند
(۲) [اُ رَ ے ب / بول چال اُ وْ رَ ے ب]
(ف: اُری ب) (۱) کپڑے کی ترچھی کاٹ (۲) فریب

اریب کی چال [اُ رَ ے ب کی چال] : فریب کی چال

اڑانا (۱) [اُ ڑا نا] : اُڑنا کا تعدیہ۔ اُکتانا
(۲) [اُ ڑا نا] : اُڑنا کا تعدیہ۔ پرواز میں لانا

اُڑان گھائی : اڑان (اُڑنا کا حاصل مصدر) + گھائی (دو اُنگلیوں کا درمیانی حصہ) : اُنگلیوں کی گھائی میں کوڑی رکھ کر اُسے غائب کرنے کی شعبدہ بازی۔ ...... بتانا : فریب دینا

اڑن کھٹولا [اُ ڑَ ن کھَ ٹو لا] : ایک طلسمی تخت جو ہوا میں اُڑتا ہے

اڑن گھائی [اُ ڑَ ن گھا ئی] : دیکھیے اُڑان گھائی

اڑواڑ [اَ ڑْ وا ڑ] : گرتی ہوئی چھت کو تھامنے کے لیے ستون یا لکڑی

اڑیا [اُ ڑْ یا] : اُڑیسہ کی علاقائی زبان کا نام

اڑیل [اَ ڑْ یَل] : اَڑ جانے والا۔ ضدّی

ازالہ [اِ زا لا] (ع:......لہ): زائل کرنا، علاج کرنا، تلافی کرنا

ازبک [اُ زْ بَ ک] (ت:ایضاً): تاتاریوں کے ایک قبیلے کا نام

ازدحام [اِ زْ دِ حا م] (ع: اِ زْ دِ حا م) : انبوہ، اُردو املا اژدہام بھی مستعمل

ازدواج [اِ زْ دِ وا ج] (ع: اِ زْ دِ وا ج): نکاح کرنا

ازدیاد [اِ زْ دِ یا د] (ع:ایضاً): زیادہ کرنا

ازرق [اَ زْ رَ ق] (ع:ایضاً): نیلا

ازرق چشم [اَ زْ رَ ق چَ شْ م] (ع.ف:ایضاً نیلی آنکھ والا) : طوطا چشم

ازکیا [اَ زْ کِیا] (ع:......یا، جمع: واحد زکی: متقی): متقی لوگ

ازمنہ [اَ زْ مِ نا] (ع:اَزْمِنہ جمع: واحد زمان: زمانہ): زمانے

ازواج [اَ زْ وا ج] (ع:ایضاً جمع: واحد زَوْج اس کا اطلاق مَرد و زن دونوں پر ہوتا ہے): بیویاں؛ زوجہ۔ بیوی

ازہر [اَ زْ ہَ ر] (ع:ایضاً: نہایت روشن): مندرجہ ذیل ترکیب میں مستعمل جامعۂ ازہر: مصر کی قدیم یونیورسٹی کا نام

اساتذہ [اَ سا تِ ذا] (ع:......تِ ذہ جمع: واحد اُستاذ، ف:اُستاد کا معرّب): استاد حضرات، معلّمین

اساس [اَ سا س] (ع:ایضاً): بنیاد

اساطیر [اَ سا طی ر] (ع:ایضاً جمع: واحد اُسطُورہ): قدیم قصّے کہانیاں

اسالیب [اَ سا لی ب] (ع:ایضاً واحد اُسْلُوب: طرزِ زندگی): انداز، طرز بیان

اسامی [اَ سا می] (ع:اسم کی جمع اسماء، جمع الجمع اسامی): اردو میں جمع الجمع بصیغۂ واحد مستعمل (۱) کاشتکار، (۲) عہدہ جیسے ایک اسامی خالی ہے

اسانید [اَ سا نی د] (ع:ایضاً جمع: واحد سند، جمع اسناد: جمع الجمع اسانید) : سندیں

اساوری [اَ سا وَ ری] (س.ہ:ایضاً): ایک راگنی کا نام

اسباب [اَ سْ با ب] (ع:ایضاً جمع: واحد سبب: رسّی، وسیلہ): (۱) بطور واحد: سامان (۲) وجوہات

اسپند [اَ سْ پَ نْد] (ف:ایضاً): رائی کا دانہ

استادہ [اِ سْ تا دا] (ف:......دہ: اِستادن (کھڑا ہونا) کے ماضی سے بنا اسم مفعول) : کھڑا ہوا

استبداد [اِ سْ تِ بْ دا د] (ع:......تِ بْ......د): خود رائی، ظلم، زیادتی

استثنا / استثنیٰ [اِ سْ تِ ثْ نا / نیٰ] (ع:......تِ ثْ نیٰ: الگ کرنا) : جس کا اطلاق قاعدہ کلیہ پر نہ ہوتا ہو

استحالہ [اِ سْ تِ حا لا] (ع:......تِ......لہ: امر محال کی طلب، دشوار پسندی): (۱) ناممکن بات (۲) اصطلاحِ کیمیا: ایک شئے کا دوسری شئے سے ترکیب پا کر ایک نئے مختلف الخواص مرکب کا بننا

استحسان [ا سْ تِ حْ سا ن] (ع:......تِ حْ......ن):
پسندیدگی

استحصال [ا سْ تِ حْ صا ل] (ع:......تِ حْ......ل)
: بالجبر حاصل کرنا، کسی کی مجبوری کا غلط فائدہ اٹھانا

استحضار [ا سْ تِ حْ ضا ر] (ع:......تِ حْ......ر: کسی
کو حاضری کے لیے طلب کرنا): یادداشت

استحقاق [ا سْ تِ حْ قا ق] (ع:......تِ حْ......ق:
حق طلب کرنا): (۱) مستحق ہونا (۲) حق جتانا

استخراج [ا سْ تِ خْ را ج] (ع:......تِ خْ......ج:
باہر نکالنے کی کوشش): خارج کرنا، نتیجہ نکالنا

استخراجی منطق : قاعدہ کلیہ پر کسی دعوے کی صحت کو پرکھنے
والی منطق Deductive Logic

استخواں [اُ سْ تُ خْوا ں] (ف: اُ سْ تُ خْوا ن)
: ہڈی

استدراج [ا سْ تِ دْ را ج] (ع:......تِ دْ......ج):
وہ شعبدہ یا انہونی بات جو کسی غیر مسلم سے صادر ہو بخلاف
کرامت یا معجزہ

استدراک [ا سْ تِ دْ را ک] (ع:......تِ دْ......ک:
درک حاصل کرنا): تصنیف کے آخر میں دی ہوئی وہ
فہرست جس میں غلطیوں کو درست کیا گیا ہو

استدعا [ا سْ تِ دْ ا] (ع:......تِ دْ عا ء): التجا، درخواست

استدلال [ا سْ تِ دْ لا ل] (ع:......تِ دْ......ل):
دلیل لانا، دلیل پیش کرنا، بحث کرنا

استراحت [ا سْ تِ را حَ ت] (ع:......تِ......ت:
راحت طلب کرنا)......کرنا، فرمانا: آرام کرنا

استرداد [اِ سْ تِ رْ دا د] (ع:......تِ رْ......د: لوٹا دینا)
: رد کرنا، منسوخ کرنا

استسقا [ا سْ تِ سْ قا] (ع:......تِ سْ قاء: پانی مانگنا):
(۱) صرف ذیل کی ترکیب میں مستعمل نمازِ استسقا: بارش
کے لیے نماز پڑھ کر دعا مانگنا (۲) ایک بیماری جس میں
مریض کو شدید پیاس لگتی رہتی ہے اسے 'جلندھر' بھی کہتے ہیں

استصواب [ا سْ تِ صْ وا ب] (ع:......تِ صْ......
ب): کسی سے صحیح رائے طلب کرنا

استطاعت [ا سْ تِ طا عَ ت] (ع:......تِ......عت:
کسی سے اطاعت طلب کرنا): دسترس، بساط

استعارہ [ا سْ تِ عا را] (ع:......تِ عارہ: مانگنا): ایک
صنعت کا نام

استعانت [ا سْ تِ عا نَ ت] (ع:......تِ عا......ت):
مدد طلب کرنا

استعجاب [ا سْ تِ عْ جا ب] (ع:......تِ عْ......ب):
تعجب کرنا

استعداد [اِ سْ تِ عْ دا د] (ع:......تِ عْ......د): فطری صلاحیت

استعفا / استعفیٰ [اِ سْ تِ عْ فا] (ع:......تِ عْ......فیٰ:
عفو طلب کرنا): ملازمت یا کوئی عہدہ چھوڑنے کی
درخواست کرنا

استعمال [ا سْ تِ ما ل / ا سْ تِ عْ ما ل] (ع:
......تِ عْ......ل: عمل میں لانا)......کرنا: کام میں لانا

استغاثہ [ا سْ تِ غا ثا] (ع:......تِ......ثہ: داد رسی
کی خواہش کرنا) : نالش کرنا، مقدمہ کرنا

استغراق [ا سْ تِ غْ را ق] (ع:......تِ غْ......ق:
غرق ہونا) : محویت

استغفار [ا ِس تَ غْ فا ر] (ع:......تِ غْ......ر: مغفرت طلب کرنا): خدا سے مغفرت کی دعا کرنا

استغنا [ا ِس تِ غْ نا] (ع:......تِ غْ نا ء): بے نیازی

استفادہ [ا ِس تِ فا د ا] (ع:......تِ......دہ): فائدہ حاصل کرنا

استفاضہ [ا ِس تِ فا ضا] (ع:......تِ......ضہ): فیض حاصل ہونا

استفتا [ا ِس تَ فْ تا] (ع:......تِ فْ تا ء): فتویٰ مانگنا

استفراغ [ا ِس تَ فْ را غ] (ع:......تِ فْ......غ: خالی ہونا) : قے کرنا

استفسار [ا ِس تِ فْ سا ر] (ع:......تِ فْ......ر) : پوچھنا

استفہام [ا ِس تِ فْ ہا م] (ع:......تِ فْ......م : فہم طلبی) : سوال کرنا، دریافتِ معلومات کے لیے پوچھنا

استقامت [ا ِس تِ قا مَ ت] (ع:......تِ......ت: مستقیم ہونا) : مضبوطی، استقلال

استقبال [ا ِس تِ قْ با ل](ع:......تِ قْ......ل: آگے بڑھنا) :(۱) احتراماً کسی کو خوش آمدید کہنے کے لیے آگے بڑھنا (۲) زمانہ مستقبل

استقرا [ا ِس تَ قْ را](ع:......تِ قْ......را: تلاش کرنا) : منطق کی اصطلاح میں کسی نوع کے چند افراد کا مشاہدہ اور تجربہ کرنے کے بعد کوئی قاعدہ کلیہ متعین کرنا، استخراج کی ضد جیسے استقرائی منطق **Inductive Logic**

استقرار [ا ِس تِ قْ را ر](ع:......تِ قْ......ر): قرار پانا جیسے استقرارِ حمل: حمل کا قرار پانا

استقلال [ا ِس تِ قْ لا ل](ع:......تِ قْ......ل: آزادی): ثابت قدمی

استمداد [ا ِس تِ مْ دا د](ع:......تِ مْ......د): مدد طلب کرنا، ضد: امداد

استمرار [ا ِس تِ مْ را ر](ع:......تِ مْ......ر) : دوام، ہمیشگی

استمراری : دائمی

استمزاج [ا ِس تِ مْ زا ج] (ع:......تِ مْ......ج: مرضی دریافت کرنا) : مزاج پرسی

استناد [ا ِس تِ نا د] (ع:......تِ......د: سند لینا) ...... کرنا: کسی ماہرِ فن کی سند کو تسلیم اور اس کی تقلید کرنا

استنباط [ا ِس تَ مْ با ط] (ع:......تِ مْ......ط): ایک بات سے دوسری بات کا نتیجہ نکالنا

استنبول [ا ِس تَ مْ بو ل](معرّب): قسطنطنیہ کا جدید نام

استنجا [ا ِس تَ نْ جا] (ع:......تِ نْ جا: پانی سے دھونا، نجاست پاک کرنا)...... کرنا : (۱) پیشاب کرنا (۲) پیشاب کے بعد طہارت کرنا

استوا [ا ِس تَ وا] (ع:......تِ وا: مساوی ہونا): برابر ہونا جیسے خط استوا کرۂ ارض کو برابر برابر تقسیم کرنے والا فرضی خط

استوار [اُ ِس تَ وا ر] (ف:......تُ......ر): مضبوط

اُستواری: استحکام

استہزا [ا ِس تِ ہْ زا] (ع:......تِ ہْ زا ء): ہنسی اُڑانا

استیصال [ا ِس تی صا ل](ع:ایضاً): جڑ سے اکھاڑنا، بیخ کنی

استیعاب[ا ِس تی آب](ع:......عاب: پورا پکڑنا، پورے کا پورا لینا): اُردو میں بالاستیعاب مستعمل جیسے

استیلا [اِ س تی لا] (ع:ایضاً: غالب ہونا): غلبہ

اسرار [اَ س را ر] (ع:ایضاً جمع: واحد سِرّ: بھید): (۱) رموز اردو میں بطور واحد بھی مستعمل جیسے کیا اسرار ہے (۲) جن کا سایہ

اسراف [اِ س را ف] (ع:ایضاً): فضول خرچی

اسطرلاب [اُ س طُ ر لا ب] (معرّب): اجرام فلکی کی بلندی ناپنے کا آلہ۔ اس لفظ کا املا اصطرلاب بھی ہے

اسطورہ [اُ س طو را] (ع:......رہ جمع اساطیر: قدیم قصہ کہانی) : قدیم قصے سے تلمیح لینا، قدیم قصہ دیکھیے اساطیر

اسفندیار [اَ س فَ نْد یا ر] (ف:ایضاً): ایران کے ایک مشہور پہلوان کا نام

اسقاط [اِ س قا ط] (ع:ایضاً: گرنا): کسی ملک کا جنگ میں ہار کر ہتھیار ڈال دینا

اسقاط حمل: حمل کا گرنا

اسکندر [اَ س کَ نْد ر]: ابتدائی الف زائد سکندر یونان کے مشہور فرمانروا کا نام

اسلحہ [اَ س لِ حا] (ع:......لِ حَہ جمع: واحد سِلْح: ہتھیار): اُردو میں بطور واحد مستعمل، ہتھیار

اسلحہ جات [اَ س لَ حا جا ت] (موزو: اُردو میں اسلحہ کی جمع الجمع بطور جمع مستعمل): ہتھیار بصیغہ جمع

اسلوب [اُ س لو ب] (ع:ایضاً): طرز، اشائل

اسلوبیات [اُ س لو ب یا ت]: لسانیات کی وہ شاخ جس میں ادب پارے کا تجزیہ لسانیات کی روشنی میں کیا جائے

اسوار [اَ س وا ر] (ف: اصل لفظ اسپ وار: گھڑ سوار تھا بعد میں پ گر گیا): سوار، اسے سوار کی عربی جمع سمجھنا درست نہیں

اسوہ [اُ س وا] (ع:ایضاً: قابل تقلید مثال، مثالی نمونہ): آنحضرت ﷺ کے عمدہ اخلاق جو دنیا کے لیے مثالی نمونہ ہیں

اسہال [اِ س ہا ل] (ع:ایضاً): دست آنا

اشارت [اِ شا رَ ت] (ع: اِ شا رَ ۃ): اشارہ

اشباع [اِ شْ با] (ع:......ع): حرف کی حرکت کو دراز کر کے اسے متناسب حرف علت میں بدلنا جیسے زیر کو آ [اچار - آچار] زیر کو ی [مہمان - میہمان] اور پیش کو واؤ [ناخن - ناخون] بنانا

اشباہ [اِ شْ با ہ] (ع:ایضاً): مشابہ ہونا

اشتباہ [اِ شْ تِ با ہ] (ع:......تِ......ہ: شبہ میں پڑنا، کسی کے ہم شکل ہونے کا گمان کرنا): شک کرنا

اشتر [اُ شْ تُ ر] (ف:......تُ ر): اونٹ (اس لفظ میں ابتدائی الف زائد ہے

اشترا [اِ شْ تِ را] (ع:......تِ راء): خرید کرنا، اُردو میں ترکیب بیع و اشترا: بمعنی خرید و فروخت میں مستعمل

اشتراک [اِ شْ تِ را ک] (ع:......تِ......ک): شرکت، ساجھا

اشتراکیت [اِ شْ تِ را کِ یَ ت] (ع:سے موزو) : کمیونزم

اشتعال [اِ شْ تِ آ ل] (ع:......تِ عال: شعلے کا بھڑکنا): غصہ میں بھڑک جانا

اشتغال [اِ شْ تِ غا ل] (ع:......تِ......ل): مشغولیت

اشتقاق [اِ شْ تِ قا ق] (ع:......تِ......ق: لکڑی یا اس جیسی کسی چیز کو چیرنا): مادّے سے دوسرا نیا لفظ بنانا

اشتمال [اِ شْ تِ ما ل] (ع:......تِ......ل): شامل ہونا

اشتمالیت [اِ شْ تِ ما لِ یَ ت] (ع:سے موزو): سوشلزم

اشتہا [اِ شْ تِ ہا] (ع:......تِ ہا): بھوک

اشتہار [اِ شْ تِ ہا ر] (ع:......تِ......ر: مشہور ہونا، مشتہر ہونا): اخبارات میں چھپا ہوا اطلاع نامہ Advertisement

اشتیاق [اِ شْ تِ یا ق] (ع:ایضاً) شوق، آرزو

اشجار [اَ شْ جا ر] (ع:ایضاً جمع: واحد شجر): درخت

اشخاص [اَ شْ خا ص] (ع: ایضاً جمع: واحد شخص): لوگ

اشراق [اِ شْ را ق] (ع:ایضاً: مشرق سے طلوع آفتاب کے ساتھ روشنی کا پھیلنا): (۱) کشف ہونا (۲) نماز جو طلوع آفتاب کے بعد پڑھی جائے

اشراقی [اِ شْ را قی] : وہ گروہ حکماء جو اپنے شاگردوں کو دور سے بذریعہ کشف تعلیم دیتے تھے

اشرف [اَ شْ رَ ف] (ع:ایضاً: بہت زیادہ شریف): عمدہ ترین

اشرف المخلوقات : بہترین مخلوق مراد انسان

اشرفی [اَ شْ رَ فی / اَ شَ رْ فی]: ایک طلائی سکہ

اشفاق [اَ شْ فا ق] (ع:ایضاً جمع: واحد شفقت): مہربانیاں، اردو میں اسم خاص بطور واحد

اشقیا [اَ شْ قِ یا] (ع:......یا، جمع واحد شقی): سنگدل لوگ

اشکال (۱) [اَ شْ کا ل] (ع: ایضاً جمع: واحد شکل): شکلیں
(۲) [اِ شْ کا ل] (ع:ایضاً): کسی بات کا مشکل ہونا

اشلک [اَ شْ لَ ک] ...... لگانا: بہتان یا الزام لگانا

اشہب [اَ شْ ہَ ب] (ع:ایضاً): (۱) سیاہ و سفید رنگ کا گھوڑا (۲) عام گھوڑا

اشیا [اَ شْ یا] (ع:......یا، جمع: واحد شئے) چیزیں

اصالت [اَ صا لَ ت] (ع:ایضاً:فعل)...... پر جانا: خاندانی اثر پر جانا

اصحاب [اَ صْ حا ب] (ع:ایضاً جمع: واحد صاحب: جمع صُحُب، جمع الجمع اصحاب) : ان تراکیب میں مستعمل
(۱) اصحاب علم و فضل: اہل علم (۲) اصحاب ذوق: اہل ذوق

اصرار [اِ صْ را ر] (ع:ایضاً)...... کرنا: کسی بات پر زور دینا، ضد کرنا، تاکید کرنا

اصطباغ [اِ صْ طِ با غ] (ع:......طِ......غ: رنگنا) : کسی کو نصرانی بنانے سے پہلے ادا کی جانے والی رسم بپتسمہ Baptism

اصطبل [اَ صْ طَ بَ ل] (ع: اِصْطَبْل): طویلہ

اصطرلاب: دیکھیے اسطرلاب

اصفہان [اِ صْ فَ ہا ن]: ایک شہر کا نام

اصفیا [اَ صْ فِ یا] (ع:......یا، جمع: واحد صفی): برگزیدہ لوگ

اصل [اَ صْ ل / بول چال اَ صَ ل] (ع: اَصْل ج) : بنیاد

اصلا [اَ صْ لا] (ع: متعلق فعل اصلاً سے موزوں): مطلق، بالکل جیسے مجھے اصلا خبر نہ تھی: مجھے ہرگز خبر نہ تھی

اصلح [اَ صْ لَ ح] (ع:ایضاً: سب سے زیادہ صالح): سب سے زیادہ تنومند جیسے بقاء اصلح Survival of the fittest

اصنام [اَ صْ نا م] (ع:ایضاً جمع: واحد صنم): بُت بصیغہ جمع

اصوات [اَ صْ وا ت] (ع:ایضاً جمع: واحد صوت: آواز) : آوازیں

اصول [اُ صُو ل] (ع:ایضاً جمع: واحد اصل: ج): اُردو میں بطور واحد مستعمل: قاعدہ

اصیل [اَ صی ل] (ع:ایضاً: خالص، مضبوط): خالص نسل کا

اضافت [اِ ضا فَ ت] (ع:ایضاً): نسبت دینا مثلاً کسرۂ اضافت : اضافت ظاہر کرنے والی زیر۔ اس ترکیب میں

مُلکِ سلیمان: سلیمان کا مُلک

اضافہ [ا ضا فہ] (ع:.....فہ) : زیادہ کرنا

اضافی: [ا ضا فی] (ع:ایضاً) (۱) وہ چیز جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ اس کا وجود کسی اور چیز کی نسبت سے ہو (۲) اضافہ کی صفت جیسے اضافی آمدنی

اضحیٰ [اَ ضْ حا] (ع:ایضاً: صبح کو کیا ہوا کام: مراد قربانی) : صرف عید الاضحیٰ بمعنی عید قربان میں مستعمل

اضطراب [ا ضْ طِ را ب] (ع:.....طَ.....ب) : بے چینی، گھبراہٹ

اضطرار [ا ضْ طِ را ر] (ع:.....طَ.....ر) : غیر اختیاری فعل، اضطراب کے معنوں میں بھی مستعمل

اضلاع [اَ ضْ لا] (ع:.....لاع جمع: واحد ضِلْع: پسلی) : (۱) صوبے کے چھوٹے حصے (۲) اشکال ہندسی کے خطوط

اضمحلال [ا ضْ مِ حْ لا ل] (ع:.....م حْ.....ل: نیست ہونا) : ضعف، گراوٹ

اطاعت [ا طا اَ ت] (ع:.....عَ ت) : فرمانبرداری

اطاق [اُ طا ق] (ع:ایضاً) : کمرہ

اطالیہ [اَ طا لِ یا] (معرب.....یہ) : ملک اٹلی

اطبا [اَ طِ بّ با] (ع:.....ا جمع: واحد طبیب) : طبیب بصیغہ جمع

اطراف [اَ طْ را ف] (ع:ایضاً جمع: واحد طَرْف / طَرَف) : آس پاس میں

اطریفل [اِ طْ ری فَ ل] (س: تریپھل کا معرب) : ایک سفوف کا نام جو تین پھلوں سے مرکب ہے

اطعمہ [اَ طْ عِ ما] (ع:.....ع مہ جمع: واحد طعام) : کھانے

اطفال [اَ طْ فا ل] (ع:ایضاً جمع: واحد طِفْل) : بچے

اطلاع [اِ طْ طِ لا] (ع: اِ طْ طِ لا ع).....دینا: خبر دینا

اطلاق [اِ طْ لا ق] (ع:ایضاً: مطلق بنانا، بے قید کرنا) : کسی ایک قاعدے کا کسی امر پر منطبق کرنا

اطلاقی [اِ طْ لا قی] : عملی

اطلاقی سائنس : Applied Science

اطلاقی نفسیات : Applied Psychology

اطلس [اَ طْ لَ س] (ع:ایضاً) : ایک قسم کا ریشمی کپڑا

اطمینان [اِ طْ مِی نا ن / اِ طْ مِ نا ن] (ع: اطْمِی نا ن) : سکون، تسلی

اطوار [اَ طْ وا ر] (ع:ایضاً جمع: واحد طور) : چال چلن، رنگ ڈھنگ

اظہار [ا ظْ ہا ر] (ع:ایضاً: ظاہر کرنا).....کرنا: بیان کرنا

اظہار لینا : مقدمہ کے سلسلے میں کسی کا بیان قلمبند کرنا

اظہر [اَ ظْ ہَ ر] (ع:ایضاً بصیغہ تفضیل: نہایت واضح) : نہایت صاف، روشن

اظہر من الشمس [اَ ظْ ہَ ر مِ نَ شْ شَ م س] (ع:ایضاً: سورج سے زیادہ واضح) : واضح اور کھلی ہوئی بات

اعادہ [اِ آ دا] (ع: اِ عا د ہ: پلٹانا، پھیرنا) : دہرانا

اعانت [اِ آ نَ ت] (ع: اعا نَ ت) : مدد کرنا

اعتبار [اے تِ با ر / بول چال اے ت با ر] (ع: اِ عْ تِ با ر: عبرت حاصل کرنا، قیاس پکڑنا) : (۱) بھروسہ (۲) لحاظ، قیاس جیسے اس اعتبار سے اس لحاظ سے اس قیاس پر

اعتباری : غیر حقیقی، قیاسی جیسے دنیائے اعتباری

اعتدال [اے تِ دا ل] (ع: اِ عْ تِ دا ل: مساوی ہونا) : نہ کم نہ زیادہ، برابر برابر

اعتذار [اے تِ ذا ر] (ع: اِ عْ تِ ذا ر) : معذرت خواہی

اعتراض [اے تِ را ض] (ع: اِ عْ تِ را ض: عیب

جوئی)...... کرنا: کسی بات میں نقص بتاکر اختلاف کرنا

اعتقاد [اے تِ قا د] (ع: اِ عْ تِ قا د): عقیدہ

اعتکاف [اے تِ کا ف] (ع: اِ عْ تِ کا ف: گوشہ نشینی) : رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں گوشہ نشین ہو کر عبادت کرنا

اعتماد [اے تِ ما د] (ع: اِ عْ تِ ما د: تکیہ کرنا): بھروسہ

اعتنا [اے تِ نا] (ع: اِ عْ تِ نا: غمخواری کرنا، مہربانی کرنا) : توجہ کرنا

اعجاز [اے جا ز] (ع: اِ عْ جا ز: عاجز کرنا): معجزہ، حیرت انگیز امر جو کسی شخص سے صادر ہو

اعجوبہ [اَ جوْ با] (ع: اُ عْ جوْ بہ) : حیرت انگیز بات، اُردو میں اس کی جگہ عجوبہ (اَ جوْ با) مستعمل

اعدا [آ دا] (ع: اَ عْ دا جمع واحد عدوّ: دشمن): دشمن بصیغۂ جمع شاعری میں بمعنی رقیب مستعمل

اعداد [آ دا د] (ع: اَ عْ دا د جمع: واحد عدد): ہندسے

اعراب (۱) [اے را ب] (ع: اِ عْ را ب: حرکات زیر، زبر، پیش وغیرہ کا لگانا): علامات قرأت لگانا

(۲) [آ را ب] (ع: اَ عْ را ب): بدو لوگ، اس کا واحد مستعمل نہیں

اعرابی [آ را بی] (ع: اَ عْ را بی) عرب کے صحرا نشین لوگ

اعراض (۱) [اے را ض] (ع: اِ عْ را ض)...... کرنا: روگردانی کرنا، منہ پھیرنا

(۲) [آ را ض] (ع: اَ عْ را ض جمع: واحد عَرَض: وہ چیز جو قائم بالذات نہ ہو جیسے رنگ، شکل وغیرہ) : اضافی۔ ضد جوہر

اعراف [آ را ف] (ع: اَ عْ را ف): جنت اور دوزخ کا درمیانی مقام

اعزاز [اے زا ز] (ع: اِ عْ زا ز: قدر شناسی کرنا): عزت کرنا

اعضا [آ ضا] (ع: اَ عْ ضا، جمع: واحد عضو): بدن کے حصے

اعظم [آ ظَ م] (ع: اَ عْ ظَ م بصیغۂ تفضیل: کسی سے بڑا، سب سے بڑا): بڑا

اعلامیہ [اے لا م یا] (ع: اِعْ لام یہ اعلام: خبردار کرنا سے مشتق): اطلاع نامہ، خبر رساں ایجنسی کی اطلاع

اعلان [اے لا ن] (ع: اِ عْ لا ن: آشکار کرنا): سب پر ظاہر کرنا

اعلیٰ [آ لا] (ع: اَ عْ لا بصیغۂ تفضیل (۱) بلند تر (۲) بلند ترین): عمدہ، ضد ادنیٰ، اردو میں بلند تر اور بلند ترین کی جگہ اعلیٰ تر اور اعلیٰ ترین بھی کہتے ہیں

اعلیٰ علیین [آ لا اِ لْ لی ای ن]
(ع:...... عْ...... عِ...... ن): بہشت کا اعلیٰ ترین مقام

اعمال [آ ما ل] (ع: اَ عْ ما ل جمع: واحد عمل: کام): انسان سے سرزد ہونے والے اچھے اور بُرے کام

اعوان [آ وا ن] (ع: اَ عْ وا ن جمع واحد عَوْن: مددگار): مددگار لوگ

اعیان [آ یا ن] (ع: اَ عْ یا ن جمع: واحد عَیْن: (۱) آنکھ (۲) چشمہ): حکما کی اصطلاح میں عین: خیال آئیڈیا Idea

اغذیہ [اَ غْ ذِ یا] (ع:...... یہ جمع: واحد غذا): غذائیں

اغراض [اَ غْ را ض] (ع: ایضاً جمع: واحد غَرَض): مقاصد

اغراق [اِ غْ را ق] (ع: ایضاً: غرق ہونا): مبالغے کی ایک قسم

اغلاط [اَ غْ لا ط] (ع: ایضاً جمع: واحد غلط): غلطیاں۔ اُردو میں غلط صفت کے معنوں میں اور غلطی بطور اسم مستعمل

اغلام (۱) [اَ غْ لام] (ع: ایضاً جمع: واحد غلام: لڑکا): لڑکے

(۲) [اِ غْ لام] (ع: ایضاً): لڑکوں سے بدفعلی کرنا، اس

لفظ کی جگہ اُردو میں اغلام بازی مستعمل

اغماض [اِ غْ ما ض] (ع:ایضاً): چشم پوشی

اغنیا [اَ غْ نِ یا] (ع:.....یاء جمع: واحد غنی:(۱) بے نیاز (۲) دولت مند): دولت مند لوگ

اغوا [اِ غْ وا / بول چال اَ غْ وا] (ع: اِغْ واء: بہکانا) :کسی کو بہلا پھسلا کر یا زبردستی اُٹھالے جانا

اغیار [اَ غْ یا ر] (ع: ایضاً جمع: واحد غیر): بیگانے، اردو شاعری میں رقیب

افادیت [اِ فا دِ ئَ ت] (ع: اِفادہ / اِفادت سے ماخوذ): فائدہ

افادی [اِ فا دی] : فائدہ پہنچانے والا

افاغنہ [اَ فا غِ نا] (ع:.....غ نہ۔ فارسی میں افغان کی قیاسی جمع): پٹھان لوگ

افاقہ [اِ فا قا] (ع:.....قہ: لفظ افاقت کی دوسری صورت) :تکلیف میں کمی

افتاد [اُ فْ تا د] (ف: ایضاً اُفتادن: گرنا کا حاصل مصدر): (۱) مصیبت جیسے اُفتاد پڑنا (۲) فطری رجحان جیسے اُفتادِ طبع

افتاں وخیزاں [اُ فْ تا ں و خے زا ں] (فارسی کے مصادر اُفتادن (گرنا) کے امر اُفت اور خاستن (اُٹھنا) کے امر خیز سے بنا حالیہ): گرتے پڑتے

افتتاح [اِ فْ تِ تا ح] (ع: اِ فْ تِ تا ح: کھلنا، شروع ہونا): کسی جلسے کی ابتدائی تقریب کی رسم

افتخار [اِ فْ تِ خا ر] (ع: اِ فْ تِ خا ر)..... کرنا: فخر کرنا

افترا [اِ فْ تِ را] (ع:.....تِ.....ا): بہتان، تہمت

افتراق [اِ فْ تِ را ق] (ع:.....تِ.....ق): جدائی، پھوٹ

افراتفری [اَ فْ را تَ فْ ری] (ع: اِفراط (زیادتی اور تفریط: کمی) کا مورّد): گڑبڑی، کھلبلی

افراد [اَ فْ را د] (ع: ایضاً جمع: واحد فرد: ایک شخص): لوگ

افراسیاب [اَ فْ را سِ یا ب] (ف: ایضاً): توران کے ایک بادشاہ کا نام

افزائش [اَ فْ زا اِ ش] (ف: ایضاً افزودن (بڑھنا) کے امر افزا سے بنا حاصل مصدر): اضافہ، بڑھوتری

افسردہ [اَ فْ سُ رْ دا] (ف: ایضاً: افسردن (مرجھانا) سے بنا حاصل مصدر: مرجھایا ہوا): اُداس، غمگین

افشا [اِ فْ شا / اَ فْ شا] (ع: اِ فْ شا ء)..... کرنا / ہونا: فاش کرنا یا ہونا۔ اخفا کی ضد

افشاں [اَ فْ شا ں] (ف: افشاندن (بکھیرنا، چھڑکنا) کا امر: (۱) اردو میں ان تراکیب میں مستعمل گل افشاں، دُر افشاں وغیرہ (۲) مورّد معنی ابرق کا چمکدار برادہ یا چمکدار چیز کی کترن جسے ہندوستانی عورتیں بطور آرائش مانگ میں بھرتی ہیں یا جو حاضرینِ محفل پر اُڑائی جاتی ہے

افشردہ [اَ فْ شُ رْ دا] (ف:.....دہ۔ اَفْشُردن (نچوڑنا) کے ماضی سے بنا اسم مفعول): (۱) کسی چیز سے نچوڑا ہوا عرق (۲) لیمو کا شربت

افشردۂ انگور : شراب

افشرہ [اَ فْ شُ را] :فارسی افشردہ کا مورّد: مخرّش شربت

افضال [اَ فْ ضا ل] (ع: ایضاً جمع: واحد فضل): مہربانیاں

افطاری [اِ فْ طا ری] (ع: اِ ف طا ر کا مورّد): روزہ کھولنے کا سامان

افعال [اَ فْ عا ل] (ع:.....عال جمع: واحد فعل): کام

افعی [اَ فْ عی] (ع:.....عیٰ): (۱) ایک قسم کا زہریلا سانپ

جس کے متعلق مشہور ہے کہ زمرد کو دیکھتے ہی وہ اندھا ہو جاتا ہے۔ (۲) سانپ

افعی گزیدہ [اَ فْ اِئی گَ زی دا]
(ع.ف:...... ئی...... دہ) : سانپ کا کاٹا ہوا

افغاں [اَ فْ غا ں] (ع:ایضاً): (۱) فغاں (نالہ) (۲) پٹھان

افق [اُ فُ ق / اُ فْ ق](ع:اُ فُ ق): آسمان کا کنارہ جو زمین سے ملا ہوا نظر آتا ہے

افکار [اَ فْ کا ر] (ع:ایضاً جمع: واحد فکر: سوچ):(۱) فکریں (۲) شاعرانہ یا فلسفیانہ خیالات

افگار [اَ فْ گا ر] (ف: زخم، زخمی مخفف فگار): زخمی

افلاس [اِ فْ لا س] (ع:ایضاً: احتیاج): مفلسی

افلاک [اَ فْ لا ک] (ع:ایضاً جمع: واحد فلک): آسمان بصیغۂ جمع

افواج [اَ فْ وا ج] (ع:ایضاً جمع: واحد فوج: آدمیوں کا جھنڈ) : فوجیں

افواہ [اَ فْ وا ہ] (ع:ایضاً جمع: واحد فوہ: منہ): بطور واحد مستعمل: بے بنیاد خبر اردو جمع افواہیں

افہام [اِ فْ ہا م] (ع:ایضاً): سمجھانا ترکیب افہام و تفہیم میں مستعمل

اقارب [اَ قا رِ ب] (ع:ایضاً جمع: واحد اقرب: سب سے زیادہ قریب مراد رشتہ دار): قریبی رشتہ دار، اعزہ

اقالیم [اَ قا لی م] (ع:ایضاً جمع: واحد اقلیم: زمین کا وسیع خطہ): زمین کے وسیع خطے، زمین کا ساتواں حصہ

اقامت [اِ قا مَ ت] (ع:ایضاً کھڑے ہونے کی حالت) : (۱) قیام (۲)...... پڑھنا: نماز باجماعت کی پہلی تکبیر پڑھنا

اقبال [اِ قْ با ل] (ع:ایضاً: سامنے آنا، قبول کرنا): (۱) قبول کرنا جیسے اقبال جرم (۲) دولتمندی (۳) خوش نصیبی: ادبار کی ضد

اقتباس [اِ قْ تِ با س] (ع:...... تِ...... س: روشنی مستعار لینا): کسی اور کی عبارت جو نقل کی جائے

اقتدا [اِ قْ تِ دا] (ع: اِ قْ تِ دا ء): پیروی

اقتدار [اِ قْ تِ دا ر] (ع:...... تِ...... ر): قوت، دبدبہ

اقتصاد [اِ قْ تِ صا د](ع:...... تِ...... د: میانہ روی): اعتدال پسندی

اقتصادی: [اِ قْ تِ صا دی](ع:...... تِ...... یْ) : مالی، معاشی

اقتصادیات[اِ قْ تِ صا دِ یا ت]
(ع:...... تِ...... یات) : معاشیات

اقتضا[اِ قْ تِ ضا] (ع:...... تِ ضا: خواہش کرنا): تقاضا (اردو املا تقاضہ)

اقدار [اَ قْ دا ر] (ع:ایضاً جمع: واحد قدر: قیمت): قدریں

اقدام (۱)[اَ قْ دا م](ع:ایضاً جمع: واحد قدم): قدم بصیغۂ جمع
(۲) [اِ قْ دا م] (ع:ایضاً)...... کرنا: قدم اُٹھانا

اقساط [اَ قْ سا ط] (ع:ایضاً جمع: واحد قسط): قسطیں

اقسام [اَ قْ سا م] (ع:ایضاً جمع: واحد قسم): قسمیں

اقلیت [اَ قَ لِ لِ یَّ ت / بول چال اَ قْ لِیَّت]
(ع:اَ قَ لِ لِ یَّ ت - اَقَلّ سے مشتق): وہ گروہ جو تعداد میں نسبتہً کم ہو

اقلیدس[اُ قْ لی دِ س] (معرب)علم ہندسہ کا موجد Eculid

اقلیم [اِ قْ لی م] (ع:ایضاً): قدیم جغرافیہ دانوں کی اصطلاح

میں زمین کا ساتواں حصہ، کرۂ زمین کو ہفت اقلیم کہا جاتا تھا

اقوال [اَ قْ وا ل] (ع: ایضاً جمع: واحد قول): مقولے

اقوام [اَ قْ وا م] (ع: ایضاً جمع: واحد قوم): قومیں

اکتساب [اِ کْ تِ سا ب] (ع: اکتساب: کام اختیار کرنا): کوشش سے حاصل کرنا

اکتفا [اِ کْ تِ فا] (ع: ا ک ت فا): کافی سمجھنا

اکرام [اِ کْ را م] (ع: ایضاً: کسی کو بزرگ قرار دینا): تعظیم، ترکیب انعام واکرام میں مستعمل

اکراہ [اِ کْ را ہ] (ع: ایضاً: کسی سے زبردستی کوئی کام کرانا): کراہت، بجبر واکراہ: مجبوراً

اُکسانا (ہ: روشنی بڑھانے کے لیے چراغ کا فلیتہ اوپر کرنا): ورغلانا

اکسیر [اَ کْ سی ر] (ع: ا ک س ی ر): زود اثر دوا

اکل کھرا [اَ کَ لْ کھَ را / اَ کْ لْ کھَ را]: بد مزاج، بے مروت

اکل و شرب [اَ کْ لو شْ رْب] (ع: ایضاً اکل (کھانا) شرب (پینا): کھانا پینا

اکلوتا [اِ کْ لَو تا]: اکیلی اولاد

اکلیل [اِ کْ لی ل] (ع: ایضاً): تاج

اکناف [اَ کْ نا ف] (ع: ایضاً جمع: واحد کنف): اطراف ~ اُردو میں صرف اطراف کے ساتھ مستعمل اطراف واکناف

اکھاڑ پچھاڑ [اُ کھا ڑ پَ چھا ڑ] ..... کرنا: درہم برہم کرنا

اکھرنا [اَ کھَ رْ نا]: ناگوار گزرنا، بار خاطر ہونا

اکید [اَ کی د] (ع: ایضاً): سخت، مضبوط۔ صرف اس ترکیب میں مستعمل تاکید اکید: سخت تاکید

اگاہنا [اُ گا ہ نا] (ہ: ایضاً): کرایہ یا چندہ وصول کرنا

اگرئی [اَ گَ رَ ای] (ہ۔ف): "اگر" (ایک خوشبودار چیز جو جلنے پر خوشبو دیتی ہے) اس پر یائے نسبتی کا اضافہ کرکے موزوں بنالیا: گہرا کشمشی رنگ کا

اگوا [اَ گْ وا] (ہ: اَ گْ وا): سردار

اگھوری [اَ گھو ری]: لالچی، پیٹو

الال [اَ لا ل]: گاڑی کا عیب جس کے باعث اگلا حصہ پچھلے کے مقابلے میں زیادہ اُٹھ جاتا ہے جیسے تانگہ کا الال ہے

الاماں [اَ لْ اَ ما ں] (ع: ایضاً): پناہ یہ لفظ انتہائی اضطراب کے عالم میں بولتے ہیں

الٰہا [اِ لا ہا] (ع: الٰہ + الف ندائیہ): اے خدا

الٰہی [اِ لا ہی] (ع: الٰہ + ضمیر متصل متکلم واحد (ی): میرا / میری): میرے خدا

البرز [اَ لْ بُ رْ زْ]: ایک پہاڑ کا نام

البیلا [اَ لْ بے لا]: مستانہ چلبلا

الپ ارسلان [اَ لَپْ اَ رْ سَلا ن]: ایک بادشاہ کا نام

التباس [اِ لْ تِ با س] (ع: ..... ت ..... س: شبہ ہونا، شک ہونا): دھوکا

التجا [اِ لْ تِ جا] (ع: ..... تِ جا: پناہ مانگنا): درخواست کرنا

التزام [اِ لْ تِ زا م] (ع: ..... تِ ..... م): کسی بات کو خود پر لازم کرلینا، اہتمام کرنا

التفات [اِ لْ تِ فا ت] (ع: ..... تِ ..... ت): مہربانی، اُلفت

التماس [اِ لْ تِ ما س] (ع: ..... تِ ..... س): گذارش، درخواست

التمش [اَ لْ تَ مَ شْ] (ت: اَ لْ تَ م ش: فوجی افسر): خاندانِ غلاماں کے ایک بادشاہ کا نام

F No. 2

التوا [اِ لْ تِ وا] (ع:.....تِ وا :لپیٹنا): موخر کردینا، ملتوی کرنا جیسے تحریک التوا

الجھیڑا [اَ لْ جھے ڑا] : جھگڑا، بکھیڑا

الحاح [اِ لْ حا ح] (ع:..... حا ح): گڑگڑانا جیسے الحاح وزاری

الحاد [اِ لْ حا د] (ع:ایضاً: سیدھے راستے سے منحرف ہو جانا) :خدا کے وجود کو تسلیم نہ کرنا، ملحد ہونا

الحاق [اِ لْ حا ق] (ع:ایضاً: شامل کرنا، ملانا): کسی چھوٹے ادارے کا بڑے ادارے سے متصل ہو جانا

الحان (۱)[اِ لْ حا ن] (ع:ایضاً): سریلی آواز میں گانا، خوش الحانی جیسے مرغ خوش الحان

(۲)[اَ لْ حا ن] (ع:ایضاً جمع :واحد لحن: آواز، لہجہ) : بول، آوازیں

الحذر [اَ لْ حَ ذَ ر] (ع:ایضاً): الامان، کلمۂ پناہ طلبی

الخ [اَ لْ خْ] (ع:الیٰ آخرہٖ (آخر تک) کا مخفف): جب کسی مشہور عبارت یا شعر کو ادھورا نقل کرتے ہیں تو ابتدائی چند الفاظ لکھ کر "الخ" لکھ دیتے ہیں جس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ پوری عبارت یا شعر ذہن میں مکمل کر لی جائے۔

الست [اَ لَ سْت] (ع: قرآنی آیت اَلَسْتُ بِرَبِّکُم (کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟) کا ابتدائی لفظ): مراد ازل میں ارواح انسانی سے لیا ہوا پیمان

السنہ [اَ لْ سِ نا] (ع:..... سِ نہ جمع :واحد لسان :زبان): زبانیں جیسے خاندانِ السنہ :زبانوں کا خاندان

الش [اُ لْ ش](ت): سلاطین و امرا یا بزرگوں کا جوٹھا کھانا جو بطور تبرک کھایا جائے

الطاف [اَ لْ طا ف](ع:ایضاً جمع :واحد لُطف :کرم): مہربانیاں

الغاروں [اَ لْ غا ر و ں] (ت:الغار بمعنی یلغار :یورش، زبردست حملہ) موبد: کثرت سے جیسے الغاروں مینہ برس رہا ہے: دھواں دھار بارش ہو رہی ہے

الغرض [اَ لْ غَ رَ ض](ع:ایضاً): خلاصہ یہ کہ، المختصر

الغوزہ [اَ لْ غو زا] (ف:.....زہ): ایک قسم کا منہ سے بجایا جانے والا باجا

الف (۱) [اَ لْ ف](ع:ایضاً: ہزار): ہزار

(۲) [اَ لِ ف] (ع:ایضاً): حروف تہجی کا پہلا حرف

(۳) [اَ لِ ف] (اُر)..... ہونا (گھوڑے کا پچھلے پیروں پر کھڑا ہو جانا): اڑ جانا، اکڑ جانا، چراغ پا ہو جانا

الف لیلہ [اَ لْف لَ یْ لا / اَ لِ ف لَ یے لا] (ع: اَ لْ ف لَ یْ لہ :ہزار راتیں): ایک مشہور داستان کا نام

الفاظ [اَ لْ فا ظ] (ع:ایضاً جمع :واحد لفظ): لفظ بصیغۂ جمع

الفت [اُ لْ فَ ت] (ع:ایضاً): محبت

القا [اِ لْ قا](ع:ایضاً: ڈال دینا): وہ بات جو دل میں آجائے

القاب [اَ لْ قا ب](ع:ایضاً جمع :واحد لقب): معنی معروف

القط [اَ لْ قَ ط] (ع: قطع (کاٹنا) قطع کی ترخیم: قط)..... کرنا: قطع تعلق کرنا کھیل میں جب کسی کھلاڑی کو روکنا ہو تو القط بمعنی (رُک جاؤ) کہتے ہیں

الگنی [اَ لْ گ نی]: دھلے کپڑے سکھانے کے لیے رسّی یا بانس

الل ٹپ [اَ لْ لْ ٹ پ] : بے تکی بات، بے پر کی اڑانا

اللے تللے [اَ لْ لے تَ لْ لے] ..... اڑانا: جی کھول کر فضول خرچی کرنا

الماس [اَ لْ ما س] (ف:ایضاً) : ہیرا

الم نشرح [اَ لَ م نَ شْ رَ ح] (قرآنی سورۂ انشراح کے ابتدائی الفاظ اَلَمْ نَشْرَح (کیا ہم نے کشادہ نہیں کیا) سے

موزّد) ... ہونا/کرنا:مشہور ہونا/کرنا بطور صفت: ظاہر، واضح

الم غلم [اَ لْ لَ م غَ لْ لَ م] ...... کھانا:

(۱) بے تکی چیزیں کھانا (۲) ...... بکنا :بکواس کرنا

الموت [اَ لْ موْ ت] : قزوین اور گیلان کے درمیان ایک قلعے کا نام جہاں حسن بن صباح نے ارضی جنت بنائی تھی اس کا نام اَ لْ ت مؤنت بھی ہے

المیہ [اَ لْ مِ یا](ع: اَ لْ م یَہ): ٹریجڈی

الواح [اَ لْ وا ح] (ع:ایضاً جمع: واحد لَوح: تختی): تختیاں

الوان[اَ لْ وا ن] (ع:ایضاً جمع: واحد لَون: رنگ): رنگ

الوان نعمت [اَ لْ وا نِ نِ اْ مَت] :رنگ برنگی مراد طرح طرح کے کھانے

الوند [اَ لْ وَ نْد] (ف:ایضاً):ایک پہاڑ کا نام

الوہی [اُ لوْ ہی] (ع:ایضاً):اللہ سے منسوب، جس کا تعلق اللہ سے ہو

الوہیت [اُ لوْ ہِ یَ ت] :خدائی صفت

الہنا [اُ لْ ہِیہْ نا] : شکایت اسے لہنا بھی کہتے ہیں

الیچنا [اُ لے چْ نا] : ظرف سے پانی نکال نکال کر پھینکنا

ام الصبیان [اُ مْ مُ صْ صِ بْ یا ن] (ع:ایضاً: بچوں کی ماں) : بچوں کی ایک بیماری

ام الولد [اُ مْ مُ لْ وَ لد] (ع:ایضاً):وہ کنیز جسے اپنے آقا سے اولاد ہو اور وہ آزاد کر دی جائے

امارت [اِ ما رَ ت](ع:ایضاً:امیروں بمعنی صاحبان اقتدار کی حکومت) موزّد: دولت مندی، امیری

امانی [اَ ما نی] : وہ کام جسے ٹھیکے پر نہ دیا جائے بلکہ سرکاری نگرانی میں ہو۔ اجارے (ٹھیکے) کی ضد

امبراطور [اِ مْ ب را طوْ ر] (انگ:Emperor کا معرّب): شہنشاہ

امتثال [اِ مْ تِ ثا ل] (ع:...ت...ل): حکم ماننا

امتداد [اِ مْ تِ دا د] (ع:...ت...د: پھیلاؤ):وقت کا گذرنا جیسے امتداد زمانہ کے بعد: وقت کے گذرنے کے بعد

امتزاج [اِ مْ تِ زا ج] (ع:...ت...ج): آمیزش

امتلا [اِ مْ تِ لا] (ع:ایضاً: پُر ہونا): بدہضمی

امتناع [اِ مْ تِ نآ] (ع:...ت...ع): ممانعت

امتیاز [اِ مْ تِ یا ز](ع:ایضاً): فرق

امثال [اَ مْ ثا ل] (ع:ایضاً جمع: واحد مَثَل: کہاوت): کہاوتیں (مانند)

امثلہ [اَ مْ ثِ لا](ع:ایضاً جمع: واحد مِ ث ل: مانند): مثالیں

امٹ [اَ مِ ٹ] :نہ مٹنے والا / والی

امچور [اَ مْ چوْ ر]: آم کی سوکھی ہوئی پھانک

امر [اَ مْ ر] (ع:ایضاً): حکم، بات جیسے صاحب امر: حکمراں

امرا [اُ مْ را](ع: اُ م را، جمع: واحد امیر): مالدار لوگ

امراض [اَ مْ را ض] (ع:ایضاً جمع: واحد مَرَض): بیماریاں

امراؤ [اُ مْ را + و](موزّد): اُمرا

امرائی (۱) [اَ مْ را ای] : آم کا باغ

(۲) [اُ م را ای] (موزّد):امیروں کی حکومت

امرد [اَ مْ رَ د] (ع:ایضاً: صاف اور خالی مراد نوجوان لڑکا جس کا چہرہ ڈاڑھی نہ آنے کی وجہ سے صاف ہو): وہ نوعمر جس کی ابھی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو

امرد پرستی : نوجوان لڑکوں کے ساتھ بد فعلی، لواطت

امراءالقیس [اِ مْ رَ اُ لْ قَ یْے س] (ع:ایضاً): عہد جاہلیت کا ایک مشہور شاعر

امس [اُ مَ س] : ہوا کے بند ہو جانے کی وجہ سے ہونے والی

امساک [اِ م سا ک] (ع:ایضاً: روکنا، بند کرنا، بخیلی): مادۂ منویہ کا دیر سے خارج ہونا

امساکِ باراں : بارش کا رک جانا

امصار [اَ م صا ر] (ع:ایضاً جمع: واحد مصر :شہر): شہر بصیغۂ جمع

امضا [اِ م ضا] (ع:.....ا): دستخط

امعا [اَ م آ] (ع:.....عاء جمع: واحد معا: آنت): آنتیں

امعان [اِ م آ ن] (ع:.....عان: گہری نظر ڈالنا، غور کرنا)
:اس ترکیب میں مستعمل بہ نظر امعان: گہری نظر سے

املاک (۱) [اَ م لا ک] (ع:ایضاً جمع: واحد مِلک (جائیداد): جائیداد کے معنوں میں اردو میں غیر مستعمل

(۲) [اِ م لا ک]: (ع:ایضاً: مالک بنانا): مورد یعنی: جائیداد

امل [اَ مَ ل] (ع:ایضاً: اُمید): صرف اس ترکیب میں مستعمل طولِ اَمل (بے فائدہ اُمید کو طول دینا)

امم [اُ مَ م] (ع:ایضاً جمع: واحد اُمت: قوم): قومیں، اُمتیں

امن [اَ م ن / بول چال اَ مَ ن](ع:اَ م ن): آرام، چین اردو میں امن چین مستعمل

امنڈنا/اُمڈنا [اُ مَ نڈ نا / اُ مَ ڈ نا]: جوش میں آنا، ابل پڑنا جیسے بادل اُمنڈ/اُمڈ آئے

اموات [اَ م وا ت] (ع:ایضاً جمع: واحد موت): موتیں

امواج [اَ م وا ج] (ع:ایضاً جمع: واحد موج): موجیں

اموال [اَ م وا ل] (ع:ایضاً جمع: واحد مال): مال بصیغۂ جمع

امور [اُ مو ر] (ع:ایضاً جمع: واحد امر): باتیں، احکام

امومت [اُ مو مَ ت] (ع:ایضاً اُمّ (ماں) سے مشتق): ماں پن، ممتا

اموی [اُ م وی](ع:اُ مَ وی): نسبت بہ خاندان بنو اُمیہ

امہات [اُ م مَ ہا ت] (ع:ایضاً جمع: واحد اُمّ (ماں)): مائیں، اس ترکیب میں مستعمل اُمہات المومنینؓ

امی (۱) [اَ م می]: ماں

(۲) [اُ م می] (ع:ایضاً): (۱) جو پڑھ لکھ نہ سکے (۲) وہ عرب جو اہل کتاب نہ تھے

امی جمی [اَ می جَ می] : جو درہم برہم نہ ہو، فقرہ وہاں امی جمی ہے (اطمینان و سکون کا دور ہے)

اینٹھنا [اَ ے ٹھ نا] : بل دینا جیسے کان اینٹھنا

امید [اُ م می د / اُ می د] (ف:ایضاً): آس

امیر [اَ می ر] (ع:ایضاً: حاکم جیسے امیر المومنین): مالدار

امین [اَ می ن] (ع:ایضاً): امانت دار

انا (۱) [اَ نا] (ع: ضمیر متکلم واحد: میں' نوٹ: عربی مرکبات میں انا کا تلفظ اَنَ بن جاتا ہے جیسے انا الحق (میں خدا ہوں): میں پن، خود پرستی

(۲) [اَ نا] (ت): دایہ

اناث [اِ نا ث] (ع:ایضاً جمع: واحد اُنثیٰ: عورت): عورتیں

انام [اَ نا م] (ع:ایضاً): عوام

انانیت [اَ نا نِ یَ ت] (ع:اَ نا نِ یَّ ت: میں پن): پندار، غرور

انبساط [اِ م بِ سا ط] (ع:ایضاً: کھلنا، پھیلنا): خوشی

انبوہ [اَ م بو ہ] (ف:.....بوُ ہ): ہجوم، بھیڑ

انبیا [اَ م ب یا] (ع:.....یا، جمع: واحد نبی): پیغمبر بصیغۂ جمع

انتباہ [اِ نْ تِ با ہ] (ع: ا ن ت با ہ : آگاہ کرنا): وارننگ

انتخاب [اِ نْ تِ خا ب] (ع:.....تِ.....ب): پسند

کرنا، چننا، کثرت رائے سے چننا

انتداب [ا نْ تِ دا ب] (ع:۔۔۔۔ت۔۔۔۔ب: کام کے لیے بلانا) : کسی کمزور ریاست کی نگرانی کے لیے کسی دوسری طاقتور ریاست کو بلانا

انترا [اَ نْ تَ را](ہ: موسیقی کی اصطلاح): گیت کا ایک فقرہ

انتڑی [اَ ں تْ ڑی] : آنت

انتزاع [ا نْ تِ زا] (ع:۔۔۔ت زاع): خاتمہ (بالخصوص حکومت یا سلطنت کا)

انتساب [ا نْ تِ سا ب] (ع:۔۔۔ت۔۔۔ب): نسبت ہونا، (کسی کے نام) منسوب کرنا

انتشار [ا نْ تِ شا ر] (ع:۔۔۔ت۔۔۔ر: پھیلنا، اشاعت پذیر ہونا): پراگندگی، گڑبڑ

انتظار [ا نْ تِ ظا ر] (ع:۔۔۔ت۔۔۔ر): راہ دیکھنا

انتظام [ا نْ تِ ظا م](ع:۔۔۔ت۔۔۔م): بندوبست

انتظامیہ [ا نْ تِ ظا مِ یا]: وہ ادارہ جس کے ذمہ قوانین کا نفاذ ہو

انتقال [ا نْ تِ قا ل] (ع:۔۔۔ت۔۔۔ل: ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹنا) ۔۔۔ ہونا: وفات پانا

انتقام [ا نْ تِ قا م] (ع:۔۔۔ت۔۔۔م): بدلہ

انتہا [ا نْ تِ ہا] (ع:۔۔۔تہا) : انجام

انٹا [اَ نْ ٹا] : کھیلنے یا کھانے کی بڑی گولی

انٹاغفیل [اَ نْ ٹا غَ فی ل] ۔۔۔ ہونا: نشے میں چور (ہونا)

انٹی [اَ نْ ٹی] : سوت یا ریشم کی پچھی

انجاح [ا نْ جا ح](ع:ایضاً): مطلب وغیرہ کا پورا ہونا ترکیب ہٰذا میں مستعمل انجاحِ مقصد

انجام [اَ نْ جا م] (ع:ایضاً): نتیجہ، خاتمہ

انجر پنجر [اَ نْ جَ ر پَ نْ جَ ر] (ا‌ر: پنجر: ڈھانچا، انجر اس کا تابع مہمل) ۔۔۔ ڈھیلے ہونا: بدن کے جوڑ جوڑ کا دکھنا

انجم [اَ نْ جُ م] (ع:ایضاً جمع: واحد نجم (ستارہ): ستارے، اسم خاص، تخلص کے طور پر واحد مستعمل

انجمن [اَ نْ جُ مَ ن] (ف:ایضاً): مجلس، محفل

انجن (۱) [اَ نْ جَ ن] (ہ:ایضاً): کاجل

(۲)[اِ نْ جَ ن] (انگ): مشین چلانے کا آلہ

انجیل [اِ نْ جی ل] (معرّب): ایک آسمانی صحیفہ کا نام

انچھر [اَ نْ چھ ر] (س: اَکْشَر: حرف): بول

انحراف [ا نْ حِ را ف] (ع:۔۔۔ح۔۔۔ف): پھر جانا، رُخ بدل دینا): اختلاف

انحصار [ا نْ حِ صا ر] (ع:۔۔۔ح۔۔۔ر: گھر جانا): منحصر ہونا

انحطاط [ا نْ حِ طا ط] (ع:۔۔۔ح۔۔۔ط: گھٹنا): زوال پذیر ہونا

اندام [اَ نْ دا م] (ف:ایضاً): بدن

اندراج [ا نْ دِ را ج](ع:۔۔۔د۔۔۔ج): درج کرنا، لکھ لینا

اندر (۱) [اَ نْ دَ ر](ف:ایضاً): باہر کی ضد

(۲)[اِ نْ دَ ر] (س: اِنْدر: ہندوؤں کے ایک بہت بڑے دیوتا کا نام): راجہ اندر

اندلس [اَ نْ دَ لُ س] (معرّب): اسپین کا قدیم نام

اندمال [ا نْ دِ ما ل] (ع: ا ن د م ا ل): زخم کا بھرنا

اندوختہ [اَ نْ دو خْ تا] (ف:۔۔۔تہ اندوختن: ذخیرہ کرنا سے بنا اسم مفعول): جمع کیا ہوا مال

اندود [اَ نْ دُو د] (ف:ایضاً اَ نْ دُ وْ دَ ن (ملمع چڑھانا کا

امر) : ملمع چڑھا ہوا دیکھیے زر اندود

اندوہ [اَ نْ د وْ ہ] (ف: اَ نْ دُ ہ) : رنج و غم

اندھیر [اَ نْ دھ یے ر] (ہ: اَندھیرا سے) : ظلم، زیادتی

اندھیرے اجالے : کسی وقت، وقت بے وقت

اندھیری [اَ نْد ھے ری] : گھوڑے یا بیل کی آنکھوں کے کنارے لگائی ہوئی چمڑے کی پٹی تاکہ وہ دوڑتے ہوئے ادھر اُدھر نہ دیکھ سکے

اندیشہ [اَ نْ دے شا] (ف: ....شہ، اَندیشیدن (سوچنا) کا حاصل مصدر: خیال) : خوف، کھٹکا

اَنس (۱) [اَ نْ س] (س: اَنْش (حصہ) کا موزّد) : طاقت

(۲) [اَ نَ س] (ع: ایضاً) : ایک صحابی کا نام

(۳) [اِ نْ س] (ع: ایضاً جمع: واحد انسان) : جنّ و انس میں مستعمل

(۴) [اُ نْ س] (ع: ایضاً) : لگاؤ، محبت

انسب [اَ نْ سَ ب] (ع: صیغۂ تفضیل) : بہت مناسب، مناسب ترین

انسداد [اِ نْ سِ دا د] (ع: ....س.... د: بند کرنا، روک لگانا) : ختم کرنا

انشا [اِ نْ شا] (ع: ایضاً) : عبارت تحریر کرنا، دل سے کوئی نئی بات پیدا کرنا۔ انشا پرداز : عمدہ مضمون لکھنے والا

انشاءاللہ [اِ نْ شا اَ ل لا ہ] (ع: اِن شاءَ اللہ: اِن (اگر) شاءَ (چاہا) اللہ (اللہ نے) : اگر اللہ نے چاہا، اہل اردو غیر یقینی صورت حال میں ٹالنے کے لیے اس فقرے کا استعمال کرتے ہیں اور انشااللہ لکھتے ہیں جبکہ عربی املا اِنْ شاءَ اللہ ہے

انشراح [اِ نْ شِ را ح] (ع: اِن شِ راح: کھلنا) : کشادگی، انبساط

انصار [اَ نْ صا ر] (ع: ایضاً جمع: واحد ناصر: مدد گار) : وہ اہل مدینہ جنھوں نے ہجرت کے بعد آنحضرت کا ساتھ دیا

انصرام [اِ نْ صِ را م] (ع: اِ نْ صِ را م : پورا کرنا) : انتظام، بندوبست

انضباط [اِ نْ ضِ با ط] (ع: اِن ضِ باط: ضبط پیدا کرنا) : مضبوطی، تنظیم

انضمام [اِ نْ ضِ ما م] (ع: اِ نْ ضِ ما م) : ضم ہونا، پیوست ہونا

انطباق [اِ نْ طِ با ق] (ع: .... ط .... ق) : منطبق ہونا، باہم ملنا

انعدام [اِ نْ عِ دا م] (ع: .... ع .... م: معدوم) : نیست و نابود ہونا

انعقاد [اِ نْ عِ قا د] (ع: .... ع .... د) : منعقد ہونا، وقوع پذیر ہونا

انعکاس [اِ نْ عِ کا س] (ع: .... ع .... س: عکس کا جھلکنا) : عکس پذیر ہونا، روشنی کا ٹکرا کر لوٹ آنا

انفاس [اَ نْ فا س] (ع: ایضاً جمع: واحد نَفَس: سانس) : سانسیں

انفراد [اِ نْ فِ را د] (ع: .... ف .... د) : الگ تھلگ ہونا

انفرادیت : امتیازی وصف

انفرادی [اِ نْ فِ را دی] : اجتماعی کی ضد، فرد سے متعلق

انفس [اَ نْ فُ س] (ع: ایضاً جمع: واحد نَفْس: روح / ذات) : ذی روح مخلوقات

انفصال [اِ نْ فِ صا ل] (ع: .... ف .... ل) : (۱) فیصلہ (۲) جدائی

انفعال [اِ نْ فِ آ ل](ع:..... ف عال: اثر قبول کرنا): شرمندگی

انقباض [اِ نْ قِ با ض] (ع:..... ق..... ض: سکڑنا): طبیعت میں گھٹن یا افسردگی کا ہونا

انقسام [اِ نْ قِ سا م] (ع:..... ق..... م: منقسم ہونا): تقسیم

انقرہ [اَ نْ قَ را](معرّب): ترکی شہر انگورہ

انقطاع [اِ نْ قِ طاَ](ع: ان ق طاع: قطع ہونا): بائیکاٹ

انقلاب [اِ نْ قِ لا ب] (ع:..... ق..... ب: اُلٹ پلٹ) : زبردست تبدیلی

انقیاد [اِ نْ قِ يا د] (ع: ایضاً): اطاعت، فرمانبرداری

انکسار [اِ نْ کِ سا ر](ع:..... ک..... ر: ٹوٹ پھوٹ): عاجزی، خاکساری

انکساری (موزوں) : عاجزی

انکشاف [اِ نْ کِ شا ف] (ع:..... ک..... ف: کھولنا، ظاہر ہونا): کسی نامعلوم یا چھپی بات کا ظاہر ہونا

انکھڑی [اَ ں کھْ کھ ڑی]: آنکھ اس کی جمع انکھڑیاں مستعمل

انکھوا [اَ ں کھْ وا] : بیج میں قوت نمو سے پیدا ہونے والا سفید ریشہ جو سوئی کی طرح باریک ہوتا ہے، بیج کی آنکھ

انگارا [اَ نْگ گا را] (ف:..... رہ): دہکتا ہوا کوئلہ

انگارہ [اَ نْگ گا را](ف:..... رہ): خاکہ

انگبیں [اَ نْگ بی ں] (ف: ایضاً): شہد

انگرکھا [اَ نْگ رْ کھا/اَ نْگ گ رْ کھا](س: اَ نْگ رَ کْ شَ کَ : بدن کا محافظ): ایک قسم کی مردانہ پوشاک

انگشت [اَ نْگ گُ شْ ت] (ف: ایضاً): اُنگلی

انگشتانہ [اَ نْگ شْ تا نا](ف:..... نہ): وہ لوہے کا ٹوپ جو سوئی کے زخم سے اُنگلی کو بچانے کے لیے درزی انگلی میں پہنتے ہیں

انگشتری [اَ نْگ گُ شْ تَ ری]

(ف: اَ نْگ گُ شْ تَ رْ / ری) : انگوٹھی

انگل [اُ نْگ گ ل](ار: اُنگلی سے ماخوذ): اُنگلی کو ناپ کے طور پر استعمال کرنے کا پیمانہ

انگلستان [اِ نْگ لِ سْ تا ن] (ف: اِ نْگ گ لِ سْ تا ن] : انگلینڈ

انگلیٹ [اَ نْگ لے ٹ] : بدن کی بناوٹ

ان گنا [اَ نْ گ نا] مہینہ : بغیر گنا ہوا مہینہ، حمل کا آٹھواں مہینہ

ان گنت [اَ نْ گِ نَ ت] : بے شمار

انگوٹھا [اَ نْگو ٹھا] (ہ:..... ؤ ٹھا): ہتھیلی کی سب سے موٹی اُنگلی

انگوٹھی [اَ نْگو ٹھی](ہ:..... ؤ ٹھی): انگلی میں پہننے کا زیور

انگوچھا [اَ نْگو چھا] : تولیہ

انگیا [اَ نْگ يا] (ہ: ایضاً): معنی معروف جسے دکن میں چولی کہتے ہیں

انگیٹھی [اَ نْگے ٹھی] (ہ: اَ نْگی ٹھی): سلگتے کوئلے رکھنے کا ظرف

انگیز [اَ نْگ گ یے ز] (ف: انگیختن (بھڑکانا) کا امر) : ان تراکیب میں مستعمل: فتنہ انگیز، شرانگیز

انگیزنا/انگیز کرنا [اَ نْگ ے ز نا/ اَ نْگ ے ز کرنا] : برداشت کرنا

انمل [اَ نْ مِ ل] : بے رابطہ، بے جوڑ

انمنا [اَ نْ مَ نا] : دل کا نہ چاہنا

طبیعت کا اَنْ مَنی ہونا: طبیعت کا ناساز ہونا

انوار [اَ نْ وا ر] (ع: ایضاً جمع: واحد نور): روشنیاں
انواع [اَ نْ واَ] (ع:.....ع جمع: واحد نوع: قسم): قسمیں
انوٹ [اَ نْ وَ ٹ] : ایک زیور جو عورتیں انگوٹھی کے
طور پر پاؤں کے انگوٹھے میں پہنتی ہیں
انوٹھا [اَ نو ٹھا / اَ نو ٹھا] : انوکھا
انہدام [اِ نْ ہِ دا م] (ع:.....ہ.....م): مسمار کرنا
انہماک [اِ نْ ہِ ما ک] (ع: ا ن ہ ما ک): محو ہونا،
مصروف ہونا
انی [اَ نی] (س: ایضاً): نیزے کی نوک
انیس (۱) [اُ نْ نی س] : بیس میں ایک کم
(۲) [اَ نی س] (ع: ایضاً): دوست
انیلا / انیلی [اَ نے لا / اَ نے لی]: الھڑ، ناتجربہ کار
اوائل [اَ وا اِ ل] (ع:.....ل جمع: واحد اوّل): کسی دور کا
ابتدائی زمانہ جیسے بیسویں صدی کے اوائل میں
اواخر [اَ وا خِ ر] (ع: ایضاً جمع: واحد آخر): کسی دور کا
اختتامی زمانہ
اوباش [اَوْ با ش] (ع: ایضاً جمع: واحد وبش): اردو میں
بطور واحد مستعمل، بدچلن، آوارہ، عیاش
اوبڑ کھابڑ [اَوْ بَ ڑ کھا بَ ڑ] : اونچی نیچی (زمین)
اوبنا [اُوْ بَ نا] : اوب جانا، اکتا جانا
اوپچی [او پ چی] : ہتھیار بند، مسلح
اوتاد [اَوْ تا د] (ع: ایضاً جمع: واحد وَتَد: کھونٹی): اولیائے
کرام کا ایک درجہ۔ اردو میں صرف جمع مستعمل
اوٹ پٹانگ [اَوْ ٹ پَ ٹا نگ] : بے تکا / بے تکی
اوٹنا [او ٹ نا]: چرخی کی مدد سے بنولوں سے روئی صاف کرنا

اَوٹ نا: کھولنا، اُبلنا اسے اونٹنا بھی کہتے ہیں دیکھیے اونٹنا
اوٹنی [او ٹ نی] : روئی اوٹنے کی چرخی
اوج [اَ وْ ج] (ع: ایضاً): بلندی
اوجھ [او جھ]: جانوروں کا معدہ
اوجھڑی [او جھ ڑی] : جانوروں کا معدہ
اوجھل [او جھ ل] : آڑ، سامنے کی ضد
اوچھا [او چھا]: (۱) کم گہرا، ہلکا (۲) کم ظرف
اودبلاؤ [اُوْ دْ بِ لا ؤ]: بلّی سے مشابہ ایک جانور
اودھم [اُوْ دْ ھ م] ...... مچانا: ہنگامہ کرنا
اوراد [اَوْ را د] (ع: ایضاً جمع: واحد وِرد: دہرانا، وظیفہ
پڑھنا) : اوراد و وظائف میں مستعمل
اوراق [اَوْ را ق] (ع: ایضاً جمع: واحد ورق): معنی معروف
اورما [او ڑ ما] : ایک قسم کی سلائی
اورما بنانا : بہت مارنا
اورنگ [اَوْ رَ نگ] (ف: ایضاً): تخت شاہی
اوریب [اَوْ رے ب] : ٹیڑھی چال، فریب
اوزار [اَوْ زا ر] (ع: ایضاً جمع: واحد وِزر: بوجھ): آلہ اُردو میں
بطور واحد مستعمل
اوس (۱) [او س] : شبنم
(۲) [اَوْ س] (ع: ایضاً): مدینے کے ایک قبیلے کا نام
اوسان [اَوْ سا ن] (د): حواس
اوسر (۱) [اُوْ سَ ر] : بنجر (زمین)
(۲) [اَوْ سَ ر] (د) : موقع
اوسط [اَوْ سَ ط] (ع: ایضاً): درمیانی
اوصاف [اَوْ صا ف] (ع: ایضاً جمع: واحد وصف): خوبیاں

اوصیا [اَ وْ صِ یا] (ع:...... یا ء، جمع: واحد وصی): وہ افراد جن کو وصیت کی گئی ہو

اوقات (۱) [اَ وْ قا ت] (ع:ایضاً جمع: واحد وقت): وقت بصیغۂ جمع

(۲) [اَ وْ قا ت] (مؤنث): حیثیت، بساط بطور واحد مستعمل

اوقاف [اَ وْ قا ف] (ع:ایضاً جمع: واحد وقف): وقف شدہ جائیداد (واحد): وہ محکمہ جو وقف کی ہوئی جائیدادوں کا انتظام کرے بطور واحد مستعمل

اوقیانوس [اَ وْ قِ یا نُو س] (ع: سمندر) : بحر اٹلانٹک (ایک سمندر کا نام)

اوقیہ [اَوْ قِ یا](ع:...... یہ): چالیس درم وزن کا عربی پیمانہ

اوکال [اَ وْ کا ل] (ہ) : بے موقع

اوکنا [ا وَ کْ نا] : قے کرنے سے پہلے آواز نکالنا پھر قے کرنا

اوک [ا وَ ک] : چلو

اوکھ [ا وْ کھ] : گنا

اوکھلی [ا وَ کھْ لی] : زمین میں گڑی ہوئی پتھر کی کونڈی

اوگن [اَ وْ گُ ن] (س: اَ وَ گُ نَ: جس میں کوئی گن نہ ہو): عیب

اوگنا / اوگنی [اَ وْ گُ نا / گُ نی] : بے ہنر پھوہڑ

اوگھٹ [اَ وْ گھَ ٹ] : دشوار گزار جیسے اَوگھٹ گھاٹی

اوگھڑ [اَ وْ گھ ڑ] (ہ): (۱) مشکل (۲) بدہیئت

اولا [ا وَ لا] (ہ): برف کی سخت گولی جو بارش کے ساتھ گرتی ہے

اولاد [اَ وْ لا د] (ع:ایضاً جمع: واحد وَلد): بال بچے اردو میں بطور واحد مستعمل جیسے میری اولاد - میرے بچے

اول جلول [ا وْ ل جَ لوْ ل]: بکواس

اوْل جلوْل آدمی : بے تکا آدمی

اول فول [اَ وْ ل فَ وْ ل]: بکواس

اولما [ا وَ ل ما] : گرم پانی میں جوش دیا ہوا گوشت

اولو [اُ لوْ] (ع:ایضاً جمع: واحد ذُوْ) : رکھنے والا

اولوالامر [اُ لُ لْ اَ مْ ر] (ع:ایضاً): حاکم

اولوالالباب [اُ لُ لْ اَلْ با ب](ع:ایضاً): صاحب عقل، صاحب بصیرت

اولوالعزم [اُ لُ لْ اَ زْ م] (ع:......ع......م): صاحب عزم، حوصلہ مند

اولیٰ (۱) [ا وْ لا] (ع:......لی اوّل کی تانیث): پہلا، پہلی جیسے مصرعِ اولیٰ۔ قرنِ اولیٰ

(۲) [اَ وْ لا] (ع:......لی: بہتر، بہترین): فارسی اور اُردو میں اولیٰ تر بمعنی بہتر بھی مستعمل

اولیا [اَ وْ لِ یا](ع:......یا ء جمع: واحد ولی: دوست، سرپرست) :ولی کی جمع۔ اُردو میں بصیغۂ مبالغہ واحد مستعمل: (بہت بڑے ولی) جیسے نظام الدین اولیاؒ

اونا [اَ وْ نا] (س: اَ وْ نَ: کم): ایک قسم کی تلوار جو چھوٹی ہوتی ہے

اونٹنا [اَ وْ ں ٹْ نا] : کھولنا، اُبلنا۔ دیکھیے اَوٹنا

اونے پونے [اَ وْ نے پَ وْ نے]...... بیچنا: جو بھی دام ہاتھ لگ جائیں ان داموں میں بیچنا، سستے داموں بیچنا

اوہام [اَ وْ ہا م] (ع:ایضاً جمع: واحد وہم): وہم بصیغۂ جمع

اویس [اُ وَ ے س]: ایک مشہور تابعی جو عاشق و جانثار رسول تھے (انھیں اویس قرنی کہتے ہیں۔ قرن یمن کے ایک مشہور قبیلے کا نام، اسی نسبت سے قَرنی کہلائے)

اہالی [اَ ہا لی] (ع:ایضاً جمع: واحد اہل) اردو میں اس کی جمع
الجمع اہالیان بھی مستعمل: باشندے جیسے اہالیانِ ہند

اہالی موالی [اَ ہا لی مَ وا لی] (ع سے موزوں مَ والی جمع:
دوست، آقا، غلام) : دوست احباب، نوکر چاکر

اہانت [اِ ہا نَ ت] (ع:ا......ت): توہین

اہرام [اِ ہْ را م / اَ ہْ را م] (ع:ا......م جمع):
بطور واحد مستعمل۔ مخروطی شکل کی مصری تعمیر

اہتزاز [اِ ہْ تِ زا ز] (ع:ا......ز: ہوا کا چلنا): جھومنا، فرطِ
خوشی کا طاری ہونا

اہرمن [اَ ہْ رَ مَ ن] (ف: اَ ہْ رَ م ن: آتش
پرستوں کا ظلمت کا خدا) : شیطان

اہرن [اَ ہْ رَ ن] (ہ: ایضاً): لوہا جس پر دھات کو رکھ کر
لوہار کوٹتے ہیں

اہل [اَ ہْ ل] (ع: اَ ہْ ل) : (۱) لائق (۲) فرد
خاندان (اہل بیت) (۳) باشندے اہل مصر، اہل شہر
(۴) طبقہ جیسے اہل حرفہ: مزدور طبقہ

اہلکار [اَ ہْ لْ کا ر] (ف: اَہْل کار) : سرکاری دفتر میں
ایک عہدہ

اہلیت [اَ ہْ لِ یَت] (ع: اَ ہْ لِ یّت): قابلیت

اہلے گہلے [اَ ہْ لے گَ ہْ لے] ......پھرنا:
اٹھلاتے پھرنا

اہلیہ [اَ ہْ لِ یا] (ع: اَ ہْ لِ یَہ): بیوی

اہم [اَ ہَ م] (ع: اَ ہَ مّ) : ضروری، قابل توجہ

اہمیت [اَ ہْ مِ یَ ت] (ع: اَ ہَ مْ مِ یّ ت):
اہم ہونا

اہیر [اَ ہی ر] (ہ: ایضاً) : گوالا

ائمہ [اَ اِ مْ ما] (ع:......مہ جمع: واحد امام): امام بصیغۂ جمع

ایاغ [اَ یا غ] (ت: ایضاً): ساغر

ایال [اَ یا ل] (ف: یال): گھوڑے یا شیر کے گردن کے بال

ایام [اَ یا م] (ع: ایضاً جمع: واحد یوم): روز و شب

ایبک [اَ یْ بَ ک] (ت: ایضاً: قاصد): خاندان غلاماں
کے بانی قطب الدین کا لقب

ایثار [اِ ی ثا ر] (ع: ایضاً: ترجیح دینا، پسند کرنا) : قربانی،
اپنی ضرورت پر دوسروں کی ضرورت کو ترجیح دینا

ایجاب [اِ ی جا ب] (ع: ایضاً): قبول کرنا، منظور کرنا

ایجابی : مُثبت

ایجاد [اِ ی جا د] (ع: ایضاً: وجود میں لانا): ایسی نئی چیز بنانا
جو پہلے موجود نہ ہو

ایذا [اِی ذا] (ع:...... ذا ء): اذیت، تکلیف

ایرا غیرا [اَ ے را غَ ے را] (غیرا غیر کا موزوں، اَیرا
تابع مہمل) (کلمہ تحقیر) : کوئی معمولی آدمی

ایراد [اِ ی را د] (ع: ایضاً: وارد کرنا، لانا): اعتراض کرنا

ایڑ [اے ڑ] ......لگانا: ایڑی میں لگے رکاب کی نوک گھوڑے
کو چبھونا تاکہ وہ تیز دوڑے

ایزاد [اِ ی زا د] (ع: سے موزوں): زیادہ کرنا، بڑھا دینا

ایزد [اِ ی زَ د] (ف: ایضاً): خدائے تعالیٰ

ایصال [اِ ی صا ل] (ع: ایضاً: پہنچانا): ایک جگہ سے
دوسری جگہ پہنچانا

ایصالِ ثواب : ثواب پہنچانا

ایصالِ حرارت : کسی دھات میں حرارت کا ایک مقام سے
دوسرے مقام تک جانا

ایضاً [اَ یْ ضَ ن] (ع:ایضاً): وہی، اس لفظ کے لکھنے سے مراد ہے وہی لفظ یا عبارت جس کا ذکر ہو چکا ہے

ایطا [ا ی طا] (ع:ایضاً): قافیے کا ایک عیب

ایفا [ا ی فا] (ع:...... فاء): پورا کرنا، انجام دینا

ایکھ [ا ی کھ] : اُکھ، گنا

ایلچی [اے لْ چی] (ت:ایضاً): قاصد

ایما [ا ی ما] (ع:...... ماء) : اشارہ، حکم

اس کے ایما سے: ان کا ایما (آجکل اسے مونث لکھنے کا چلن ہے)

ایمن [اَ ے مَ ن] (ع:ایضاً): (۱) دائیں جانب (۲) نہایت مبارک (۳) وادی کا نام، محفوظ

اینٹھن [اَ ے ں ٹھ ن] : اینٹھنا (اعضاء میں تشنج ہونا) کا حاصل مصدر: رگ پٹھوں کا کھنچاؤ

اینچا [اَ ے ں چا] : آنکھ کی رگیں کھنچنے کی وجہ سے ترچھا دیکھنے والا، بھینگا

اینچا تانی [اَ ے ں چا تا نی] : کھینچا تانی

ایندھن [ا ی نْدھ ن] : جلانے کا سامان جیسے لکڑی، کوئلہ وغیرہ

اینڈنا [اَ ے نْڈ نا]: اکڑنا

اینڈتے پھرنا : اکڑ کر چلنا

اینڈی بینڈی [اَ ے نْڈی بَ ے نْڈی]...... سنانا: گالیاں دینا

ایوان [اَ ے وا ن] (ف: ای وا ن: برآمدہ): محل، ہال، ایوان پارلیمنٹ

ایہام [ا ی ہا م] (ع: ایضاً: وہم میں ڈالنا): ایک صنعت لفظی جس میں ایک ذو معنی لفظ استعمال کرتے ہیں اور صرف ایک ہی معنی مراد لیے جاتے ہیں

(ب)

بابل (۱) [با بِ ل] (معرّب:ایضاً): عراق کا ایک قدیم شہر جو اپنی قدیم تہذیب کے لیے مشہور ہے

(۲) [با بُ ل] (ہ:ایضاً): (۱) باپ (۲) رُخصتی کا دردناک گیت

باجگزار [با ج گُ زا ر] (ف:ایضاً): خراج دینے والا

باچھ / بانچھ [با چھ / با ں چھ] : گوشۂ لب، جمع باچھیں / بانچھیں

باچھیں / بانچھیں کھِلنا : مسکرانا، خوش ہونا

بادلہ [با دْ لا] : زربفت، زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے بنایا جاتا ہے

بادی النظر [با دِ اَ نْ نَ ظَ ر] (ع:بادی: ابتدا کرنے والا، ہر چیز کا ابتدائی حصہ: ابتدائی نظر میں): بہ نگاہ اوّل سرسری نظر

بادیہ (۱) [با دِ یا] (ع:...... یہ) : صحرا، جنگل

(۲) [با دِ یا] (ف:...... یہ) : بڑا پیالہ، تانبے کا بڑا کٹورا یا پیالہ

بار [با ر] (ف:ایضاً): (۱) بوجھ (۲) اجازت، بار دینا : دربار میں حضوری کی اجازت دینا (۳) پھل جیسے باردار، بار آور (۴) حرف ندا میں جیسے بار الٰہا، بار خدایا (اے خدا) (۵) دفعہ، مرتبہ جیسے ایک بار، بار بار

بارد [با رِ د] (ع:ایضاً: ٹھنڈا) : اس کی تانیث 'باردہ' اردو میں مستعمل جیسے تکلفاتِ باردہ: روایتی تکلفات

بارک اللہ [با رَ کَ لْ لا] (ع:...... اللہ: اللہ برکت دے): دعائیہ کلمہ

بارہ (۱) [با را] (ہ: بارہ) : دس اور دو

(۲) [با را] (ف:۔۔۔۔۔ہ: کسی کے متعلق جیسے دربارۂ فلاں: فلاں کے بارے میں) :اردو میں املا کے ساتھ مستعمل جیسے "اس کے بارے میں"

باری (۱) [با ری] (ع:ایضا، اسم الٰہی): باری تعالیٰ

(ہ:ایضا) : نوبت (میری باری آئی) (۲) کھڑکی

باعث [با ! ث] (ع:۔۔۔۔۔ع ث): سبب، لیے

بافتہ [با فْ تا] (ف:۔۔۔۔۔تہ: بافتن (بُننا) کا حاصل مصدر: بُنا ہوا۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا

باقر [با قِ ر] (ع: با قِ ر: رئیس شہر، جیّد عالم) :ایک مشہور امام کا نام

باقرخانی [با قِ رْ خا نی] : ایک قسم کی روغنی روٹی

باقیات الصالحات [با قِ یا تُ صْ صا لِ حا ت](ع :۔۔۔۔۔لِ حات): قائم رہنے والی نیکیاں مراد رفاہِ عام کے کام

بالش [با لِ شْ] (ف:ایضاً): تکیہ

بالیدگی [با لی دْ گی] (ف:با لی دَ گی]: پختگی، روئیدگی

بالیں [با لی ں] (ف:ایضاً): سرہانہ

باندھنو [با نْدھ نُو](ہ:ایضا): (۱) وہ گانٹھ جو اوڑھنی یا ساڑی رنگنے سے پہلے اس میں لگائی جائے تاکہ اس حصے پر رنگ نہ چڑھے اور ایک ڈیزائن بن جائے (۲) اس طرح رنگی ہوئی ساڑی یا اوڑھنی (۳) فریب

بانکا [با ں کا] : طرح دار، بنا ٹھنا ہوا

بانک [با ں کْ] : (۱) خنجر اور چھری کی مدد سے کرتب دکھانا۔ (۲) ایک قسم کی چوڑی۔

بانگ [با نْگ] (ف:ایضاً: آواز): مرغے کی آواز

بانگی (۱) [با نْگی](ار): بانگ دینے والا، مؤذن

(۲) [با نْ گی] (ہ:ایضا): نمونہ۔ مصرعہ:
تو بانگی دکھا ہمیں پہلے شراب کی

بانی (۱) [با نی] (ع:ایضا) : بنیاد ڈالنے والا

بانی مبانی [با نی مَ با نی] :اصل بانی، دیکھیے مَبانی

(۲) (ہ. س: وانی) : آواز

ترخیم [ت ر خی م] (ع: ایضا) کسی لفظ میں آخر کے کسی حرف کو گرانا جیسے دُختر سے دُخت، بادشاہ سے بادشا

تردد [ت ر د د د] (ع: ایضا: آمد و رفت): فکر کرنا، پس و پیش کرنا

تردید [ت ر دی د] (ع: ایضا): رد کرنا، غلط ثابت کرنا

ترس (۱) [ت ر س] (ف: ترسیدن (ڈرنا) کا امر): جیسے اس ترکیب میں خدا ترس: خدا سے ڈرنے والا

(۲) [ت ر س] (ہ) ..... آنا: رحم کرنا، ترسنا: حسرت کرنا

ترسا [ت ر سا] (ف: ایضا): عیسائی

ترساں [ت ر سا ں] (ف: ایضا ترسیدن (ڈرنا) کا حالیہ): خوف زدہ

ترسیم [ت ر سی م] (ع: ایضا): گراف Graph

ترش [ت ر ش] (ف: ت ر ش / ت رش): کھٹا

ترش ابرو [ت رش اَب رُو] (ف: ایضا): چڑچڑا

ترشح [ت ر ش شُح] (ع: ..... شُ ح): بوندا باندی، ٹپکاؤ

ترقیم [ت ر قی م] (ع: ایضا): لکھنا

ترقیمہ [ت ر قی ما] (ع: ..... مہ): تصنیف سے متعلق وہ تحریر جو خاتمہ کتاب پر مصنف، مولف یا کاتب اضافہ کرے

ترک (۱) [ت ر ک] (ع: ایضا) ..... کرنا: چھوڑ دینا، صفحے کا پہلا لفظ جسے گذشتہ صفحے کے آخر میں کاتب بطور یادداشت لکھے

(۲) [ت ر ک]: ایک مشہور قوم کا نام

ترکتاز [ت ر ک تا ز] (ف: ایضا تاختن (حملہ کرنا) کے امتزاج سے بنا حاصل مصدر): ترکوں کی چڑھائی، عام چڑھائی

ترکش [ت ر ک ش] (ف: ایضا): تیر رکھنے کا خول، تیردان

ترکہ [ت رْ کا] (ع:......کہ) : ورثہ

ترنج [ت رَ نْج] (ف:ایضاً): لیمو

ترنگ (۱) [ت رَ نگ]: گھوڑا

(۲) [ت رَ نگ]: (۱) موج (۲) کمان چلانے سے تانت کے بجنے کی آواز

ترنم [ت رَ نْ نُ م] (ع:ایضاً): نغمگی

ترویج [ت رْ وی ج] (ع:ایضاً): رائج ہونا، اشاعت

تریاچلتر [ت رْ یا چَ لِ تْ تَ ر] (س: تریا (عورت) چلتر (چرتر: اخلاق): عورتوں کی مکاری

تریاق [ت رْ یا ق] (ع:ایضاً): زہر اُتارنے کی دوا

تریاک [ت رْ یا ک] (ف:ایضاً): (۱) تریاق (۲) افیون

تریاکی [ت رْ یا کی] (ف:ایضاً): افیونی

تریاہٹ [ت رْ یا ہَ ٹ] (ہ: تریا: عورت، ہٹ: ضد): عورتوں کی ضد

تڑکا [ت ڑْ کا] : صبح، پو پھٹنا

تڑکے [ت ڑْ کے] (املے کے ساتھ): صبح سویرے

تزک [ت زُ ک] (ت): (۱) خوش انتظامی، شان و شوکت (۲) شاہی روزنامچہ۔ اس میں اشباع کر کے توزک بھی کہتے ہیں

تزکیہ [ت زْ ک یا] (ع: ت زْ ک یہ): باطنی صفائی

تزلزل [ت زَ لْ زُ ل] (ع:ایضاً): لرزش، ڈگمگاہٹ

تزویر [ت زْ وی ر] (ع:ایضاً): فریب

تزئین [ت زْ ای ن] (ع:ایضاً): آرائش

تسامح [ت سا مُ ح] (ع:......مُ ح): سہو، بے خیالی میں غلطی ہو جانا

تساہل [ت سا ہُ ل] (ع:ایضاً: سہل جاننا): سستی، غفلت، لاپروائی

تسبیح [ت سْ بی ح / بول چال ت سْ بی] (ع:ایضاً: سبحان اللہ کا ورد کرنا) : وظیفہ پڑھنے کی مالا

تسخیر [ت سْ خی ر] (ع:ایضاً): قبضہ کرنا، قابو میں لانا

تسطیر [ت سْ طی ر] (ع:ایضاً: سطر سے مشتق): لکھنا

تسلہ [ت سْ لا] (ہ) : پیتل یا تانبے کا برتن

تسلط [ت سَ لْ لُ ط] (ع:ایضاً): قبضہ

تسلسل [ت سَ لْ سُ ل] (ع:ایضاً) جاری رہنا، سلسلے کا قائم رہنا

تسلیم [ت سْ لی م] (ع:ایضاً): (۱) کسی بات کو مان لینا (۲) سپرد کرنا (۳) آداب بجالانا۔ اسی سے تسلیمات بنا ہے اس میں جھک کر ہاتھ کے اشارے سے بار بار آداب کیا جاتا ہے اسی لیے اسے بجائے تسلیم کے تسلیمات کہتے ہیں

تسمہ [ت سْ ما] (ف:......مہ): (۱) چمڑے کا لمبا ٹکڑا (۲) گردن کی رگ (۳) جوتے کی لیس

تسمہ لگا نہ رکھنا: اس طرح گردن اُڑانا کہ اس کی رگ بھی کٹ جائے، صاف گردن اُڑانا

تسمیہ [ت سْ مِ یا] (ع:......یہ): بسم اللہ پڑھنا

تسمیہ خوانی: بچے کو بسم اللہ اور اقرأ کی تین ابتدائی آیتیں پڑھانے کی رسم

تسنن [ت سَ نْ نُ ن] (ع:ایضاً): سُنّی ہونا

تسنیم [ت سْ نی م] (ع:ایضاً): جنّت کی ایک نہر کا نام

تسوید [ت سْ وی د] (ع:ایضاً: سیاہ کرنا): مسودہ تیار کرنا

تسہیل [ت سْ ہی ل] (ع:ایضاً): آسان بنانا، مشدد لفظ کو غیر مشدد بنانا

تشابہ [ت شا بُ ہ] (ع: ت شا بہ: مشابہت): مشابہت کی وجہ سے شک میں پڑ جانا

تشخص [ت شَ خْ خُ ص] (ع: ایضاً شخص سے مشتق): شناخت، خصوصیت

تشخیص [ت شْ خی ص] (ع: ایضاً شخص سے مشتق): (۱) بیماری کا پرکھ لینا (۲) (لگان) مقرر کرنا

تشدد [ت شَ دْ دُ د] (ع: ایضاً): زیادتی، ظلم، مار دھاڑ

تشرع [ت شَ رْ رُ عْ] (ع: ..... رُع): شریعت کی پابندی

تشریح [ت شْ ری ح] (ع: ایضاً، الگ الگ حصوں میں کاٹنا)۔ ..... کرنا: وضاحت کرنا، سمجھانا

تشریف [ت شْ ری ف] (ع: ایضاً: کسی کو شرف (عزت) دینا اسی لیے خلعت کو جو عزت دینے کے لیے عطا کی جاتی تھی اسے ع اور ف میں تشریف کہتے ہیں): اردو اور فارسی میں یہ لفظ تعظیم کے لیے مستعمل ہے جیسے 'تشریف لانا، تشریف رکھنا، تشریف آوری وغیرہ

تشفی [ت شَ فْ فی] (ع: ایضاً غصہ کو ٹھنڈا کرنا): تسلی دینا، مطمئن کرنا

تشکیک [ت شْ کی ک] (ع: ایضاً): شک میں ڈالنا

تشنج [ت شَ نْ نُ ج] (ع: ایضاً): بدن میں کھنچاؤ پیدا ہونا

تشنگی [تِ شْ نَ گی / ت شْ نَ گی] (ف: ت شْ نَ گی): پیاس

تشنہ [ت شْ نا / ت شْ نا] (ف: ت شْ نہ): پیاسا

تشنیع [ت شْ نی ع] (ع: ت شْ نی ع): مذمت کرنا، اردو میں 'طعنے تشنے' دینا میں تشنا تشنیع کا مورد ہے

تشویش [ت شْ وی ش] (ع: ایضاً): پریشانی، فکر

تشویق [ت شْ وی ق] (ع: ایضاً): شوق دلانا

تشہد [ت شَ ہْ ہُ د] (ع: ایضاً): کلمۂ شہادت پڑھنا

تشہیر [ت شْ ہی ر] (ع: ایضاً): شہرت دینا، کسی بات کو عام کرنا، بدنام کرنا

تشیع [ت شَ یْ یُع] (ع: ت شْ یُ ع): شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا، شیعہ ہونا

تصادم [ت صا دُ م] (ع: ایضاً): ٹکراؤ

تصانیف [ت صا نی ف] (ع: ایضاً جمع: واحد تصنیف): تصنیفات

تصاویر [ت صا وی ر] (ع: ایضاً جمع: واحد تصویر): تصویریں

تصحیح [ت صْ حی ح] (ع: ..... حی ح): غلطی کی درستی

تصحیف [ت صْ حی ف] (ع: ایضاً): کسی نقطہ دار حرف کو بغیر نقطے کے پڑھ کر یا کوئی اور نقطہ دار حرف قرار دے کر دوسرے معنی مراد لینا جیسے توشہ کو بوسہ پڑھنا

تصدق [ت صَ دْ دُ ق] (ع: ایضاً): صدقے ہونا، قربان جانا

تصدیق [ت صْ دی ق] (ع: ایضاً): کسی بات کی صداقت کا اقرار کرنا

تصدیع [ت صْ دی ع] (ع: ت صْ دی ع) ..... کرنا: تکلیف اٹھانا

تصدیعہ [ت صْ دِ یَا] (ع: ..... دی عہ): زحمت، تکلیف

تصرف [ت صَ رْ رُ ف] (ع: ایضاً: بدل کر کچھ کا کچھ کر دینا): قبضہ، غیر زبان کے لفظ کو اپنا لینا

تصریح [ت صْ ری ح] (ع: ایضاً: ظاہر کرنا): وضاحت کرنا

تصغیر [ت صْ غی ر] (ع: ایضاً: بڑے کو چھوٹا کرنا): کسی اسم میں ایسا حرفی رد و بدل کرنا کہ وہ 'چھوٹے' کے معنی دینے لگے جیسے لوٹا کو لٹیا بنا دینا

تصفیہ [ت صْ فْ یَا] (ع: ت ص ف یہ: صفائی کرنا): کسی مسئلے میں کوئی اشکال یا اُلجھن ہو تو اسے دور کرنا۔ بات صاف کر کے فیصلہ دینا، سمجھوتہ

تصنع [ت صَ نْ نُوْ ع] (ع:......نْ ع): بناوٹ، دکھاوا

تصنیف [ت صْ نی ف] (ع: ایضاً): کسی کتاب یا مضمون کا لکھنا

تصور [ت صَ وُ ر] (ع: ایضاً): کسی صورت کو خیال میں دیکھنا

تصوف [ت صَ وُ ف] (ع: ایضاً): علم باطنی، صوفیوں کا مسلک

تصویب [ت صْ وی ب] (ع: ایضاً): منظوری، تصدیق، کسی اقرار نامے کو آخری شکل دینا

تضاد [ت ضا د] (ع: ایضاً): دو چیزوں کا آپس میں اس حد تک ممتاز و مختلف ہونا کہ ایک کی جگہ دوسری نہ لے سکے

تضحیک [ت ضْ حی ک] (ع: ایضاً): ہنسی اُڑانا

تضرع [ت ضَ رْ رُوْ ع] (ع:......رُع): آہ و زاری، گڑگڑانا

تضمین [ت ضْ می ن] (ع: ایضاً: ضامن بننا، ضمانت دینا) : ایک صنف سخن جس میں کسی اور کے مصرعے یا شعر پر شاعر اپنی طرف سے قافیے اور ردیف کی پابندی کرتے ہوئے مصرعے لگاتا ہے

تضییع [ت ضْ یی ع] (ع:......ی ع): ضائع کرنا، اردو املا تضیع جیسے تضیع اوقات

تطابق [ت طا بُ ق] (ع: ایضاً): مطابقت کا ہونا

تطاول [ت طا وُ ل] (ع: ایضاً: دراز کرنا): دست درازی، ظلم

تطبیق [ت طْ بی ق] (ع: ایضاً): مطابق

تطویل [ت طْ وی ل] (ع: ایضاً: لمبا کرنا): بیجا طوالت

تظلم [ت ظَ لْ لُ م] (ع: ایضاً): ظلم کے خلاف فریاد کرنا، فریاد

تعارض [ت آ رُ ض] (ع:......عَ......ض): اعتراض کرنا، مقابلہ آرائی کرنا

تعارف [ت آ رُ ف] (ع:......عا......ف): کسی بات یا شخص کے متعلق پہلی بار واقفیت دینا، متعارف ہونا

تعاقب [ت آ قُ ب] (ع:......عا......ب): کسی کے عقب میں جانا، پیچھا کرنا

تعالی [ت آ لا / بول چال تالا] (ع:......عالی: بلند و بالا): بلند مرتبت جیسے اللہ تعالی

تعاون [ت آ وُ ن] (ع:......عا وُ ن): اعانت کرنا، ہاتھ بٹانا

تعب [ت اَ ب] (ع:......عَ ب): تکلیف۔ ترکیب رنج و تعب میں مستعمل

تعبد [ت اَ بْ بُ د] (ع:......عَ......د): بندگی

تعبیر [تا بی ر] (ع:......عْ......ر): کسی بات سے مفہوم نکالنا۔ خواب کے معنی بیان کرنا

تعجب [ت اَ جْ جُ ب / ت آ جْ جُ ب] (ع:......عَ......ب): حیرت

تعجیل [تا جی ل](ع:......عْ......ل): عجلت، جلدی

تعداد [تا دا د] (ع:......عْ......د): گنتی

تعدد [ت اَ دْ دُ د] (ع:......عَ......د): ایک سے زیادہ ہونا، کثرت جیسے تعدد ازواج (ایک سے زیادہ عورتوں سے نکاح کرنا)

تعدی [ت اَدْ دی] (ع:......عَ......دی: حد سے تجاوز کرنا): ظلم

تعدیل [تا دی ل] (ع:...... غ...... ل): عدل کرنا، مساوی کرنا

تعدیہ [تا دِ یا] (ع:...... غ...... یہ): فعل لازم کو حروف میں اضافہ کرکے متعدی بنانا جیسے نہانا سے نہلانا، لکھنا سے لکھوانا

تعرض [ت اَ رْ رُ ض] (ع:...... غَ...... ض): دیکھیے تعارض

تعریض [تا ری ض] (ع:...... غ...... ض): اعتراض کرنا

تعریف [تا ری ف] (ع:...... غ...... ف)...... کرنا:
(۱) اچھائیاں بیان کرنا (۲) کسی تصور، اصطلاح یا مسئلے کو مختصر سے مختصر الفاظ میں بیان کرنا

تعزیر [تا زی ر] (ع:...... غ...... ر: سزا)...... کرنا: سزا دینا

تعزیرات ہند: انڈین پینل کوڈ۔ وہ مجموعہ قوانین جس میں ہندوستان میں نافذ کی جانے والی سزاؤں کا بیان ہے

تعزیہ [تا زِ یا] (ع:...... غ...... یہ): تعزیت، بانس اور کاغذ سے بنایا ہوا وہ تابوت جو حسینؑ کے روضوں کی نقل ہے اور محرم میں بنایا جاتا ہے

تعزیت [تا زِ یَ ت] (ع:...... غ زیَ ت): پرسہ

تعشق [ت اَ شْ شُ ق] (ع:...... غَ...... ق): عاشقی

تعصب [ت اَ صْ صُ ب / ت آ صُ صُ ب] (ع:...... غَ...... ب): (۱) اپنوں کی جانب داری (۲) غیر فرقوں سے تنگ نظری

تعطل [ت اَ طْ طُ ل] (ع:...... غَ...... ل): ڈیڈ لاک

تعطیل [تا طی ل] (ع:...... غ...... ل): چھٹی

تعظیم [تا ظی م] (ع:...... غ...... م): عظمت کا اظہار کرنا، عزت کرنا

تعفن [ت اَ فْ فُ ن] (ع:...... غَ...... ن): بدبو

تعقل [ت اَ قْ قُ ل] (ع:...... غَ...... ل): غور و فکر

تعقید [تا قی د] (ع:...... غ...... د: گرہ پڑ جانا): شعر میں ضرورتِ شعری کے لیے مصرع میں لفظوں کا ایک دوسرے سے اس قدر دور پڑ جانا کہ وہ کانوں کو ناگوار معلوم ہو یا معنی ہی خبط ہو جائیں

تعلق [ت اَ لْ لُ ق / ت آ لُ لُ ق]
(ع:...... غَ...... ق): رشتہ، جوڑ

تعلقہ [ت اَ لْ لُ قا / تا لُؤ قا]
(ع:...... غَ...... قہ): ضلع کا چھوٹا حصہ

تعلم [ت اَ لْ لُ م / ت آ لُ لُ م]
(ع:...... غَ...... م): علم سیکھنا

تعلی [ت اَ لْ لی / ت آ لْ لی] (ع: ت ع لْ لی): بڑائی، خودستائی

تعلیقہ [تا لی قا] (ع:...... غ...... قہ): متعلقات کی فہرست

تعلیل [تا لی ل] (ع:...... غ...... ل): علت بیان کرنا

تعلیم [تا لی م] (ع:...... غ...... م): علم سکھانا

تعمق [ت اَ مْ مُ ق] (ع:...... غَ...... ق): عمق (گہرائی)، غور کرنا

تعمیر [تا می ر] (ع:...... غ...... ر): عمارت بنانا، ثبت کام کرنا

تعمیل [تا می ل] (ع:...... غ...... ل): عمل آوری، عمل میں لانا

تعمیم [تا می م] (ع:...... غ...... م): کسی مخصوص بات یا دعوے کے مفہوم کو اس قدر پھیلانا کہ اس کا اطلاق عام چیزوں پر ہو

تعمیہ [تا مِ یا] (ع:...... غ...... یَہ): حساب جمل میں نکالے ہوئے مادۂ تاریخ میں کسی حرف یا لفظ کے اضافے سے کمی پوری کرنا، ضد: تخرجہ

تعویذ [تا وی ذ] (ع:......غ......ذ: بلاؤں سے بچنے کے لیے خدا کی پناہ طلب کرنا): (۱) دعا یا کوئی آیت لکھ کر دفع بلا کے لیے گلے میں ڈالنا یا بازو میں باندھنا (۲) ایک زیور جس پر اسمائے الٰہی کندہ کر کے گلے میں پہنتے ہیں

تعویق [تا وی ق] (ع:......غ......ق): تاخیر

تعیش [ت اَ یُ ش] (ع:......ع......ش: تلاشِ معاش، زندگی بسر کرنا): عیش و عشرت

تعین [ت اَ یُ ن] (ع:......غ......ن): کسی بات کی بطور خاص نشاندہی کرنا، مقرر کرنا

تعیین [ت اَ ای ن] (ع:......غ ی......ن): تعین، تقرر

تعینات [ت ے نا ت] ......کرنا: تقرری، تقرر

تغافل [ت غا فُ ل] (ع:ایضاً): غفلت برتنا

تغذیہ [ت غْ ذِ یا] (ع:......ذیہ): غذا دینا

تغزل [ت غَ زْ زُ ل] (ع:ایضاً): غزل۔ غزل کی روح

تغلب [ت غَ لْ لُ ب] (ع:ایضاً): غلبہ

تغیر [ت غَ یُ ر] (ع:ایضاً): تبدیلی

تغییر [ت غْ ای ر] (ع:ایضاً): بدل جانا

تف (۱) [ت ف] (ف:تپ کا مفرس): بخار، گرمی

(۲) [تُ ف] (ف:ایضاً: تھوک): کلمۂ حقارت مثلاً تف ہے، لعنت ہے

تفاخر [ت فا خُ ر] (ع:ایضاً) : فخر کرنا

تفاسیر [ت فا سی ر] (ع:جمع: واحد تفسیر): تفسیریں

تفاصیل [ت فا صی ل] (ع:ایضاً جمع: واحد تفصیل): تفصیلات

تفاوت [ت فا اُ ت] (ع:...... وُ ت) : دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ، فرق

تفاول [تَ فا اُ ل] (ع:......ء ل): فال نکالنا

تفتہ [تَ فْ تا] (ف:تَ ف ۃ : جلا ہوا): غالب کے ایک ہندو شاگرد کا تخلص

تفتیش [ت فْ تی ش] (ع:ایضاً)......کرنا: کھوج لگانا، چھان بین کرنا

تفحص [ت ف حْ حُ ص] (ع:ایضاً) : تفتیش

تفرج [ت ف رْ رُ ج] (ع:ایضاً): سیر، تفریح

تفرقہ [تَ فْ رِ قا / بول چال ت فْ رْ قا] (ع:ت فْ رْ قہ): پھوٹ، نفاق

تفریح [ت فْ ری ح] (ع:ایضاً: فرحت ہونا): سیر تماشہ

تفریق [ت فْ ری ق] (ع:ایضاً: فرق کرنا، امتیاز کرنا): بڑے عدد سے چھوٹے عدد کو کم کرنا، امتیاز کرنا

تفسیر [ت فْ سی ر] (ع:ایضاً): قرآن یا کسی مشکل بات کی شرح

تفضل [ت ف ضْ ضُ ل] (ع:ایضاً): بزرگی، فضیلت

تفضیل [تَ فْ ضی ل] (ع:ایضاً): برتری

تفکر [ت ف کْ کُ ر] (ع:ایضاً): فکر کرنا

تفکرات : پریشانیاں، فکریں

تفنگ [تُ فَ نگ] (ف:ایضاً): بندوق، توپ

تفنن [تَ فَ نْ نُ ن] (ع:ایضاً): تفریح، مزاح

تفوق [تَ فَ وْ وُ ق] (ع:ایضاً): فوقیت

تفویض [ت فْ وی ض] (ع:ایضاً)......کرنا: سپرد کرنا، حوالے کرنا

تفہیم [ت فْ ہی م] (ع:ایضاً): عبارت کا مفہوم سمجھانا

تقابل [ت قا بُ ل] (ع:ایضاً): باہمی مقابلہ کرنا

تقاریر [ت قا ری ر] (ع:ایضا جمع: واحد تقریر): تقریریں
تقاضا [ت قا ضا] (ع:ایضا): ادائیگی قرض کا مطالبہ، مانگ۔
اردو املا تقاضہ
تقاطر [ت قا طُ ر] (ع:ایضا): قطرہ قطرہ ٹپکنا
تقاطع [ت قا طُع] (ع:....طُع): دو لکیروں کا ایک
دوسرے کو کاٹنا
تقاوی [ت قا وی] (ع:ایضا): قوت دینا۔ بطور قرض دی
ہوئی سرکاری امداد
تقدس [ت قَ دُ دُ س] (ع:ایضا): پاکیزگی، احترام
تقدیس [ت قْ دی س] (ع:ایضا): پاکیزگی، احترام
تقدم [ت قَ دُ دُ م] (ع:ایضا): بہ اعتبار زمانہ پہلے آنا
تقدیم [ت قْ دی م] (ع:ایضا): پیش کرنا
تقرب [ت قَ رُ رُ ب] (ع:ایضا): مقرر کرنا، تقرری
تقریب [ت قْ ری ب] (ع:ایضا): ساتھ مل بیٹھنے کی
صورت، کسی رسم کا انعقاد
تقریباً [ت قْ ری بَ ن] (ع:....باً): لگ بھگ،
اندازے سے
تقریظ [ت قْ ری ظ] (ع:ایضا): کسی تصنیف کا قدیم طرز
کا پیش لفظ جس میں مصنف کی تعریف کی گئی ہو
تقسیم [ت قْ سی م] (ع:ایضا): بٹوارہ، بانٹ، حسابی عمل
تقصیر [ت قْ صی ر] (ع:ایضا: کمی، کوتاہی): غلطی
تقطیر [ت قْ طی ر] (ع:ایضا): بوند بوند ٹپکا کر پانی کو صاف
کرنے کے لیے جمع کرنا، فلٹر کرنا
تقطیع [ت قْ طی ع] (ع:.....ع: قطع کرنا): علم عروض
میں شعر کا وزن معلوم کرنا

تقلیب [ت قْ لی ب] (ع:ایضا: اُلٹنا): لفظ کے حروف
کو الٹ کر نیا لفظ بنانا جیسے بارش سے شراب
تقلید [ت قْ لی د] (ع:ایضا): پیروی
تقلیل [ت قْ لی ل] (ع:ایضا)..... کرنا: قلیل (کم)
کرنا، کمی
تقویٰ [ت قْ وا] (ع:.....ویٰ): خدا سے ڈرنا، پرہیزگاری
تقویت [ت قْ وِ یَ ت] (ع:.....وِیَّت): قوت
تقویم [ت قْ وی م] (ع:ایضا): قائم کرنا، درست کرنا،
جنتری
تقی [ت قی] (ع:ایضا): پرہیزگار
تقید [ت قَ یُ د] (ع:ایضا): تاکید، قید، بندش
تقیہ [ت قِ یا] (ع: ت قِ یَہ): شیعیوں کا عقیدہ جس کی رو
سے ظلم کے خوف سے حق پوشی جائز ہے
تکا (۱) [تِ کْ کا]: گوشت کا ٹکڑا، بوٹی۔ ایک قسم کا کباب
(۲) [تُ کْ کا]: وہ نقلی تیر جس میں نوک نہ ہو جو
صرف نشانہ بازی کی مشق کے لیے استعمال ہوتا ہے
لگا تو تیر نہیں تو تُکا: کامیاب ہو گئے تو کیا کہنے، ناکام رہے تو
کچھ بھی نہیں
تکاثر [ت کا ثُ ر] (ع:ایضا): کثرت، بہتات
تکا فضیحتی [تُ کْ کا فَ ضی تی] : بدنامی
دیکھیے تھکا فضیحتی
تکالیف [ت کا لی ف] (ع:ایضا جمع: واحد تکلیف): تکلیفیں
تکان [ت کا ن] (۱) (ف:ایضا)..... دینا: جنبش دینا، جھٹکا
دینا جیسے اس نے بدن سے تکان دے کر تیر نکالا
(۲) (ہ): تھکان، تھکن

تک [تُ ک] : (۱) قافیہ (۲) ڈھنگ، سلیقہ
تک بندی : قافیہ پیمائی
تکدر [تَ کَ دُ دُ ر] (ع:ایضاً) : غبار، میل
تکذیب [تَ کْ ذِی ب] (ع:ایضاً): جھٹلانا
تکرار [تَ کْ را ر] (۱) (ع:ایضاً): کسی بات کا دہرایا جانا
(۲) (ہ:ایضاً) : جھگڑا، حجت
ترکش [تُ کَ کَ ش] : ترکش، تیردان
تکفیر [تَ کْ فِی ر](ع:ایضاً): کسی کو کافر قرار دینا
تکفین [تَ کْ فِی ن] (ع:ایضاً): کفنانا
تکل [تُ کَ کَ ل] : ایک قسم کی پتنگ
تکلا [تَ کْ لا]: چرخے میں لگی ہوئی وہ لوہے کی سلاخ
جس پر سوت کا دھاگا لپیٹا جاتا ہے
تکلا [تِ کْ لُ لا] : پتنگ کی وہ ڈور جو ہاتھ کے
انگوٹھے اور چھنگلیا پر لپیٹ کر اکٹھی کی جاتی ہے
تکلف [تَ کَ لُ لُ ف](ع:ایضاً:دکھاوے یا نمائش کے
لیے خواہ مخواہ کی تکلیف اُٹھانا): دعوت وغیرہ میں اہتمام کرنا
تکلم [تَ کَ لُ لُ م](ع:ایضاً): کلام کرنا
تکلے سے بل نکلنا (دیکھیے تکلا): کس بل نکل جانا، قرار واقعی سزا پانا
تکملہ [تَ کْ مِ لا](ع:.....مِ لہ): ضمیمہ
تکمہ [تُ کْ ما](ف:ایضاً): گھنڈی
تکونا [تِ کو نا]: تین کونوں والا مثلث
تکوین [تَ کْ وِی ن](ع:ایضاً): تخلیق
تکیہ [تَ کْ یا](ف:.....یہ: سہارا): سرہانے رکھنے کی چیز،
(بالش) وہ قبرستان جہاں درویش رہتے ہوں
تکیہ کرنا : بھروسہ کرنا

تکیہ کلام [تَ کْ یا کَ لا م]:وہ مخصوص لفظ یا
فقرہ جسے کوئی عادتاً یا غیر شعوری طور پر بار بار ادا کرے
تگاپو [تَ گا پُوْ] (ف:ایضاً تگ + الف + پو...... تگ (دوڑ)
اور پوئیدن (دوڑنا) کے امر پو سے بنا مرکب):دوڑ دھوپ
تگرگ [تَ گَ رَ گ] (ف:ایضاً):اولہ، ژالہ باری
تگ و تاز [تَ گ وَ تا ز](ف:ایضاً...... تگ (دوڑ)
اور تاختن (حملہ کرنا) کے امر تاز سے بنا مرکب): بھاگ دوڑ
تگ و دو [تَ گ وَ دَ وْ] (ف:ایضاً تگ (دوڑ) اور دویدن
(دوڑنا) کے امر دو سے بنا مرکب): بھاگ دوڑ، دوڑ دھوپ
تگنا [تِ گُ نا]: تین گنا
تگی [تِ گْ گی]: تاش کا پتہ جس پر تین کی تعداد میں
علامتیں ہوں
تلا (۱) [تَ لا] : جوتی کا نچلا حصہ
(۲) [تِ لْ لا]: توبہ کا تابع مہمل جیسے توبہ تلا کرنا
تلادان [تُ لا دا ن] : کسی کے وزن کے برابر دان
(خیرات) کرنا
تلازمہ [تَ لا زُ ما] (ع:.....زُمہ): باہمی طور پر لازم
خیالات
تلاطم [تَ لا طُ م](ع:ایضاً): موجوں کا آپس میں ٹکرانا
تلافی [تَ لا فی](ع:ایضاً): کمی پوری کرنا
تلافی مافات (ع:ایضاً ما: جو + فات: گزر گیا): ضائع شدہ امر کی
کمی پوری کرنا
تلامذہ [تَ لا مِ ذا] (ع:.....م ذہ جمع: واحد تلمیذ): (ایک
سے زیادہ) شاگرد
تلاوت [تِ لا وَ ت]: پڑھنا، قرآن شریف کا پڑھنا

تلبیس [ت لْ بی س] (ع:ایضاً: چھپانا): مکر و فریب

تلپٹ [ت لْ پ ٹ] ...... کرنا: تباہ و برباد کرنا

تل چاولی [تِ لْ چا ؤ لی] (ہ:ایضاً: تل اور چاول کا آمیزہ
مراد سیاہ و سفید): چتکبری

تل چاولی ڈاڑھی: وہ کالی ڈاڑھی جس میں سفید بال بھی ہوں

تل چٹا [تِ لْ چَ ٹْ ٹا] (ہ:ایضاً: تیل چاٹنے والا):
ایک قسم کا جھینگر جو تیل کی چیزیں چاٹتا ہے

تلخاب / بہ [ت لْ خا ب / با] (ف: ...... ب / بہ: کڑوا
پانی) : شراب

تلخ کام [ت لْ خ کا م] (ف:ایضاً ...... تلخ (کڑوا) کام
(تالو، آرزو) : نامراد، ناکام

تلخیص [ت لْ خی ص] (ع:ایضاً): خلاصہ

تلذذ [ت لَ ذْ ذُ ذ] (ع:ایضاً): لذت

تلف [ت لَ ف / بول چال ت لْ ف]
(ع: ت لَ ف) ...... ہونا: ضائع ہونا

تلقین [ت لْ قی ن] (ع:ایضاً) ...... کرنا: سمجھانا،
ہدایت دینا

تلمذ [ت لَ مْ مُ ذ] (ع:ایضاً): شاگردی

تلملانا [تِ لْ م لا نا]: تڑپ اٹھنا

تلمیح [تَ لْ می ح] (ع:ایضاً): (۱) کلام میں کسی مشہور
قصے کی طرف بطور علامت اشارہ کرنا (۲) آیات قرآنی یا
علمی اصطلاحات کی طرف اشارہ کرنا

تلمیذ [تِ لْ می ذ] (ع:ایضاً): شاگرد

تلون [ت لَ وْ وُ ن] (ع:ایضاً: رنگ برنگا ہونا): غیر مستقل
تلون مزاج: غیر مستقل مزاج۔ وہ فرد جس کا مزاج گھڑی میں
تولہ اور گھڑی میں ماشہ ہو

تلے اوپر [ت لے اُو پ ر]: نیچے اوپر، پیٹھ پیچھے کی اولاد

تلے دانی [تِ لے دا نی]: سلائی کا سامان رکھنے کا بٹوہ

تمارض [ت ما رُ ض] (ع:ایضاً: مرض سے مشتق): بیماری
کا بہانہ کرنا، جھوٹ موٹ کا بیمار بننا

تمازت [ت ما زَ ت] (مفرس): شدت کی گرمی

تماشا [ت ما شا] (ع: ...... مشی: باہم پیدل چلنا)۔
(ف: نظارہ سیر): دلچسپ نظارہ، ہنسی کا موقع۔ اردو املا تماشہ

تماش بین [ت ما شْ بین]: کوٹھے پر جانے والا، اوباش

تمامی [ت ما می] : ایک دھاری دار ریشمی کپڑا

تمت [ت مْ مَ ت] (ع:ایضاً: تمام ہونا): اختتام

تمتع [ت مَ تْ تُو ع] (ع: ...... ت ع): فائدہ حاصل کرنا

تمتماہٹ [ت مْ ت ما ہٹ]: گرمی یا بخار سے چہرے
پر آئی ہوئی سرخی

تمثال [تِ مْ ثا ل] (ع:ایضاً): بڑے سائز کی تصویر، پیکر

تمثیل [ت مْ ثی ل] (ع:ایضاً): ڈرامہ، علامتی قصے کی نقل

تمدن [تَ مَ دْ دُ ن] (ع:ایضاً): شہر میں رہن سہن کا
طریقہ، شہری زندگی

تمرد [ت مَ رْ رُ د] (ع:ایضاً) : سرکشی

تمسخر [ت مَ سْ خُ ر] (ع:ایضاً): مضحکہ

تمسک [ت مَ سْ سُ ک] (ع:ایضاً: گرفت، پکڑ،
ف: اقرار نامہ): دستاویز

تمغا [ت مْ غا] (ت:ایضاً: مہر): اعزازی نشان، بلّا
اردو املا تمغہ

تمکنت [ت مْ کَ نَ ت / ت مْ کے نَ ت]
(ع: ت مْ کَ نَ ت): شان، غرور

تمکین [ت مْ کی ن] (ع:ایضاً): قدر و مرتبہ، دبدبہ

تملق [تَ مَ لُ لُ ق](ع:ایضاً: نرمی): خوشامد، چاپلوسی

تملیک [تَ مْ لی ک] (ع:ایضاً): ملکیت میں دینا

تملیک نامہ: وصیت نامہ جس کی رو سے کسی کو جائیداد کا مالک بنایا جائے

تمن [تُ مُ مَ ن](ت: دس ہزار سپاہیوں کا رسالہ): پلٹن

تمن دار [تُ مَ نْ دا ر] : رسالدار

تمنا [تَ مَ نْ نا] (ع:ایضاً املا تَمَنّٰی): آرزو

تموج [تَ مَ وُ ج] (ع:ایضاً): پانی کا موجیں مارنا

تمول [تَ مَ وُ ل] (ع:ایضاً) : دولتمندی

تمہید [تَ مْ ہی د](ع:ایضاً): تیاری۔ کسی تصنیف کا تعارف، ......اُٹھانا: موضوع سے پہلے ابتدائی کلمات بیان کرنا

تمیز [تَ می ز](ع:ت مْ ی ئ ز)......کرنا: پہچاننا، ادب سے پیش آنا، فرق کرنا

تمئیز [تَ مْ ای ز] (ع:ایضاً): امتیاز کرنا، تمیز کا ہم معنی

تنازعہ [تَ نا زُ آ](ع:......زع): جھگڑا

تناسب [تَ نا سُ ب] (ع:ایضاً): مناسبت

تناسخ [تَ نا سُ خ](ع:ایضاً): ہندو عقیدے کے مطابق مرنے کے بعد روح کا قالب بدل کر دنیا میں بار بار پیدا ہونا

تناسل [تَ نا سُ ل] (ع:ایضاً: نسل بڑھانا): نر اور مادہ کے ملاپ سے نسل بڑھانا

تناظر [تَ نا ظُ ر] (ع:ایضاً): سیاق و سباق

تنافر [تَ نا فُ ر] (ع:ایضاً): باہمی نفرت، کراہت

تناقض [تَ نا قُ ض] (ع:ایضاً): تضاد

تناور [تَ نا وَ ر] (ف: تن + آور): موٹا، اونچا پورا (درخت کی نسبت بولتے ہیں)

تناول [تَ نا وُ ل] (ع:ایضاً)......کرنا: کھانا

تن آساں [تَ نا سا ں](ف: تن آساں): آرام پسند

تن پرور [تَ نْ پَ رْ وَ ر] (ف: تن + پرور (پروردن: پالنا) کے امر پَرْوَر سے بنا مرکب): آرام طلب۔ صرف مادی آرام کی فکر کرنے والا

تن تنہا [تَ نِ تَ نْ ہا](ع.ف: ایضاً): اکیلے ہی

تنخواہ [تَ نْ خا](ف: ...... خواہ: خدمت گار کی مزدوری): مشاہرہ

تندور [تَنْ دُوْ ر] (ع:ت نْ نوْ ر): بھٹی دیکھیے تنّور

تند [تُ نْد](ف): تیز

تندہی [تَ نْ دَ ہی] (ف:......دہی: کوشش): جی لگا کر کوشش کرنا

تندی [تُ نْد ی](ف: ایضاً): تیزی

تنزل [تَ نَ زُ زُ ل](ع:ایضاً: اُترنا): زوال

تنزیل [تَ نْ زی ل] (ع:ایضاً: اُترنا): قرآن شریف کا آسمان سے اُترنا

تن زیب [تَ نْ زے ب] (ف: تن کو زیب دینے والا): ایک مہین کپڑا جو معمولاً سوتی ہوتا ہے

تنزیہہ [تَ نْ زی ہ] (ع:ایضاً: آلائش سے پاک کرنا) : خدا کی ذات کا تصور جو صفات سے پاک ہو

تنسیخ [تَ نْ سی خ] (ع:ایضاً): منسوخ کرنا، رد کرنا

تنصیف [تَ نْ صی ف] (ع:ایضاً): نصف کرنا

تنظیم [تَ نْ ظی م](ع:ایضاً): ادارہ

تنغص [تَ نَ غْ غُ ص] (ع:ایضاً): طبیعت کا مکدر ہونا

تنفر [تَ نَ فْ فُ ر] (ع:ایضاً) : نفرت

تنفس [تَ نَ فْ فُ س] (ع:ایضاً: نَفَس سے مشتق) : سانس لینا

تنقیح [ت ن قی ح] (ع:ایضاً): صاف کرنا، گندگی سے پاک کرنا

تنقید [ت ن قی د] (ع:ایضاً: پرکھنا): کسی بات کی خوبیاں اور خامیاں بیان کرنا، اعتراض کرنا (عربی میں یہ لفظ مستعمل نہیں)

تنقیص [ت ن قی ص] (ع:ایضاً): نقص نکالنا

تنک (۱) [تُ نُ ک] (ف:ایضاً: تھوڑا،ہلکا): ہلکا

(۲) [ت نِ ک] (ہ): تھوڑا سا

تنک مزاج [تُ نُ ک مِ زا ج]

(ع.ف: تُ نُ ک مزاج) : چڑچڑا

تنکی [تُ ن کی] : ایک قسم کی باریک اور خستہ چپاتی

تنگ [ت نگ] (ف:ایضاً): سکڑا ہوا، فراخ کی ضد

تنگ چشم : متعصب

تنگ دست : غریب

(۲) [تُ نگ](ف): اناج رکھنے کا تھیلا۔ وہ ظرف جس کی گردن چھوٹی اور منہ تنگ ہو

تنگ نائے [تَ نگ نا ئے](ف: نای (بانس کی نلی): تنگ گزرگاہ

تنگہ [تَ نگ گا] (ف:.....گہ): ایک سکّہ

تنور [ت ن نو ر] (ف.ع: ت ن نور / ت نور) : نان پکانے کا الاؤ

تنوع [ت نَ نْو وُع] (ع:.....وُّع): مختلف نوع کا ہونا، طرح طرح کا ہونا

تنومند [تَ نو مَ ند] (ف: تنومند): طاقتور

تنویر [ت نْ وی ر] (ع:ایضاً): روشنی کرنا

تنویم [ت نْ وی م] (ع:ایضاً: نوم (نیند) سے مشتق): سلانے کا عمل، پیناٹزم

تنوین [ت نْ وی ن] (ع:ایضاً: نون کی آواز نکالنا): دو زیر، دو زبر یا دو پیش لکھ کر نون کی نمائندگی کرنا

تنہ [تَ نا] (ف:.....نہ): پیڑ کا موٹا حصہ

تواتر [تَ وا تُ ر] (ع:ایضاً): کسی بات کا متواتر (پے در پے) ہونا

توارد [تَ وا رُ د] (ع:ایضاً: ایک ہی جگہ وارد ہونا (اترنا): مختلف شاعروں کے مضامین کا لڑ جانا

توازن [تَ وا زُ ن] (ع:ایضاً: وزن سے مشتق): ہم وزن ہونا

تواضع [تَ وا ضُع] (ع:.....ضُع): انکسار، عاجزی

توافق [تَ وا فُ ق] (ع:ایضاً): موافقت

توام [تَو أَ م] (ع:ایضاً): جڑواں

تواں [تَ وا ں] (ف: تَ وا ں): طاقت

توانا [تَ وا نا] (ف: تَ وا نا) : طاقتور

توانائی [تَ وا نا ئی] (ف: تَ وا نا ای): طاقت، انرجی

توبڑا [تو بْ ڑا] (ف: تو بْ رہ): وہ تھیلا جس سے گھوڑا اناج کھاتا ہے

توبہ [تَ وْ با] (خصوصاً عورتوں کی زبان پر توبا): گناہوں سے باز آنے کا عہد

توبیخ [تَ وْ بی خ] (ع:ایضاً): ملامت، جھڑکی دیکھیے زجر و توبیخ

توثیق [تَ وْ ثی ق] (ع:ایضاً): عہد نامے کو پکا کرنا، تصدیق کرنا

توجہ [تَ وَ جْ جو ہ](ع: تَوَجُّہ : کسی کی طرف منہ
کرنا): دھیان دینا

توجیہ [تَوْ جی ہ] (ع: ایضا): وجہ بیان کرنا، سبب بیان کرنا

توحش [تَ وَحْ حُ ش] (ع: ایضا): وحشت

تودہ [تو دا] (ف: تودہ): انبار، مٹی کا ٹیلا

تورع [تَ وَ رْ روُ] (ع:......رع) : پرہیز گاری

تورہ [تو را] (ت: ایضا: رسم، قانون): مختلف کھانوں کے
خوان جو شادی کی تقریب میں تقسیم کیے جاتے ہیں

توڑا [تو ڑا] :(۱) اشرفیوں کی تھیلی (۲) ایک قسم کی زنجیر
جس کو گلے یا ہاتھ میں پہنا جاتا ہے

توڑے دار بندوق: فتیلے کے ذریعہ چھوڑی جانے والی بندوق

توسط [تَ وَ سْ سُ ط] (ع: ایضا): ذریعہ، واسطہ

توسل [تَ وَ سْ سُ ل] (ع: ایضا): وسیلہ

توسن [تَ وْ سَ ن] (ف: ایضا: تند و سرکش گھوڑا): گھوڑا

توسیع [تَ وْ سی] (ع:......ع): وسعت پیدا کرنا

توشک [تو شَ ک]: بچھونا

توشہ [تو شا] (ف:......شہ): زادِ راہ، ٹفن

توشیح [تَ وْ شی ح) (ع: ایضا: آرائش): ایک صنعت شعری
جس میں ہر مصرع یا بیت کے پہلے حروف جمع کرنے سے
کسی کا نام نکلتا ہے

توصیف [تَ وْ صی ف] (ع: ایضا: وصف بیان کرنا):
تعریف کرنا

توضیح [تَ وْ ضی ح] (ع: ایضا: وضاحت): وضاحت کرنا

توفیق [تَ وْ فی ق] (ع: ایضا): نیک کام ادا کرنے کا ارادہ
جو خدا کی طرف سے ہو

توقع [تَ وَ قْ قوُ] (ع:......قْ ع) : امید

توقف [تَ وَ قْ قُ ف] (ع: ایضا)......کرنا: ٹھہرنا

توقیع [تَ وْ قی] (ع:......ع): شاہی دستخط

توکل [تَ وَ کْ کُ ل] (ع: ایضا): خدا پر بھروسہ کرنا

تولائی [تَ وَ لْ لا ای] (ع): شیعوں کا وہ فرقہ جو تبرا نہ
کرتا ہو

تولد [تَ وَ لْ لُ د] (ع: ایضا)......ہونا: ولادت پانا، پیدا ہونا

تولیت [تَ وْ لِ یَت] (ع: ایضا): کسی نابالغ کا
سرپرست بننا

تولیہ [تَ وْ لِ یا]: بدن پونچھنے کا کپڑا

تونبا [تو مبا]: وہ سوکھا ہوا کدو جسے بطور کشکول استعمال
کرتے ہیں اور اس سے شراب بھی پی جاتی ہے

توندل [تو نْد ل] : جس کی توند نکلی ہو

تونسنا [تَ وْ ں سْ نا] : دھوپ کی شدت سے نڈھال
ہونا، شدید پیاس لگنا

تونس [تَ وْ ں س]: دھوپ کی شدت سے لگی ہوئی
شدید پیاس

تونگر [تَ وَ نگ گَ ر] (ف: تو انْ گر) : مالدار

توہم [تَ وَ ہْ ہُ م] (ف: ایضا): وہم

توہین [تَ وْ ہی ن] (ع: ایضا): بے عزتی

تہہ [تہہ] (ف: ت ہ املا: تہ): سب سے نچلی سطح
......کرنا: کپڑے کی ایک پرت دوسری پرت پر جمانا، لپیٹنا
دیکھیے زانو تہہ کرنا

تہہ بند [تہہ بَ نْد] (ف: ایضا): لنگی

تہتک [تَ ہَ تْ تَ ک]: ہتک

تہجد [ت ہ ج ج د] (ع:ایضاً): رات کے پچھلے پہر کی سنت نماز

تہ جرعہ [ت یہہ ج ر آ] (ف.ع: تہ ہ..... عہ): تلچھٹ

تہ دار [ت یہہ دا ر] (ف: تہ ہ دار، املا تہ دار)

تہدید [ت یہہ دی د] (ع: تہ ہ.....د): دھمکی

تہذیب [ت یہہ ذی ب] (ع: ت ہ..... ب: آراستہ کرنا): اعلیٰ معیار زندگی۔ طرز بودوباش

تہس نہس [ت ہ س ن ہ س] ..... کرنا: برباد کرنا

تہلکہ [ت ہ ل کا] (ع: ت ہ ل کہ: ہلاکت): ہنگامہ، کھلبلی

تہلیل [ت یہہ لی ل] (ع: ت ہ..... ل: لاالہ کا ورد کرنا): وظیفہ پڑھنا

تہمت [تو ہ م ت] (ع: ت ہ م ت): الزام

تہمد [ت یہہ م د] : تہہ بند

تہمتن [ت ہ م ت ن] (ف: ت ہ م ت ن): بہادر۔ رستم کا لقب

تہ نشیں [ت یہہ ن شی ں] (ف: ت ہ ..... ن) (املا تہ نشین): تہہ میں بیٹھنے والی چیز مراد تلچھٹ

تہنیت [ت یہہ ن ی ت] (ع: ت ہ ن ی ت): مبارکباد

تہ وبالا [ت ہو با لا] (ف: ایضاً تہ: نیچے، بالا: اوپر "املا تہ وبالا") ..... کرنا: تہس نہس کرنا

تہور [ت ہ ؤ ر] (ع: ایضاً): جوش میں آکر بہادری دکھانا

تہی [ت ہی] (ف: تہی): خالی

تہیدست [ت ہی د شت] (ف: ت..... شت): مفلس

تہی مغز [ت ہی م غ ز] (ف: ت..... ز): کند ذہن

تہیج [ت ہ ی ج] (ع: ایضاً): ہیجان پیدا کرنا

تہیہ [ت ہ یا] (ع: ..... یہ: تیاری، سامان) : ارادہ

تیار [ت یا ر] (ع: طیار (اڑنے والا) فارسی اور اردو املا تیار): مستعد، آمادہ، مکمل، وہ موٹا جانور جو ذبیحہ کے لیے مناسب ہو

تیج (۱) [تے ج] (ہ: ایضاً) : چمک

(۲) [تی ج] (ہ: ایضاً): تہوار۔ اردو میں ترکیب "تیج تہوار" میں مستعمل

تیجا [تی جا] : میت کی تیسرے دن کی فاتحہ

تیج پات [تے ج پا ت] : ایک خوشبودار پتہ جو سالن میں ڈالتے ہیں

تیر بہدف [تی ر ب ہ د ف] (ف: ایضاً، ہدف: نشانہ) : وہ تیر جو نشانے پر بیٹھے۔ اچوک، ..... علاج: کامیاب علاج

تیرہ (۱) [تے را] (ہ: تے رہ): دس جمع تین

(۲) [تی رہ] (ف: ایضاً): تاریک

تیرہ تیزی [تے را تے زی] : ماہ صفر کی تیرہویں تاریخ کا تہوار جو ہندوستانی مسلمان عورتیں مناتی ہیں

تیشہ [تے شا] (ف: تی شہ): کلہاڑی

تیغا [تے غا] ..... کرنا: دروازے، دیوار یا محراب کا سوراخ اینٹ پتھر سے بند کرنا

تیلی (۱) [تے لی]: تیل بنانے یا بیچنے والا

(۲) [تی لی] : لکڑی کی سلائی

تیماردار [تی ما ر دا ر] (ف: ایضاً): بیمار کی خدمت کرنے والا / والی

تیور [تے و ر] : چہرے کا تاؤ بھاؤ مراد رویہ، انداز

تیورانا [تے و را نا] : چکرانا، غش آنا

تیوری [تے و ری]: ابرو

تیہا [تے ہا] (ہ): جوش، غصہ

تیہو [تے ہو] : ایک پرندہ

(تھ)

تھانگ [تھا نگ] : چوروں کا اڈہ

تھانولا [تھا ں وْ لا] : درخت کی جڑ کے ارد گرد بنایا ہوا گڑھا تاکہ پانی اس میں جمع رہے اسے تھالا بھی کہتے ہیں

تھاہ [تھا ہ] : کنویں یا دریا کی نچلی سطح، گہرائی، تہہ

تھپیڑا [تھ پے ڑا] : موج کی ضرب

تھتکارنا [تُھ ت کا رْ نا] : نفرت سے تھوکنا

تھتھلانا [تُھ تُھ لا نا] : منہ پھلانا، خفگی کا اظہار کرنا

تھرکنا [تھ رَ کْ نا] : رقص میں بدن کو جنبش دینا

تھڑا [تھ ڑا] : مکان کے آگے کا چبوترا

تھڑدلا [تُھ ڑْ دِ لا] : چھوٹے دل کا، تنگ دل

تھڑی تھڑی [تُھ ڑی تُھ ڑی] ..... ہونا: بدنامی ہونا

تھکا فضیحتی [تُھ کْ کا فَ ضی تی] (تھوک سے تھکا): دیکھیے تُکا فضیحتی

تھل بیڑا [تھ لْ بے ڑا] : جہاز یا ناؤ کے ٹھہرنے کی جگہ

تھلتھلانا [تھُ لْ تھُ لا نا] : فربہی کی وجہ سے بدن کے گوشت کا ہلنا

تھوتھا [تھو تھا] : کھوکھلا

تھوتھا چنا باجے گھنا: کم ظرف نمائشی کے لیے بولتے ہیں

تھوتھنی [تھو تُھ نی] : گھوڑے کا منہ، جانور کا منہ

تھوک (۱) [تھو کْ] : کسی جنس کا ایک ساتھ بیچنا

(۲) [تھوْ کْ] : تھوکنا کا حاصل مصدر

تھوہر [تھوْ ہَ رْ] : ایک قسم کا زہریلا کانٹے دار درخت عام بول چال میں تھوہڑ بھی مستعمل

(ٹ)

ٹاپنا [ٹا پْ نا] : گھوڑے کا زمین پر (اگلے) پاؤں مارنا

ٹاپو [ٹا پُو] : چھوٹا جزیرہ

ٹاٹ بافی [ٹا ٹْ با فی] : جوتی، جوتی پر چاندی کے تاروں سے کیا ہوا کام

ٹال [ٹا ل] : لکڑی کی دکان

ٹال مٹول [ٹا لْ مَ ٹو ل] (اصل ٹال مٹول) بہانے بازی

ٹامک ٹوئیے (ٹا مَ کْ ٹو ا یے] ..... مارنا: انکل سے چلنا

ٹانٹ [ٹا ں ٹ] : کھوپڑی

ٹانڈا [ٹا نڈ ا] : بنجارے کے سامان سے لدے ہوئے جانوروں کا جھنڈ، مجازاً لوگوں کا ہجوم

ٹانگن [ٹا نگ ن] : پہاڑی ٹٹو

ٹبر [ٹَ بْ بَ رْ] : خاندان، قبیلہ

ٹپس [ٹَ پْ پَ سْ] ..... جمانا: مطلب بر آری کے لیے ڈھونگ رچانا

ٹپکا [ٹَ پْ کا] ٹپکنا کا حاصل مصدر: تقاطر

ٹپکے کا آم: پیڑ پر سے پک کر گرا ہوا آم

ٹٹ پونجیا [ٹُ ٹْ پُو نْجِ یا] : کم پونجی والا، چھوٹا بیوپاری

ٹٹکارنا [ٹِ ٹْ کا رْ نا] : منہ سے آواز نکال کر جانور کو ہانکنا

ٹٹیہری [ٹِ ٹے ہْ ری] : پانی کے قریب رہنے والی ایک قسم کی چھوٹی چڑیا مجازاً معمولی آدمی

ٹچا [ٹُ چْ چا] : چھوٹا مجازاً کم ظرف آدمی

ٹڈی دل [ٹِ ڈْ ڈی دَ ل] : بڈی + دل (جھنڈ، گروہ): ٹڈیوں کا جھنڈ مجازاً بھاری فوج

ٹرھ منہا [ٹِ رْھ مُ ں ہا] : ٹیڑھے منہ کا مجازاً چڑچڑا

ٹس سے مس [ٹَ سْ سے مَسْ]...... نہ ہونا: بالکل اثر قبول نہ کرنا

ٹسر مسر [ٹَ سَ رْ مَ سَ رْ]...... رونا: زار و قطار رونا

ٹسوا [ٹَ سْ وا] : آنسو

ٹسوے [ٹَ سْ وے]...... بہانا: زار و قطار رونا، روتے رہنا

ٹکا [ٹَ کا] : ایک انتہائی کم قیمت کا سکہ

ٹکٹکی [ٹَ کْ ٹَ کی]...... باندھ کر دیکھنا: نظریں گاڑ کر عالم حیرت میں ایک ہی جگہ دیکھنا

ٹکڑ [ٹُ کَ ڑ] : ٹکڑا

ٹکڑ گدا [ٹُ کَ ڑْ گَ دا] : بھک منگا

ٹکور [ٹَ کو ر] : گرم پانی کا ترارا

ٹکیا [ٹِ کْ یا] : چھوٹی چپٹی گولی

ٹم ٹم [ٹَ مْ ٹَ م] : ایک قسم کی گھوڑا گاڑی

ٹمٹانا [ٹِ مْ ٹِ ما نا] : (چراغ کا): کم لو دینا

ٹنڈا (۱) [ٹِ نْڈا]: ایک قسم کی ترکاری

(۲) [ٹُ نْڈا] : جس کے ہاتھ کہنی سے کٹے ہوں

ٹنڈ منڈ [ٹُ نْڈ مُ نْڈ]...... پیڑ: وہ پیڑ جس کی شاخیں کٹی ہوں یا جو بے برگ و بار ہو

ٹنڈیاں [ٹُ نْڈ یا ں] : دونوں بازو

ٹوڈی [ٹو ڈی] (انگ: Toady): خوشامدی، سرکار پرست

ٹوک (۱) [ٹو ک] (ٹوکنا کا حاصل مصدر)...... لگنا: نظر لگنا

(۲) [ٹوک]: ٹُ کْ ڑا : دیکھیے دو ٹوک جواب

ٹولا [ٹو لا]: (۱) پتھر کا بڑا ٹکڑا (۲) بڑی جوئیں (۳) ہجوم (ٹولی) کی تذکیر

ٹوم چھلا [ٹوم چھ لْ لا] :ادنی درجے کا زیور

ٹوہ [ٹو ہ] : تجسس، کرید

ٹیس [ٹی س] : شدت کا درد، درد کی لہر

ٹینٹوا [ٹے ں ٹُ وا] : گلا

(ٹھ)

ٹھاننا [ٹھا نْ نا]: پکا ارادہ کرنا

ٹھٹ [ٹھَ ٹ]: بھیڑ، ہجوم

ٹھٹ کے ٹھٹ لگ جانا: لوگوں کا ہجوم اکٹھا ہونا

ٹھٹکنا [ٹھِ ٹَ کْ نا]: چلتے چلتے اچانک رُک جانا، چونک جانا

ٹھٹول [ٹھِ ٹو ل] (ہ: ٹھٹھول): ہنسی، مذاق

ٹھٹھیرا [ٹھَ ٹھے را] : ظروف ساز

ٹھکرائن [ٹھَ کْ را اِن] : ٹھاکر کی تانیث

ٹھگ بدیا [ٹھَ گْ بِ دْیا] (ہ: و دیا: علم): ٹھگنے کا فن

ٹھلیا [ٹھِ لْ یا]: کوزہ

ٹھمکارنا [ٹھُ مْ کا رْ نا]: پتنگ کی ڈور کو انگلی سے جھٹکے دینا

ٹھمک ٹھمک کر چلنا: ناز نخرے سے چلنا

ٹھنڈائی [ٹھَ نْڈا اِی] : وہ دوا جس میں کافور ملا ہو۔ اس کا ذائقہ ٹھنڈا ہوتا ہے

ٹھنکنا [ٹھَ نَ کْ نا] (ہ: ٹھنک: طبلے کی آواز): چونک جانا جیسے ماتھا ٹھنکنا

ٹھگنا [ٹھِ گْ نا] : پست قد

ٹھوسنا [ٹھُو س نا / ٹھو س نا] : زبردستی داخل کرنا

ٹھونگ [ٹھو نگ] (ہ: ٹھونگ): چونچ

ٹھہاکا [ٹھَ ہا کا]: قہقہہ

ٹھہرنا [ٹھَ ہ رْ نا / ٹھَ ہے رْ نا] : رُک جانا

ٹھیپ [ٹھی پ] : وہ ٹھیکرا جس میں فقیر آگ رکھتے ہیں، ایک قسم کا چراغ

ٹھیک [ٹھے ک] : سہارا جس پر کوئی چیز ٹکی ہو

...... نکل جانا : حواس باختہ ہونا

ٹھیلنا [ٹھے ل نا] دھکیلنا

اونگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ: کسی کے گلے پڑنے پر بولتے ہیں

ٹھینگا [ٹھے نگا]: انگوٹھا

ٹھیس [ٹھے س]: صدمہ، چوٹ

(ث)

ثابت [ثا بِ ت / بول چال ثا بُ ت]

(ع:ایضاً): ستارہ (جو حرکت نہیں کرتا)، قائم، سالم (جیسے ثابت و سالم) ...... کرنا: صحیح ہونے کی دلیل دینا

ثابت خانی [ثا ب ت خا نی] : مسلّح سپاہی

ثاقب [ثا قِ ب] (ع:ایضاً): چمکیلا، روشن، دیکھیے شہابِ ثاقب

ثالث [ثا لِ ث] (ع:ایضاً): تیسرا، دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ کرنے والا تیسرا شخص، حکم

ثانی الحال [ثا نِ یُ ل حا ل] (ع:ایضاً): اس کے بعد

ثانیہ [ثا نِ یا] (ع: ...... یہ): سیکنڈ (وقت کا پیمانہ)، پل، ثانی کی تانیث

ثبات [ثَ با ت] (ع:ایضاً): استقلال، ٹھہراؤ

ثبت [ثَ بْ ت] (ع:ایضاً) ...... کرنا: قائم کرنا،

مہر ثبت کرنا: مہر لگانا

دستخط ثبت کرنا: دستخط کرنا

ثبوت [ثُ بُو ت / بول چال ثَ بُو ت]

(ع: ثُ ...... ت: مضبوطی): دلیل

ثروت [ثَ رْ وَ ت] (ع:ایضاً): دولت

ثریٰ [ثَ را] (ع: ...... ریٰ: زمین کا آخری سرا جسے تحت الثریٰ بھی کہتے ہیں) : پاتال

ثریا [ثُ رَ یا] (ع:ایضاً): ستاروں کا جھرمٹ، جھرمٹ جسے فارسی میں 'پروین' کہتے ہیں۔ قدیم عقیدے کے مطابق بلند ترین مقام، ثریٰ کی ضد

ثعلب [ثا لَ ب] (ع: ...... عْ ...... ب): لومڑی

ثعلب مصری [ثا لَ بِ مِ صْ ری]: ایک دوا کا نام

ثقافت [ثَ قا فَ ت] (ع:ایضاً): کلچر

ثقالت [ثِ قا لَ ت] (ع:ایضاً): بھاری پن

ثقل [ثِ قْ ل] (ع:ایضاً: بھاری پن): دیکھیے کشش ثقل

ثقلین [ثَ قْ لَ یْ ن] (ع: ثقل کا تثنیہ: دو بھاری بوجھ): زمین پر دو بھاری چیزیں مراد جن و انس

ثقات [ثِ قا ت] (ع:ایضاً جمع: واحد ثقہ): معتبر لوگ

ثقہ [ثِ قا] (ع: ...... قہ): وہ شخص جس کی بات مستند مانی جائے

ثقیل [ثَ قی ل] (ع:ایضاً: بھاری): وہ غذا جو دیر سے ہضم ہو

ثلاثہ غسالہ [ثَ لا ثَ اے غَ سْ سا لا]

(ع: ...... لہ): وہ تین شراب کے پیالے جو صبح دم اعضاء شکنی دور کرنے کے لیے پیتے ہیں

ثلاثی [ثُ لا ثی] (ع:ایضاً: سہ حرفی کلمہ): تین مصرعوں کا ایک بند

ثم [ثُ مْ ما] (ع:ایضاً: پس، پھر): (۱) تاکیدی کلمہ جیسے ثم آمین (۲) وطن ثانی کے اظہار کے لیے ثمہ کا اضافہ کرتے ہیں جیسے ثمہ دہلوی

ثمر [ثَ مَ ر] (ع:ایضاً): پھل

ثمرہ [ثَ مَ را] (ع:...رہ: پھل): نتیجہ، فائدہ

ثمن (۱) [ثَ مَ ن] (ع:ایضاً): قیمت

(۲) [ثُ مُ ن] (ع:ایضاً): آٹھواں

ثمود [ثَ مُوْ د] (ع:ایضاً) ایک قدیم قوم کا نام جو اپنی سرکشی اور بدکاری کی وجہ سے نابود ہوگئی

ثمین [ثَ می ن] (ع:ایضاً): قیمتی

ثوابت [ثَ وا ب ت] (ع:ایضاً جمع: واحد ثابتہ): (غیر متحرک) ستارے

ثور [ثَ وْ ر] (ع:ایضاً: بیل) ایک برج کا نام

ثیبہ [ثَ یِّ با] (ع:...بہ): شادی شدہ خاتون

(ج)

جاجم [جا جَ م]: قالین پر بچھانے کا کپڑا دیکھیے جازم

جاحظ [جا حِ ظ]: ایک مشہور عالم کا نام

جازم [جا زِ م]: دیکھیے جاجم

جالینوس [جا لی نوْ س]: ایک مشہور طبیب کا نام

جامن (۱) [جا مُ ن]: ایک پھل

(۲) [جا مَ ن]: دہی جمانے کے لیے استعمال ہونے والا پھٹا دودھ

جاں بلب [جا ں بَ لَ ب]: قریب المرگ

جانبین [جا نِ ب ے ن] (ع:ایضاً: جانب کا تثنیہ): فریقین

جاں سپاری [جا ں سِ پا ری] (ف: سپردن/سپاردن (سونپنا) کے امر سے بنا اسم): کسی پر جان نثار کرنا

جاں ستاں [جا ں سِ تا ں] (ف:ستاں: ستاندن (لینا) کے امر 'ستاں' سے بنا اسم فاعل): جان لینے والا مراد محبوب

جاں فرسا [جا ں ف ر سا] (ف: فرسودن (گھسنا) کے امر 'فرسا' سے بنا اسم صفت): سخت تکلیف دہ

جاں فزا [جا ں ف زا] (ف: فزودن/افزودن (بڑھانا) کے امر 'فزا' (افزا) سے بنا اسم صفت): فرحت بخش

جاں فشانی [جا ں ف شا نی] (ف: فشاندن/افشاندن (چھڑکنا) کے امر فشاں (افشاں) اور اس میں ی کے اضافے سے بنا اسم): سخت محنت

جاں کاہ [جا ں کا ہ] (ف:ایضاً کاستن/کاہیدن (گھٹنا/گھٹانا) کے امر 'کاہ' سے بنا اسم صفت): تکلیف دہ

جاں کنی [جا ں کَ نی] (ف:ایضاً کندن (کھودنا، کھود کر نکالنا) کے امر 'کن' میں ی کے اضافے سے بنا اسم): سکرات

جاں گداز [جا ں گُ دا ز] (ف:ایضاً: گداختن (پگھلنا، پگھلانا) کے امر 'گداز' سے بنا اسم صفت): تکلیف دہ، اذیت ناک

جاں گسل [جا ں گُ سِ ل] (ف:ایضاً گسیختن (توڑنا) کے امر گسل سے بنا اسم صفت): اذیت ناک، تکلیف دہ

جانگلو [جا نگ لوْ]: جنگلی اجڈ

جبال [جِ با ل] (ع:ایضاً جمع: واحد جبل: پہاڑ): پہاڑ بصیغہ جمع

جبریل [جِ بْ ری ل]: وحی لانے والے فرشتے کا نام

جبرئیل [جِ بْ رَ ای ل]: وحی لانے والے فرشتے کا نام

جبرائیل [جِ بْ را ای ل]: وحی لانے والے فرشتے کا نام

جبل [جَ بَ ل] (ع:ایضاً): پہاڑ

جبل الطارق [جَ بَ لُ ط طا رِ ق]: ایک مشہور پہاڑ کا نام، جبر الٹر

جبلت [جِ ب لِ لَ ت](ع:ایضاً): ایک حس جس کے لیے عقل و شعور درکار نہ ہو Instinct

جبہ [جُ بْ با] (ع: ...بہ): ایک ڈھیلا ڈھالا لباس

جبہہ [جَ بْ ہَ]: پیشانی

جبہہ سائی [جَ بْ ہَ سا ای](ف:ایضاً سودن (رگڑنا) کے امر 'سا' سے بنا اسم): سجدہ ریزی

جتانا (۱) [جَ تا نا]: کسی بات پر زور دیتے ہوئے بتانا

(۲) [جِ تا نا]: جیت کا سبب بننا، جیت کا تعدیہ

جتیانا [جُ تْ یا نا]: جوتے مارنا

جٹادھاری [جَ ٹا دھا ری]: لمبے بالوں والا سادھو

جثہ [جُ ثْ ثا](ع: ...ثہ): ڈیل ڈول

جد (۱) [جَ دْ] (ع:جَ دْ): دادا جمع: اجداد

(۲) [جِ دْ] (ع:جِ دْ): کوشش

جدل [جَ دَ ل](ع:ایضاً): جنگ جیسے جنگ و جدل

جدلیات [جَ دَ لِ یا ت] (ع:جَ دَ لِ یا ت) موزوں: فلسفے کی وہ شاخ جس کی رو سے متضاد تصورات میں تصادم لازم ہے Dialectics

جدوجہد [جَ دْ دو جَ ہْ د]
(ف: جَ دْ و جَ ہْ د): سخت کوشش

جدہ (۱) [جَ دْ دا] (ع:جَ دْ دَ ہ): دادی/نانی

(۲) [جِ دْ دا] (ع:جِ دْ دَ ہ): عرب کی مشہور بندرگاہ

جدول [جَ دْ وَ ل]: شیڈول، فہرست

جدی (۱) [جَ دْ ی] (ع:ایضاً: بکری کا بچہ): ایک برج کا نام (خط جدی: خط استوا سے جنوب میں اس کے متوازی کھینچا ہوا فرضی خط)

(۲) [جَ دْ دی]: آبائی۔ ایک دادا کی اولاد

(۳) [جُ دی]: جُدا کی اُردو تانیث اب متروک

جذام [جُ ذا م]: کوڑھ

جراحت [جَ را حَ ت] (ع:جِ را حَ ت): زخم

جرِ ثقیل [جَ رِ ثَ قی ل]: بھاری بوجھ کھینچنے کا علم / آلہ

جرثوم/مہ [جَ رْ ثو م/ما] (ع: ...مہ): انتہائی چھوٹا کیڑا جو خوردبین کے بغیر نظر نہ آئے۔ جمع: جراثیم

جرح [جِ رْ ح] (ع:جُ رْ ح: زخم) ... کرنا: گواہوں سے وکیل کا سوال جواب کرنا

جرس [جَ رَ س] (ف:ایضاً): گھنٹہ یا گھنٹی

جرعہ [جُ رْ آ] (ع:جُ رْ عہ): گھونٹ

جرگہ [جَ ر گا / جِ ر گا]: قبیلہ

جرم (۱) [جُ رْ م]: خطا

(۲) [جِ رْ م]: بے جان چیزوں کا جسم جمع: اجرام

جرہ [جُ رْ را] (ف: ...رہ): ایک شکاری پرندہ جس کی مادہ کو باز کہتے ہیں

جریان [جَ رْ یا ن] (ع:جَ ریان: بہاؤ): ایک بیماری کا نام

جریب [جَ ری ب]: زمین ناپنے کا پیمانہ جو لاٹھی کی شکل میں ہوتا ہے

جریدہ [جَ ری دا] (ع: ...دہ): رسالہ journal

جڑنا (۱) [جَ ڑْ نا]: (۱) سونے چاندی کے زیور میں موتی بٹھانا (۲) زور سے مارنا مثلاً طمانچہ جڑنا

(۲) [جُ ڑْ نا]: جوڑا جانا

جزبز [جِ زْ بِ زْ] ... ہونا: ناراض ہونا، چڑھ جانا

جزر [جَ زْ ر / بول چال جَ زَ ر] (ع:جَ زْ ر): سمندر میں پانی کا اُترنا۔ اس کی ضد 'مد' ہے جیسے مدوجزر: جوار بھاٹا

جزم [جَ زْ م](۱) علامت سکون (ـْـ) (۲) پختہ عزم بالجزم

جزو/جز [جُ زْ و مخفف جُ ز] (ع:ایضاً): ٹکڑا، جمع: اجزا

جزو لایتجزیٰ [جُ زْ وِ لا یَ تَ جَ زْ زا]
(ع:……زیٰ): ذرہ جس کی مزید تقسیم نہ ہو سکے۔

جوہر (ایٹم) Atom

جزو لاینفک: [جُ زْ وِ لا یَ نْ فَ کْ] : وہ جز جسے کسی چیز سے الگ نہ کیا جاسکے

جزئیات [جُ زْ ای یا ت]: تفصیلات

جزیہ [جَ زْ یا](ع: ج زْ یہ) : معنی معروف

جست [جَ سْ ت] (۱) (ف: ایضاً جَستن (اُچھلنا) کے ماضی سے بنا حاصل مصدر): چھلانگ (۲) (ہ): سیسہ

جستہ جستہ [جَ سْ تا جَ سْ تا] : ادھر اُدھر جیسے جستہ جستہ مطالعہ کرنا

جستجو [جُ سْ تْ جوُ](ف:……ث جوُ): جُستن (تلاش کرنا) کے امر اور ماضی سے بنا حاصل مصدر): تلاش

جسد [جَ سَ د] (ع:ایضاً: جسم، جمع: اجساد): بدن

جعل [جا ل] (ع: جَ عْ ل) : فریب

جغادری [جَ غا دَ رِی] : بھاری بھر کم

جفت [جُ فْ ت]:(۱) جوڑا (۲) دو پر تقسیم ہونے والا عدد، طاق کی ضد

جگ (۱) [جَ گ] : دنیا

(۲) [جُ گ]: (س: یُگ کا مورّد): زمانہ

جگ جگ جیو [جُ گ جُ گ جِ یو]: دعائیہ فقرہ

جگت (۱) [جَ گ ت] :(۱) دنیا (۲) کنویں کی منڈیر

(۲) [جُ گ ت](س: یُکت): تدبیر

جگت [جُ گ ت]…… بولنا: گفتگو میں تک سے تک ملا کر بولنا جیسے ضلع جگت

جگر مگر [جَ گ زْ مَ گ ر]…… کرنا: چمکنا

جل (۱) [جَ ل]: (۱) جلنا کا امر (۲) پانی

(۲) [جُ ل] : فریب

(۳) [جَ لْ لَ (شانہٗ)] : وہ بڑی شان والا ہے

جلاجل [جَ لا جِ ل] (ع: ایضاً جمع: واحد جُلجُل: جھانجھ): جھانجھ کی جوڑی

جلاوطن [جَ لا وَ طَ ن] (ع: جَ لا وَ طَ ن): وطن سے نکالنا، شہر بدر کرنا

جلد (۱) [جَ لْ د]: فوراً، بلا تاخیر

(۲) [جِ لْ د]:(۱) بدن کی کھال (۲) کتاب کا کَوَر Cover

جلسہ [جَ لْ سا] (ع:……سہ: نشست): مجمع

جلندھر [جَ لَ نْ دَ ھر]: ایک بیماری جس میں پیٹ میں پانی بھر جاتا ہے اور پیٹ پھول جاتا ہے

جلو [جِ لَ وْ]: وہ عملہ جو جلوسِ شاہی کے ساتھ ساتھ چلتا ہے جلو میں: ساتھ ساتھ

جلوت [جَ لْ وَ ت / بول چال ج لْ وَ ت]
(ع: ایضاً): سب کے روبرو، خلوت کی ضد

جلوس [جُ لوُ س] (ع: ایضاً: بیٹھنا): لوگوں کا ہجوم جو قطار اندر قطار راستوں میں نکلتا ہے

جلوس شاہی [جُ لوُ سِ شا ہی]: بادشاہ کی تخت نشینی

جلوہ (۱) [جَ لْ وا](ع:……وہ): نظارہ……دکھانا: کسی خاص انداز سے جھلک دکھانا

(۲) [جُ لْ وا]: آرسی مصحف کی رسم

جمادی الاولیٰ [جُ ما دَ لْ اُو لا] : ہجری سال کا پانچواں مہینہ۔ اردو میں جمادی الاوّل بھی کہتے ہیں

جمادی الاخریٰ [جَ ما دَ لْ اُ خْ را]: ہجری سال کا چھٹا مہینہ۔ اردو میں جمادی الآخر بھی کہتے ہیں

جم غفیر [جَ مْ مِ غَ فی ر]: ہجوم۔ جس سے زمین ڈھک جائے، دیکھیے غفیر

جماع [جِ ماَ] (ع: ج م ع): ہم بستری

جمع [جَ ما] (ع: جَ مْ ع) ...... ہونا: اکٹھا ہونا

جمعگی [جُ ما گی] (ع. ف: جُ مْ عَ گی) (فارسی معنی وہ رقم جو ہر جمعہ کو بطور وظیفہ طلبہ کو دی جاتی ہے): شادی کی ایک رسم

جمعہ [جُ ما / بول چال جُ مْ ما] (ع: جُ مْ عہ): ایک دن کا نام

جمعرات [جُ مے را ت] موژد : جمعہ سے پہلے کا دن

جمل (۱) [جَ مَ ل] (ع: ایضاً): اونٹ

(۲) [جُ مَ ل] (ع: ایضاً جمع: واحد جملہ): جملے

(۳) [جُ مْ مَ ل] : حروف ابجد کے اعداد کا حساب

جمود [جُ موٗ د] (ع: جُ موٗد): بے عملی، ٹھہراؤ

جمہور [جُ م ہوٗ ر] (ع: جُ مْ ہوٗ ر / جَ مْ ہوٗ ر): عوام

جمہوریت [جَ مْ ہوٗ رِ یَ ت] (ع: جُ ...... یَّ ت): ڈیموکریسی

جناب [جَ نا ب] (ع: ایضاً: چوکھٹ، آستانہ): تعظیمی کلمہ جو اسم خاص کے آگے بڑھاتے ہیں

جنابت [جَ نا بَ ت]: ناپاکی

جنات [جِ نْ نا ت]: جن کی جمع، اردو میں بصیغۂ واحد بھی مستعمل

جناح (۱) [جَ نا ح] (ع: ایضاً): پَر، بازو، دیکھیے ذوالجناح

(۲) [جُ نا ح] (ع: ایضاً): گناہ

جنم [جَ نَ م] (س: جَنْم): پیدائش

جنوب [جُ نوٗ ب] (ع: جَ نوٗب): شمال کی مخالف سمت

جنہ [جِ نْ نا] (ع: ...... نہ): جن کی جمع

جنید [جُ نَ ے د]: ایک مشہور صوفی کا نام

جنین [جَ نی ن] (ع: ایضاً): بچہ دانی کے اندر کا بچہ۔ جمع: اَجِنَّہ

جوا [جُ وا] (۱) بیل کی گردن پر رکھی جانے والی لکڑی

(۲) قمار بازی

جواب دہ [جَ وا ب دِ ہ] (ف: ...... دہ، دادن (دینا) کے امر 'دِہ' سے بنا اسم فاعل): جواب دینے پر پابند، ذمہ دار

جواد [جَ وّا د] (ع: جَ واد: سخی) : سخی۔ اردو میں صرف اسم خاص کے طور پر مشدّد مستعمل جیسے علی جوّاد

جوار (۱) [جَ وا ر]: ایک قسم کا اناج

(۲) [جُ وا ر] (س: جُوار): دریا میں پانی کا چڑھنا: مد

جوار بھاٹا : مد و جزر

جوارش [جَ وا رِ ش] (ف: گُوارش کا معرب): خوش ذائقہ، معجون

جوالا [جَ وا لا] (س: جوالا): روشنی

جوالا مکھی [جَ وا لا مُ کھی] (س: جوالا مُ کھ): کوہِ آتش فشاں

جوالہ [جَ وّا لا] (ع: ...... لہ): وہ چیز جسے چکر دیں جیسے شعلۂ جوّالہ (لکڑی کے دونوں سروں پر جلتی ہوئی آگ جسے گھمانے سے چکر دار شعلہ نظر آتا ہے

جو (۱) [جَ وْ]: ضمیر موصولہ جیسے 'جو شخص مجھے نظر آیا وہ......

(۲) [جَ وْ] : ایک قسم کا اناج

(۳) [جوٗ] (ف: ایضاً): (۱) نہر (۲) جُستن (ڈھونڈنا) کا امر۔ ان تراکیب میں مستعمل بہانہ جو (بہانے باز)، جنگجو (تلاش)، جنگ جو (جنگ باز) وغیرہ

جود [جوٗ د] (ع:ایضاً): سخاوت، جیسے جود و سخا

جودت [جَ وْ دَ ت] (ع:ایضاً): خوبی مراد ذہانت

جودی [جوٗ دی] (ع:ایضاً): ایک پہاڑ کا نام جہاں طوفان کے بعد حضرت نوح کی کشتی جا لگی تھی

جوڑا (۱) [جوٗ ڑا] : ایک ہی طرح کی دو چیزیں

(۲) [جوٗ ڑا] : بالوں کا گچھا جو عورتیں سر کے پیچھے باندھتی ہیں

جوزا [جَ وْ زا] (ع:ایضاً): ایک بُرج کا نام جسے فارسی میں دو پیکر بھی کہتے ہیں

جوشاندہ [جو شا نْدا] (ف: جوشاندہ: جوش کھلایا ہوا): ایک اُبالی ہوئی دوا

جوشن [جَ وْ شَ ن] : زرہ

جوع [جوٗ] (ع: جوع): بھوک

جوع الارض [جوٗ اُ لْ اَ رْ ض] (ع: جوعُ لْ اَرْض): زمین کی بھوک مراد توسیع مملکت کی ہوس

جوع البقر [جوٗ اُ لْ بَ قَ ر] (ع: جوعُ لْ بَ قَ ر) : بیل یا گائے کی بھوک، ایک بیماری کا نام جس میں مریض کو بھوک نہیں لگتی

جوف [جَ وْ ف] (ع:ایضاً): خول

جوق [جَ وْ ق] (ت): فوجی دستہ

جوق در جوق [جَ وْ ق دَ رْ جَ وْ ق] : گروہ در گروہ

جولاں (۱) [جَ وْ لا ں] (ف: گھوڑے کو کاوہ دینا): گردش کرنے والا

جولانگاہ [جَ وْ لا نْ گا ہ] (ف:ایضاً): گھوڑا دوڑانے کی جگہ مراد مشق کا میدان

جولانی : تیزی جیسے طبیعت کی جولانی

جولاں [جوٗ لا ں] : زنجیر جیسے پا بہ جولاں قیدی: جس کے پاؤں میں بیڑی پڑی ہو

جون [جَ وْ ن] : (۱) ایک انگریزی مہینہ کا نام (۲) وہ قالب جس میں ہندو عقیدے کے مطابق مرنے والے کی روح دوبارہ دنیا میں آتی ہے

جہد [جَ ہ د] (ع: جَہْد): کوشش، دیکھیے جد و جہد

جہنم [جَ ہ نْ نَ م / بول چال جَ ہ نْ نُ م] (ع: جَہَنَّم): دوزخ

جیب [جَ ے ب] (ع:ایضاً: گریباں): اردو شاعری میں گریبان کے معنوں میں مستعمل۔ (ف: جَ ے ب): کیسہ، پاکٹ

جیحون [جَ ے حوٗ ن] : ایک دریا کا نام

جید [جَ یِّ د] (ع: جَ یِّ د): زبردست، بڑا جیسے جید عالم

(جھ)

جھاڑ جھنکاڑ [جھا ڑ جھَ ں کا ڑ] : کانٹوں دار جھاڑیاں

جھانواں [جھا ں وا ں] : پاؤں کا میل صاف کرنے کا پتھر

جھائیاں [جھا ای یا ں] (واحد: جھائیں): چہرہ پر کے سیاہ داغ، صرف بصیغۂ جمع مستعمل

جھپٹنا [جھَ پ ٹ نا] ..... مارنا: پرندوں کا اُڑتے اُڑتے جھپٹ کر زمین سے کوئی چیز اُچک لے جانا

جھجھر [جھَ جْ جھَ ر] : ایک قسم کی مسامدار صراحی

جھرجھرا [جھِ ر جھِ را] : کمزور یا خراب بُنا ہوا کپڑا

جھرمٹ [جھُ رْ مُ ٹ] : ستاروں کا ہجوم

جھرنا (۱) [جھَ رْ نا] : آبشار

(۲) [جھِ رْ نا] : پانی کا رسنا

(۳) [جھُ رْ نا] : مرجھانا

جھروکہ [جھ رَ وْ کا] : بڑا دریچہ جو بالعموم محلوں میں ہوتا ہے

جھروکہ درشن (ہندوستانی فارسی): وہ دریچہ جہاں سے مغل بادشاہ عوام کو درشن دیا کرتے تھے

جھری (۱) [جھ رِی] : دروازے کی دراز جس میں سے باہر کی روشنی آئے اور باہر سے جھانکنے پر کمرے کے اندر کی چیزیں دکھائی دیں

(۲) [جھُ رْ رِی] : شکن

جھڑبیری [جھَ ڑْ بے رِی] : جنگلی بیر

جھکانا (۱) [جُھ کا نا] : جھکنے کا تعدیہ جیسے سر جھکانا

(۲) [جَھ کا نا] : جھانکنا کا تعدیہ جیسے کنویں جھکانا یعنی تلاش کروانا

جھکڑ [جَھ کْ کَ ڑْ] : آندھی

جھگی [جُھ گْ گی] : جھونپڑی

جھلابور [جَھ لا بو رَ] (۱) اسم: کارچوبی کام کا کپڑا جو چمکتا ہے (۲) صفت: چمکدار

جھلا جھل [جَھ لا جھ لْ] : چمکتا ہوا

جھلانا (۱) [جُھ لا نا] : جھولنا کا تعدیہ

(۲) [جَھ لْ لا نا] : چڑنا جھنجلانا

جھلملانا [جِھ لْ مِ لا نا] : چمکنا

جھلم [جَھ لْ مْ] : خود پر چڑھائی ہوئی زنجیروں کی نقاب

جھلملی [جِھ لْ مِ لی] (۱) کان کا ایک زیور

(۲) جھری دار کواڑ

جھلنگا [جِھ لْ نگا] : جھول دار، کمزور۔ پلنگ کی نسبت بولتے ہیں

جھمکا (۱) [جھ مْ کْ کا] : چکاچوند روشنی

(۲) [جُھ مْ کا] : کان کا ایک زیور

جھنگارنا [جھ نگا رْ نا] : مور کی آواز کی نسبت بولتے ہیں

جھول (۱) [جھو لْ] : ڈھیلاپن

(۲) [جھ وْ لْ] : وہ قیمتی کپڑا جو سجاوٹ کے لیے ہاتھی بیل یا گھوڑے کو پہناتے ہیں

مثل : خارشی کتا مخمل کی جھول

جھولا (۱) [جھ وْ لا] : بڑی جھولی

(۲) [جھ وْ لا] : گہوارہ

جھینکنا [جھ ے ں کْ نا]: افسوس کرنا جیسے نصیبوں کو جھینکنا

(چ)

چابک دستی [چا بُ کْ دَ سْ تی]: چالاکی مراد ہوشیاری

چاپلوسی [چا پْ لوُ سی] : خوشامد

چارخانہ [چا رْ خا نا] (ف:.....نہ): ایک قسم کا خانہ دار کپڑا

چار دانگ [چا رْ دا نگ] : چاروں سمت

چار آئینہ [چا رْ آ ای نا] : ایک قسم کی زرہ

چارقب [چا رْ قُ بْ]: امیروں کا ایک خاص وضع کا لباس

چارگوشیہ [چار گو شِ یا] (ف:.....یہ): چار کونوں والی ٹوپی۔ دیکھیے چوگوشیہ

چاشت [چا شْت] (ف: ایک پہر چڑھا ہوا دن): ناشتہ، دوپہر کا کھانا

چاق [چا قْ] (ت: چاغ): چست۔ اردو میں ترکیب 'چاق و چوبند' میں مستعمل

چاند تارہ [چا نْد تا را] : پھولدار ململ

چاہ کن [چا ہْ کَ نْ] (ف: کندن (کھودنا) کے امر 'کن' سے بنا اسم فاعل): کنواں کھودنے والا مراد دوسروں کے

حق میں کانٹے بونے والا)

چبلا [چ ب ل لا]: چلبلا، شریر

چبنی [چ ب نی] ..... ہڈی: چبانے کی ہڈی، کُرکُری ہڈی

چبینا [چ بے نا]: بھنا ہوا چنا یا چبا کر کھانے کی کوئی چیز

چپڑا [چ پ ڑا]: وہ جس کی آنکھوں سے کیچ نکلے

چپڑ قناتیا [چ پ ڑ ق نا تِ یا]: خوشامدی، کمینہ فطرت

چپڑنا [چ پ ڑ نا]: روٹی پر تیل یا گھی لگانا

چپچپانا [چ پ چ پا نا]: لیس دار ہونا

چپقلش [چ پ ق ل ش] (ت: چ پ ق ل ش): لڑائی، جھڑپ

چپکن [چ پ ک ن] ایک قسم کی قبا

چپنی [چ پ نی]: ہنڈی کا ڈھکن

چپی (۱) [چ پ پی]: کاغذ کا پرزہ جو چپکایا جائے

(۲) [چ پ پی]: خاموشی جیسے چپّی سادھنا منہ بند کرلینا، خاموش رہنا

چتر (۱) [چ تر](ف: ایضاً): چھتری

(۲) [چ ت ر] (ہ): چالاک

چتکبرا [چ ت ک ب را]: (۱) سفید اور کالے رنگ والا (۲) مختلف رنگوں والا

چتی [چ ت تی] : چھوٹا سا داغ جو جلد پر ہو

چتھاڑنا [چ تھا ڑ نا]: پھاڑنا، چیرنا، سخت بُرا بھلا کہنا

چتون [چ ت و ن]: تیور، چہرہ کا تاؤ بھاؤ

چٹ (۱) [چ ٹ](۱) فوراً (۲) چاٹنا کا مخفف جیسے چٹ کر جانا

(۲) [چ ٹ] : کاغذ کا ٹکڑا

چٹا [چ ٹ نا]: گورا۔ اردو میں گورا کے ساتھ مستعمل جیسے "گورا چٹا"

چٹخارا [چ ٹ خا را] ..... لینا: مزیدار کھانا کھاتے ہوئے منہ سے آواز نکالنا

چٹخنا [چ ٹ خ نا]: (۱) جلتی ہوئی لکڑی کا آواز دینا (۲) کلی کا کھلنا ان معنوں کے لیے دیکھیے چٹکنا

چٹخنی [چ ٹ خ نی / چ ٹ خ نی]: دروازے کی زنجیر

چٹکلا [چ ٹ ک لا]: لطیفہ

چٹکنا [چ ٹ ک نا]: کلی کا کھلنا، دیکھیے چٹخنا

چٹلا [چ ٹ لا]: (۱) وہ فیتہ جس سے جوڑا باندھا جائے
(۲) سونے چاندی کا گچھا جو چوٹی پر باندھا جائے
(۳) مصنوعی بال جو چوٹی پر لگاتے ہیں

چٹھا [چ ٹ ٹھا] : بہی کھاتہ، دیکھیے کچا چٹھا

چٹیلا [چ ٹی لا]: (۱) جسے چوٹ لگی ہو، زخمی (۲) اثر دار

چٹیل [چ ٹ ی ل] : سپاٹ جیسے چٹیل میدان

چڈّا گلخیرو [چ ڈ ڈا گ ل خ یے رو]: مسخرا، احمق

چڈھی [چ ڈ ڈھی] : (۱) جانگیا۔ ان معنوں میں چڈی بھی کہتے ہیں۔ (۲) ..... چڑھانا: پیٹھ پر سوار کرنا

چچوڑنا [چ چو ڑ نا] : سوکھی ہڈی یا سوکھی چھاتی کو چوسنا

چراغ [چ را غ / چ را غ] : دیا

چراغ پا ہونا: گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر سیدھا کھڑا ہو جانا مراد طیش میں آنا

چرانا (۱) [چ را نا] : چرنے کا تعدیہ جیسے گھاس چرانا

(۲) [چ ر را نا] : اتنا گرم کرنا کہ تڑتڑنے یا چٹخنے کی آواز آئے۔ دیکھیے شوق چرّانا

(۳) [چ را نا] : چوری کرنا

چراند [چ را ند]: چمڑا بال یا تیل جلنے کی بو

چربانک [چَ رْ با ں ک]: چالاک ہوشیار

چرکا [چَ رْ کا] : ہلکا گھاؤ

چرم [چَ رْ م] (ف: چَ رْ م) : چمڑا

چرمرانا [چَ رْ مَ را نا]: نئے جوتے سے چرمر کی آواز نکلنا

چسپاں [چَ سْ پا ں] ...... کرنا: چپکانا

زعفران [زا فْ را ن] (ع:زَ عْ فَ را ن): کیسر

زعیم [زَ ای م](ع:زَ عی م) : سردار

زغال [زُ غا ل](ع:ایضاً): کوئلہ

زغن [زَ غَ ن](ف:ایضاً): چیل

زفاف [زِ فا ف](ع:ایضاً): شادی کے بعد جنسی ملاپ

شبِ زفاف: سہاگ رات

زغند/زقند [زَ غَ نْد / زَ قَ نْد] (ف: ایضاً): چھلانگ

زقوم [زَ قْ قُو م] (ع: ایضاً): تھوہڑ

زک [زَ کْ] (ف: زَک) ...... اُٹھانا: شکست کھانا

زکریا [زَ کَ رِ یا] (ع: زکَ ریا): ایک پیغمبر کا نام

زکی [زَ کی]: پاکیزہ۔ اختلاف معنی کے لیے دیکھیے ذکی

زکیہ [زَ کِ یا] (ع: زَ کِ یَۃ): زکی کی تانیث، اسم خاص

زلال [زُ لا ل]: صاف میٹھا پانی، دیکھیے آبِ زُلال

زلفی [زُ لْ فی]: دروازے کی زنجیر

زلہ [زَ لْ لا] (ع: ...... لہ): جھوٹن

زلہ ربا [زَ لْ لا رُ با] (ع. ف: ...... لہ رُبا۔ رُبا، ربوْدن (لیجانا، لے لینا) کے امر 'رُبا' سے بنا اسم فاعل): جھوٹن کھانے والا مراد خوشہ چیں

زلیخا [زُ لَ یْ خا]: مصر کی ایک مشہور عورت کا نام

زمام [زِ ما م]: لگام، نکیل

زمرد [زُ مُ رْ رُ د] (ف: زُمُرُّد / زُمُرُد): ایک قیمتی پتھر

زمرہ [زُ مْ را] (ع: ...... رہ): گروہ، جماعت

زمزمہ پرداز [زَ مْ زَ ما پَ رْ دا ز]
(ف: ...... مہ ...... داز، پرداختن (سنوارنا/گانا) کے امر 'پرداز' سے بنا اسم فاعل): مغنّی

زمستان [زِ مِ سْ تا ن] (ف: ایضاً): موسم سرما

زمن [زَ مَ ن] (ع: ایضاً): زمانہ

زمہریر [زَ مْ ہَ ری ر]: سخت سردی والا کرہ

زمین دوز [زَ می ن دَ وْ ز] (ف: ...... دوْز) ...... ہونا: گر کر زمین کے برابر ہو جانا، منہدم ہونا

زناخی [زَ نا خی] (موڑد): رازدار سہیلی، دوگانا

زنادقہ [زَ نا دِ قا] (ع: ...... دقہ جمع: واحد زندیق): دیکھیے زندیق

زناشو [زَ نا شُوْ] (ف: ایضاً: زن و شوہر): میاں بیوی

زنبور [زَ مْ بُو ر] (ف: ایضاً: شہد کی مکھی، بھڑ) لوہے کا وہ اوزار جس کی مدد سے گرم چیزیں چولھے پر سے اُتارتے ہیں

زنبیل [زَ مْ بی ل] (ف: ایضاً): جھولی

زنجبیل [زَ نْ جَ بی ل] (معرب): سونٹھ

زنخا [زَ نْ خا] (مورد): مخنث

زنخ [زَ نَ خْ] (ف: ایضاً): ٹھوڑی

زنخداں [زَ نَ خْ دا ں]: وہ گڑھا جو ٹھوڑی میں ہو، اسے خوبصورتی کی علامت سمجھا جاتا ہے

زند [زَ نْد]: آتش پرستوں کی مقدس کتاب

زندۂ جاوید [زِ نْ دَ اِ جا وی د]: ہمیشہ زندہ رہنے والا

زندیق [زِ نْ دی ق]: (۱) عقیدے کے اعتبار سے مجوسی لیکن بظاہر مسلمان (۲) کافر

زنگار [زَ نْ گا ر]: تانبے کا زنگ جس کا سفوف گھول کر آئینے کی پشت پر لگاتے ہیں

زنگاری [زَ نْ گا ری]: سبز رنگ کا، آسمان کا رنگ

زنگ [زَ نْگ] (ف: ایضاً: جرس): ملک حبش، لوہے پر جمنے والا میل

زنگی [زَ نْ گی]: حبشی

زنہار [زِ نْ ہا ر] (ف: زِن ہار / زی ن ہار: خبردار، ہوشیار): کلمۂ نفی، ہرگز نہیں جیسے میں وہاں زنہار نہیں جاؤں گا

زوج [زَ وْ ج] (ع: ایضاً نر و مادہ میں سے کوئی ایک): بیوی

زوجہ [زَ وْ جا] (ع: ...... جہ): بیوی

زوجین [زَ وْ جَ یْ ن] (ع: ایضاً زوج کا تثنیہ): میاں بیوی

زہاد [زُ ہْ ہا د] (ع: ایضاً جمع: واحد زاہد): پاک لوگ

زہ (۱) [زَ یہہ](ف: زہ: نطفہ): اردو میں ترکیب 'دروزہ' مستعمل

(۲) [زَ ہ](ف: زہ: (۱) کمان کا چلّہ (۲) کلمۂ تحسین بمعنی شاباش): اردو میں کلمۂ تحسین کے طور پر 'زہے' مستعمل جیسے زہے نصیب، زہے قسمت

زہرا [زَ ہْ را] (ع: ایضا): چمکدار، حضرت فاطمہؓ کا لقب

زہرہ [زَ ہَ ہْ را] (ف: ...رہ) (۱) پتہ (۲) ایک سیارے کا نام جسے ناہید بھی کہتے ہیں

زہرہ آب ہونا: پتہ پانی ہونا، خوفزدہ ہونا

زیادہ [زِ یا دا] (ف: ...دہ): بہت

زیرانداز [زے رْ اَ ن دا ز](ف: ...یِ...ز): قالین، نیچے بچھانے کا کپڑا

زیرک [زی رَ ک] (ف: ایضا): ہوشیار، چالاک

زیرنگیں [زے رے نَ گی ں] (ف: ایضا): زیرِ فرمان دیکھیے نگیں

زیروبم [زے رو بَ م] (ف: زی رَ ب م): آواز کا اُتار چڑھاؤ

(ژ)

ژالہ [ژا لا] (ف: ...لہ): اولا

ژند [ژَ ند] (ف: املا زند): آتش پرستوں کا مذہبی صحیفہ

ژولیدہ [ژَ وْ لی دا] (ف: ...دہ): الجھا ہوا

ژولیدہ مُو: بکھرے بالوں والا

ژیاں [ژِ یا ں]: غضبناک جیسے شیر ژیاں

(س)

سابقہ [سا بِ قا/ بول چال سا بْ قا](ع: ...ب قہ): (۱) گذشتہ، (۲) واسطہ پڑنا

ساتگین [سا تْ گی ن] (ف: ایضا): بڑا پیالہ

سادگی [سا دْ گی](ف: سادگی): سادہ پن

سادہ لوح [سا دا لَ وْ ح] (ف: سادہ.....): بھولا بھالا

سازش [سا زِ ش](ف: ایضا: موافقت، یگانگت): کسی کے خلاف منصوبہ سازی

ساعی [سا اِی](ع: ساعی): کوشش کرنے والا

ساق [ساق] (ع: ساق): پنڈلی

ساقِ عروس (ع: ...عَ رُوس): ایک قسم کی مٹھائی

ساقن [سا قَ ن] : ساقی کی اردو تانیث: اُجرت پر بھنگ اور چرس پلانے والی عورت

سالوتری [سا لوْ تْ ری] : (۱) گھوڑوں کا معالج (۲) مویشیوں کا ڈاکٹر

سالوس [سا لُو س] (ف: ایضا): فریب

سامع [سا مے](ع: سا م ع): سننے والا

سامری [سا مْ ری]: ایک مشہور جادوگر

سامی [سا می] : بلند مرتبت

سانٹھ گانٹھ [سا ں ٹھ گا ں ٹھ]: سازش کی نیت سے خفیہ ربط وضبط

سانحہ [سا نِ حا] (ع: سان حہ): غمناک واقعہ

ساہوکار [سا ہوْ کا ر]: سود پر قرض دینے والا مہاجن

سائبان [سا ئِ با ن] (ف: سایابان): چھپر، شامیانہ

سائل [سا ئِ ل](ع: سائل): (۱) سوال کرنے والا (۲) بھیک مانگنے والا

سبحہ [سُ بْ حا] (ع: ...حہ): تسبیح کے دانے

سبد [سَ بَ د]: ٹوکری

سبقت [سَ بْ قَ ت] (ع: سَ بْ قَ ت): آگے نکلنا

سبک [سُ بُ ک] (ف: سَ بُ ک) : ہلکا

سُبُکدست (ف): مشاق

سُبُکدوش (ف) : بری الذمہ

سُبُکسار (ف): فارغ البال، بے نیاز

سبکی [سُ بُ کی] (ف: سَ بُ کی): خفت

سبلت [سَ بْ لَ ت] : مونچھیں

سبو [سَ بوْ] : ٹھلیا، کوزہ

سب و شتم [سَ ب بُ شَ تْ م]: گالی گلوج

سپار [سُ پا ر] (ف: ایضاً، سپردن کا امر) : سونپنے والا

جاں سُپاری : جان حوالہ کرنا، جان نثاری

سپاس [سِ پا س]: تعریف، شکریہ

سپاس گُذار : شکریہ ادا کرنے والا

سپاس نامہ: وہ تحریر جس میں کسی کی تعریف درج ہو

سپر د [سِ پَ ر] : ڈھال

سپرد [سِ پُ رْ د / سُ پُ رْ د] ..... کرنا: سونپنا

سپستاں [سِ پِ سْ تا ں]: ایک جڑی بوٹی کا نام

سپند [سِ پَ نْد]: رائی، دیکھیے اسپند

ستار (۱) [سِ تا ر]: ایک ساز

(۲) [سَ تْ تا ر]: عیوب کا چھپانے والا، خدا کا ایک نام

ستاں [سِ تا ں] :(۱) مکانیت ظاہر کرنے والا لاحقہ جیسے

گلستان، چمنستان وغیرہ (۲) ستاندن (لے لینا) کا امر

دیکھیے دلستان

ستائش [سَ تا ءِ ش] (ف: سِ تا ءِ ش): تعریف

ستد [سِ تَ د]: لینا، دیکھیے داد و ستد

ستر (۱) [سَ تْ ر] : چھپانا

سترِ عورت: وہ اعضا جن کا جلوت میں کپڑے سے چھپانا لازم ہے

(۲) [سَ تْ تَ ر] : ایک عدد، ساٹھ اور دس

سترہ (۱) [سَ تْ را] (ہ: ..... رہ): ایک عدد، دس اور سات

(۲) [سُ تْ را] (ع: ..... رہ): وہ آڑ جو نماز پڑھتے

وقت نمازی کے سامنے رکھی جائے

ستواں [سُ تْ وا ں] ..... ناک: کھڑی ناک جسے

خوبصورتی کی علامت سمجھا جاتا ہے

ستوانسا [سَ تْ وا ں سا]: بچہ جو حمل کے ساتویں مہینے

میں پیدا ہو

ستودہ [سِ توُ دا] (ف: ..... دہ): تعریف کیا ہوا

ستودہ صفات: جس کی صفات کی تعریف کی گئی ہو

ستور [سُ توُ ر] (ف: ایضاً): چوپایہ

ستیاناس [سَ تْ تیا نا س] (س: ستیہ و ناش: تباہی کا

موزوں) ..... ہونا: برباد ہونا

ستہ متناسبہ [سِ تْ تا ے مُ تَ نا سِ با] (ع: ستۂ متناسبہ :

ستہ: چھ) : علم حساب کا ایک قاعدہ

ستیزہ [سَ تے زا] (ف: سَ تی زہ) : لڑائی

سٹھنی [سِ ٹھ نی] : وہ گالیاں جو شادی بیاہ کے موقع پر

رسماً سمدھنیں ایک دوسرے کو دیتی ہیں

سٹھورا [سَ ٹھو را] : سونٹھ ملا ہوا پکوان جو زچہ کو پلاتے ہیں

سڈول [سِ ڈَ و ل] (ہ: سُ ڈَ و ل: اچھے ڈول والا):

خوبصورت، متناسب الاعضا

سجدہ [سَ جْ دا] (ع: سِ جْ دہ): معنی معروف

سحاب [سَ حا ب] (ع: ایضاً) : بادل

سحر (۱) [سَ حَ ر] (ع: سَ حَ ر) : صبح

(۲) [سَ حْ ر] (ع: سِ حْ ر) : جادو

سحری (۱) [سَ حْ رِی]: (۱) سحر سے متعلق جیسے بادِ سحری، دعائے سحری (۲) مونث: روزہ رکھنے کی نیت سے رات کے پچھلے پہر کھانا۔ اسے سحر کھانا بھی کہتے ہیں

سخن [سُ خَ ن] (ف: سُ خُ ن / سَ خُ ن / سُ خْ ن: کلام، بات) : شعر گوئی

سد [سَ د] (ع: سَ دّ): رکاوٹ، دیوار

سدباب [سَ دْ دِ با ب] (ع.ف.: دروازے کی روک)...... کرنا: رکاوٹ دور کرنا، علاج کرنا

سدراہ [سَ دْ دِ را ہ]: راستے کی رکاوٹ

سدرہ [سِ دْ را] (ع:...... رہ): بیری

سدرۃ المنتہیٰ [سِ دْ رَ ت ل مُ نْ تَ ہا] (ع:...... ت ہا): وہ بیری کا درخت جو شبِ معراج میں حضرت جبریل کے پرواز کی آخری حد تھی

سدسکندری [سَ دْ دِ سِ کَ نْدَ ری]: ایک مشہور و معروف دیوار کا نام

سدہ [سُ دْ دا] : گانٹھ دار فضلہ

سدھارنا (۱) [سِ دھا رْ نا]: رخصت ہونا، پرلوک سدھارنا، مر جانا

(۲) [سُ دھا رْ نا]: درست کرنا

سدھانا [سِ دھا نا]: تربیت دینا

سدھ [سُ دھ]: ہوش

سدھ بدھ [سُ دھ بُ دھ]: سوجھ بوجھ

سَرا (۱) [سَ را]: (۱) سَرائے (۲) سرابیدن: گانا کا امر جیسے نغمہ سرا، غزل سرا

سراپردہ [سَ را پَ رْ دا] (ف:...... ہ): وہ اونچی قنات جو خیمے کے آس پاس لگائی جائے

(۲) [سِ را]: کنارہ

سراب [سَ را ب]: صحرا کی وہ ریت جس پر دور سے پانی کا دھوکا ہو

سراغ [سُ را غ]: کھوج

سراغ رساں: جاسوس

سراہنا (۱) [سَ را ہ نا]: تعریف کرنا

(۲) [سِ را ہْ نا]: لیٹنے کی حالت میں سر کی طرف کا حصہ

سرایت [سَ را یَ ت]...... کرنا: سما جانا، داخل ہو جانا

سراندیپ [سَ را نْدی پ] : لنکا کا قدیم نام

سر (۱) [سَ ر] : معنی معروف

(۲) [سِ ر]: راز جمع اسرار

(۳) [سُ ر] : راگ

سرافگندہ [سَ ر اَ فْ گَ نْدا] (ف:...... دہ): سر جھکائے ہوئے، شرمندہ

سرانجام [سَ رَ نْجا م] (ف: سَ رْ اَنْجا م)...... دینا / کرنا: مکمل کرنا، اختتام

سربراہ [سَ رْ بَ را] (ف:...... راہ): سردار، منتظم

سربستہ [سَ رْ بَ سْ تا] (ف:...... تہ): ڈھکا ہوا، پوشیدہ

سربلند [سَ رْ بَ لَ نْد / سَ ر بُ لَ نْد] (ف): صاحبِ اقتدار

سرپیچ [سَ رْ پے چ] (ف: ایضاً): پگڑی

سرپھٹول [سَ رْ پُھ ٹ وْ ل] : مار پیٹ

سرچشمہ [سَ رْ چَ شْ ما] (ف:...... مہ): وہ مقام جہاں سے چشمہ نکلے، ماخذ

سرخرو [سُ رْ خ رُوْ] (ف: ایضاً: سرخ چہرے والا): کامیاب

سرخوش [سَ رْ خُ شْ] : شراب کا سرور چڑھنا

سرخیل [سَ رْ خَ یے ل] : سردار، سرغنہ، دیکھیے خیل

سردست [سَ رِ دَ سْت]: فی الحال

سردمہر : [سَ رْ دْ مِ ہْ رْ](ف:...... مِ ہْر): بے مروّت

سرفراز [سَ رْ فَ را زْ] (ف:ایضاً: سربلند)...... کرنا/ ہونا: فیضیاب کرنا/ ہونا

سررشتہ [سَ رْ رِ شْ تا](ف:...... تہ: دھاگے کا سرا): محکمہ

سررشتہ دار : دیکھیے سَرِشتہ دار

سرزنش [سَ رْ زَ نِ شْ] (ف:ایضاً زدن (مارنا) کے امر 'زن' سے بنا حاصل مصدر سرزنش): سر پر مارنا مراد ڈانٹنا

سرشار [سَ رْ شا رْ](ف:ایضاً: لبریز جیسے جام سرشار): نشے میں چور ہونا

سرشت [سَ رِ شْ ت](ف: سِ رِ شْ ت : سرشتن (گوندھنا) سے بنا حاصل مصدر) : فطرت

سرشتہ دار [سَ رِ شْ تے دا ر]: (۱) کسی محکمہ کا ملازم (۲) عدالت میں ملکی زبانوں میں مقدموں کی مثلیں رکھنے والا ملازم

سرشک [سِ رِ شْ ک]: آنسو

سرعت [سُ رْ اَ ت](ع:...... عَ ت): تیزی

سرغنہ [سَ رْ غَ نا](ف:...... نہ): سردار

سرکردگی [سَ رْ کَ رْ دَ گی] : سرداری، قیادت

سرکوبی [سَ رْ کو بی](ف:...... کوبی: سر کچلنا)...... کرنا: سزا دینا، مغلوب کرنا

سرگذشت [سَ رْ گُ ذَ شْ ت](ف:...... گُذشت) :ماجرا، احوال (اسے سرگزشت بھی لکھتے ہیں)

سرگروہ [سَ رْ گ رُو ہ](ف:...... گُ رُوہ): گروہ کا سردار

سرنامہ [سَ رْ نا ما](ف:...... مہ): (۱) پتہ (۲) عنوان (۳) دیباچہ

سرنگوں [سَ رْ نِ گوں] (ف: نگوں: جھکا ہوا): اوندھا، سر جھکائے ہوئے، شرمندہ

سرنوشت [سَ رْ نَ وِ شْ ت] (ف:ایضاً: سر میں لکھا ہوا): قسمت

سرو [سَ رْ + و/ بول چال سَ رْو]: ایک مشہور درخت جس میں پھل پھول نہیں آتے

سروِچراغاں [سَ رْ وِ چِ را غا ں]: سرو کی شکل کا جھاڑ جس کی شاخوں میں چراغ روشن کرتے ہیں

سروِسہی [سَ رْ وِ سَ ہی]: ایک قسم کا سرو جو بالکل سیدھا ہوتا ہے

سروہی [سَ رو ہی] : ایک قسم کا خنجر

سروبرگ [سَ رو بَ رْ گ](ف:ایضاً): سازوسامان

سرود (۱)[سُ رُو د]: نغمہ، ترکیب 'نغمہ و سرود' میں مستعمل (۲) [سَ رو د]: ایک قسم کا ساز

سروقد [سَ رْ وْ قَ د]: سرو کی طرح سیدھا

سروقد کھڑا ہونا: سیدھا کھڑا ہونا

سرور (۱) [سَ رْ وَ ر]: سردار

(۲) [سُ رُو ر]: (۱) ہلکا نشہ (۲) خوشی

سروش [سَ رو شْ](ف: سُ رو ش) : غیب سے آواز دینے والا، آتش پرستوں کا فرشتہ (اسلامیات میں اس کا تصور نہیں)، فرشتہ غیبی

سرورق [سَ رْ وَ رَ ق / سَ رِ وَ رَ ق]: ٹائٹل پیج

سری (۱) [سِ ری]: حلال جانور کا کٹا سر

(۲) [سِ رّ ری] (ع: ایضاً پوشیدہ، جہری کی ضد):

سرپھرا، مغرور

سریر [سَ ری ر]: تخت

سریس [سَ رے س]: ایک قسم کی وہ لسدار شے جو چپکانے کے کام آتی ہے

سڑیل [سَ ڑ یَ ل]: سڑا ہوا نکما

سڑی [سِ ڑی]: پاگل

سزا [سَ زا] (ف: ایضاً، سزیدن: لائق ہونا، لیاقت): جرم کے عوض قید، جرمانہ، اذیت وغیرہ دینا

سزاوار [سَ زا وا ر] (ف: ایضاً: لائق، مناسب): سزا کے قابل

سطح [سَ طِ ح] (ع: سَ طْ ح): ہر چیز کے اوپر کا حصہ

سطر [سَ طَ ر] (ع: سَ طْ ر): لائن

سطوت [سَ طْ وَ ت] (ع: ایضاً): دبدبہ

سعی [سَ ای] (ع: سَ عْ + یْ: دوڑنا): کوشش،

سعیٔ ناکام (س عْ یے ناکام): ناکام کوشش

سعیٔ مسلسل: مسلسل کوشش

سفارت [سِ فا رَ ت]......خانہ: سفیروں کی قیام گاہ

سفارش [سِ فا رِ ش] (ف: سُ فارش / سُ پارش: سپرد کرنا): معنی معروف

سفاک [سَ فّ فا ک]: ظالم

سفال [سِ فال] (ع: سُ فا ل): مٹی

سفاہت [سَ فا ہَ ت]: کمینہ پن

سفتہ [سُ فْ تا] (ف:......تہ، سفتن (سوراخ کرنا بندھنا) سے بنا اسم صفت): بندھا ہوا

دُرِ ناسفتہ: بن بندھا موتی، مراد کنواری لڑکی

سفرا [سُ فَ را] (ع: سُ فَ را، جمع: واحد سفیر) سفیر بصیغہ جمع

سفرہ [سُ فْ را] (ف: سُ ف رہ): دسترخوان

سفلی [سِ فْ لی]: پست، ادنی جیسے عالم سفلی: دنیا

علم سفلی: کالا جادو

سفوف [سَ فُو ف]: برادہ، پاؤڈر

سفید [سَ فے د / سَ فَ ے د]

(ف: سِ فی د / سِ پی د): ایک مشہور رنگ۔ White

سفیہ [سَ فی ہ] (ع: ایضاً: کم عقل، نادان): کمینہ

سقا [سَ قْ قا] (ع: ایضاً): پانی پلانے کا پیشہ کرنے والا، سقہ

سقاوہ [سَ قا وا] (ع: س قایہ): چھوٹا حوض

سقر [سَ قَ ر]: دوزخ

سقف [سَ قْ ف] (ع: سَ قْ ف): چھت

سقم [سُ قْ م] (ع: ایضاً: بیماری): عیب، خرابی

سقوط [سُ قُو ط] (ع: ایضاً: گرنا): کسی ملک کا جنگ میں ہار تسلیم کرنا (۲) کسی حرف کا گر جانا

سکر [سُ کْ ر] (ع: ایضاً): نشہ

سکان [سُ کْ کا ن] (ع: ایضاً، جمع: واحد ساکن (سکونت اختیار کرنے والا): (۱) باشندے (۲) کشتی کا دنبالہ

سکرات [سَ کَ را ت] (ع: سَ کَ رات جمع: واحد سَ کْ رہ): اردو میں بطور واحد مستعمل، جان کنی، نزع

سکنجبین [سِ کَ نْ جَ بی ن] (ف:......جْ......ن: سرکہ + انگبین (شہد): ایک شربت جو بطور دوا استعمال کرتے ہیں

سکوت [سُ کُو ت]: خاموشی

سکورا [سِ کو را] (ف: سَ کو رہ): مٹی کا پیالہ

سکوڑنا [سِ کو ڑ نا]: سمٹانا جیسے بدن سکوڑنا، ناک سکوڑنا

سکون [سَ کوُ ن]: قرار کی حالت، چین

سکھانا (۱) [سِ کھا نا]: سیکھنا کا تعدیہ، تعلیم دینا

(۲) [سُ کھا نا]: سوکھنا کا تعدیہ، خشک کرنا

سکھ پال [سُ کھ پا ل]: ایک قسم کی آرام دہ زنانہ پالکی

سگھڑ [سُ گھ ڑ](ہ: ایضاً: اچھی طرح گھڑا ہوا): سلیقہ مند

سلاح [سِ لا ح](ع: ایضاً جمع اسلحہ: ہتھیار): اردو میں سلاح کی جگہ اسلحہ صیغۂ واحد میں مستعمل اس کی اردو جمع اسلحہ جات ہے

سلاخ [سَ لا خ] (س سے موزوں): لوہے کا موٹا ڈنڈا

سلائی (۱) [سِ لا اِی]: سینا سے مشتق (۲) سینے کی مزدوری

(۲) [سَ لَ لا ئی]: موٹی سوئی جو نوک دار نہ ہو

سلپچی [سِ لَ پ چی] : خاص وضع کا برتن جس میں ہاتھ دھوتے ہیں

سلحشور [سِ لَ حَ شوَ ر]: ہتھیار بند سپاہی

سلخ [سَ لْ خ](ع: ایضاً): (۱) جانور کی کھال اُتارنا، قمری مہینے کا آخری دن

سلخانہ [سَ لْ خانہ] (ع. ف: سَلخ خانہ): کمیلا، اسے بول چال میں سلی خانہ بھی کہتے ہیں

سلسبیل [سَ لْ سَ بی ل]: جنت کی ایک نہر کا نام

سلسل بول [سَ لْ سُ لْ بوُ ل] : ایک بیماری جس میں مسلسل پیشاب آئے

سلف (۱) [سَ لْ ف](ع: ایضاً جمع اَسلاف): وہ لوگ جو پہلے گزر چکے ہوں

(۲) [سُ لَ ف] : کھانے پینے کی چیزیں اردو میں لفظ سودا کے ساتھ مستعمل ہے دیکھیے سودا سُلف

سلفہ [سُ لْ فا]: چلم میں رکھ کر پینے کا تمباکو

سلک [سِ لْ ک](ع: ایضاً): لڑی، ڈوری

سلما [سَ لْ ما]: چاندی کے باریک تار جس سے کپڑے پر ستارے ٹنکتے ہیں

سلوٹ [سِ لْ وَ ٹ]: شکن

سلونا [سَ لوَ نا]: نمکین، سانولا سلونا

سلونو [سَ لوَ نوَ]: راکھی بندھن کا تہوار

سلویٰ : دیکھیے مَن و سلویٰ

سلیمان [سُ لَ یے ما ن / بول چال سُ لے مان]: ایک پیغمبر کا نام

سماع [سَ ماَ] (ع: سَ ماع): مراقبہ بالغنا، قوالی، سننا

سمت [سِ مَ ت / سَ مْ ت] (ع: سَ مْ ت): طرف

سمک [سَ مَ ک]: (۱) مچھلی۔ (۲) وہ فرضی مچھلی جس پر قدیم عقیدے کی رو سے زمین قائم ہے مراد زمین کا سب سے نچلا حصہ

سمندر (۱) [سَ مَ نْ دَ ر](ف: ایضاً): (۱) ایک فرضی کیڑا جو آگ میں رہتا ہے اور آگ کھاتا ہے۔

(۲) [سَ مَ نْ دَر / سَ مَ نْ دَر] (س: سمندر): بڑا دریا

سموم [سَ موُ م]: گرم ہوا

سناں [سِ نا ں]: (۱) نیزہ، برچھی (۲) تیر کی نوک

سناونی [سُ نا + و نی]: موت کی خبر

سنہ [سَ ن](ع: ...نہ): کیلنڈر کا سال۔ اُردو املا سَن بھی مستعمل

سن [سِ ن] : عمر

سنبھالا [سَ نْبھا لا] بروزن فعولن: مرنے سے پہلے مریض کی حالت کا سنبھل جانا

سنبل [سُ نْ بُ ل] (ف: ایضاً): ایک قسم کی لمبی گھاس جسے زلف سے تشبیہ دیتے ہیں

سنت (۱) [سَ نْ ت] (ہ:ایضاً): سادھو
(۲) [سُ نْ نَ ت] : (۱) آنحضرت کا طرزِ زندگی۔ (۲) ختنہ
سن گن [سُ ن گُ ن] ...... لینا: بھید معلوم کرنا
سن [سُ ن] (۱) سننا کا امر (۲) ...... ہونا: بے حس ہونا جیسے پاؤں سن ہوگئے
سنجاف [سَ نْ جا ف] (ف:س...... ف): گوٹ، جھالر
سنسان [سُ نْ سا ن]: خاموشی، اُجاڑ
سنسی [سَ نْ سی] : زنبور
سنگوٹی [سِ نْگو ٹی] : بیل کے سینگوں پر چڑھانے کا پیتل والا خول
سنن [سُ نَ ن] (ع:ایضاً جمع:واحد سُنّت): سُنّتیں
سنوار [سَ ں وا ر]: درستی، طنزاً مار جیسے خدا کی سنوار: خدا کی مار
سنوائی [سُ نْ وا ای] (ف:شَ نْ وا ئی): فریادرسی، مقدمہ کی سماعت
سو (۱) [سَوْ]: سینکڑہ
(۲) [سو]: (۱) سونا کا امر (۲) لہٰذا
(۳) [سُوْ]: طرف
سوء [سُو]: بُرا، بُری دیکھیے علمائے سوء
سوء ظن [سُوْ اے ظَ ن] : بدگمانی
سواد (۱) [سَ وا د]: (۱) سیاہی (۲) شہر کے آس پاس کا علاقہ
(۲) [سَ وا د] (ہ:سَواد) : مزہ جیسے بندر کیا جانے ادرک کا سواد
سوادِ اعظم [سَ وا دِ آ ظَ م] (ع:...... اَ عْ ظَ م): بڑی بستی مراد ملت کی اکثریت

سوال [سَ وا ل] (ع:سُ ءْ وا ل): استفسار، مانگنا
سوت (۱) [سُوْ ت] :کپاس سے بنا ہوا دھاگا
(۲) [سو ت]: چشمہ
(۳) [سَ وْ ت]: ایک بیوی کے ہوتے ہوئے دوسری بیوی
سوداسلف [سَوْدا سَ لَ ف]: چھوٹی موٹی چیزوں کی خریداری۔ دیکھیے سَلَف
سورت / سورہ [سُوْرَت / سُوْرا] (ع:...... رَہ): قرآن پاک کا ایک مکمل باب
سوزاک [سُوْ زا ک / سو زا ک]: مردوں کی ایک بیماری
سوزن [سو زَ ن] (ف:سوزن): سوئی
سوزنی [سو زَنی]: روئی دار کپڑا جس پر سوئی کا باریک کام ہو (۲) زمین پر بچھانے کا فرش جس پر سوئی سے بیل بوٹے بنے ہوں
سوسمار [سُوْ سَ ما ر] (ف:ایضاً): ایک قسم کی چھپکلی
سوسن [سو سَ ن] (ف:ایضاً): ایک نیلے رنگ کا پھول جس کی پنکھڑیوں کو شعراء زبان سے تشبیہ دیتے ہیں
سوفار [سُوْ فا ر] (ف:ایضاً): (۱) تیر کا دہن (۲) سوئی کا ناکہ
سوقیانہ [سُوْ قِ یا نا] (ع.ف...... نہ: سوق (ع): بازار): بازاری معیار سے گرا ہوا
سونا (۱) [سو نا] : (۱) نیند (۲) ایک قیمتی دھات
(۲) [سُوْ نا]: سنسان
سہا [سُ ہا] : سب سے چھوٹے ستارے کا نام جو بنات النعش میں ہے
سہاگہ [سُ ہا گا]: ایک قسم کا کھار جس سے دھات کا میل نکالتے ہیں۔ جیسے سونے پر سہاگہ

سہاگن [سُ ہا گ ن]: وہ شادی شدہ عورت جس کا شوہر زندہ ہو

سہام [سِ ہا م]: سَہم کی جمع دیکھیے سَہم

سہل [سَ ہِہ ل] (ع: سَ ہْ ل): آسان

سہل انگاری [سَ ہِہ لْ اَ نگاری] (ف: انگاشتن (انگل لگانا) کے امر انگار سے بنا اسم): آسان پسندی

سہم (۱) [سَ ہْ م]: (۱) حصہ بخرہ (۲) تیر

(۲) [سَ ہِ م] ..... جانا: ڈر جانا

سہو [سَ ہِہ + و] (ع: سَ ہْ + و): بھول چوک

سہواً [سَ ہِہ وَن]: غلطی سے

سہولت [سُ ہو لَ ت] (ع: سُ ہو لَ ت): آسانی

سہی [سَ ہی]: سیدھا۔ دیکھیے سرو سہی

سہیل [سُ ہَ یے ل]: ایک ستارہ کا نام۔ مشہور ہے کہ اس کی کرنوں کے اثر سے چٹانوں میں لعل پنپتے ہیں۔

سہلا [سَ ہِ لا]: خوشی کا گیت

سہیم [سَ ہی م]: (۱) شریک (۲) حصہ دار

سیئہ [سَ ا یَا] (ع: ایضاً): برا جیسے اعمال سیئہ: برے اعمال

سیئات [سَ ا یات] (ع: ایضاً): برائیاں جس کی ضد حَسَنات ہے

سیاحت [سِ یا حَ ت]: سیر، گاؤں گاؤں سفر کرنا

سیادت [سِ یا دَ ت] (ع: ایضاً: سرداری): سید گھرانے سے ہونا

سیار (۱) [سِ یا ر]: بھیڑیا

(۲) [سَ یّا ر] (ف: ایضاً): گھومنے والا سیارہ

سیال [سَ یّا ل]: رقیق بہنے والا مادّہ / چیز، مائع

سیاہہ [سِ یا ہا]: کھاتہ

سیاہ تاب: سفیدے یا چونے میں پیس کر ملایا ہوا کوئلہ جو دیواروں پر دھوئیں کا رنگ مٹانے کے لیے لیپتے ہیں

سیپارہ [سی پا را] (ف: ایضاً سی: تیس، تیس پارے) قرآن مجید کا کوئی ایک پارہ۔ اسے سپارہ بھی کہتے ہیں

دل کا سیپارہ ہونا: ٹکڑے ٹکڑے ہونا

سیتلا [سی ت لا]: چیچک

سیتل پاٹی [سی تَ لْ پا ٹی] (ہ: شی ت ل: ٹھنڈا): ایک قسم کی چٹائی

سیٹھا [سی ٹھا]: جس میں سے رس نکال لیا جائے، مزے میں پھیکا، بدمزہ

سیج [سے ج]: آرام دہ بستر

سیج بند [سے ج بَ نْد]: وہ ڈوری جس سے پلنگ کے پایوں کو باندھتے ہیں

سید [سَ یِّ د] (ع: سَ یِّ د): آقا، وہ شخص جسے حضورؐ سے خاندانی نسبت ہو

سیدانی [سَ یے دا نی]: سیّد کی تانیث

سیدی (۱) [سی دی / بول چال سِ ڈ دی]: سوڈان کا باشندہ، حبشی

(۲) [سَ یِّ دی] (ع: ..... یِ دِی): میرے آقا، حضورؐ کی نسبت بولتے ہیں

سیر (۱) [سِ یَ ر] (ع: ایضاً جمع: واحد سیرت): بزرگوں کی سوانح عمریاں

(۲) سیر [سے ر]: (۱) (ہ): ایک ناپ (ف: ایضاً): پیٹ بھرا، جی بھرا

(۳) [سَ یے ر] ..... کرنا: گھومنا پھرنا

سیراب [سَ یے را ب] (ف: سے راب): پانی سے بھرا ہوا، سرسبز و شاداب

سیر چشم [سَ یے ر چَ شْ م](ف: سے رچشم): فیاض

سیر حاصل [سَ یے ر حا صِ ل](ف: سے رحاصل) :زرخیز، اطمینان بخش جیسے سیر حاصل تبصرہ

سیر [سَ یے ر]...... ہو کر کھانا (ف: سے ر): اتنا کھانا کہ نیت بھر جائے

سیری [سَ یے ری](ف: سے ری): جی بھر جانا

سیل [سَ یے ل](ع: ایضاً): پانی کا ریلا

سیلاب [سَ یے لاب] (ع. ف: ایضاً): طغیانی

سیلان [سَ یے لا ن] (ع: ایضاً): پانی یا خون کا بہاؤ

سیلان الرحم [سَ یے لا نُ رْ رَ حْ م]: بچہ دانی کی ایک بیماری

سیلانی [سَ یے لا نی]: گھومنے پھرنے کا شوقین

سیلن [سی لَ ن]: دیوار کا گیلا ہونا

سیلی [سے لی]: کالی ڈوری جو گلے میں باندھتے ہیں۔ وہ ڈوری جسے جوگنیں پہنتی ہیں

سیم (۱) [سے م]: ایک ترکاری

(۲) [سی م] : چاندی

(۳) [سِ یْ م]: تیسرا (۲) تیجا

سیما [سی ما] (۱) (ف:): پیشانی

(۲) (ہ:) : حد

سیمیا [سی مِ یا] : وہ طلسم جس کی مدد سے خیالی چیزیں متشکل ہو کر نظر آنے لگیں

سیمرغ [سی مُ رْ غ](ف: سی: تیس، مرغ: پرندہ): ایک خیالی پرندہ جو ڈیل ڈول میں تیس پرندوں کی جسامت کے برابر ہو

سینا (۱) [سے نا]: مرغی کا انڈوں پر بیٹھنا

(۲) [سی نا] :(۱) سلائی کرنا (۲) (ع:): ایک مشہور مقام کا نام جہاں کوہ طور واقع ہے

سینت [سَ یے ن ت]...... کر رکھنا: سنبھال کر حفاظت کرنا

سیندھ [سے ند ھ]...... لگانا: دیوار میں شگاف کر کے چوروں کا گھر کے اندر داخل ہونا

سینک (۱) [سی ن ک]: جھاڑو کی تیلی، خلال، تنور کا گز

(۲) [سے ن ک]: سینکنا (گرم کرنا) کا حاصل مصدر

سینگی [سی نگی]: سوراخ کیا ہوا سینگ جسے بدن پر لگاتے ہیں اور بدن سے فاسد خون نکالنے کے لیے جراح استعمال کرتے ہیں

سینی [سی نی](ع: صحن: بڑا تھال کا موڑد): تھالی

سیوتی [سے + وتی]: ایک قسم کا گلاب

سیون [سی وَ ن] : سلائی کا اُبھار

(ش)

شاخسانہ [شا خْ سا نا](ف: شاخ شانہ): موڑد...... نکالنا: جھگڑے کی بات پیدا کرنا

شادیانہ [شا دْ یا نا](ف: شادیانہ: وہ نقد رقم جو خوشخبری دینے والے کو بطور انعام دیں): خوشی یا شادی کے موقع پر گایا جانے والا گیت یا بجایا جانے والا ساز

شاگرد پیشہ [شا گِ رْ دْ پے شا] (ف:...... شہ: نوکر چاکر) : ملازموں کے لیے بنے ہوئے مکانات جو کوٹھی کے قریب ہوں۔

شاگردِ رشید : ہدایت یافتہ شاگرد

شاعر [شا ءِ ر] (ع: شاعر): معنی معروف

شاعری [شا ءِ ری] : معنی معروف

شاقہ [شا ق قا](ع:...... قہ، شاق کی تانیث): سخت جیسے محنت شاقہ

شاید [شا اِ د](ف:شاید:"اسے زیب دیتا ہے"،شائستن سے): معنی معروف

شائستہ [شا اِ سْ تا](ف:شا یَ س تہ): مہذب

شبان [شَ با ن]: چرواہا

شبو [شَ بْ بُوْ](ف:ایضاً،شب بو،بو بوئیدن کا امر: رات کو خوشبو دینے والا): ایک پھول

شپر [شَ پْ پَ ر] (ف:شب پر:رات میں اُڑنے والا، پریدن (اُڑنا کا امر 'پر'): چمگادڑ

شب دیگ [شَ بْ دے گ]: ایک قسم کا پکوان جو رات بھر آگ پر رکھا جاتا ہے

شب رو [شَ بْ رَ وْ]: رات میں چلنے پھرنے والا مراد چور

شبہ [شُ بْ ہ](ع:شُ بْ ہَ ة): شک

شتابی [شِ تا بی]: جلدی

شتر [شُ تُ ر](ف:شُ تُ ر): اونٹ

شتم [شَ تْ م](ع:ایضاً): گالی گلوچ، دیکھیے سبّ و شتم

شجاع [شُ جا ع](ع:شِ جا ع): بہادر

شجاعت [شُ جا اَ ت](ع: شَ جا عَ ت): بہادری

شجرہ [شَ جَ را](ع:شَ جَ رہ:درخت): نسب نامہ

شحیم [شَ حی م](ع:شَحْم(چربی):چربیلا): موٹا دیکھیے لحیم شحیم

شدنی [شُ دْ نی] : ہونے والی بات

شد و مد [شَ دْ دو مَ د]: زور شور

شرا [شِ را](ع:ایضاً): خریدنا

شرابور [شَ را بو ر]: بھیگا ہوا، لت پت

شرح [شَ رَ ح](ع: شَ رْح): وضاحت، تفصیل

شرط (۱) [شَ رْ ط]: معنی معروف

(۲) [شُ رْط] : بادِ موافق

شرع [شَ رآ](ع:شَ رْع): شریعت

شرف [شَ رَ ف /بول چال شَ رْف](ع:شَ رف): بزرگی، عزت

شروع [شُ روٗ] (ع: شُ روٗ ع): ابتدا

شرفا [شُ رَ فا](ع:شُ رفا): شریف کی جمع

شرکا [شُ رَ کا](ع:شُ رکا): شریک کی جمع

شست (۱) [شَ سْ ت](ف:عدد): ساٹھ

(۲) [شُ سْ ت] (ف: شستن (دھونا) کا ماضی، اس کا امر شو۔ دیکھیے مردہ شو)

(۳) [شِ سْ ت]: انگوٹھا، نشانہ

شست و شو: دُھلائی، دھو کر صاف کرنا

شستہ [شُ سْ تا] (ف:.....تہ): دھلا ہوا، پاک و صاف، مہذب

شش (۱) [شَ ش] : فارسی عدد چھ

شش جہت : چھ سمتیں مراد دنیا

(۲) [شُ ش] (ف: پھیپھڑا): غیر مستعمل

شطح [شَ طْ ح] :خلاف شرع کلمات جو حالتِ جذب میں صوفی کے منہ سے نکلیں

شطحیات [شَ طْ حِ یا ت]: دیکھیے شطح

شعبدہ [شو بَ دا/ شو بْ دا](ع:شُ عْ ب دہ): نظر بندی

شعار [شِ آ ر] (ع:شِ عا ر:اندر سے پہننے کا لباس): عادت، مسلک، قومی نشان۔ ان تراکیب میں مستعمل ستم شعار، وفا شعار وغیرہ

شعبان [شا با ن] (ع:شَ عْ بان): آٹھواں اسلامی قمری مہینہ

شعلہ [شو لا] (ع: شُ عْ لہ): معنی معروف
شعیب [شُ اَے ب] (ع: شُ عَ یْ ب): ایک پیغمبر کا نام
شعیر [شَ اِی ر] (ع: شَ عِی ر): ایک اناج، جَو
شغب [شَ غَ ب] (ع: ایضاً): شور
شغف [شَ غَ ف] : شوق
شغل [شَ غْ ل / بول چال شُ غُ ل]
(ع: شُ غْ ل / شُ غُ ل): مشغولیت، مصروفیت، شوق
شفا [شِ فا / بول چال شَ فا] (ع: شِ فا): صحت یابی
شفعہ [شُ فا] (ع: شُ ف عہ): گھر یا زمین میں حق ہم سائیگی
شفقت [شَ ف قَ ت / بول چال شَ ف قَ ت]
(ع: شَ ف قَ ت): مہربانی
شفیع [شَ فِیع] (ع: شَ فِی ع): شفاعت کرنے والا
شق (۱) [شَ ق] (ع: شَ قّ)...... ہونا: پھٹنا
(۲) [شِ ق]: (۱) علاقہ (۲) کلاز (Clause)
شقاوت [شَ قا وَ ت] : سنگدلی
شقدار [شِ قْ دا ر]: حاکمِ علاقہ
شقہ [شُ قْ قا] (ع: ...... قہ): پرچہ
شکر [شُ کْ ر]...... کرنا: شکریہ ادا کرنا
[شَ کَ ر]: معنی معروف
شکر رنجی [شَ کَ رْ رَ نْ جی]: دوستوں میں عارضی رنجش
شکست [شِ کَ سْ ت] (ف: شکستن (ٹوٹنا) کے ماضی سے بنا حاصل مصدر): (۱) ٹوٹنا (۲) ہار (جیت کی ضد)
شقشقیہ [شَ قْ شَ قِ یا] (ع: ...... قِ یہ: اونٹ کا مستی میں بلبلانا) : نعرۂ مستانہ، حضرت علیؑ کے تحریر کردہ ایک قصیدے کا نام

شکوہ (۱) [شِ کو ہ] : شان و شوکت، دبدبہ
(۲) [شِ کْ وا] (ع: شَ کْ وی): گلہ، شکایت
شکیب [شَ کے ب] (ف: شَ کے ب): صبر
شگفتہ [شَ گُ ف تا] (ف: شُ گُ ف تہ / شِ گُ ف تہ): کھلا ہوا، ہشاش بشاش
شگون [شُ گو ن] : فال، علامت
شلک [شِ لْ لِ ک] : سلامی کے طور پر توپوں یا بندوقوں کا ایک ساتھ داغا جانا
شلیتہ [شُ لی تا] : ٹاٹ کا بڑا تھیلا
شماتت [شَ ما تَ ت] : کسی کی مجبوری کا مذاق اُڑانا
شمع [شَ ما] (ع: شَ م ع): موم بتی، کسرۂ اضافت کے ساتھ۔ شَ مِ اِ (حرفِ ع) کی آواز لوٹ آتی ہے جیسے شمعِ مزار [شَ مِ اِ مزار]
شمولیت [شُ مو لِ یت] (ع: ...... لِیت): شامل ہونا
شملہ (۱) [شَ م لا] (ع: ...... لہ): (۱) عمامے کا پچھلا سرا جو لٹکتا ہے۔ (۲) ایک چھوٹی شال جو سر اور کمر کے گرد لپیٹی جاتی ہے۔ (۳) دستار
(۲) [شِ م لا]: ایک مشہور صحت افزا مقام
شمال [شُ ما ل] (ع: شِ مال): ایک سمت کا نام
شمشیر [شَ م شی ر] : تلوار
شمہ [شِ م ما] (ع: شَ م مہ): ہلکی خوشبو، تھوڑا سا جیسے شمّہ برابر
شناخت [شَ نا خت] : پہچان
شناس [شَ نا س] (ف: شناختن (پہچاننا) کا امر): ان تراکیب میں مستعمل ادا شناس، حق شناس وغیرہ
شناور [شَ نا وَر] (ف: شِ نا وَ ر): تیراک

شنجرف [شَ نْ جَ رْ ف] : دیکھیے شنگرف

شنگرف [شَ نگ گَ رْ ف] : ایک سرخ دھات

شنوائی [شُ نْ وا ای]: سماعت

شنید [شُ نی د]: شنیدن کا حاصل مصدر جیسے گفت و شنید، بات چیت

شوراب / شورابہ [شوْ را ب / شوْ را با](ف:......بہ)
: کھاری پانی

شور [شوْ ر]: (۱) بلند آواز (۲) کھاری، ان تراکیب میں مستعمل
زمین شور: کھاری زمین مراد بنجر زمین۔ شور بخت: بد بخت

شور بور [شوْ ر بوْ ر] : دیکھیے شرابور

شورہ [شوْ را](ف:......رہ): ایک قسم کا کھار

شوریٰ [شوْ را](ع:ایضاً) : مشاورت

شوریدہ [شوْ ری دا] (ف:......دہ): پریشان، حیران

شوق چرّانا [شوْ ق چَ رْ را نا]: شوق پیدا ہونا، طنزاً کہتے
ہیں۔ دیکھیے چرّانا

شولا [شوْ لا] : پتلی کھچڑی

شوم [شوْ م] : بد بخت، منحوس، مَثَل: بخی سے بھلا شوم جو
جھٹ کرے انکار

شومیٔ قسمت: قسمت کی خرابی، بد بختی

شہاب (۱) [شِ ہا ب] : سرخ رنگ
شہابی چہرہ : سرخ و سپید چہرہ

(۲) [شِ ہا ب] : چمکدار، ٹوٹتا ہوا روشن ستارہ

شہدا [شوْ ہْ دا](ع: شُ ہَ دا، جمع، واحد: شہید): (۱) شہید
لوگ (۲) بصیغۂ واحد لُچا، لفنگا۔
(۳) ایک فرقہ جو محرم کے جلوس میں شریک ہوتا تھا

شہر پناہ [شَ ہِہ رْ پَ نا ہ / شَ ہْ رْ پناہ](ف: شَ ہْ ر
پناہ): شہر کو گھیرنے والی چار دیواری جو حفاظت کے لیے
بنائی جائے

شہلا [شَ ہِہ لا] (ف: شَ ہْ لا): ایک قسم کی نرگس

شہود [شُ ہوْ د] : ظہور، غیب کی ضد

شیب [شَ یے ب]: بڑھاپا

شیخ [شے خ](ع: شَ یے خ: بوڑھا، بزرگ): بزرگ، پیر

شیوخ [شُ یوْ خ](ع: ایضاً جمع واحد: شیخ): صوفی بزرگ حضرات

شیر (۱) [شے ر] : ایک مشہور جانور

(۲) [شی ر] : دودھ

شیر برنج [شی ر بِ رِ نْج] : کھیر، دیکھیے برنج

شیر خوار (بچہ): دودھ پیتا (بچہ)

شیر دِہ: دودھ دینے والا جانور Mammal

شیر و شکر (ہونا): گھل مل جانا

شیشۂ حلبی [شی شَ اِ حَ لَ بی] : حلب کے آئینے،
دیکھیے حلب

شیفتہ [شے فْ تا] (ف:......تہ): عاشق، مدہوش

شیوا [شے وا](ع:ایضاً): فصیح و بلیغ

شیوا بیان: ماہر مقرِّر

شیون (۱) [شے وَ ن] (ع:ایضاً): نالہ، آہ و زاری

(۲) [شُ یوْ ن] (ع:ایضاً جمع: واحد شان): شانیں

شیوہ [شے وا] (ف:ایضاً): طریقہ، روش جیسے وفا شیوہ

(ص)

صابن [صا بُ ن] (ع: صا بوْ ن): ایک مشہور چیز جس
سے نہاتے اور کپڑے دھوتے ہیں

صاحب [صا حِ ب / صا حَ ب / بول چال صاب]

(ع: صا ح ب) (۱) آقا (۲) تعظیمی کلمہ، تراکیب
میں مالک کے معنوں میں مستعمل جیسے صاحب جمال،
صاحب ایمان، صاحب اختیار وغیرہ میں۔ کبھی کبھی کسرۂ
اضافت حذف کردیتے ہیں جیسے

صاحب خانہ [صا حِ بْ خا نا]
(ع ... ح ... نہ): گھر کا مالک

صاحب فراش [صا حِ بْ فِ را ش]: بستر پر پڑا
ہوا بیمار جو چل پھر نہ سکے

صاحب قِران [صا حِ بْ قِ را ن]: وہ خوش نصیب
جس کی پیدائش کے وقت مشتری اور زہرہ ایک برج میں ہوں

صادر [صا دِ ر] (ع: ایضاً: باہر نکلنے والا) ..... کرنا: کوئی حکم
نافذ کرنا، جاری کرنا

صادق [صا دِ ق] (ع: ایضاً: سچا) ..... آنا: ٹھیک آنا،
درست ہونا

صاعقہ [صا اِ قا] (ع: ... ع قہ: گرنے والی بجلی): بجلی

صافی [صا فی] (ع: ایضاً خالص، کھرا، ف: شراب چھاننے کا
کپڑا): میلے برتن صاف کرنے یا جھاڑ پونچھ کا کپڑا۔ عربی
معنوں میں اس ترکیب میں مستعمل صوفیٔ صافی

صالح [صا لے ح / بول چال صالے] (ع: صال ح):
نیک آدمی

صالحہ [صا لے حا / بول چال صا لِ آ]: نیک عورت

صامت [صا مِ ت] (ع: ایضاً): خاموش جیسے ساکت وصامت

صائب [صا اِ ب] (ع: ... اب): ٹھیک، صحیح

صائب الرائے [صا اِ ب ر را ے]
(ع: صا ء ب ر را ے): عقل مند

صبا (۱) [صَ با] (ع: ایضاً: پُروا ہوا): ہوا، باد صبا بھی کہتے ہیں
(۲) [صِ با] (ع: ایضاً): بچپن

صباح [صَ با ح] (ع: ایضاً): صبح، ترکیب علی الصباح
(صبح سویرے) میں مستعمل

صبح [صُ با ح] (ع: صُ بْ ح): سویرا

صبوحی [صَ بوُ حی] (ع: صَ بو ح ی): صبح پی جانے والی شراب

صبورہ [صَ بوُ را]: مصنوعی عضو تناسل

صبی [صَ بی] (ع: ایضاً جمع صبیان): شیر خوار بچہ، کم عمر لڑکا

صحابہ [صَ حا با] (ع: ... بہ جمع: واحد صاحب):
اصحاب رسول

صحابی [صَ حا بی] (ع: ایضاً): وہ مسلمان جو آنحضرتؐ کی
صحبت میں رہا ہو

صحاحِ ستہ [صِ حا حِ سِ تْ تا] (ع: ... ح ... تہ
صحاح جمع واحد صحیح، ستہ: چھ): صحیح حدیث کی چھ کتابیں

صحاف [صَ حْ حا ف] (ع: ایضاً): جلد بندی کرنے والا

صحافی [صَ حا فی]: اخبارات میں کام کرنے والا، جرنلسٹ

صحبت [صو حْ بَ ت] (ع: صُ حْ ب ت): رفاقت

صحت [صِ حْ ت] (ع: ص ح ح ت): (۱) تندرستی
(۲) صحیح ہونا، درستی

صحرا [صَ حْ را] (ع: ص ح را): ریگستان، ویرانہ، جنگل

صحف [صُ حُ ف] (ع: ایضاً جمع واحد صحیفہ): آسمانی کتابیں

صحن [صَ حِ ن] (ع: ص ح ن: بڑا تھال): انگنائی

صحنک [صَ حْ نَ ک] (ع. ف.): چھوٹی تھالی، حضرت
فاطمہؓ کی نیاز

صحو [صَ حْ + و / بول چال صَ حو] (ع: ص ح و): نشے
سے ہوش میں آنے کی حالت۔ ضد: سُکر

صحیح [صَ حی] (ع: صَ حی ح: تندرست): (۱) درست
(۲) مستند حدیث
صحیفہ [صَ حی فا] (ع: ...فہ: کتاب): رسالہ، مراسلہ
صدر [صَ دْ ر / بول چال صَ دَ ر] (ع: صَدْر: سینہ):
(۱) مکان کا صحن (۲) میر مجلس
صدف [صَ دَ ف] (ع: ایضاً): سیپی
صدق [صِ دْ ق] (ع: ایضاً): سچائی
صدقہ [صَ دْ قا] (ع: صَ دَ قہ: نیکی): خیرات۔ خدا
کے نام پر کوئی چیز سر سے اُتار کر مسکینوں میں بانٹی جائے
صدقے جانا: قربان ہونا
صدمہ [صَ دْ ما] (ع: صَدْمہ: ٹکراؤ): شدید غم
صدور [صُ دُوْ ر] (ع: ایضاً جمع: واحد صدر): اجرائے حکم،
کسی واقعہ کا رونما ہونا، سرزد ہونا
صدیق (۱) [صَ دی ق] (ع: ایضاً): دوست
(۲) [صِ دْ دی ق] (ع: ایضاً: تصدیق کرنے والا):
سچا، حضرت ابو بکر کا لقب
صراف [صَ را ف] (ع: صَ رْ را ف): چاندی سونے
کے سکّے پرکھنے والا، چاندی سونے کا بیوپاری
صرصر [صَ رْ صَ ر] (ع: ایضاً): آندھی، جھکڑ
صرف (۱) [صَ رْ ف] (ع: ایضاً): (۱) خرچ کرنا (۲) قواعدِ
زبان کا وہ حصہ جو لفظوں سے بحث کرے
(۲) [صِ رْ ف] (ع: ایضاً: خالص شے): فقط
صریر [صَ ری ر] (ع: ایضاً): بانس سے بنے قلم کی کاغذ پر
کھینچنے کی آواز
صعوبت [صُ عُوْ ب ت] (ع: ایضاً): مصیبت

صعود [صُ عُوْ د] (ع: ایضاً): اوپر چڑھنا، ضد: ہُبوط
صفحہ [صَ فْ حا] (ع: صَ فْ حہ): ورق کا ایک پہلو
صفدر [صَ فْ دَ ر] (ع. ف: دریدن (پھاڑنا) کے امر در
سے بنا اسم فاعل، صف چیرنے والا): جانباز سپاہی،
حضرت علیؑ کا لقب
صفر (۱) [صِ فْ ر] (ع: صِفْر): حسابی علامت جسے
انگریزی میں زیرو کہتے ہیں
(۲) [صَ فَ ر] (ع: ایضاً): اسلامی تقویم کا دوسرا قمری مہینہ
صفوی [صَ فْ وی] (ع: صَ فَ وی): ایران کے ایک
شاہی خاندان سے نسبت رکھنے والے
صفہ [صُ فْ فا] (ع: ...فہ: سائبان): ترکیب اصحاب
صفہ میں مستعمل
صلا [صَ لا] (مفرس: ایضاً): پکار، چیلنج
صلائے عام [صَ لا اِ آ م] (ع: ...عام): مقابلے
کی عام دعوت
صلابت [صَ لا ب ت] (ع: ایضاً): سختی
صلب [صُ لْ ب] (ع: ایضاً: پیٹھ کا مہرہ): نسل، پشت
صلحا [صُ لَ حا] (ع: صُ لَ حا، جمع: واحد صالح):
نیک لوگ
صلح [صُ لا] (ع: صُ لْ ح): ملاپ
صلعم [صَ لْ لَ م] (ع: صَ لْ عَ م): صلی اللہ علیہ وسلم
کا مخفف
صلوٰۃ [صَ لا ت] (ع: ایضاً): نماز
صلوات [صَ لَ وا ت] (ع: صَ لَ وات جمع: واحد صلوٰۃ):
اردو میں واحد مستعمل، درود
صلواتیں سنانا: برا بھلا کہنا

صلیب [صَ لی ب] (ع:ایضاً): سولی

صمیم [صَ می م] (ع:ایضاً: خالص): خالص

صنادید [صَ نا دی د] (ع:ایضاً جمع: واحد صندید: سردار): سردار لوگ۔ دیکھیے آثار الصنادید

صندلی [صَ ند لی] (ف: صَ ن دَ لی: کرسی): ایک قسم کی اونچی تپائی

صندوق [صَ نْ دوٗ ق] (ع: صُ نْ دُوْ ق): لکڑی یا لوہے کا بکس

صنعت [صَ نْ اَ ت] (ع: صَ نْ عَ ت: کاریگری): انڈسٹری

صنف [صِ نْ ف / بول چال صِ نَ ف] (ع: صِ نْ ف): نوع، جنس، قسم

صواب [صَ وا ب] (ع:ایضاً): ٹھیک، درست

صوابدید [صَ وا ب دی د] (ع. ف: ایضاً): رضامندی

صومعہ [صوٗ مَ آ] (ع: م عہ): عیسائیوں کی عبادت گاہ، گرجا

صیغہ [صے غا] (ع: صی غہ): محکمہ، کلمہ جو متصرّف ہو

صیقل [صَ یْ قَ ل] (ع:ایضاً: چمکانا، پالش کرنا): زنگ دور کرنا

صیہونیت [صَ یْ ہوٗ نِ یَ ت] (ع: سے ماخوذ): یہودیوں کی برتریٔ نسل کی عالمگیر تحریک **Judaism**

(ض)

ضابطہ [ضا بِ طا / بول چال ضا بَ طا] (ع: ضابِطہ): قاعدہ

ضائع [ضا + ے / بول چال ضایا] (ع: ضاءع): برباد کرنا

ضرب المثل [ضَ رَ بُ لْ مَ ثَ ل] (ع:ایضاً): کہاوت

ضرغام [ضِ رْ غا م] (ع:ایضاً): شیر

ضرور [ضَ روٗ ر] (ع:ایضاً): جس بات کا ہونا لازم ہو، کلمۂ تاکید

ضعف [ضُ عْ ف] (ع: ضَ عْ ف): کمزوری، بڑھاپا

ضعیف البنیان [ضَ ای فُ لْ بُ نْ یا ن] (ع: ضَ عی ... ن): جس کی بنیاد کمزور ہو، مراد انسان

ضغطہ [ضَ غْ طا] (ع: ضَ غْ طہ: دباؤ): تنگی، سختی، دباؤ

ضغطۂ دموی [دَ مَ وی] (ع: ضَ غْ طہ: کھینچاؤ، دم بمعنی خون): خون کا دباؤ، بلڈ پریشر

ضلع [ضِ لا] (ع: ضِ لْ ع: پسلی): (۱) علم ہندسہ میں خط (۲) ملک کا ایک حصہ، ڈسٹرکٹ

ضلع جگت [ضِ لا جُ گَ ت]: ایک صنعت لفظی جس میں ایک دوسرے کے مناسب الفاظ تک سے تک ملا کر بولتے ہیں

ضماد [ضِ ما د] (ع:ایضاً): لیپ

ضمن [ضِ مْ ن / بول چال ضِ مَ ن] (ع: ض م ن): بابت، بارے میں

ضمہ [ضَ مْ ما] (ع: ... مہ): پیش کی علامت

ضو [ضَ وْ] (ع:ایضاً): روشنی

ضیا [ضِ یا] (ع: ضِ یا ء): روشنی

ضیاع [ضِ یا] (ع: ضِ یا ع): ضائع ہونا، بربادی

ضیف [ضَ یْ ف] (ع:ایضاً): مہمان

ضیق [ضی ق] (ع:ایضاً: تنگی): تنگی، پریشانی جیسے جان ضیق میں ہے

ضیق النفس [ضی قُ نْ نَ فَ س] (ع:ایضاً): دمہ

(ط)

طارم [طا رِ م] (ع:ایضاً): بلند مقام مراد آسمان

طاغوت [طا غو ت] (ع:ایضاً): شیطان

طاق [طا ق]: (۱) محراب (۲) ماہر (۳) وہ عدد جو دو پر تقسیم نہ ہو۔ جفت کی ضد

طاقہ [طا قا / بول چال تا کھا] (ع: طاقہ): کپڑے کا تھان

طال عمرہ [طا لَ اُ م رُ ہٗ] (ع:......غ...... رُہٗ: اس کی عمر دراز ہو): خط کے القاب، اردو میں طولُ عُمرُہٗ زیادہ مستعمل

طالح [طا لِ ح] (ع:......لِ ح): بدکار، صالح کی ضد

طالع [طا لے] (ع: طالِ ع): طلوع ہونے والا ستارہ، مراد قسمت

طائر [طا اِ ر] (ع: طا ا ر): پرندہ

طائف [طا اِ ف] (ع: طاِاف): حجاز کے ایک مشہور شہر کا نام

طائفہ [طا اِ فا] (ع: طا ا فہ: ٹولی): گانے بجانے والوں کی ٹولی

طباشیر [طَ با شی ر] (معرب): بنس لوچن، دوا کا نام، دیکھیے تباشیر

طبع [طَ با] (ع: طَبْ ع: طبیعت): چھاپنا

طبقہ [طَ بَ قا] (ع: طَبَ قہ): درجہ

طبرزد [طَ بَ رَ زَ د] (معرب): مصری ایک قسم کی شکر دیکھیے تبرزد

طبعی [طَ بْ ای] (ع:...... ئی): قدرتی

طبعیات [طَ بی آ ت] (ع: طَ بی عا ت): فزکس

طبل [طَ ب ل] (ع: طَ بْ ل): ڈھولک

طبیعت [طَ بی اَ ت] (طَ بی عَ ت): مزاج

طبیعی [طَ بی ای] (ع:...... ئی): خلقی، پیدائشی جیسے عمرِ طبیعی

طحال [طِ حا ل] (ع:ایضاً): تلّی

طرابلس [طَ را بُ لَ س] (معرب): ایک شہر کا نام

طراز [طَ را ز] (ف: تِ راز / طراز): نقش و نگار، سنجاف

طربیہ [طَ رَ ب یا] (ع: طَرَب یَہ): کامیڈی

طرح [طَ رَ ح / طَ رح] (ع:ایضاً): (۱) بنیاد (مصرع طرح) (۲) مانند

طرف [طَ رَ ف] (ع: طَ رْ ف / طَ رَ ف): (۱) جانب (۲) حریف

طرفۃ العین [طُ رَ فَ تُ لْ عَ یْ ن] (ع:ایضاً): پلک جھپکتے ہی، فوراً

طرفہ [طُ رْ فا] (ع:...... فہ): انوکھی چیز

طرفہ تماشا (ع۔ف۔:ایضاً): مزے کی بات، عجیب بات

طرفین [طَ رَ فَ یْ ن] (ع:ایضاً): دونوں طرف، فریقین

طرہ [طُ رْ را] (ع:......ہ: زلف): کلغی، گلدستہ، ندرت کی بات

طعمہ [طُعْ ما] (ع: طُعْ مہ): خوراک

طعن و تشنیع [طا نُ ت شْ نی / بول چال تا نے تِشْنے]: طنز بھری جلی کٹی باتیں

طعنہ [تا نا] (ع: طَعْ نہ): طنز

طغرا [طُ غْ را]: خوش نویسی کی ایک قسم جس میں بادشاہوں کے القاب خاص ڈھنگ سے لکھے جاتے ہیں

طفولیت [طُ فو لِ یَ ت] (ع: طُفولِ یَّت): بچپن

طفیل [طُ فَ یْ ل] (ع:ایضاً): ایک شخص کا نام جو دعوتوں میں بن بلائے شریک ہوتا تھا، مراد ذریعہ، وساطت

طفیلی: دوسروں کے ٹکڑوں پر پلنے والا

طلاق [طَ لا ق] (ع:ایضاً): معنی معروف۔ رجعی: پہلا درجہ، بائن: دوسرا درجہ، مغلظہ: آخری درجہ

طلاقت لسانی [طَ لا قَ تِ لِ سا نی](ع.ف. ایضاً)
: فصاحت بیانی

طلایہ [طَ لا یا] (ع: ...یہ): طلایہ گردی، رات میں
پولیس یا فوجیوں کی گشت

طلبہ [طَ لْ با](ع: طَ لَ بہ): طالب (علم) کی جمع

طمطراق [طُ مْ طُ را ق](ع: ایضاً): شان و شوکت، کرّ و فر

طمع [طَ ما](ع: طَ م ع): لالچ

طمّاع [طَ مْ ما](ع: ...ماع): بہت لالچی

طلوع [طُ لو](ع: ...لو ع): سورج یا چاند کا افق سے نکلنا

طناب [طَ نا ب](ع: ایضاً): خیمے کی ڈور

طوائف [طَ وا ئِ ف](ع: ...اِف: جمع: واحد طائفہ: ٹولی)
: اردو میں بصیغۂ واحد مستعمل، ناچنے گانے والی

طوائف الملوکی [طَ وا ئِ فُ لْ مُ لو کی]: بدامنی،
جس میں لوگ مارے مارے پھرتے ہیں

طور (۱) [طَ وْ ر]: طریقہ

(۲) [طُو ر] (ع: ایضاً): ایک مشہور پہاڑ کا نام

طوعاً و کرہاً [طَ وْ اَ نْ و کَ رْ ہَ ن](ع: ایضاً طوعاً:
خوشی سے، کرہاً: طبیعت کے خلاف، کراہت سے): مجبوراً

طول امل [طُو لِ اَ مَ ل] (ع: امل: امید): بے فائدہ آس
لگائے رکھنا

طُول عمرہ [طُو لُ اُ مْ رَ ہٗ] (ع: طَ وَّ لَ عُ مْ رَہٗ)
: اس کی عمر دراز ہو۔ خط کے القاب جو اہل اردو استعمال
کرتے ہیں، دیکھیے طال عمرہٗ

طومار [طُو ما ر] (ع: ایضاً: لمبا تحریر شدہ کاغذ جسے لپیٹا جا سکے)
: بیجا اور غیر ضروری تفصیل

طیب (۱) [طی ب] (ع: ایضاً: خوشبو): رضامندی
جیسے بہ طیب خاطر

(۲) [طَ یِّ ب](ع: ...یِّ ب): پاک، حلال

طیلسان [طَ یْ لْ سا ن] (معرب: ...لَ...ن):
کندھے پر ڈالنے کی چادر

طیران گاہ [طَ یَ را ن گا ہ] (ع.ف: ایضاً): ہوائی اڈہ

طیور [طُ یو ر](ع: طُ یو ر جمع: واحد طائر): پرندے

(ظ)

ظرافت [ظَ را ف ت] (ع: ایضاً: دانشمندی): مزاح

ظرف [ظَ رْ ف](ع: ایضاً): (۱) برتن (۲) طبیعت

ظروف [ظُ رو ف] (ع: ایضاً جمع: واحد ظرف): برتن
بصیغۂ جمع

ظل [ظِ لّ] : سایہ، اضافت میں تشدید ظاہر ہوتی ہے جیسے
ظلّ اللہ، ظلّ الٰہی، ظلّ سبحانی وغیرہ

ظلمات [ظُ لُ ما ت] (ع: ظُ لُ ما ت جمع: واحد
ظلمت): اردو میں واحد مستعمل، اندھیرا

ظلہ [ظِ لْ لُ ہٗ](اس کا سایہ جیسے
مد ظلہ مُدْ دَ ظِ لْ لُ ہٗ: اس کا سایہ طویل ہو مراد
تادیر قائم رہے): بطور القاب مستعمل

ظہار [ظِ ہا ر] (ع: ایضاً: پیٹھ کر کے سونا): طلاق کی ایک قسم
جو دور جاہلیت میں رائج تھی

ظہر (۱) [ظُ ہْ ر] (ع: ظُ ہْ ر) : دوپہر کی نماز

(۲) [ظَ ہْ ر] (ع: ایضاً: پیٹھ): دیکھیے وضع الظہر

ظہرانہ [ظُ ہْ را نا]: لنچ، دوپہر کے کھانے پر بلانا Lunch

ظہور [ظُ ہوُ ر] (ع: ظ ہو ر) : ظاہر ہونا

(ع)

عاجلانہ [آ جِ لا نا] (ع: عا ج لا نہ): جلد بازی میں کیا
ہوا کوئی کام

عارضہ [آ رِ ضا] (ع: عا ر ضہ): (۱) وہ بیماری جو کسی
دوسری بنیادی بیماری کے باعث پیدا ہو (۲) عام بیماری

عارضی [آ رْ ضی] (ع: عارضی: لاحق شدہ، جو اصلی کے
مقابلے میں کم میعادی ہو): جو دائمی نہ ہو

عارفہ [آ رِ فا] (ع: عا ر فہ: عارف کی تانیث): اسم خاص

عاریت [آ رِ یَ ت] (ع: عا ر یَ ت): مانگی ہوئی
چیز، قرض

عاریتاً [آ رِ یَ تَ ن] (ع: عا...یتاً): بطور مستعار

عاشورا [آ شو را] (ع: عا...را ء): محرم کی دسویں تاریخ،
اس لفظ کا املا "عاشورہ" بھی اردو میں مروّج ہے

عاطفت [آ طِ فَ ت] (ع: عا ط ف ت): مہربانی،
شفقت

عاقبت [آ قِ بَ ت] (ع: عا ق ب ت): (۱) انجام
(۲) حیات بعد ممات

عاقلہ [آ قِ لا] (ع: عا ق لہ: عاقل کی تانیث):
عقلمند عورت

عالم (۱) [آ لِ م] (ع: عا لِ م): صاحب علم

(۲) [آ لَ م] (ع: عا لَ م): (۱) دنیا (۲) کیفیت،
حالت جیسے عالم بیخودی

عالی تبار [آ لی تَ با ر] (ع: عا...ر): اعلی خاندان کا

عامل [آ مِ ل] (ع: عا م ل: عمل کرنے والا): (۱) حاکم،
گورنر (۲) بھوت پریت کا علم جاننے والا

عائد [آ ئِ د] (ع: عا ا د: پلٹ کر آنے والا) ...... ہونا: لاگو
ہونا، جیسے فلاں الزام ان پر عائد ہوتا ہے

عباسی [اَ بْ با سی] (ع: ع...ی): (۱) حضرت عباسؓ
سے منسوب (۲) ایک پھول کا نام جو ہلکا نیلا اور گہرا سرخ
ہوتا ہے (۳) اس طرح کے رنگ والا

عبرانی [اِ بْ را نی] (ع: ع...ی): یہودیوں کی ایک
قدیم زبان Hebrew

عبقری [اَ بْ قَ ری] (ع: ع...ی: عجیب و غریب
لباس): غیر معمولی طور پر ذہین، جینئس Genius

عبودیت [اُ بو دِ یَ ت] (ع: عُ...دیّت): بندگی،
غلامی، اطاعت

عبہر [اَ بْ ہَ ر] (ع: عَ...ر): ایک قسم کی نرگس کا پھول جو اندر
سے زرد ہوتا ہے بر خلاف شہلا کے جو اندر سے سیاہ ہوتی ہے

عبید [اُ بَ ے د] (ع: عُ...د: چھوٹا غلام): معمولی بندہ

عتاب [اِ تا ب] (ع: ع...ب): غصہ، قہر

عتبات [اَ تَ با ت] (ع: ع ت با ت جمع، واحد عتبہ:
آستانہ): مقدس درگاہیں

عتباتِ عالیہ: وہ متبرک مقامات جن کی زیارت شیعہ حضرات
کرتے ہیں

عترت [اِ تْ رَ ت] (ع: ع...ت): اولاد، قریبی رشتہ دار

عتیق [اَ تی ق] (ع: عَ...ق): (۱) قدیم (۲) برگزیدہ

عجائب [اَ جا ئِ ب] (ع: عَ...اب جمع، واحد: عجیب):
تعجب انگیز چیزیں، جمع الجمع عجائبات بھی مستعمل

عجب (۱) [اَ جَ ب] (ع: عَ جَ ب): انوکھا

(۲) [اُ جُ ب] (ع: عُ جُ ب): خود بینی، تکبّر، غرور

عجز [اِ جُ ز] (ع: عِ جُ ز / عَ جُ ز): انکسار

عجلت [اُ جُ لَ ت] (ع: عُ جُ لَ ت): تیزی، جلدی

عجوبہ [اُ جو با] (ع: اُ جو بہ): انوکھی اور حیرت انگیز چیز

عدت [اِ دَ ت] (ع: ع...ت: تعداد، شمار): بیوہ یا مطلقہ کا ایک مقررہ مدت تک دوسرا نکاح نہ کر سکنا

عدلیہ [اَ دْ لِ یا] (ع: عَ دْ...یہ): حکومت کا وہ بازو جس کے ذمہ قوانین کی تشریح و نفوذ ہو Judiciary

عدن (۱) [اَ دْ ن] (ع: عَ دْ ن): دائمی قیام گاہ مراد جنت

(۲) [اَ دَ ن] (ع: عَ دَ ن): جنوبی عرب کی مشہور بندرگاہ

عدو [اَ دُو] (ع: عَ دُوّ): دشمن، رقیب

عدول [اُ دُو ل] (ع: عُ دُو ل): نافرمانی

عدول حکمی: حکم کی نافرمانی، سرکشی

عذار [اِ ذا ر] (ع: عِ...ر): گال جیسے گلعذار

عذرا [اَ ذْ را] (ع: عَ...را): بن بیاہی لڑکی، اسم خاص

عذب [اَ ذْ ب] (ع: عَ...ب): مٹھاس

عذب البیان: شیریں کلام

عذوبت [اُ ذُو بَ ت] (ع: عُ...ت): مٹھاس

عراقین [اِ را قَ یْ ن] (ع: عِ...ن: تثنیہ: دو عراق): عراق عرب اور عراق عجم

عربدہ [اَ رْ بَ دا] (ع: عَ...دہ): لڑائی

عربدہ جو: لڑاکا

عربی [اَ رَ بی] (ع: عَ رَ بی): جس کی نسبت ملک عرب سے ہو

عرس [اُ رْ س / بول چال اُرَس] (ع: عُ رْ س: شادی کی دعوت طعام): کسی بزرگ کی سالانہ فاتحہ کی مجلس

عرشی [اَ رْ شی] (ع: عَ...شی): فرشتہ

عرشہ [اَ رْ شا] (ع: عَ...شہ): جہاز کی چھت

عرصہ [اَ رْ سا] (ع: عَ رْ صہ): (۱) میدان جیسے عرصۂ حشر (۲) مدت دراز

عرض (۱) [اَ رْ ض] (ع: عَ رْ ض) (۱) درخواست (۲) چوڑائی

(۲) [اَ رَ ض] (ع: عَ رَ ض): وہ چیز جو اپنے وجود کے لیے دوسری چیز کی محتاج ہو جیسے رنگ، ضد: جوہر

عَرض بیگی: بادشاہ تک رعایا کی عرضیاں پہنچانے والا، بادشاہ کا معتمد

عرفات [اَ رَ فا ت] (ع: عَ رَ فا ت): ایک مشہور میدان کا نام

عرفہ [اَ رَ فا] (ع: عَ رَ فہ): ذی الحجہ کی نویں تاریخ

عرق (۱) [اَ رَ ق] (ع: عَ رَ ق): (۱) کسی چیز سے نکلا ہوا رس (۲) پسینہ

(۲) [اِ رْ ق] (ع: عِ رْ ق): نس، رگ

عرق النساء [اِ رْ قُ نْ نَ سا] (ع: عِ...ن سا: نسا نامی رگ): ایک بیماری جس میں پنڈلی میں شدید درد ہوتا ہے

عروس [اَ رُو س] (ع: عَ رُو س): دلہن

عروض [اَ رُو ض] (ع: عَ رُو ض): شعر کا وزن جاننے کا علم

عزا [اَ زا] (ع: عَ زا): ماتم

عزل [اَ زْ ل] (ع: عَ زْ ل): (۱) معزولی (۲) انزال سے قبل علیحدگی

عزلت [اُ زْ لَ ت] (ع:عُ ــــ ت): تنہائی

عزم بالجزم [اَ زْ م ب لْ جَ زْ م] (ع:عَ ــــ م): پکا ارادہ دیکھیے جزم

عزیمت [اَ زی مَ ت] (ع:عَ ــــ ت: فریضہ، حق، دعا): قصد، ارادہ

عزوجل [اَ زْ زَ وَ جَ ل / اَ زَ زَ وَ جَ ل] (ع:عَ زْ زَ وَ جَ لْ لَ: غالب و بزرگ): صفت الٰہی

عسرت [اُ سْ رَ ت] (ع:عُ ــــ ت): تنگی

عسل [اَ سَ ل] (ع:عَ ــــ ل): شہد

عشا (۱) [اَ شا] (ع:عَ شا) : رات کا کھانا

عشائیہ [اَ شا ا یا] : ڈنر پارٹی

(۲) [اِ شا] (ع: عِ شا): رات کی نماز

عشاق [اُ شْ شا ق] (ع:عُ ــــ ق جمع، واحد: عاشق): عاشق بصیغۂ جمع (۲) ایک راگ کا نام

عش عش [اَ شْ اَ شْ] ــــ کرنا: حیرت کرنا (یہ لفظ عربی و فارسی دونوں میں نہیں ہے)

عشر [اُ شْ ر] (ع: عُ شْ ر) : دس

عشر عشیر [اُ شْ رے اَ شی ر] (عُ ــــ عَ ــــ ر: دس کا دسواں حصہ): بہت ہی کم

عشرہ [اَ شْ را] (ع:عَ ــــ رہ): دہا (دس کی اکائی)

عشرۂ مبشرہ: وہ دس صحابی جن کی آنحضرتؐ نے جنّت میں جانے کی خوشخبری دی تھی

عشوہ [اِ شْ وا] (ع: عِ شْ وہ / عَ شْ وہ): ناز و انداز

عصبیت [اَ صْ ب یَ ت] (ع:عَ صْ ب یَّ ت): وہ جانبداری جو اپنوں کے حق میں غیروں کے خلاف برتی جائے، تعصب

عصر (۱) [اَ صْ ر / بول چال اَصَ ر] (ع:عَ صْ ر): ایک نماز کا نام

(۲) [اَ صْ ر] (ع:عَ صْ ر): زمانہ

عصرانہ [اَ صْ را نا] : ٹی پارٹی

عصفور [اُ صْ فو ر] (ع:عُ ــــ ر): چڑیا، جمع عصافیر

عصمت [اِ صْ مَ ت / بول چال اَصْ مَ ت] (ع:عِ ــــ ت: معصوم ہونے کی حالت): عورتوں کی پاک دامنی

عضلات [اَ ضْ لا ت] (ع:عَ ضَ ــــ ت جمع، واحد: عضلہ): رگ پٹھے

عضو [اُ ضْ + و] (ع:عُ ضْ + و، جمع اعضاء): (۱) بدن کا کوئی جزو جیسے آنکھ، ناک، کان وغیرہ (۲) رکن مجلس

عطار [اَ طْ طا ر] (ع:عَ ــــ ر): (۱) عطر فروش (۲) دوا فروش

عطارد [اُ طا رِ د] (ع:عُ ــــ رِد): ایک سیارے کا نام

عطیہ [اَ ٹ یا] (ع:عَ طِ یَّہ): (۱) تحفہ (۲) ڈونیشن، زنانہ اسم خاص

عظام (۱) [اِ ظا م] (ع:عِ ــــ م جمع، واحد: عَظْم: ہڈی): ہڈیاں غیر مستعمل

(۲) [اِ ظا م] (ع:عِ ــــ م جمع، واحد: عظیم): بڑے لوگ

عظمت [اَ ظْ مَ ت] (ع:عَ ظَ مَ ت): بڑائی، بزرگی

عفت [اِ فْ فَ ت] (ع:عِ ــــ ت): پاکیزگی

عفریت [اِ فْ رِی ت] (ع:عِ ــــ ت): دیو

عفو [اَ فْ + و] (ع:عَ فْ + و): معافی

عفونت [اُ فو نَ ت] (ع:عُ ــــ ت): سڑاند

عفی عنہ [اُ فِ یَ اَ نْ ہُ] (ع:عُ ــــ عَ نْ ہُ: اسے معاف کیا جائے): دعائیہ فقرہ جو اپنے نام کے بعد لکھتے ہیں

عفیفہ [اَ فی فا] (ع: عَ ...... فہ): پارسا عورت

عقاب [اُ قا ب] (ع: عُ ...... ب): ایک شکاری پرندہ جسے فارسی میں شاہین کہتے ہیں

عقب [اَ قَ ب / اَ قْ ب] (ع: عَ قْ ب): پیچھے

عقبیٰ [اُ قْ با] (ع: عُ ...... بیٰ): آخرت

عقد (۱) [اَ قْ د] (ع: عَ ...... د: گرہ باندھنا): نکاح، عقدِ نکاح بھی مستعمل

(۲) [اِ قْ د] (ع: عِ ...... د: ہار، گلوبند): عقدِ ثریا

عقدہ [اُ قْ دا] (ع: عُ ...... دہ): گرہ

عقدۂ لاینحل: وہ گتھی جو سلجھ نہ سکے

عقوبت [اُ قو بَ ت] (ع: ایضاً): بدی کا بدلہ، سزا، عذاب

عقیم [اَ قی م] (ع: عَ ...... م: بانجھ مرد): بانجھ

عکاس [اَ کْ کا س] (ع: عَ ...... س): عکس اُتارنے والا، ترجمان

عکاظ [اُ کا ظ] (ع: عُ ...... ظ): عرب کا مشہور میلہ جہاں عہد جاہلیت کے شعراء کے مقابلے ہوتے تھے

علاقہ [اِ لا قا] (۱) (عَ لاقہ): تعلق، نسبت (۲) خطۂ زمین

(۳) (ع: عِ لا قہ: ایک چیز جو دوسری چیز سے بندھی یا لٹکی ہوئی ہو)

علاقہ بند: زیورات میں ڈورے ڈالنے والا پیشہ ور

علٰحدہ / علیحدہ [اَ لا حِ دا] (ع: علیٰ + حدہ): الگ، جدا

علانیہ [اَ لا نِ یا] (ع: عَ ...... یہ): کھلے عام

علاوہ [اَ لا وا / اِ لا وا] (ع: عِ ...... وہ: بڑے بوجھ کے اوپر چھوٹا بوجھ): مزید، علاوہ ازیں اور علاوہ بریں بھی مستعمل

علت [اِ لْ لَ ت] (ع: عِ ...... ت: سبب، بیماری): بری عادت، خرابی

علتِ غائی: اصل وجہ

علل [اِ لَ ل] (ع: عِ ...... ل جمع، واحد علت: سبب): اسباب، اسباب و علل بھی مستعمل

علما [اُ لْ ما] (ع: عُ لَ ماء: جمع، واحد عالم): اہل علم

علمائے سُوء: گمراہ کرنے والے دینی عالم دیکھیے سُوء

علم (۱) [اِ لْ م] (ع: عِ لْ م): معلومات

(۲) [اَ لَ م] (ع: عَ لَ م): جھنڈا

علم لدنی [اِ لْ مِ لَ دُ نی]: خداداد علم

علو [اُ لُوْ] (ع: عُ لو): بلندی

علوی (۱) [اَ لَ وی] (ع: عَ لَ وی): حضرت علیؓ کی اولاد، شیعوں کا ایک فرقہ جسے نسلاً حضرت فاطمہ سے نسبت نہ ہو

(۲) [اُ لْ وی] (ع: عُ لْ وی): سماوی جیسے عالم عُلوی

علی الرغم [اَ لَ رْ رَ غْ م] (ع: عَ ...... م): برخلاف، برعکس

علیا [اُ لْ یا] (ع: عُ لْ یا): اعلیٰ کی تانیث

عُلیا حضرت: اعلیٰ حضرت کی تانیث

علیین [اِ لْ لی ای ن] (ع: عِ ...... ن): بلند ترین جنت

عماد [اِ ما د] (ع: عِ ما د): ستون

عمادُ الدّولہ (حکومت کا ستون): ایک سرکاری عہدہ

عماری [اَ ما ری] (ع: عَ مْ ماری / عَ ماری): ہاتھی کا حوضہ (ہودہ)

عمال [اُ مْ ما ل] (ع: عُ ...... ل جمع، واحد: عامل): عامل، حاکم، گورنر

عمامہ [اَ مْ ما مہ / اَ ما ما] (ع: عِ ما مہ / عَ ما مہ): پگڑی، دستار

عمان (۱) [اَ مْ ما ن] (ع: عَ مْ ما ن): ایک شہر کا نام

(۲) [اُ م ما ن] (ع: عُ م ما ن): ایک سمندر کا نام

عمائد [اَ ما اِ د] (ع: عَ ما ا د، جمع، واحد: عمید: سردار، بزرگ): سردار لوگ

عمائدین [اَ ما اِ دی ن] (ع: عَ ..... ن): عمائد کی جمع الجمع، اردو میں مستعمل

عمداً [اَ م دَ ن] (ع: عَ ..... ن): بالارادہ، قصداً، دیکھیے قتلِ عمد

عمر (۱) [اُ م ر] (ع: عُ م ر): اسم خاص، ایک مشہور خلیفہ کا نام

(۲) [اُ م ر] (ع: عُ م ر): زندگی کے سال

عمران (۱) [اِ م را ن] (ع: عِ م را ن) : اسم خاص، حضرت موسیٰ کے والد کا نام

(۲) [اُ م را ن] (ع: عُ م را ن): آبادی

عمرانیات [اُ م را نِ یا ت] (ع: عُ ..... ت): سماجیات، سوشولاجی

عمرو [اَ م ر] (ع: عَ م ر): اسم خاص

عمرو زید: فلاں فلاں

عمرہ [اُ م را] (ع: عُ ..... رہ): چھوٹا حج

عمق [اُ مُ ق] (ع: عُ م ق / عُ م ق): گہرائی

عملہ [اَ م لا] (ع: عَ م لہ جمع: واحد عامل): اسٹاف اردو میں واحد

عملی [اَ م لی] (ع: عَ م لی): عمل سے متعلق

عم [اَ م] (ع: عَ مّ) : چچا

عمو [اَ م مُو] (ع: عَ م مُو) : چچا

عمود [اَ مُو د] (ع: عَ مُو د: ستون): وہ خط جو دوسرے خط پر اس طرح کھڑا ہو کہ زاویہ قائمہ بنائے

عمومیت [اُ مُو م یَ ت] (ع: عُ مُو م یَّ ت): عام ہونے کی صفت

عناب [اُ نّ نا ب] (ع: عُ ..... ب): بیر سے ملتا جلتا ایک پھل جو انتہائی سرخ ہوتا ہے

عُنّابی: سرخ

عناد [اِ نا د] (ع: عِ ..... د): دشمنی، بغض و عناد

عنان [اِ نا ن] (ع: عِ ..... ن): لگام

عند [اِ نْد] (ع: عِ ..... د): پاس، نزدیک، تنہا مستعمل نہیں، ان تراکیب میں مستعمل عند اللہ (اللہ کے پاس)، عند الضرورت (بوقت ضرورت)، عند الطلب (طلب کرنے پر)، عند الملاقات (ملاقات کے وقت)

عندیہ [اِ نْ دِ یا] (ع: عِ ..... یہ): ذاتی رائے

عنصر [اُ نْ صُ ر] (ع: عُ ..... ر): بنیادی جزو

عنفوان [اُ نْ فُ وا ن] (ع: عُ ..... ن): آغاز

عنفوانِ شباب: آغاز شباب

مزاحم [مُ زا حِ م] (ع: ایضاً) ...... ہونا: روڑے اٹکانا

مزبلہ [مَ زْ بَ لا] (ع: ...... لہ): کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ، گھوڑا

مزبور [مَ زْ بوْ ر] : جس کا ذکر تحریر میں آیا ہو، مذکور

مزد [مُ زْ د] (ف: ایضاً): مزدوری

مزدور [مَ زْ دو' ر] (ف: مُزد: اُجرت + وَر، مزدوَر): اُجرت پر محنت کا کام کرنے والا

مزرعہ [مَ زْ رَ آ] (ع: ...... عہ): کھیتی

مزعفر [مُ زا فَ ر] (ع: مُ زَ عْ فَ ر): زعفرانی زرد رنگ کے میٹھے چاول

مزکیٰ [مُ زَ کْ کا] (ع: مُ زَ کّیٰ: پاک کیا ہوا): وہ مال جس پر زکوٰۃ ادا کی جا چکی ہے

مزین [مُ زَ یْ یَ ن] (ع: ایضاً): آراستہ، سجا ہوا

مژدہ [مُ ژْ دا] (ف: ...... دہ): خوشخبری

مژہ [مِ ژا] (ف: ...... ہ): پلک

مژگاں [مِ ژْ گا ں] (ف: ایضاً جمع: واحد مژہ) : پلکیں

مسابقت [مُ سا بِ قَ ت] (ع: مُسابَقَت): ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش، ہوڑ

مساحت [مِ سا حَ ت] (ع: ایضاً): پیائش

مساس [مَ سا س] (ع: ایضاً): مالش

مساعد [مُ سا عِ د] (ع: مُ سا عِ د: موافق، سازگار): اردو میں مستعمل نامساعد حالات: ناسازگار حالات

مساعدت [مُ سا عِ دَ ت] (ع: مُ سا عَ دَ ت): اعانت

مساعی [مَ سا اِی] (ع:.....ی جمع: واحد سعی): کوششیں، اردو میں مستعمل مساعی جمیلہ

مسافت [مَ سا فَ ت].....کرنا: فاصلہ عبور کرنا

مسافرت [مُ سا فِ رَ ت] (ع: مُ سا فَ رَ ت) : حالت سفر

مسالا/لہ [مَ سا لا] (ع: مَ صا لح کا موڑد) : (۱) مواد (۲) سالن کو چٹپٹا بنانے کے لوازم (۳) کپڑے کو مزین کرنے کا سامان

مسامات [مَ سا ما ت] (ع: مَسَم کی جمع مسام جمع الجمع مسامات): جلد کے مہین سوراخ

مساوات [مُ سا وا ت] (ع: ایضاً): برابری

مساوی [مُ سا وی] (ع: ایضاً): برابر برابر

مسائل [مَ سا اِ ل] (ع: مَ سا ا ل جمع: واحد مسئلہ): حل طلب مشکل بات

مس (۱) [مَ س] (ع: مَ سّ).....کرنا: چھونا

(۲) [مِ س] (ع: مِ سّ): تانبا

مسبب (۱) [مُ سَ بْ بِ ب] (ع: ایضاً): سبب پیدا کرنے والا

مسبب الاسباب [مُ سَ بْ بِ بُ لْ اَ سْ با ب] : اسباب کا پیدا کرنے والا مراد خدائے تعالیٰ

(۲) [مُ سَ بْ بَ ب] (ع: ایضاً): جو کسی سبب کا نتیجہ ہو، معلول

مستاجر [مُ سْ تا جِ ر] (ع: مُ سْ تَ اْ جِ ر : اُجرت پر خدمات حاصل کرنے والا): ٹھیکیدار

مستاصل [مُ سْ تا صِ ل](ع: مُ سْ تَ اْ صِ ل) : جڑ سے اُکھاڑنا، برباد کرنا

مستبعد [مُ سْ تَ بْ ا د] (ع:.....عِ د): بعید از قیاس

مستثنا/نیٰ [مُ سْ تَ ثْ نا] (ع:.....نیٰ: باہر کیا ہوا): جس پر عام کلیے کا اطلاق نہ ہو

مستجاب [مُ سْ تَ جا ب] (ع: ایضاً).....ہونا: دعا کا قبول ہونا

مستجیب [مُ سْ تَ جی ب] (ع: ایضاً: جواب دینے والا): دعا قبول کرنے والا

مستجیب الدعوات [مُ سْ تَ جی بُ دْ دا وا ت] (ع:.....عْ وا ت): پکار کا جواب دینے والا، خدائے تعالیٰ کی صفت

مستحب [مُ سْ تَ حَ ب] (ع: ایضاً): وہ عبادت جس کا ادا کرنا بہتر ہو

مستحسن [مُ سْ تَ حْ سَ ن] (ع: مُ سْ تَ حْ سَ ن : نیک میں شمار کیا ہوا): عمدہ، قابل تعریف

مستحق [مُ سْ تَ حِ ق / مُ سْ تَ حَ ق] (ع:.....حَ ق): حقدار، سزاوار

مستحکم [مُ سْ تَ حْ کَ م] (ع: مُ سْ تَ حْ کَ م) : مضبوط

مستدام [مُ سْ تَ دا م](ع: ایضاً): ہمیشہ قائم رہنے والا

مستدعی [مُ سْ تَ دی](ع: مُ سْ تَ دْ عی): استدعا کرنے والا

مستزاد [مُ سْ تَ زا د] (ع: ایضاً): زائد، وہ صنف سخن جس میں ہر مصرع کے بعد زائد مصرع لگاتے ہیں

مستشرق [مُ سْ تَ شْ رِ ق]: مشرقی علوم کا ماہر

مستطیل [مُ سْ تَ طی ل](ع:ایضاً): وہ چار ضلعی بند سی شکل جس کے آمنے سامنے کے اضلاع مساوی ہوں اور ہر دو بازو کے اضلاع مل کر زاویۂ قائمہ بناتے ہوں۔

مستعار [مُ سْ تَ آ ر] (ع:...... عار: لوٹانے کے لیے کوئی چیز مانگنا): لوٹانے کی چیز، اُدھار

مستعجل [مُ سْ تَ أ جِ ل] (ع:......غ......ل): جلدی کرنے والا، شعلۂ مستعجل: وہ شعلہ جو جلد بجھ جائے

مستعد [مُ سْ تَ ! د] (ع:......ع د): آمادہ، تیار

مستعمر (۱) [مُ سْ تَ أ مِ ر](ع: مُ سْ تَ غْ مِ ر) : وہ جابر حکومت جو نو آبادیاں قائم کرے imperialist

(۲) [مُ سْ تَ أ مَ ر] (ع:......غ......مَ ر): نو آبادی

مستعمرات : نو آبادیاں

مستعمل [مُ سْ تَ أ مَ ل] (ع:......غ......ل): استعمال میں آنے والا

مستغرق [مُ سْ تَ غْ رَ ق] (ع:ایضاً): ڈوبا ہوا، خیالوں میں یا فکر میں کھویا ہوا

مستغنی [مُ سْ تَ غْ نی] (ع:ایضاً): بے نیاز، لاپروا

مستغیث [مُ سْ تَ غی ث] (ع:ایضاً): استغاثہ (مقدمہ) دائر کرنے والا

مستفید [مُ سْ تَ فی د] (ع:ایضاً)...... ہونا: استفادہ کرنا

مستفیض [مُ سْ تَ فی ض] (ع:ایضاً)...... ہونا: فیض حاصل کرنا

مستقر [مُ سْ تَ قَ ر] (ع:......ر): ٹھہرنے کی جگہ، ہیڈ کوارٹرس

مستلزم [مُ سْ تَ لْ زِ م] (ع:ایضاً): کسی امر کا لازم ہونا

مستمند [مُ سْ تَ مَ ند] (ف:ایضاً): حاجت مند

مستنبط [مُ سْ تَ نْ ب ط] (ع:ایضاً):...... ہونا: حقائق کی روشنی میں اخذ کیا ہوا نتیجہ، نتیجہ نکلنا

مستوجب [مُ سْ تَ وْ جِ ب] (ع:ایضاً): واجب، لائق جیسے مستوجب سزا: لائق سزا

مستورات [مُ سْ تو را ت] (ع:ایضاً جمع: واحد مستور: چھپا ہوا): پردہ نشین خواتین

مستول [مَ سْ تو ل] (ہ:ایضاً): جہاز یا کشتی کا مستول جس سے بادبان باندھتے ہیں

مستولی [مُ سْ تَ وْ لی] (ع:ایضاً): غالب جیسے اس پر خوف مستولی تھا

مستوی [مُ سْ تَ وی](ع:ایضاً): ہموار سطح

مسٹنڈا [مُ سْ ٹَ نْ ڈا] : موٹا تازہ، طاقتور

مسجع [مُ سَ جْ جا](ع:...... جَ ع): وہ مقفیٰ عبارت جس کے الفاظ آپس میں ہم قافیہ ہوں

مسجل [مُ سَ جْ جِ ل] (ع:ایضاً): رجسٹرار

مسح [مَ سَ ح](ع: م سْ ح : کسی چیز کو چھونا): وضو کرتے وقت کسی کھلے عضو پر گیلا ہاتھ پھیرنا

مسخ [مَ سْ خ] (ع:ایضاً)...... کرنا: چہرہ بگاڑنا، عمدہ حالت سے بری حالت میں لانا

مسخرگی [مَ سْ خَ رَ گی] (ف:...... رگی): مسخرہ پن

مسخر [مُ سَ خْ خَ ر](ع:ایضاً: تسخیر کیا ہوا)...... کرنا: تسخیر کرنا

مسدود [مَ سْ دوُ د] (ع: ایضاً: کسی آڑ کے ذریعے روکا ہوا)...... کرنا: بند کرنا

مسرت [مَ سَ رْ رَ ت / بول چال مُ سَ رْ رَ ت] (ع: م...... ت): خوشی

مسرف [مُ سْ رِ ف] (ع: ایضاً): اسراف کرنے والا، فضول خرچی

مسطح [مُ سَ طْ طَ ح] (ع: م سَ طْ طَ ح): ہموار، سپاٹ

مسطر [مِ سْ طَ ر] (ع: ایضاً): سطر کھینچنے کی ڈوری بندھی تختی

مسطور [مَ سْ طوُ ر] (ع: ایضاً)...... کرنا: قلمبند کرنا

مسقط الراس [مَ سْ قَ طُ رْ را س] (ع: ایضاً، مَسْقَط: گرنے کی جگہ، راْس: سر: سر کے بل گرنے کی جگہ): مقام پیدائش

مسقف [مُ سَ قْ قَ ف] (ع: سَقف: چھت): وہ چیز جس پر چھت ڈالی جائے

مسک [مِ سْ ک] (معرب): مُشک، کستوری

مسکنا [مَ سَ کْ نا]: نازک کپڑے کا اس طرح کھنچنا کہ تار تار الگ ہو جائے

مسکت [مُ سْ کِ ت] (ع: ایضاً: ساکت کرنے والا): خاموش کرنے والا

مسکت جواب دینا: لاجواب کردینا

مسکر [مُ سْ کِ ر] (ع: ایضاً): نشہ آور

مسکرات : [مُ سْ کِ را ت] (ع: ایضاً جمع واحد: مُسکِر) : نشہ آور چیزیں

مسکن (۱) [مَ سْ کَ ن] (ع: ایضاً): جائے سکونت

(۲) [مُ سَ کْ کِ ن] (ع: ایضاً: تسکین دینے والا): درد کی شدت کم کرنے والی (دوا)

مسکنت [مَ سْ کَ نَ ت] (ع: ایضاً): مسکینی، عاجزی

مسکوٹ [مِ سْ کَ وْ ٹ] ...... کرنا: ساز باز کرنا، کوئی بات آپس میں خفیہ طور پر طے کرنا

مسکوک [مَ سْ کوُ ک] (ع: ایضاً)...... کرنا: دھات کو پگھلا کر سکے میں ڈھالنا

مسکون [مَ سْ کوُ ن] (ع: ایضاً): آباد شدہ دیکھیے رُبعِ مسکون

مسگر [مِ سْ گَ ر] (ف: مِس: تانبا): جس کا پیشہ تانبے کے برتن بنانا ہو

مسل [مِ سَ ل] : کاغذات کا پلندہ، فائل

مسلح [مُ سَ لْ لا ح] (ع: ...... لَ ح): ہتھیار بند

مسلسل [مُ سَ لْ سَ ل] (ع: ایضاً سلسلہ: زنجیر) زنجیر بند، متواتر

مسلک [مَ سْ لَ ک] (ع: ایضاً): راستہ، طریقہ، عقیدہ

مسلط [مُ سَ لْ لَ ط] (ع: ایضاً): غالب، حاوی

مسلم (۱) [مُ سْ لِ م] (ع: ایضاً): مسلمان

(۲) [مُ سَ لْ لَ م] (ع: ایضاً): (۱) تسلیم شدہ، مُسلَّم الثبوت اُستاد: وہ استاد جو محتاج ثبوت نہ ہو (۲) پورے کا پورا جیسے مرغ مسلّم

مسلمہ (۱) [مُ سْ لِ ما] (ع: ...... لِ مہ): مسلم کی تانیث جیسے امتِ مسلمہ

(۲) [مُ سَ لْ لِ ما] : مسلَّم کی تانیث، تسلیم شدہ

مسئلہ (۱) [مَ سْ اَ لا / بول چال مَ سْ لا] (ع: ایضاً پوچھی ہوئی بات): کوئی جواب طلب بات یا حل طلب پیچیدہ بات

مسماۃ [مُ سَ مْ ما ت] (ع: وہ عورت یا لڑکی جس کا فلاں فلاں نام ہو): عورتوں کے نام کے قبل بولتے یا لکھتے ہیں۔ مسمّی کی تانیث

مسمار [مِ سْ ما ر]...... کرنا: ڈھادینا، توڑ ڈالنا

مسمی [مُ سْ مْ سی] : گھنی

مسموع [مَ سْ موْ ع] (ع:......و ع: سنا گیا، تانیث مسموعہ)

...... ہونا: کسی بات کا کانوں میں پڑنا

مسموم [مَ سْ موْ م] (ع: ایضاً جسے زہر دیا گیا ہو): زہریلا

مسمّٰی [مُ سَ مْ ما] (ع: ایضاً جس کا فلاں فلاں نام ہو): مردوں کے نام سے قبل آتا ہے، تانیث مسمّاۃ

مسن [مُ سِ ن] (ع: ...... نّ): سن رسیدہ، بوڑھا

مسند (۱) [مَ سْ نَ د] (ع: ایضاً) گدی، تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ

(۲) [مُ سْ نَ د] (ع: ایضاً): علم نحو کی اصطلاح میں جملہ اسمیہ کی خبر

مسند الیہ [مُ سْ نَ دْ ا لَےْ ہ] (ع: ایضاً): جملہ اسمیہ کا مبتدا

مسنون [مَ سْ نوْ ن] (ع: ایضاً): مطابقِ سنت

مسودہ [مُ سَ وَ دا / مُ سوّ دا] (ع: مُ سَ وّ دہ): وہ تحریر جو پہلی بار لکھی جائے اور جسے صاف کرنے کی ضرورت ہو، ضد: مبیضہ

مسوسنا [مَ سو سْ نا]: کسی عضو کا درد کے مارے سکڑنا جیسے کلیجہ مسوس کر رہ گیا

مسہری [مَ سَ ہْ ری] : ایک طرح کا پلنگ جس میں مچھر دانی باندھنے کے لیے ڈنڈے ہوتے ہیں

مسیں [مَ سے ں] : وہ روئیں جو مونچھیں نکلنے سے پہلے آغاز شباب میں نمودار ہوں

مسیں بھیگنا : جوان ہونے لگنا

مشابہ [مُ شا بے ہ] (ع: ...... بِہ): مانند

مشابہت [مُ شا بِ ہَ ت] (ع: ...... بَ ہَ ت): ایک سا نظر آنا، ملتا جلتا ہونا

مشارٌالیہ [مُ شا رُ نْ اِ لَےْ ہ] (ع: ایضاً): (۱) جس کی طرف اشارہ کیا جائے (۲) جس کا ذکر اوپر آچکا ہو، مذکورہ

مشارکت [مُ شا رِ کَ ت] (مُ شا رَ کَ ت): ساجھے داری

مشاطہ [مَ شْ شا طا / بول چال مَ شا طا] (ع: مَ شْ شا طہ : کنگھی، چوٹی کرنے والی عورت): وہ عورت جو شادی بیاہ کا پیغام لانے کا کام کرے

مشاعرہ [مُ شا اِ را] (ع: مُ شا عَ رہ): شعر و شاعری کی محفل

مشافہہ [مُ شا فا] (ع: ...... فَ ہَہ): آمنے سامنے، روبرو، بالمشافہ گفتگو: روبرو بات چیت

مشام [مَ شا م] (ع: ایضاً): دماغ میں وہ مقام جس میں سونگھنے کی صلاحیت ہو جیسے مشام جاں کو معطر کرنا: خوشبو سے نہال کر دینا

مشاورت [مُ شا وِ رَ ت] (ع: ...... وَ رَت): باہمی مشورہ جیسے مشاورتی کمیٹی

مشاہدہ [مُ شا ہِ دا] (ع: مُ شا ہَ دہ)...... کرنا: دیکھنا

مشاہرہ [مُ شا ہِ را] (ع: مُ شا ہَ رہ) : تنخواہ، ماہانہ وظیفہ

مشاہیر [مَ شا ہی ر] (ع:ایضاً جمع: واحد مشہور): نامور لوگ

مشائخ [مَ شا ءِ خ] (ع:..... اِخ): شیخ کی جمع

مشائخین : شیخ کی جمع الجمع: بزرگ صوفی لوگ

مشایعت [مُ شا یَ اَ ت] (ع: مُ شا یَ عَ ت)

..... کرنا: کسی کو رخصت کرنے کے لیے چند قدم ساتھ جانا

مشائین [مَ شْ شا ءِ ی ن] (ع:ایضاً): حکمائے قدیم کا ایک فرقہ جو چلتے پھرتے مباحثہ کرتے تھے

مشبک [مُ شَ بْ بَ ک] (ع:ایضاً): جالی دار

مشبہ [مُ شَ بْ با] (ع: مُ شَ بْ بَ ہ): جس چیز یا بات کے لیے تشبیہ استعمال کی جائے

مشبہ بہ [مُ شَ بْ با بِے ہی]

(ع: مُ شَ بْ بَ ہْ بِ ہ): وہ چیز جس سے تشبیہ دی جائے

مشتبہ [مُ شْ تَ با ہ] (ع: مُ شْ تَ بِ ہ): مشکوک

مشترک [مُ شْ تَ رَ ک] (ع:ایضاً): شریک کیا ہوا

مشترکہ [مُ شْ تَ رِ کا] (ع:..... رَکہ): شرکت میں، متحدہ

مشتق [مُ شْ تَ ق] (ع:..... ق): وہ لفظ جو کسی بنیادی لفظ سے بنا ہو

مشتعل [مُ شْ تَ اِ ل] (ع:..... عِل) ..... ہونا: بھڑک جانا، غصہ ہونا

مشتمل [مُ شْ تَ مِ ل] (ع:ایضاً): شامل ہونا

مشتہر (۱) [مُ شْ تَ ہِ ر] (ع:ایضاً) ..... کرنا: مشہور کرنا، اشتہار دینا

(۲) [مُ شْ تَ ہَ ر] (ع:ایضاً): مشہور ہونا

مشخص [مُ شَ خْ خَ ص] (ع:ایضاً): جس کی جانچ ہو چکی ہو

مشدد [مُ شَ دْ دَ د] (ع:ایضاً): وہ حرف جس پر علامت تشدید ہو

مشرب [مَ شْ رَ ب] (ع:ایضاً: پانی پینے کی جگہ): طریقہ، روش

مشرف [مُ شَ رْ رَ ف] (ع:ایضاً جسے بزرگی یا عزت ملی ہو): قابل احترام

مشرف بہ اسلام ہونا: مسلمان ہونا

مشرقین [مَ شْ رِ قَ یْ ن] (ع:ایضاً: مشرق کا تثنیہ): مراد مشرق و مغرب دونوں

مشروب [مَ شْ رُوْ ب] (ع:ایضاً: جسے پیا جائے): شربت یا کوئی اور پینے کی چیز

مشروبات: جمع: پینے کی چیزیں

مشروط [مَ شْ رُوْ ط] کسی بات میں کوئی شرط لگا دینا

مشروع [مَ شْ رُوْ] (ع:..... رُوع: حکم شریعت کے مطابق): ایک قسم کا کپڑا

مشعل [مَ شْ اَ ل / بول چال مَ شا ل]

(ع : مِ شْ عَ ل): شعلہ دار بتی

مشفق [مُ شْ فِ ق] (ع:ایضاً): مہربان

مشقاب [مُ شْ قا ب]: بڑی قاب جس میں چاول وغیرہ رکھ کر مہمان کو پروستے ہیں

مشک (۱) [مُ شْ ک] (ف:ایضاً): کستوری

(۲) [مَ شْ ک / بول چال مَ شَ ک]

(ف: مَ شْ ک): پانی بھرنے کا چرمی تھیلا

مشکوٰۃ [مِ شْ کا ت] (ع: ایضاً): چراغ دان، فانوس

مشکل (۱) [مُ شْ کِ ل] (ع: ایضاً): دشوار، دشواری

(۲) [مُ شْ کَ کِ ل] (ع: ایضاً: شکل بنانے والا): صورت گر

(۳) [مُ شْ کَ کَ ل] (ع: ایضاً): وہ چیز جسے شکل دی جائے

مشکور [مَ شْ کُو ر] (ع: جس کا شکر ادا کیا جائے): شکر گزار

مشکی [مُ شْ کی] : سیاہ رنگ کا گھوڑا

مشکیزہ [مَ شْ کی زا] : چھوٹی مشک

مشکیں [مُ شْ کے ں] ...... باندھنا/کسنا: بے بس کرنا یا سزا دینے کے لیے بازوؤں کو پشت پر باندھنا

مشلول [مَ شْ لُو ل] (ع: ایضاً، شل ہونے والا): جو شل ہو کر ناکارہ ہو چکا ہو جیسے دستِ مشلول

مشورہ [مَ شْ وِ را] (ع: م شْ وَ رہ) ...... کرنا: رائے لینا

مشوش (۱) [مُ شَ وْ وِ ش] (ع: ایضاً): پریشان کن

(۲) [مُ شَ وْ وَ ش] (ع: ایضاً): گھبرایا ہوا، تشویش زدہ

مشیخت [مَ شی خَ ت] : شیخی

مشیت [مَ شی یَ ت] (ع: ایضاً): خدا کی مرضی

مشید [مُ شَ یْ یِ د] (ع: ایضاً): گچ اور چونے کا بنا ہوا، مضبوط جیسے قصرِ مشید

مشیر [مُ شی ر] (ع: ایضاً): مشورہ دینے والا

مشین (۱) [مَ شی ن] (انگ): کل Machine

(۲) [مُ شَ یْ یَ ن] (ع: ایضاً): شاندار

مصاحبہ [مُ صا حِ با] (ع: ...... حِ بہ): انٹرویو

مصارف [مَ صا رِ ف] (ع: ایضاً جمع: واحد مصرف): اخراجات

مصاف [مَ صا ف] (ع: ایضاً: صف بندی کی جگہ): میدانِ جنگ

مصافحہ [مُ صا فِ حا / بول چال مُصافا] (ع: مُ صا فَ حہ) ...... کرنا: ہاتھ ملانا

مصالحت [مُ صا لِ حَ ت] (ع: مُ صا لَ حَ ت) : آپس میں صلح کرنا

مصحف [مُ صْ حَ ف] (ع: ایضاً) (۱) کتاب

(۲) آسمان سے اتری ہوئی کتاب

مصداق [مِ صْ دا ق] (ع: ایضاً): وہ بات جس کا مفہوم کسی اور بات پر پورا اترے، کے مصداق: کے مطابق

مصدقہ [مُ صْ دْ دِ قا] (ع: مُ صَ دْ دَ قہ): تصدیق شدہ

مصر (۱) [مِ صْ ر] (ع: ایضاً: شہر، جمع امصار): ایک مشہور ملک کا نام

(۲) [مُ صِ ر] (ع: ایضاً، اصرار کرنے والا) ...... ہونا: اصرار کرنا

مصرع/عہ [مِ صْ را] (ع: م صْ رَ ع/عہ): نصف شعر

مصرف [مَ صْ رَ ف] (ع: ایضاً صرف (خرچ) کرنے کی مد) ...... کا: کام کا

مصطفیٰ [مُ صْ طَ فا] (ع: مُ صْ طَ فیٰ: برگزیدہ): آنحضرت صلعم کا وصفی نام

مصطلح [مُ صْ طَ لَ ح] (ع: ایضاً: اصطلاح): اُردو میں مصطلح کی جگہ اصطلاح مروّج

مصفیٰ (۱) [مُ صَ فْ فا] (ع:.....فیٰ): صاف و شفاف

(۲) [مُ صَ فْ فی] (ع: ایضاً): صاف کرنے والا / والی (دوا) جیسے مصفّیِ خون

مصلی [مُ صَ لْ لا] (ع: ایضاً، جس پر نماز پڑھی جائے):

(۱) جانماز (۲) شیراز کی ایک مشہور عیدگاہ کا نام

مصلح [مُ صْ لِ ح] (ع: م ص ل ح: اصلاح کرنے والا): ریفارمر

مصلحت [مَ صْ لِ حَ ت] (ع: م ص لَ حَ ت: نیک صلاح): (۱) صلاح مشورہ (۲)..... دیکھنا: اپنا فائدہ دیکھنا

مصلوب [مَ صْ لوُ ب] (ع: ایضاً): جسے صلیب پر چڑھایا گیا ہو

مصلی [مُ صَ لْ لی] (ع: ایضاً): نمازی

مصمم [مُ صَ مْ مَ م] (ع: ایضاً): پختہ، مضبوط

مصنفہ (۱) [مُ صَ نْ نِ فا] (ع:.....نِ فہ): مصنف کی تانیث

(۲) [مُ صَ نْ نَ فا] (ع:.....فہ): تصنیف شدہ

مصنفۂ فلاں: فلاں فلاں کی تصنیف

مصوتہ [مُ صَ وْ وِ تا] (ع:.....وِ تہ): حرف علت کے لیے لسانیات کی اصطلاح

مصور (۱) [مُ صَ وْ وِ ر] (ع: ایضاً): تصویر بنانے والا

(۲) [مُ صَ وْ وَ ر] (ع: ایضاً: بنی ہوئی صورت / تصویر): بنی ہوئی تصویر

اوراقِ مُصَوَّر: وہ اوراق جس پر تصویریں بنی ہوں

مصؤن [مَ صْ اوُ ن] (ع: م صوُن): محفوظ جیسے مامون و مصؤن

مضاعف [مُ ضا ا ف] (ع:.....عَ ف): دُگنا

مضاف [مُ ضا ف] (ع: ایضاً): قواعد میں وہ اسم جس سے کوئی بات یا چیز منسوب کی گئی ہو

مضاف الیہ [مُ ضا ف اِ لَ ئے ہ] (ع:.....ہ): جس کی طرف کوئی دوسرا اسم منسوب کیا گیا ہو

مضافات [مُ ضا فا ت] (ع: ایضاً جمع): نواحِ شہر کی بستیاں

مضائقہ [مُ ضا اِ قا] (ع:.....ءِقہ: تنگی، دشواری): قباحت، نقصان، ہرج

مضحک (۱) [مُ ضْ حِ ک] (ع: ایضاً): ہنسانے والا

(۲) [مُ ضْ حَ ک] (ع: ایضاً): جس پر ہنسی آئے

مضحکہ [مَ ضْ حَ کا / بول چال مَ ضَ حْ کا] (ع: م ض ح کہ): تمسخر

مضر [مُ ضِ ر] (ع:.....رْ: ضرر (نقصان) پہنچانے والا): نقصان دہ

مضراب [مِ ضْ را ب] (ع: ایضاً: وہ چیز جس سے ضرب لگائی جائے، ڈنڈا): ساز کے تار چھیڑنے کا آلہ

مضرت [مَ ضَ رْ رَ ت] (ع: ایضاً): نقصان

مضطر [مُ ضْ طَ ر] (ع: ایضاً: اضطرار کی حالت میں، مجبور اور بے بس): مضطرب، پریشان

مضطرب [مُ ضْ طَ رِ ب] (ع: ایضاً): پریشان

مضغہ [مُ ضْ غا] (ع:.....غہ: ایک نوالے کے برابر کسی چیز کا ٹکڑا): واحد مستعمل نہیں

مضغۂ گوشت: نوالہ بھر گوشت کا ٹکڑا

مضمحل [مُ ضْ مَ حِ ل] (ع: ایضاً): سست، کمزور

مضمر [مُ ضْ مَ ر] (ع:ایضا): پوشیدہ

مضمرات [مُ ضْ مَ را ت] (ع:جمع: واحد مضمر): کسی لفظ یا بات کا چھپا ہوا مفہوم

مضموم [مَ ضْ موُ م] (ع:ایضا) : جس حرف پر پیش کی علامت لگی ہو

مضی [مَ ضا] (ع:ایضا): جو گزر گیا

مطابع [مَ طا بے] (ع:...... ب ع جمع): چھاپہ خانے

مطابقت [مُ طا بِ قَ ت] (ع: مُ طا ب قَ ت): مطابق ہونا

مطاع [مُ طآ] (ع: مُ طاع): جس کی اطاعت کی جائے، حاکم

مطالبہ [مُ طا لِ با / بول چال مُ طال با] (ع: مُ طالَ بہ : طلب کرنا): مانگ

مطالعہ [مُ طا لِ آ] (ع: مُ طالَ عہ): کسی تحریر کو دھیان سے پڑھنا

مطائبہ [مُ تا اِ با] (ع: مُ طائِبہ): سنجیدہ و مہذب مذاق

مطب [مَ طَ ب] (ع: ...... بّ): وہ مقام جہاں طبیب علاج کرتا ہے

مطبخ [مَ طْ بَ خ] (ع:ایضا): باورچی خانہ

مطبع [مَ طْ با] (ع:...... ب ع): چھاپہ خانہ

مطبوع [مَ طْ بوٗ] (ع:...... بو ع): پسندیدہ

مطبوعہ [مَ طْ بوُ آ] (ع:...... عہ): چھپا ہوا، طبع شدہ

مطرب [مُ طْ رِ ب] (ع:ایضا): گویا، مغنّی

مطربہ [مُ طْ رِ با] (ع:...... ربہ): مطرب کی تانیث، مغنیہ

مطعون [مَ طْ عوُ ن] (ع:...... عوُن: جسے طعنہ دیا جائے)...... کرنا: ملامت کرنا

مطلا [مُ طَ لْ لا] (ع:ایضا): سونے کا کام کیا ہوا

مطلع (۱) [مَ طْ لا] (ع:...... لَ ع): (۱) (سورج کے) طلوع ہونے کی جگہ مراد مشرق (۲) غزل کا پہلا شعر جس کے پہلے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں۔...... صاف ہونا: آسمان میں بادل کا نہ ہونا، کوئی روک ٹوک نہ ہونا

(۲) [مُ طْ طَ لا] (ع: مُ طْ طَ لَ ع)...... کرنا: اطلاع دینا، آگاہ کرنا

مطلق [مُ طْ لَ ق] (ع:ایضا: آزاد، بے قید، لامحدود): عربی معنی کے علاوہ بالکل کے معنوں میں مستعمل

مطلق العنان [مُ طْ لَ قُ لْ عِ نا ن] (ع:ایضا: جس سوار کی باگ چھوٹی ہوئی ہو): بالکل آزاد، خود مختار

مطلقہ [مُ طَ لْ لِ قا] (ع: مُ طَ لْ لَ قہ): وہ شادی شدہ عورت جسے طلاق دی گئی ہو، طلاق شدہ عورت

مطمح [مَ طْ مَ ح] (ع:ایضا: نظر پڑنے کی جگہ): مقصد

مطمح نظر : مقصودِ اصلی

مطمئن [مُ طْ مَ اِ ن] (ع:...... ائِنّ: جسے اطمینان ہو) ...... ہونا: دل میں کوئی اندیشہ نہ ہونا

مطہرات [مُ طَ ہْ ہَ را ت] (ع:ایضا جمع: واحد مُطَہَّرہ، مُطَہَّر کی تانیث): پاک، معصوم

ازواجِ مُطَہَّرات (پاک بیبیاں): مراد اُمّہات المؤمنین

مطیر [مُ طی ر] (ع:ایضا: برسنے والا): جیسے ابر مطیر : برسنے والا بادل

مطیع [مُ طیؔ] (ع: مُ طی ع): فرمانبردار

مظالم [مَ ظا لِ م] (ع:ایضا جمع: واحد ظلم): زیادتیاں

مظاہر [مَ ظا ہِ ر] (ع:جمع: واحد مُظہر): وہ چیزیں جو کوئی بات ظاہر کریں

مظاہرہ [مُ ظا ہِ را] (ع:.....ہَرَہ): اجتماعی احتجاج

مظلمہ [مُ ظ لِ ما] (ع:.....لِمَہ): تاریک

شبِ مظلمہ : اندھیری رات، ازمنہ مظلمہ :Dark Ages

مظہر (۱) [مَ ظ ہَ ر] (ع: (۱) مُ ظ ہ ر: ظاہر کرنے والا (۲) مُ ظْ ہَ ر: ظاہر کیا ہوا (۳) مَظْہَر: ظاہر ہونے کی جگہ): اردو میں ان تینوں معانی پر مشتمل تلفظ صرف مَ ظ ہَ ر

معاً [مَ اَ نِ] (ع: مَ عَ ن) : اسی وقت، فوراً

معاد [مَ آ د] (ع: مَ عا د: لوٹنے کی جگہ): آخرت

معاذاللہ [مَ آ ذُ لْ لا] (ع: مَ عا..... اللہ): خدا کی پناہ، کلمۂ استعجابیہ

معارف [مَ آ رِ ف] (ع:..... عا..... ف جمع: واحد معرف / معرفت): (۱) اہل علم و فضل (۲) عالمانہ باتیں

معاشرت [مُ آ شِ رَ ت] (ع:..... عاشَ..... ت): باہمی رہن سہن

معاشیات [مَ آ شِ یا ت] (ع:..... عاشِیّات): معاش سے متعلقہ مسائل سے بحث کرنے والا علم، اقتصادیات

معاصر [مُ آ صِ ر] (ع: مُ عا..... ر: جمع معاصرین): ہم عہد، ہم عصر

معاف [مُ آ ف / بول چال ما ف] (ع: مُ عا ف)..... کرنا: درگزر کرنا، بخش دینا

معالج [مُ آ لِ ج] (ع:..... عا..... ج): علاج کرنے والا، طبیب

معالجہ [مُ آ لِ جا] (ع: مُ عا لَ جہ: علاج): اردو میں ترکیب علاج معالجہ میں مستعمل

معاملہ [مُ آ مِ لا / ما مْ لا] (ع: مُ عامَلہ: اشتراک عمل): کاروبار، لین دین، بات، عشق بازی

معاندت [مُ آ نِ دَ ت] (ع: مُ عا نَ دَ ت): باہمی دشمنی

معانقہ [مُ آ نِ قا] (ع: مُ عانَ قہ)..... کرنا: گلے ملنا

معانی [مَ آ نی] (ع: مَ عانی جمع: واحد معنی): معنی بصیغۂ جمع

معاون [مُ آ و ن] (ع: مُ عاوِن): مددگار، اسسٹنٹ

معاہدہ [مُ آ ہِ دا] (ع: مُ عا ہَ دَ ہ): آپس میں کیا ہوا عہد

معائب [مَ آ اِ ب] (ع: مَ عاب جمع: واحد معیب: عیب): نقائص، عیوب

معائنہ [مُ آ اِ نا] (ع: مُ عا یَ نہ)..... کرنا: دیکھنا، جائزہ لینا

معبد [ما بَ د] (ع: مَ عْ بَ د): عبادت گاہ

معبر (۱) [ما بَ ر] (ع: مَ عْ بَ ر): عبور کرنے کی جگہ، پُل

(۲) [مُ اَ بْ بِ ر] (ع:..... عَ..... ر): خواب کی تعبیر بتانے والا

معتبر [مُع تَ بَ ر] (ع: مُ عْ تَ بَ ر): قابل اعتبار

معتدبہ [مُع تَ د بِہ] (ع: مُ عْ تَ دْ بِ ہ): جسے شمار میں لایا گیا ہو، کافی

معتدل [مُع تَ دِ ل] (ع: مُ عْ..... ل): نہ کم نہ زیادہ، درمیانی

معترض [مُع تَ رِ ض] (ع: مُ عْ..... ض): اعتراض کرنے والا

معتزلہ [مُع تَ زِ لا] (ع: مُ عْ تَ زِ لہ): مسلمانوں کا ایک فرقہ

معتقد [مُع تَ قِ د] (ع: مُ عْ..... د): عقیدت مند

معتکف [مُو تَ کِ ف] (ع: مُ غ...... ف: گوشہ نشین) : عبادت کے لیے مسجد کے ایک گوشے میں بیٹھنے والا، اعتکاف کرنے والا

معتمد [مُو تَ مَ د] (ع: مُ غ...... د: جس پر اعتماد کیا گیا ہو): سیکریٹری

معتوب [ما تُو ب] (عربی سے مفرس: مُ غ...... ب): جس پر عتاب نازل ہو

معجز [مُو جِ ز] (ع: مُ غ...... ز): عاجز کرنے والا

معجز بیاں [مُو جِ ز بَ یا ں] (ع: مُ غ...... ں): فصیح البیان

معجزہ [مُو جِ زا] (ع: مُ غ جِ ز ہ): وہ فوق العادت بات جو نبی سے ظاہر ہو

معجّل [مُو اَ جْ جَ ل] (ع: مُ غ...... ل): وہ مہر جو عقد کے بعد فوراً ادا کیا جائے

معجم [مُ اَ جْ جَ م] (ع: مُ غ...... م): حرف منقوط

معجون [ما جُو ن] (ع: مُ غ...... ن): کئی دواؤں سے آٹے کی طرح گوندھ کر بنائی ہوئی خوش ذائقہ مرکب دوا

معدن [ما دِ ن] (مفرس: مُ غ دِ ن): (کسی دھات کی) کان

معدنیات [ما دَ نِ یا ت] (ع: مُ غ...... ت): دھاتیں

٭معدود [ما دُو د] (ع: مُ غ...... د: وہ عدد جو شمار میں آئے): اردو میں معدودے چند بمعنی بہت کم مستعمل

معدوم [ما دُو م] (ع: مُ غ...... م): جو موجود نہ ہو

معدہ [مے دا] (ع: مِ غ دہ): غذا ہضم کرنے والا عضو جو شکم میں ہوتا ہے

معذرت [ما ذِ رَ ت] (ع: مَ غ ذِ رَ ت): عذر داری

معذور [ما ذُو ر] (ع: مَ غ ذُو ر: عذر کیا ہوا): بے بس، اپاہج

معرب (۱) [مُ اَ رَ ب] (ع: مُ غ...... ب): وہ لفظ یا حرف جس پر اعراب لگے ہوں

(۲) [مُو اَ رْ رَ ب] (ع: مُ غ...... ب): غیر زبان کا لفظ جسے اہل عرب نے تصرف کے بعد قبول کیا

معرض [ما رَ ض] (ع: مَ غ رَ ض: کسی چیز کے ظاہر ہونے کی جگہ): اردو میں 'معرض وجود' میں آنا: پیدا ہونا مستعمل

معرکہ [ما رَ کہ] (ع: مَ غ رَ کہ: میدان جنگ) : بڑا کارنامہ

معرکہ سَر کرنا : بڑی مہم سَر کرنا

معرکہ آرا [ما رْ کا آرا] (ع.ف:...... عْ رَکہ آرا: معرکہ: جنگ، آرا: آراستن (سجانا) کا امر، اس سے بنا اسم فاعل)...... ہونا: جنگ کے لیے صف آرا ہونا

معرکۃ الآرا [ما رْ کَ تُ لْ آرا] (معرکہ آرا کا موزد): عظیم الشان جیسے معرکۃ الآرا تصنیف / شاعر

معروضہ [ما رُو ضا] (ع: مَ غ...... ضہ: عرض کیا ہوا): درخواست

معروف [ما رُو ف] (ع: مَ غ...... ف: جانا ہوا): مشہور، ضد: مجہول دیکھیے مجہول

معزز [مُ اَ زْ زَ ز / بول چال مُ اَ زْ زِ ز] (ع: مُ ع زْ زَ ز): جس کی عزت کی جائے، صاحبِ عزت

معزول [ما زُو ل] (ع: مَ غ...... ل: الگ کیا گیا):...... کرنا: برطرف کرنا، بادشاہ کو گدی سے اُتار دینا

معسکر [مُ اَ سْ کَ ر] (ع: مَ عْ سْ کَ ر: عسکر: فوج، فوج کے رہنے کی جگہ): فوجی چھاؤنی

معصوم [ما صوٗ م] (ع: م غ...... م: بے گناہ): بھولا بھالا، نیک مزاج

معصیت [ما صِ یَ ت] (ع: مَ غْ...... یَّ ت): گناہ

معطر [مُ اَ طْ طَ ر] (ع: مُ غَ...... ر: عطر میں بسا ہوا): خوشبودار

معطل [مُ اَ طْ طَ ل] (ع: مُ عَ...... ل)...... کرنا: کچھ عرصے کے لیے نکما کرنا، عارضی طور پر عہدے سے برطرف کرنا

معطی [مُ اَ طْ طی] (ع: مُ غْ طی): عطیہ دینے والا (Donor)

معظم [مُ اَ ظْ ظَ م] (ع: مُ عَ...... م: بزرگ): قابل احترام

معظمہ [مُ اَ ظْ ظِ ما] (ع: مُ عَ ظْ ظِ مہ: معظم کی تانیث): قابل احترام جیسے مکہ معظمہ، ملکہ معظمہ

معظمی [مُ اَ ظْ ظَ می] (ع: مُ عَ ظْ ظَ ی): میرے معظم، میرے بزرگ، کلمہ تعظیمی

معقول [ما قوٗ ل] (ع: م غ...... ل): (۱) جو عقل میں آئے، مناسب (۲) منطق (جس میں عقل کا استعمال ہوتا ہے) ضد: منقول

معقولات: علوم عقلی، ضد: منقولات

معلق [مُ اَ لْ لَ ق] (ع: مُ عَ...... ق): لٹکا ہوا

معلم [مُ اَ لْ لِ م] (ع: مُ عَ...... م): اُستاد

معلمہ [مُ اَ لْ لِ ما] (ع: مُ عَ...... لِ مہ): اُستانی

معلن [مُ اَ لْ لِ ن] (ع: مُ عْ لِ ن): اعلان کرنے والا

معلول [ما لوٗ ل] (ع: م غ...... ل): جو کسی علت (سبب) کے نتیجے میں ظاہر ہو

معلوم [ما لوٗ م] (ع: م غ...... م: جس کا علم ہو)...... ہونا: واقف ہونا

معلی [مُ اَ لْ لا] (ع: مُ عَ ...... لی): بلند، اعلی مرتبت

معمہ [مُ اَ مْ ما] (ع: مُ عَ مْ ما: نابینا کیا گیا): نہ سمجھ میں آنے والی پہیلی، چیستاں (عربی املا معمًا)

معمار [مے ما ر] (ع: مِ غْ...... ر: تعمیر کرنے والا): راج، مستری، تعمیر کنندہ

معمر [مُ اَ مْ مَ ر] (ع: مُ عَ...... ر): عمر رسیدہ

معمل [ما مَ ل] (ع: م غ...... ل): تجربہ گاہ، لیباریٹری

معمور [ما موٗ ر] (ع: م غ...... ر: آباد شدہ): بھرا ہوا

معمورہ [ما موٗ را] (ع: م غ...... رہ): آبادی، بستی

معمول [ما موٗ ل] (ع: م غ...... ل: جس پر عمل کیا گیا ہو): (۱) روزمرہ کا عمل، عادت، حسب معمول: ہمیشہ کی طرح (۲) جس پر کوئی جادوئی عمل کیا جائے

معنبر [مُ اَ مْ بَ ر] (ع: مُ عَ مْ بَ ر): عنبر کی خوشبو سے بسا ہوا، زلف معنبر

معنی [مانا / مانی] (ع: م غ نا / نی): لفظ کا مفہوم (اردو میں مذکر اور بطور جمع مستعمل)

معنون [مُ اَ نْ وَ ن] (ع: مُ عَ نْ وَ ن: انتساب کیا گیا)...... کرنا: انتساب کرنا

معنوی [ما نْ وی] (ع: مَ عْ نَ وی): باطنی، روحانی

معہذا [مُ اَ ہا ذا] (ع: مُ غ...... ذا): اس کے باوجود

معہود [ما ہوٗ د] (ع: م غ ہوٗ د: عہد کیا گیا): وہ معنی

جو ذہن میں ہوں

معہودِ ذہنی: وہ مفہوم جو معنیٔ عام پر دلالت کرے لیکن متکلم یا مخاطب کے ذہن میں مخصوص ہو

معیار [ے یا ر] (ع: م غ یا ر: چاندی سونا تولنے کا ترازو): کسوٹی

معیشت [مَ ای شَ ت] (ع: م عی شَ ت): روزی

معین (۱) [مَ ای ن] (ع: مَ عی ن): جاری، رواں، ماءِ معین (آبِ رواں)

(۲) [مُ ای ن] (ع: مُ عی ن): مددگار

(۳) [مُ اَ یَّ ن] (ع: مُ عَ یَّ ن): مقرر

مغازی [مَ غا زی] (ع: ایضاً جمع: واحد غزوہ): غزوات

مغالطہ [مُ غا لِ طا / مُ غا لَ طا] (ع: مُ غالَ طہ): غلط فہمی

مغاں [مُ غا ں] (ف: جمع، واحد مُغ: آتش پرست): اُردو میں پیرِ مغاں مستعمل

پیرِ مغاں: آتش پرستوں کا سردار مراد پیر میخانہ

مغانہ [مُ غا نا] (ف: ...نہ): جس کی نسبت مُغ سے ہو (آتش پرستوں میں شراب نوشی جائز تھی) ترکیب مے مغانہ میں مستعمل

مغایرت [مُ غا ے رَ ت] (ع: ...یَ رَت): غیریت، اردو املا ہمزہ سے

مُغ [مُ غ] (ف: ایضاً): آتش پرست، یہ لفظ اردو میں واحد مستعمل نہیں

مغبچہ [مُ غْ ب چا] (ف: مُ غْ + بچہ: بچۂ: آتش پرست کا بچہ): وہ نو عمر بچہ جو شراب خانے میں شراب تقسیم کرتا ہے۔ جمع: مغبچے

مغتنم [مُ غْ تَ نَ م] (ع: ایضاً، غنیمت جانا ہوا): غنیمت

مغرق (۱) [مُ غَ رْ رَ ق] (ع: ایضاً: ڈوبا ہوا، چمکیلا): وہ کپڑا جس پر چاندی سونے کا مسالہ لپٹا ہو اور خوب چمکے

(۲) [مُ غْ رَ ق] (ع: ایضاً): وہ بات جس میں اغراق (بعید مبالغہ) ہو

مغضوب [مَ غْ ضوٗ ب] (ع: ایضاً: جس پر غضب نازل ہو): مقہور

مغفر [مِ غْ فَ ر] (ع: ایضاً): لوہے کی ٹوپی، خود

مغفرت [مَ غْ فِ رَ ت] (ع: ...فِ رَت): گناہوں کی بخشش

مغلظات [مُ غَ لْ لِ ظا ت] (ع: ...لَ ظات جمع: واحد مغلظہ): گالیاں، فحش باتیں

مغلق [مُ غْ لَ ق] (ع: بند کیا ہوا۔ مقفل کیا ہوا) ناقابلِ فہم، پیچیدہ کلام

مغنی (۱) [مُ غْ نی] (ع: ایضاً): بے نیاز کرنے والا مراد خدائے تعالٰی

(۲) [مُ غَ نْ نی] (ع: ایضاً): مطرب تانیث مغنّیہ

مغویہ [مَ غْ وِ یا] (مونث): جس کا اغوا کیا گیا ہو

مغیلاں [مُ غی لا ں] (ف: ایضاً): ببول، کیکر

مفاجات [مُ فا جا ت] (ع: ایضاً): اچانک، ناگہاں، مرگِ مفاجات میں مستعمل

مفاد [مَ فا د] (ع: ایضاً): فائدہ

مفارقت [مُ فا رِ قَ ت] (ع: ...رَ...ت): جدائی

داغِ مفارقت دینا: مر جانا

مفاصل [مَ فا صِ ل] (ع: ایضاً جمع: واحد مفصل (ہڈیوں کا) جوڑ): جوڑ، دیکھیے وجع مفاصل

مفاہمت [مُ فا ہِ مَ ت] (ع: مُ فا ہَ م ت): سمجھوتہ

مفتاح [مِ فْ تا ح] (ع: ایضاً: کسی چیز کے کھولنے کا آلہ): کنجی

مفت بر [مُ فْ ت بَ ر] (ف: بُردن (لے جانا) کے امر 'بَر' سے بنا اسم فاعل: مفت لے جانے والا): مفت خور

مفتح [مُ فَ تْ تِ ح] (ع: ...تِ ح: کھولنے والا): (۱) افتتاح کرنے والا (۲) (طب) سُدوں کو خارج کرنے والی دوا

مفتخر [مُ فْ تَ خِ ر] (ع: ایضاً): افتخار کرنے والا

مفتری [مُ فْ تَ ری] (ع: ایضاً): افترا (بہتان) کرنے والا

مفتش [مُ فَ تْ تِ ش] (ع: ایضاً): تفتیش کرنے والا

مفتی [مُ فْ تی] (ع: ایضاً: فتویٰ دینے والا): (۱) فتویٰ دینے والا عالم

مفر [مَ فَ ر] (ع: ایضاً) : جائے فرار، راہ فرار

مفرح [مُ فَ رِ ح] (ع: ...رِح): فرحت بخش

مفرد [مُ فْ رَ د] (ع: ایضاً) : واحد، ضد: مرکب

مفردات [مُ فْ رَ دا ت] (ع: ...ردات): طب کی وہ کتاب یا کتاب کا باب جس میں مفرد دواؤں کی تفصیل ہو

مفرس [مُ فَ رْ رَ س]: غیر فارسی کا لفظ جسے اہلِ فارس نے تصرف کے بعد اپنایا ہو

مفروضہ [مَ فْ رُو ضا] (ع: ...ضہ: فرض کیا ہوا): پہلے سے کسی ایسی بات کو فرض کرلینا جو تحقیق طلب یا ثبوت طلب ہو

مفسد [مُ فْ سِ د] (ع: ایضاً): فسادی، فتنہ پرداز

مفصل (۱) [مَ فْ صِ ل] (ع: ایضاً): ہڈی کا جوڑ، جیسے گھٹنا، کہنی وغیرہ کا جوڑ دیکھیے مفاصل

(۲) [مُ فَ صْ صَ ل] (ع: ایضاً): تفصیل سے بیان کیا ہوا

مُفصّلۂ بالا : جس کی تفصیل اوپر بیان کی گئی ہو

مفقود [مَ فْ قو د] (ع: ایضاً: کھویا ہوا، گمشدہ): نایاب، لاپتہ

مفقود الخبر : وہ شخص جو مقررہ عرصہ تک لاپتہ ہو کہ اسے قانونی طور پر مردہ قرار دیا جاسکے

مفکر [مُ فَ کْ کِ ر] (ع: ایضاً) : دانشور

مفلوک [مَ فْ لو ک] (مفرس): کنگال، اردو میں مفلوک الحال مستعمل

مفوضہ [مُ فَ وْ وَ ضا] (ع: ...وّضہ) : سپرد کیا ہوا

مفیض [مُ فی ض] : فیض پہنچانے والا

مقابر [مَ قا بِ ر] (ع: جمع: واحد مقبرہ): مقبرے

مقابلہ [مُ قا بِ لا / بول چال مُ قابْ لا] (ع: مُ قابَ لہ: آمنا سامنا): جنگ

مقاتلہ [مُ قا تِ لا] (ع: ...تلہ): خونریزی

مقاطعہ [مُ قا طِ آ] (ع: ...طَعہ: آپس میں قطع تعلق کرنا): بائیکاٹ

مقامر [مُ قا مِ ر] (ع: ایضاً): جواری

مقاومت [مُ قا وِ مَ ت] (ع: مُ قا وَ م ت): مقابلہ

مقالہ [مَ قا لا] (ع: ...لہ: قول، کہی ہوئی بات): تحریری مضمون

مقام [مَ قا م] (ع:ایضاً): مرتبہ
مقبرہ [مَ قْ بِ را] (ع: مَ قْ بَ رہ): وہ عمارت یا درگاہ جس میں قبر ہو
مقتبس [مُ قْ تَ بَ س] (ع:ایضاً): وہ عبارت جس کا اقتباس دیا گیا ہو
مقتدر [مُ قْ تَ دِ ر] (ع:ایضاً): صاحبِ اقتدار، قابلِ احترام
مقتدرہ [مُ قْ تَ دِ را] (ع:.....درہ): صاحبِ اقتدار جماعت، اتھارٹی
مقتدیٰ / مقتدا [مُ قْ تَ دا] (ع:.....دیٰ): جس کی اقتدا کی جائے، امام
مقتدی [مُ قْ تَ دی] (ع:ایضاً): امام کے پیچھے نماز پڑھنے والا
مقتضا [مُ قْ تَ ضا] (ع:ایضاً): کیا ہوا تقاضا
مقتضی [مُ قْ تَ ضی] (ع:ایضاً): تقاضا کرنے والا
مقتل [مَ قْ تَ ل] (ع:ایضاً): قتل کرنے کی جگہ، قتل گاہ
مقدس (۱) [مُ قَ دْ دَ س] (ع:ایضاً): جو تقدس سے متصف ہو، برگزیدہ
(۲) [مَ قْ دِ س] (ع:ایضاً): تقدس کی جگہ جیسے بیت المقدِس جسے بیت المقدّس بھی کہتے ہیں
مقدم (۱) [مُ قَ دْ دَ م] (ع:ایضاً): (۱) جو پیش پیش ہو (۲) مُرجَّح
(۲) [مَ قْ دَ م] (ع:ایضاً): قدم رکھنے کی جگہ
خیر مقدم کرنا : استقبال کرنا، خوش آمدید کہنا
مقدمہ [مُ قَ دْ دَ ما / بول چال مُ قَ دْ ما] (ع: مُ قَ دْ دِ مہ: کسی چیز کا اگلا حصہ) : (۱) کتاب کا دیباچہ (۲) استغاثہ ...... کرنا: عدالت میں دعویٰ دائر کرنا
مقدمۃ الجیش [مُ قَ دْ دَ مَ تُ لْ جَ یْ ش] (ع: ایضاً، جَیش: فوج) : فوج کا اگلا حصہ
مقدور [مَ قْ دُو ر] (ع:ایضاً): جو قدرت میں ہو، طاقت
مقدونیہ [مَ قْ دُو نِ یا] (معرّب:.....یہ): یونان کے ایک صوبے کا نام
مقر [مُ قِ ر] (ع:.....رّ): اقرار کرنے والا، معترف
مقرب [مُ قَ رْ رَ ب] (ع:ایضاً: قریب کیا ہوا): خاص دوست
مقررہ [مُ قَ رْ رَ را] (ع:.....رہ): تقرر شدہ
مقری [مُ قْ ری] (ع:ایضاً): (۱) قرآن خواں (۲) مکتبی ملّا
مقسوم [مَ قْ سُو م] (ع:ایضاً: تقسیم کیا ہوا): قسمت
مقشر [مُ قَ شْ شَ ر] (ع:ایضاً): وہ چیز جس سے چھلکا یا جھلّی اُتار دی جائے
مقصد [مَ قْ صَ د] (ع: مَ قْ صِ د: قصد کی جگہ): مطلب، ارادہ
مقطر [مُ قَ طْ طَ ر] (ع:ایضاً): بھاپ کا قطرہ قطرہ ٹپکایا ہوا پانی، صاف کیا ہوا پانی
مقطع (۱) [مُ قَ طْ طا] (ع:.....طّع: تراش خراش کیا ہوا): وہ شخص جس کی ڈاڑھی شرعی حدود میں ہو
(۲) [مَ قْ طا] (ع:.....طَع: قطع ہونے کا مقام): غزل کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہوتا ہے
مقطعات [مُ قَ طْ طَ آ ت] (ع:.....عات): بعض قرآنی سورتوں کے وہ ابتدائی حروف جن کے معنی صرف خدا کو معلوم ہیں

مقعر [مُ قَ اْ اُ ر] (ع: م ق ع ع ر): گڑھے کی
شکل والا (Concave)
مقفل [مُ قَ فْ فَ ل] (ع: ایضاً): قفل لگا ہوا
مقفی [مُ قَ فْ فا] (ع: ...فی): جس میں قافیہ کا التزام
ہو
مقلب القلوب [مُ قَ لْ لِ بُ لْ قُ لوْ ب]
(ع: ایضاً): دلوں میں انقلاب لانے والا مراد خدا
مقلد [مُ قَ لْ لِ د] (ع: ایضاً: تقلید کرنے والا، پیرو)
: ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک کا پیرو
مقناطیس [مَ قْ نا طی س] : لوہے کو کشش کے
ذریعے کھینچنے والی دھات
مقنع / مقنعہ (۱) [مِ قْ نا] (ع: ...نَ ع / عہ): سر سے
پیر تک اوڑھنے کی چادر، نقاب
(۲) [مُ قَ نْ نا] (ع: ...نع): ماہ نخشب کے موجد
کا نام
مقنن [مُ قَ نْ نِ ن] (ع: ایضاً): قانون ساز
مقننہ [مُ قَ نْ نِ نا] (ع: ...ن نہ): مجلسِ قانون ساز
مقوس [مُ قَ وَ س] (ع: ایضاً): کمانی دار
مقولہ [مَ قوْ لا] (ع: ...لہ): قول
مقوی [مُ قَ وِی] (ع: ایضاً): قوت بخش
مقہور [مَ قْ ہوْ ر] (ع: ایضاً): جس پر قہر نازل ہوا ہو،
معتوب
مقیاس [مِ قْ یا س] (ع: ایضاً): ناپنے یا اندازہ لگانے کا آلہ
مقیاس الحرارت: تھرمامیٹر
مقیت [مُ قی ت] (ع: ایضاً): قوت اور قوت (غذا) دینے
والا مراد خدائے تعالیٰ

مقید [مُ قَ یْ یَ د] (ع: ایضاً): قید کیا ہوا
مقیش [مُ قَ قَ یْ ش] (موزو): سونے چاندی کے
تاروں کی جھالر
مقیم [مُ قی م] (ع: ایضاً) ...... ہونا: ٹھہرنا
مکاتب [مَ کا تِ ب] (ع: ایضاً جمع: واحد مکتب):
اسکول، مکاتبِ فکر
مکاتیب [مَ کا تی ب] (ع: ایضاً جمع: واحد مکتوب): خطوط
مکارم [مَ کا رِ م] (ع: ایضاً جمع: واحد مَکرُمت): عمدہ
مکارمِ اخلاق: اعلیٰ اخلاق
مکاشفہ [مُ کا شِ فا] (ع: ...شَ فہ): کشف ہونا
مکافات [مُ کا فا ت] (ع: ایضاً): بدلہ، عوض
مکتبہ [مَ کْ تَ با] (ع: ...بہ): کتاب گھر
مکتفی [مُ کْ تَ فی] (ع: ایضاً) : کافی، خود مکتفی
(self sufficient)
مکتوب [مَ کْ توْ ب] (ع: ایضاً: لکھا ہوا): خط
مکتوم [مَ کْ توْ م] (ع: کتم: چھپا ہوا سے بنا اسم مفعول)
: پوشیدہ
مکدر [مُ کَ دْ دَ ر] (ع: ایضاً): کدورت آمیز، غبار آلود
مکر [مَ کْ ر] (ع: ایضاً): فریب
مکرمت [مَ کْ رَ مَ ت] (ع: ایضاً): بزرگی
مکر چکر [مَ کْ کَ رْ چَ کْ کَ ر] : بہانہ بازی
مکرم [مُ کَ رْ رَ م] (ع: ایضاً): جس کی عزت کی
جائے، بزرگ
مکرم بندہ : بندہ (مراد 'میں'، کلمہ انکسار) خط کے القاب
مکرمی: میرے بزرگ

مکرنا [مُ کَ رْ نا]: قول سے پھر جانا

مکسر [مُ کَ سْ سَ ر] (ع:ایضاً): ٹوٹا ہوا جیسے جمع
مکسّر (جمع سالم کی ضد) وہ عربی جمعیں جن میں واحد کا وزن
ٹوٹ جائے جیسے مسجد: مساجد، کتاب: کتب، عالم: علماء وغیرہ

مکسور [مَ کْ سوْ ر] (ع:ایضاً): وہ حرف جس کے نیچے
علامت کسرہ (زیر) ہو

مکعب [مُ کَ آ اَ ب] (ع: مُ کَ عْ عَ ب) :
لمبائی، چوڑائی، اونچائی کا حاصل ضرب Cubic

مکلّف [مُ کَ لْ لَ ف] (ع:ایضاً، جسے کسی کام کے
کرنے کی تکلیف دی گئی ہو): پابند کیا ہوا

مکمل [مُ کَ مْ مَ ل] (ع:ایضاً): پورا

مکنت [مَ کْ نَ ت] (ع:ایضاً): پوشیدہ دیکھیے دُر مکنون

مکنون [مَ کْ نوْ ن] (ع:ایضاً): پوشیدہ، دیکھیے دُر مکنون

مکوکب [مُ کَ وْ کَ ب] (ع: کوکب ستارہ سے
مشتق): (۱) ستاروں سے بھرا (۲) وہ پارچہ جس پر سنہری
چاند تارے لگے ہوں

مکین [مَ کی ن] ...... ہونا: مکان یا کسی جگہ میں رہنے والا

مگدر [مُ گْ دَ ر]: وہ گاؤدم موٹا ڈنڈا جسے پہلوان ورزش
کرتے وقت گھماتے ہوں۔ گُرز

مگر [مَ گَ ر] (ف:ایضاً): (۱) لیکن (۲) مگرمچھ
(۳) کان کا زیور

مگرا [مَ گْ را] (مغرور کا موزو): گھنا

مگس راں [مَ گَ سْ را ں] (ف:ایضاً/راندن (ہانکنا/
ہنکانا) کے امر 'راں' سے بنا اسم فاعل: مکھیاں اُڑانے والا):
وہ شاہی خدمتگار جو مورچھل کے ذریعہ مکھیاں اُڑانے پر
مامور ہو

مگن [مَ گَ ن] (ہ: مَ گْ ن : ڈوبا ہوا): مست

مگھم [مُ گَ گھَ م] (مبہم کا موزو): غیر واضح

ملا (۱) [مُ لْ لا]: مسجد کا امام، مکتبی اُستاد
(۲) [مَ لا] (ف:ایضاً): ظاہر

ملاء اعلیٰ (ع:ایضاً): فرشتوں کی جماعت مراد فرشتے

ملاحت [مَ لا حَ ت] (ع:ایضاً): نمکینی، سانولا پن

ملاحدہ [مُ لا حِ دا] (ع:...... ح دہ جمع: واحد ملحد): دیکھیے
ملحد

ملاطفت [مُ لا طِ ف ت] (ع: مُ لا طَ فَ ت):
خوش اخلاقی

ملاقی [مُ لا قی] (ع:ایضاً): ملاقاتی

ملائک / ملائکہ [مَ لا اِ ک / کا] (ع:...... اِک جمع:
واحد مَلَک) : فرشتے

ملائم [مُ لا اِ م] (ع:...... اِم: مناسب، لائق): نرم، بردبار

ملبب [مُ لَ بْ بَ ب] (مفرس): لبالب، لبریز

ملبوس [مَ لْ بوْ س] (ع:ایضاً) ...... ہونا: لباس پہننا

ملت [مِ لْ لَ ت] (۱) (ع:ایضاً): دین اسلام کی من
حیث الکل جماعت (۲) (ہ: میل ملاپ)

ملتفت [مُ لْ تَ فِ ت] (ع:ایضاً) ...... ہونا: مائل ہونا

ملتمس [مُ لْ تَ مِ س] (ع:ایضاً): التماس کرنے والا

ملجا [مَ لْ جا] (ع:ایضاً): پناہ گاہ، ملجاو ماویٰ میں مستعمل

ملحد [مُ لْ حِ د] (ع:ایضاً): وجود باری تعالیٰ کا منکر،
بے دین

ملحق [مُ لْ حَ ق] (ع:ایضاً): متصل، جڑا ہوا

ملحقہ [مُ لْ حِ قا] (ع:...... حَ قَہ: ملحق کی تانیث):
جڑی ہوئی

ملخ [مَ لَ خ] (ف:ایضاً): ٹڈی

ملزم [مُ لْ زِ م] (ع: مُ لْ زَ م) : جس پر کسی جرم کا الزام لگایا جائے

ملغوبہ [مَ لْ غو با] : مختلف ترکاریوں سے بنا گاڑھا سالن، ایک قسم کا آم

ملک (۱) [مَ لَ ک] (ع:ایضاً): فرشتہ (جمع ملائک / ملائکہ)

(۲) [مُ لْ ک] (ع:ایضاً): دیس (جمع ممالک)

(۳) [مَ لِ ک] (ع:ایضاً): بادشاہ (جمع مُلوک)

(۴) [مِ لْ ک] (ع:ایضاً): جائیداد (جمع اَملاک)

ملکہ (۱) [مَ لْ کا] (ع: م ل کہ): مہارت

(۲) [مَ لِ کا] (ع:م لِ کہ :ملِک (بادشاہ) کی تانیث): رانی

ملک یمین [مِ لْ کِ یَ مِی ن] (ع:ایضاً): کنیز، غلام

ملل [مِ لَ ل] (ع:ایضاً جمع: واحد مِلّت): قومیں

ملنا (۱) [مَ لْ نا] : رگڑنا

(۲) [مِ لْ نا]: حاصل ہونا، ملاقات ہونا

ملمچی [مُ لَ مْ چی]: لوہے پر ملمع کرنے والا

ملمع [مُ لَ مْ ما] (ع:......مّ ع): چاندی کا پانی چڑھانا

ملنسار [مِ لَ نْ سا ر] (ہ:): ہر ایک سے ملنے والا

ملوث [مُ لَ وْ ث] (ع:ایضاً): (۱) آلودہ (۲) جرم میں ماخوذ

ملہم (۱) [مُ لْ ہِ م] (ع:ایضاً): دل میں غیب سے بات ڈالنے والا، الہام کرنے والا مراد خدائے تعالیٰ

(۲) [مُ لْ ہَ م] (ع:ایضاً): دل میں غیب سے آیا ہوا خیال

ملیامیٹ [مَ لْ یا مے ٹ]...... کرنا: تباہ کرنا، تہس نہس کرنا

ملیح [مَ لی ح] (ع:ایضاً: نمکین): سانولا، سلونا

ملین (۱) [مُ لَ یِّ ن] (ع:ایضاً): نرم کرنے والا / والی، وہ دوا جس سے قبض جاتا رہے

(۲) [مَ لی ن] (ہ:) : ملول، غمزدہ

ممات [مَ ما ت] (ع:ایضاً): موت

مماثل [مُ ما ثِ ل] (ع:ایضاً) : مانند

مماثلت [مُ ما ثِ لَ ت] (ع:م ا ث لَ ت): مانند ہونا

ممارست [مُ ما رِ سَ ت] (ع: مُ ما رَ سَ ت): مشق

مماس [مُ ما س] (ع:ایضاً): وہ خط جو دائرے سے باہر رہ کر دائرے کو چھوئے tangent

ممانعت [مُ ما نِ اَ ت] (ع: مُ ما نَ عَ ت): روک، منع کرنا

ممتحن [مُ مْ تَ حِ ن] (ع:ایضاً): امتحان لینے والا، طلبہ کے جوابی پرچے جانچنے والا

ممد [مُ مِ د] (ع: مُ مِ دّ: مدد کرنے والا): مددگار، ترکیب مُمِدّ و معاون میں مستعمل

ممسک [مُ مْ سِ ک] (ع:ایضاً): دیر تک انزال روکنے والی دوا

ممکنات [مُ مْ کِ نا ت] (ع:......کِ......ت): موجودات، وہ تمام چیزیں جو عدم سے وجود میں آئی ہیں اور فنا ہونے والی ہیں

ممکن الوجود [مُ م کِ نُ لْ وَ جو د]
(ع:...وُ...د): جن کا وجود ممکن ہو، ضد: واجب الوجود
ممکنہ [مُ م کِ نا] (ع:... کِ نہ): ممکن (بطور صفت)
کی تانیث جیسے ممکنہ کوشش
مملکت [مَ م لِ کَ ت] (ع: مَ م لَ کَ ت):
سلطنت
ممنونیت [مَ م نو نِ یَ ت](ع: م م نو ن یَّ ت)
: احسانمندی
ممیانا [مِ م یا نا] : بھیڑیا بکری کا صدا دینا
ممیز [مُ م یِّ ز] (ع: ایضاً): ممتاز
ممیزہ [مُ م یِّ زا] (ع:... یِ زہ): چیزوں کو ایک
دوسرے سے ممتاز کرنے کی ذہنی صلاحیت
منابع [مَ نا بے] (ع: م ا ب ع جمع: واحد منبع:
سرچشمہ): ماخذ
منادی [مُ نا دی] (ع: ایضاً): (۱) اعلان عام کرنے والا،
ڈھنڈورچی (۲) پکار، اعلان عام کرنا
منار [مَ نا ر] : وہ جگہ جہاں سے نور پھیلا جائے اُردو میں
مینار
مناصب [مَ نا صِ ب] (ع: ایضاً جمع: واحد منصب:
عہدہ): عہدے
منافع [مَ نا فا] (ع: م ا ف ع جمع: واحد مَنفعَت): نفع
اردو میں واحد مستعمل
مناظر (۱) [مَ نا ظِ ر](ع: ایضاً جمع: واحد منظر): نظارے
(۲) [مُ نا ظِ ر] (ع: ایضاً): مناظرہ کرنے والا
مناظرہ [مُ نا ظِ را](ع: مُ نا ظَ رہ): مذہبی بحث

منافی [مُ نا فی](ع: ایضاً): برعکس
مناقشہ [مُ نا قِ شا] (ع:... قَ شہ): جھگڑا
منال [مَ نا ل](ع: ایضاً: مال): دولت جیسے مال و منال
مناہی [مَ نا ہی] (ع: ایضاً): خلاف شرع کام جس کی
ممانعت ہو
من و سلویٰ [مَ نْ نو سَ لْ وا] (ع: ایضاً من: ایک
طرح کی شہد کے مانند میٹھی شے جو درختوں کے پتوں پر
شبنم کی طرح جم جاتی تھی، سلویٰ: ایک پرندہ): صحرا صحرا
بھٹکنے والی قوم بنی اسرائیل کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے صحرا
میں ملنے والی غذا
من حیث [مِ نْ حَ یْ ث] (ع: ایضاً: من (حرف
جار): سے، حیث: حیثیت)
من حیث الکل : مجموعی حیثیت سے
من حیث القوم : قوم کی حیثیت سے
مثبت [مُ نَ بْ بَ ت] (ع: ایضاً): اُبھارا ہوا
مثبت کاری: لکڑی پر اُبھرے ہوئے بیل بوٹے اور نقوش بنانے
کا کام
منبر [مِ م بَ ر] (ع: ایضاً): مسجد میں وہ اونچی جگہ جہاں
سے خطیب مجمع کو خطبہ سناتے ہیں
منبع [مَ م با] (ع:... بَ ع) : مخرج، سرچشمہ،
وہ مقام جہاں سے ندی نکلے
منت (۱) [مِ نْ نَ ت] (ع: ایضاً): احسان کرنا،
خوشامد کرنا
(۲) [مَ نْ نَ ت]: مراد پوری ہونے پر چڑھایا ہوا
نذرانہ

منتج [مُ نْ تِ ج] (ع: ایضاً)...... ہونا: نتیجہ نکلنا
منتخب [مُ نْ تَ خَ ب] (ع: ایضاً) : چنا ہوا...... کرنا
: انتخاب کرنا
منتشر [مُ نْ تَ شِ ر] (ع: ایضاً)...... ہونا: پراگندہ
ہونا، پھیل جانا
منتصب القامت [مُ نْ تَ صِ بُ لْ قا مَ ت]
(ع: ایضاً): پانوں پر کھڑا ہونے والا حیوان مراد انسان
منتظر (۱) [مُ نْ تَ ظِ ر] (ع: ایضاً: اسم فاعل): انتظار
کرنے والا
(۲) [مُ نْ تَ ظَ ر] (ع: ایضاً اسم مفعول): جس
کا انتظار کیا جائے
منتہٰی / منتہا [مُ نْ تَ ہا] (ع: ایضاً): انتہا، انجام
منتہی [مُ نْ تَ ہی] (ع: ایضاً)...... ہونا: انتہا پر پہنچنا، ختم
ہونا
من جانب [مِ نْ جا نِ ب] (ع: ایضاً من: سے،
جانب: طرف): کی طرف سے، اُردو املا ملا کر لکھتے ہیں یعنی
منجانب
منجم [مُ نَ جْ جِ م] (ع: ایضاً): نجومی
منجمد [مُ نْ جَ مِ د] (ع: ایضاً): ٹھنڈک سے جما ہوا
...... ہونا: جم جانا
من جملہ [مِ نْ جُ مْ لا] (ع:...... لہ): کُل میں سے
اردو املا منجملہ
منجنیق [مَ نْ جَ نی ق] (فارسی سے معرّب): پتھر
پھینکنے کی ایک قدیم دستی مشین
منحرف [مُ نْ حَ رِ ف] (ع: ایضاً): سرکش، باغی، راہِ
راست سے ہٹا ہوا

منحصر [مُ نْ حَ صِ ر] (ع: ایضاً: گھرا ہوا)...... ہونا:
دار و مدار ہونا
منحنی [مُ نْ حَ نی] (ع: ایضاً): ٹیڑھا میڑھا
منخنقہ [مُ نْ خَ نِ قا] (ع:...... نِ قہ): گلا
گھونٹ کر مارا ہوا جانور، جس کا کھانا اسلام میں حرام ہے
مندرجہ [مُ نْ دَ رَ جا] (ع:...... دَرَجہ): درج کیا ہوا
مندرجۂ ذیل: نیچے لکھا ہوا
مندر [مَ نْ دَ ر] (ہندی مَ نْ دِ ر کا مفرس: جمع
منادر): ہندوؤں کی عبادت گاہ
مندمل [مُ نْ دَ مِ ل] (ع: ایضاً)...... ہونا: زخم کا بھرنا
مندوب [مَ نْ دوٗ ب] (ع: ایضاً): ڈیلی گیٹ
مندیل [مِ نْ دی ل] (ع: ایضاً): دستار
منزہ [مُ نَ زْ زا] (ع:...... زہ): پاک، صاف
منشا [مَ نْ شا] (ع: ایضاً: جائے پیدائش): خواہش، ارادہ،
عربی معنوں میں مولد و منشا مستعمل
منشار [مِ نْ شا ر] (ع: ایضاً): (۱) آرہ (۲) خبر پھیلانے کا
آلہ
منش [مَ نِ ش] (ف: ایضاً): مزاج، طبیعت جیسے صوفی منش
منشور [مَ نْ شوٗ ر] (ع: ایضاً شاہی فرمان): مینی فیسٹو، چارٹر،
بلّور جس سے شعاع پار ہو کے سات رنگوں میں بٹ جاتی ہے
منشی (۱) [مُ نْ شی] (ع: ایضاً: بانی): دبیر، صاحبِ انشا
(۲) [مُ نَ شْ شی] (ع: ایضاً): نشہ آور
منشیات [مُ نَ شْ شِ یا ت] : نشہ آور چیزیں
منصفی [مُ نْ صِ فی] : انصاف
منصوبہ [مَ نْ صوٗ با] (ع:...... بہ: کھڑی کی ہوئی چیز):
ذہن میں تیار کی ہوئی تدبیر، پروجیکٹ

منصوص [مَ نْ صوُ ص] (ع: ایضاً): وہ حکم یا مسئلہ جو قرآنی آیات یا حدیث کی رو سے واضح اور غیر مبہم ہو

منصہ [مَ نَ صْ صا] (ع:..... صہ): ظاہر ہونے کی جگہ

منصۂ شہود پر آنا: منظر عام پر آنا

منضج [مُ نْ ضِ ج] (ع: ایضاً): مواد کو پکانے والی دوا

منطبق [مُ نْ طَ ب ق] (ع: ایضاً: اوپر تلے ٹھیک بیٹھنا)..... ہونا: صادق آنا

منطق [مَ نْ ط ق] (ع: ایضاً): علم استدلال

منطقہ [مِ نْ طَ قا] (ع:..... قہ): کرۂ زمین کا فرضی خطوط کے ذریعے تقسیم کیا ہوا حصہ، خط Zone

منطقۂ باردہ (ع: ایضاً باردہ: سرد): سرد خط، قطب شمالی، و جنوبی

منطقۂ حارہ [حا رْ را] (ع:..... رہ: گرم): خط استوا کے شمال اور جنوب کا گرم خطہ

منطقۂ معتدلہ [مُ اْ تَ دِ لا] (ع: معتدِلہ: نہ گرم نہ سرد): منطقۂ حارہ و منطقہ باردہ کا درمیانی کرہ

منظر [مَ نْ ظَ ر] (ع: ایضاً: نظر پڑنے کی جگہ): نظارہ

منظر نامہ: سیناریو Scenario

منظم [مُ نَ ظْ ظَ م] (ع: ایضاً): جس کی تنظیم و تربیت ہوئی ہو

منظور [مَ نْ ظوُ ر] (ع: ایضاً: دیکھا ہوا): پسند کیا ہوا

منع [مَ نا] (ع: مَ نْ ع)..... کرنا: باز رکھنا

منعدم [مُ نْ اَ دِ م] (ع:..... عَ..... م)..... ہونا: نیست و نابود ہونا

منعطف [مُ نْ اَ طِ ف] (ع:..... عَ..... ف)..... ہونا: پھر جانا، مڑ جانا

توجہ منعطف ہونا: توجہ منتقل کرنا، توجہ دلانا

منعقد [مُ نْ اَ قِ د] (ع: مُ نْ عَ قِ د)..... ہونا: واقع ہونا جیسے جلسہ منعقد ہوا

منعکس [مُ نْ اَ کِ س] (ع:..... عَ..... س): شعاعوں کا کسی چیز سے ٹکرا کر پلٹ آنا..... ہونا: عکس دکھائی دینا

منعم [مُ نْ اِ م] (ع:..... عِ م): صاحب نعمت، مالدار

منغض [مُ نَ غْ غَ ض] (ع: ایضاً)..... ہونا: مکدّر ہونا

منفرجہ [مُ نْ فَ رِ جا] (ع:..... رِجہ: کشادہ: جیسے زاویۂ منفرجہ): وہ زاویہ جو زاویۂ قائمہ سے بڑا ہو

منفرد [مُ نْ فَ ر د] (ع: ایضاً: تنہا): ممتاز

منفعت [مَ نْ فِ اَ ت] (ع: مَ نْ فَ عَ ت): نفع

منفصل [مُ نْ فَ صِ ل] (ع: ایضاً: جن کے درمیان فاصلہ ہو): جدا جدا، ضد: متصل

منفعل [مُ نْ فَ اِ ل] (ع:..... عِ ل: اثر قبول کرنے والا): شرمندہ

منفک [مُ نْ فَ ک] (ع:..... کّ): جدا کیا ہوا

منفی [مَ نْ فی] (ع: ایضاً): مثبت کی ضد

منقاد [مُ نْ قا د] (ع: ایضاً): مطیع، فرمانبردار

منقار [مِ نْ قا ر] (ع: ایضاً): چونچ

منقبت [مَ نْ قِ بَ ت] (ع:..... قَ بَ ت): بزرگانِ دین کی مدح

منقسم [مُ نْ قَ سِ م] (ع: ایضاً)..... ہونا: الگ الگ ہونا، تقسیم ہونا

منقصت [مَ نْ قِ صَ ت] (ع:..... قَ صَ ت): ہجو، برائی

منقی [مُ نَ قْ قا] (ع: ..... قیٰ: صاف کیا ہوا): (• درژو منقہ): بڑی کشش۔ اُردو املا مُنقّہ

منکا [مَ نْ کا] : (۱) مالے کا دانہ (۲) گردن کا مہرہ

منکا ڈھلنا : مر جانا

منکر (۱) [مُ نْ کِ ر] (ع: ایضاً): انکار کرنے والا

(۲) [مُ نْ کَ ر] (ع: ایضاً): جس کام کے کرنے سے منع کر دیا گیا ہو (۲) ایک فرشتے کا نام

منکسر [مُ نْ کَ سِ ر] (ع: ایضاً: ٹوٹا پھوٹا): انکسار (عاجزی) کرنے والا

منکسر المزاج : خاکسار

منکشف [مُ نْ کَ شِ ف] (ع: ایضاً): آشکار

...... ہونا: ظاہر ہونا

من و عن [مِ نْ تو عَ ن] : عین مین، جوں کا توں

منون [مُ نَ وَّ ن] (ع: ایضاً): جس حرف پر تنوین (دو زبر، دو پیش یا دو زیر) ہو

منہاج [مِ نْ ہا ج] (ع: ایضاً): راستہ، روش

منہا [مِ نْ ہا] ...... کرنا: ایک بڑے عدد سے دوسرا چھوٹا عدد کم کرنا، تفریق کرنا

منہدم [مُ نْ ہَ دِ م] (ع: ایضاً) ...... کرنا: (عمارت کا) ڈھا دینا

منہمک [مُ نْ ہَ مِ ک] (ع: ایضاً) ...... ہونا: کسی کام میں مشغول یا مصروف ہونا

منھنال [مُ ں ھَ نا ل] (ہ: ایضاً: منہ + نال): حقے کی نلی جسے منہ سے پکڑ کر حقہ پیتے ہیں

منیم [مُ نی م] (منیب کا موزوں): کارندہ، کاروبار کا لیکھا جوکھا دیکھنے والا ملازم

موا [مُ وا] : مُردہ، مَردوں کے لیے عورتوں کا کلمۂ تحقیر

مواج [مَ وّا ج] (ع: ایضاً): موجیں مارتا ہوا

مواجب [مَ وا جِ ب] (ع: ایضاً جمع: واحد موجِب): ضروریات

مواجبات [مَ وا جِ با ت] (ع: ..... جِ ..... ت): مواجب کی جمع الجمع، تنخواہ، مشاہرہ

مواجہہ [مُ وا جِ ہ] (ع: ..... جِ ہ): روبرو، آمنے سامنے

مواخذہ [مُ وا خِ ذا] (ع: ..... خِ ذہ): بازپرس، جواب طلبی

مواد [مَ وا د] (ع: ایضاً جمع: واحد مادّہ): بطور واحد مستعمل سامان، مسالہ جیسے مقالے کے لیے مواد اکٹھا کیا (۲) پیپ

موازنہ [مُ وا زِ نا] (ع: ..... زَنہ): (۱) بجٹ

(۲) ...... کرنا: آپس میں ملا کر دیکھنا کہ کون بہتر ہے

مواعظ [مَ وا ا ظ] (ع: ..... ع ظ جمع: واحد مَوعظت): وعظ

موافق [مُ وا فِ ق] (ع: ایضاً): مناسب، اوسط درجے کا، مانند

موافقت [مُ وا فِ قَ ت] (ع: ..... فَ قَ ت): مناسبت

موالات [مُ وا لا ت / بول چال مَ والا ت] (ع: ایضاً) : میل جول، تعاون اردو میں ترکیب ترکِ موالات میں مستعمل

موالی [مَ وا لی] (ع: ایضاً جمع: واحد مولیٰ): (۱) مددگار۔ (۲) یار دوست

موالید [مَ وا لی د] (ع: ایضاً جمع: واحد مولود): مخلوقات

موالیدِ ثلاثہ : تین موالید: ۱- جمادات ۲- نباتات ۳- حیوانات

موانست [مُ وا نِ سَ ت] (ع: مُوانَ سَ ت): اُنس

موانع [مَ وا نے] (ع: ایضاً جمع: واحد مانع) : رکاوٹیں

موباف [مُوْ با ف](ف: ایضا مُو: بال): بالوں کو لپیٹنے کا فیتہ

موبد [مُوْ ب دِ] (ف: ایضاً): آتش پرستوں کا پیشوا

موبمو [مُوْ ب مُوْ] (ف: ایضاً: بال بال): رتّی رتّی، تمام و کمال

موتا [مَ وْ تا] : میت

موتا میں جانا: جنازے میں شریک ہونا

موتراش [مُوْ تراش](ف: تراشیدن (چھانٹنا) کے امر 'تراش' سے بنا اسم آلہ): بال تراشنے کا اوزار

موءتمر [مُوْ اْ تَ مِ ر] (ع: ایضاً): کانفرنس

موتیابند [مو تِ یاب نْد] : آنکھ کی ایک بیماری

موءثر [مُ اَ ثْ ثِ ر](ع: ایضاً) : اثر کرنے والا

موءثر [مُ اَ ثْ ثَ ر](ع: ایضاً): اثر قبول کیا ہوا، اثر پذیر

موجب [مُوْ جِ ب] (ع: ایضاً): باعث

موجد [مُوْ جِ د](ع: ایضاً): ایجاد کرنے والا

موءجل [مُ اَ جْ جَ ل] (ع: ایضاً: مہلت دیا ہوا، جو فوری نہ ہو): مہر موءجل، وہ مہر جو عقدِ نکاح کے بعد کسی اور وقت ادا کیا جائے دیکھیے معجّل

موجودات [مَ وْ جوْ دا ت] (ع: ایضاً): مخلوقات

موجہ [مَ وْ جا](ع:......جہ) : (۱) چھوٹی موج (۲) عام موج

موچنا [مو چْ نا] (ف: موچیں: بال چُن چُن کر اکھاڑنے والا۔ موچیں کا مورّد): بال اکھاڑنے کا اوزار

موحد [مُ وَ حْ حِ د] (ع: ایضاً): جس کا مسلک توحید پرستی ہو

موءخر [مُ اَ خْ خَ ر] (ع: ایضاً: آخر کیا ہوا)...... کرنا: ملتوی کرنا

موءخرالذکر: دو باتوں میں سے جس کا ذکر بعد میں آئے۔ ضد: اوّل الذکر

موءدب [مُ اَ دْ دَ ب](ع: ایضاً): ادب سے مُتّصِف، باادب

موءدبانہ [مُ اَ دْ دِ با نہ] (ع.ف:......دبانہ): ادب کے ساتھ

موءدت [مُ اَ دْ دَ ت] (ع: ایضاً): محبت، یگانگت

موءذن [مُ اَ ذْ ذِ ن](ع: ایضاً): اذان دینے والا

موذی [مُوْ ذی] (ع: ایضاً: ایذا دینے والا): شریر

مور (۱) [مُوْ ر](ف: ایضاً) : چیونٹی

(۲) [مو ر]: ایک خوبصورت پروں والا جانور، طاؤس

مورپنکھی [مو رْ پَ نْکھی] : مور کی شکل کی بنی ہوئی ایک خوبصورت کشتی

مورث [مُوْ رِ ث] (ع: ایضاً): ورثہ پانے والا

مورچہ [مو رْ چا](ف: ایضاً)(اُردو املا ہائے مختفی کے ساتھ مروج): وہ خندق جسے قلعے کے ارد گرد بنایا جائے، محاذ

مورچہ نکالنا : احتجاجی جلوس نکالنا

مورچہ سنبھالنا: جنگ کے لیے فوج کو تیار رکھنا

مورچھل [مو ر چھ ل]: مور کے پروں سے بنایا ہوا چنور

موءرخ [مُ اَ رْ رِ خ](ع: ایضاً): تاریخ نویس

مورخہ [مُ اَ رْ رِ خا](ع:......رخہ): فلاں تاریخ کو لکھا ہوا

مورد (۱) [مَ وْ رِ د] (ع: ایضاً): وارد ہونے کی جگہ

موردِ الزام ہونا: ملزم قرار پانا

(۲) [مُ أ ڑ رَ د] (معرب اور مفرس کے قیاس پر بنایا ہوا اُردو لفظ): وہ غیر زبان کا لفظ جسے اہل اُردو تصرف کے بعد قبول کریں

موروثی [مَ وْ رُوْ ثی] (ع ف: ایضاً): باپ دادا سے وراثت میں پایا ہوا / پائی ہوئی

موزوں [مَ وْ زُوْ ں] (ع: ایضاً): (۱) مناسب (۲) علم عروض کی اصطلاح میں وہ منظوم کلام جو اوزان مقررہ پر ٹھیک اُترے

موءسس [مُ أ سْ سِ س] (ع: ایضاً): بانی

موسلادھار [موُ سْ لا دھا ر] ..... مینہ برسنا: موسل (اناج کوٹنے کا موٹا ڈنڈا) کی طرح موٹی دھاروں کے ساتھ پانی کا برسنا۔ زوردار بارش ہونا

موسم [مَ وْ س م] (ع: مَ وْ سِ م): رُت

موسنا [موُ سْ نا]: لوٹنا

موسیقار [موُ سی قا ر] (ف: ایضاً: ایک قسم کا ساز، ایک پرندے کا نام جسے ققنس بھی کہتے ہیں): گویا

موسیقی [موُ سی قی] (ع: ایضاً): نغمہ

موشگاف [موُ شِ گا ف] (ف: شگافتن صفت (سوراخ کرنا) کے امر 'شگاف' سے بنا اسم فاعل: بال کی کھال نکالنے والا

موصوف [مَ وْ صوُ ف] (ع: ایضاً: جس کی صفت بیان کی جائے): مذکورہ شخص بطور ضمیر استعمال کرتے ہیں

موصی [موُ صی] (ع: ایضاً): جس کے حق میں وصیت کی جائے۔ اہل شیعہ کے نزدیک نسبت حضرت علیؓ سے

موصیٰ الیہ [موُ صا اِ لَ یْ ہِ] (ع: ایضاً) :وہ چیز جس کی وصیت کی جائے

موضح [مُ وَ ضْ ضِ ح] (ع: ..... ضِ ح): پُر وضاحت

موضع [مَ وْ ضا] (ع: ..... ضِ ع: رکھنے کی جگہ): گاؤں

موضوع [مَ وْ ضوُ] (ع: ..... ع: رکھا گیا): اصل مضمون جس پر بحث کریں، عنوان

مؤظف [مُ أ ظْ ظَ ف] (ع: ایضاً): وظیفہ یاب

موعظت [مَ وْ ءِ ظَ ت] (ع: ..... عَ ظَت): پند و نصیحت، وعظ

موعود [مَ وْ اوُ د] (ع: ..... عوُد): جس کا وعدہ کیا گیا ہو

مؤقت [مُ أ قْ قَ ت] (ع: ایضاً): وقت مقررہ کے ساتھ مشروط

مؤقر [مُ أ قْ قَ ر] (ع: ..... قَ ر: صاحب وقار): قابل عزت

موقع [مَ وْ قا] (ع: ..... قَ ع: واقع ہونے کی جگہ): مناسب وقت، اُردو املا موقعہ بھی مروج

موقف [مَ وْ قِ ف] (ع: ایضاً: کھڑے ہونے کی جگہ): اختیار کیا ہوا اردو یہ Stand

موقوف [مَ وْ قوُ ف] (ع: ایضاً: ٹھہرا ہوا): (۱) منحصر (۲) عربی زبان کا وہ لفظ جس کے حرف آخر کی حرکت ٹھہر جانے کی وجہ سے گر جائے اور وہ لفظ تلفظ میں ساکن الآخر ہو جائے جیسے تائے مدورہ 'ۃ' 'ہ' میں بدل کر تلفظ میں ادا ہو

مؤکد [مُ أ کْ کَ د] (ع: ایضاً): وہ بات جس کے کرنے کی تاکید کی گئی ہو جیسے سنت مؤکدہ

مؤکل (۱) [مُ أ کْ کِ ل]: وہ شخص جو وکیل کرے (۲) [مُ أ کْ کَ ل] :وہ جن جو کسی عامل کے وظیفے کے تابع ہو

موکھا [موَ کھا] : (۱) جھروکہ (۲) گھر کی دیوار کے اندر بنایا ہوا روزن

موگرا [موَ گْ را]: (۱) بیلے کی قسم کا ایک پھول (۲) وہ ڈنڈا جس سے دھوبی کپڑے پیٹتے ہیں

مولانا [مَ وْ لا نا](ع: مولیٰ: آقا، نا: ضمیر اضافی متصل بمعنی ہمارے: ہمارے آقا): بزرگ، اردو املا مولینا بھی مستعمل

مولد [مَ وْ لِ د] (ع: ایضاً): مقام ولادت

مولسری [مَو لْ سِ ری]: (۱) ایک درخت جس کے پھول بہت خوشبودار ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر مولسری کے پھول کے نقش کاڑھے ہوتے ہیں

مولوی [مَ وْ لْ وی] (ع: مَوْلَوی: میرے مولا، 'ي' ضمیر اضافی متصل بمعنی میرا یا میری): دینی عالم

مؤمن [مو مِ ن] (ع: مُؤ مِ ن) : صاحب ایمان، سچا مسلمان

مؤلف [مُ اَ لْ لِ ف] (ع: ایضاً): کتاب تالیف کرنے والا

مولیٰ [مَ وْ لا] (ع: ......لی: متحمل الضدین (۱) آقا (۲) غلام): آقا

مومیٰ الیہ [مو ما اِ لَ یْ ہِ] (ع: ایضاً: جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو): صاحب مذکور

مومیائی [مو مْ یا ای] (ف: ایضاً): ایک سیاہ رنگ کی دوا جو ہڈیوں کو موم کی طرح نرم کر کے جوڑ دیتی ہے

مؤنث [مُ اَ نْ نَ ث] (ع: ایضاً): جو مذکر نہ ہو

مونس [مو نِ س] (ع: ایضاً): غمخوار، ہمدرد

مونگا [مو نْگا]: سرخ رنگ کا نرم پتھر جو سمندر میں پایا جاتا ہے، مَرجان

مونی [مَ وْ نی] (ہ: مَ وْ ن: خاموشی): ہمیشہ خاموش رہنے والا سادھو

موہبت [مَ وْ ہِ بَ ت] (ع: ......ہِ......ت): بخشش، انعام

موہوم [مَ وْ ہو م] (ع: ایضاً: وہم کیا ہوا): خیالی جس کا خارج میں وجود نہ ہو

موئینہ [مو ای نا] (ع: ......نہ): بالوں والی کھال کا لباس، پوستین

مؤید [مو اَ یِّ د] (ع: ایضاً): تائید کرنے والا

موئی [مُ ای]: مُوا کی تانیث، عورتوں کی زبان پر کسی عورت کے لیے کلمۂ تحقیر

موئی مٹی کی نشانی: مرے ہوئے سگے سمبندھی کی اولاد

مہاجرت [مُ ہا جِ رَ ت] (ع: ......جَ رَت): ہجرت کرنا

مہار [مَ ہا ر] (ف: ایضاً): لگام۔ اس ترکیب میں مستعمل بے مہار: وہ شخص جس پر کسی کا قابو نہ ہو

مہارتِ تامہ [مَ ہا رَ تِ تا مْ مہ]: کامل مہارت

مہام [مِ ہا م] (ع: ایضاً جمع: واحد مہم: کار نمایاں): جیسے مدار المہام (وزیر اعظم کے ہم رتبہ عہدہ) میں مستعمل

مہتاب [مَ ہْ تا ب] (ف: اصل میں تاب مہ: چاندنی): چاند

مہتر [مِ ہْ تَ ر] (ف: مِ ہْ تَ ر: بزرگ): حلال خور

مہتم بالشان [مُ ہْ تَ مْ بِ شْ شا ن](مورد): شاندار

مہتمم [مُ ہْ تَ مِ م] (ع: مُ ہْ......م: اہتمام کرنے والا): منتظم

مہجور [مَ ہْ جو ر] (ع: مَ ہْ......ر) : فراق زدہ

مہد [مَ ہِ د] (ع: مَ ہْ د) : گہوارہ

میہنا [مَ یْہ نا] : طعنہ

مہنال [مو ہْ نا ل] : دیکھیے منہنال

مہرہ [مُہ ہْ را] (ف: م ہ رہ): شطرنج کی گوٹی

مہدی [مَ یہٖ دی] (ع: م ہ دی: ہدایت یافتہ): امام جن کا ازروئے عقیدہ قربِ قیامت پر ظہور ہو گا

مہر (۱) [مَ ہِ ر] (ع: م ہ ر): معاوضۂ نکاح،
(ف): سورج، محبت

(۲) [مُ ہ ر] (ع: م ہ ر): سونے کا ایک سکہ جو ٹھپہ لگانے کے بھی کام آتا ہے

مہربان [مَ یہٖ رْ با ن / بول چال مَ ہِ رْ با ن] (ف: م ہ ر با ن): عنایت کرنے والا

مہمان [مے ہْ ما ن / مَ یہٖ ما ن] (ف: مہمان): معنی معروف

مہمل [مُہ ہْ مَ ل] (ع: م......ل): بے معنی

مہملہ [مُہ ہْ مِ لا] (ع: م ...... م لہ): غیر منقوط حرف

مہموز [مَ یہٖ موٗ ز] (ع: م ہ ...... ز): جس حرف پر ہمزہ ہو

مہمیز [مَ یہٖ مے ز] (ع: م ہ م ی ز): رکاب جسے سوار گھوڑے کو تیز تر دوڑانے کے لیے اسے چبھوتا ہے
دیکھیے ایڑ لگانا

مہنت [مَ ہِ نْ ت] (ہ: م ہ ن ت): پجاری

مہند [مُہ ہَ نْ نَ د] (ع: ایضاً): وہ غیر زبان کا لفظ جسے اہلِ ہندی تصرف کے بعد اپنا لیں

مہندس [مُہ ہَ نْ دِ س] (ع: م ہ ن د س): علمِ ہندسہ کا ماہر، انجینئر

مہوس [مُ ہَ وِّ س] (مفرس: بہت ہوس کرنے والا): کیمیاگر

مہیا [مُ ہَ یّا] ...... کرنا: تیار کرنا، کسی تک پہنچانا

مہیب [مُ ہی ب] (ع: م ہی ب): ہیبت ناک، خوفناک

مہیج [مُ ہَ یِّ ج] ...... کرنا: ہیجان پیدا کرنا

مہین [مَ ہی ن]: باریک، پتلا (کپڑا)

میان [میا ن] (ف: م یا ن / مِیان: کمر): نیام (تلوار کا غلاف)

میانہ [م یا نا] (ف: ......نہ) (۱) (صفت): درمیانی
(۲) (اسم) پالکی

میانہ روی [مِ یا نا رَ وی]: معتدل راہ پر چلنا، درمیانی راستہ اختیار کرنا

میانی [مِ یا نی]: دو پائنچوں کو جوڑنے والا درمیانی کپڑا

میت (۱) [می ت] (ہ): دوست، یار

(۲) [مَ یِّ ت] (ع: م یّ ت: مرنے والا، فانی): جو مر چکا ہو

میراثی [می را ثی]: جس کا خاندانی پیشہ گانا بجانا ہو

میر بخشی [می رْ بَ خْ شی]: وہ عہدیدار جس کے ذمہ تنخواہ تقسیم کرنے کی ذمہ داری ہو

میرزا [می رْ زا / مِ رْ زا]: امیر (صاحب اقتدار) کی اولاد

میزبان [مے زْ با ن]: ضیافت کرنے والا، ضد: مہمان

میسر [مُ یَ سْ سَ ر] (ع: ایضاً: آسان کیا ہوا) ...... آنا: حاصل ہونا،

میسرہ [مَ یْ سَ را] (ع: ......رہ): فوج کا بایاں پہلو

میعاد [می آ د] (ع: ......عاد: وعدہ): مدت

میقات [مِی قا ت] (ع: ایضاً): مقررہ مدت ٹرم (term)

میگڈمبر [مے گ ڈَ م ب ر] : ہاتھی کے ہودے پر
لگائی ہوئی چھتری، اس ہودے میں سوار ہو کر شاہانِ اودھ
جلوس میں نکلتے تھے

میل (۱) [مے ل] (ہ: ایضاً): گھل مل جانا جیسے میل ملاپ
(۲) [مِی ل] (ف: ایضاً): سلائی، (ہ:): آدھے کوس کا
فاصلہ
(۳) [مَ یْ ل] : گندگی

میلان [مَ یْ لا ن] (ع: مَ یَ لان): رُجحان، طبیعت کا جھکاؤ

میمنت [مَ یْ مَ نَ ت] (ع: ایضاً): برکت
میمنت لزوم : جس سے برکت کا ہونا لازم ہو جیسے قدوم
میمنت لزوم: کسی کی تشریف آوری کے موقع پر کہتے ہیں

میمنا [مے م نا] : بکری کا بچہ

میمنہ [مَ یْ مَ نا] (ع:.....نہ): فوج کا دایاں پہلو

میمون [مَ یْ مُو ن] (۱) (صفت): مبارک
(۲) (اسم) بندر

مینا (۱) [مِی نا] : شراب کا شیشہ
میناکاری : چاندی سونے پر جڑاؤ کا کام
(۲) [مَ یْ نا] : ایک پرندہ

مینڈ [مے نڈ] : کنوئیں کی منڈیر

مینڈی/ڈھی [مے نڈی/ڈھی]: خاص وضع سے سر کے
گندھے ہوئے بال

مینگنی [مے نگ نی] : بھیڑ بکری کا فضلہ

مین میخ [مِی ن مے خ]..... نکالنا: عیب جوئی کرنا

مینو [مِی نو] (ف: ایضاً): بہشت

مینہ [مے ں ہ] : بارش

(ن)

نا: فارسی کا حرف نفی: ان تراکیب میں مستعمل

نابکار [نا بَ کا ر] (ف: ناب کار: نا بہ کار: نکما): ملعون

نابلد [نا بَ لَ د] (ف: جو شہر کا نہ ہو): ناواقف

ناپید [نا پَ یْ د] : نایاب

ناتواں [نا تَ وا ں] (ف: نا ت وا ں): کمزور

ناخلف [نا خَ لَ ف] (ع: خَ لَ ف: اولاد): نالائق
اولاد

ناخواستہ [نا خوا س تا] (ف:.....تہ: نہ چاہا ہوا):
نہ چاہنے پر بھی ترکیب بادلِ ناخواستہ میں مستعمل

ناخواندہ [نا خوا ندا] (ف:.....دہ): اَن پڑھ، بن بلایا ہوا

ناخوش [نا خُش] (ف: بیمار) : ناراض

نادہند [نا دَ ہ ند] (ف:.....ندہ: نہ دینے والا): بخیل

ناسپاس [نا سِ پا س] (ف: ایضاً: شکر گزاری): ناشکرا

ناشدنی [نا شُ دَ نی] (ف: نہ ہونے کے لائق): نالائق

ناشکیب/ناشکیبا [نا شَ کے ب/با]
(ف: شکیب: صبر): بے چین، بے صبر

ناصبور [نا صَ بو ر] (ع: صبور: صبر): بے صبر، بے چین

ناکتخدا [نا کَ تْ خُدا] (ف: ایضاً): کنوارا

ناکس [نا کَ س] (ف: ایضاً: غیر اہم شخص): دیکھیے
ہر کس و ناکس

ناگزیر [نا گُ زی ر] (ف: ایضاً: گزیر: علاج): جس کا
کوئی علاج نہ ہو، مجبوراً

ناگفتہ بہ [نا گُ فْ تا بِ ہ] (ف: ایضاً: نہ کہا ہوا بہتر): بہت برا / بری

نامتناہی [نا مُ تَ نا ہی] (ع۔ف: مُ ت ناہی: جس کی انتہا نہ ہو): بے کراں

نامساعد [نا مُ سا اِ د] (ع:..... ع د): ناسازگار

نامشخص [نا مُ شَ خْ خَ ص] (ع۔ف: ایضاً: جس کی جانچ نہ ہو سکے): جو ایک حالت پر قائم نہ ہو، دیکھیے خرِ نامشخص

ناتی [نا تی] : نواسا

نارون [نا رُ وَ ن] (ف: ایضاً): گلِ انار

نازبو [نا زْ بُو] (ف: ایضاً) : ایک پھول کا نام

ناسوت [نا سُو ت] (ع: ایضاً): عالم مادّی، ضد: لاہوت، دیکھیے لاہوت

ناشتہ [نا شْ تا] (ف: نا شِ تا : صبح سے بھوکا): صبح کا کھانا

ناظرہ [نا ظِ را] (ع:..... ظرہ)..... پڑھنا: دیکھ کر قرآن مجید کی تلاوت کرنا

نافرمان [نا فَ رْ ما ن] (ف: ایضاً): (۱) سرکش (۲) گلِ لالہ کی ایک قسم جو اودے رنگ کا ہوتا ہے

نافِ شہر [نا فِ شَ ہْ ر]: وسطِ شہر جسے اب قلبِ شہر کہتے ہیں

ناقوس [نا قُو س] (ع: ایضاً): سنکھ

ناقہ [نا قا] (ع:..... قہ): اونٹنی

نال [نا ل]: (۱) بندوق کی نالی (۲) نومولود بچے کی نال سے جڑا ہوا ریشہ (۳) جوئے خانے کا کمیشن (۴) بانس کے قلم کو تراشنے کے بعد اس کے اندر سے نکلا ہوا ریشہ

نامزد [نا مْ زَ د]..... کرنا: بغیر جمہوری انتخاب کے کسی کو مقرر کرنا

نام نہاد [نا مْ نِ ہا د] (ف: نہاد: نہادن (رکھنا) کا امر: برائے نام): مبیّنہ

ناموس [نا مُو س] (ع: ایضاً): (۱) آبرو (۲) مستورات (۳) دستور، قانون جیسے ناموسِ فطرت (۴) فرشتہ

ناموسِ اکبر : حضرت جبریلؑ کا لقب

ناوک [نا وَ ک] (ف: ایضاً): (۱) ایک درخت جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں (۲) عام تیر

ناونوش [نا وُ نو ش] (ف: ایضاً: موسیقی اور شراب نوشی): عیش و عشرت

نبات [نَ با ت] (ع: ایضاً): (۱) مصری (۲) زمین سے اُگنے والی چیز جمع نباتات

نبوت [نَ بُوْ وَ ت] (ع: نَ بَ وَت): پیغمبری

نبیذ [نَ بی ذ] (ع: ایضاً) : کھجور سے بنی شراب

نبیرہ [نَ بی را] (ع:..... رہ): پوتا / پوتی یا نواسہ / نواسی

نتنی [نَ تْ نی] (ہ): ناتی کی تانیث، نواسی

نتھی [نَ تْ تھی]..... کرنا: کاغذات کو ڈوری سے جوڑنا، منسلک کرنا

نٹھلا [نِ ٹھ لْ لا] : سست، جس کے پاس کوئی کام نہ ہو

نثار (۱) [نِ ثا ر] : قربان

(۲) [نَ ثْ ثا ر]: نثر نگار

نجابت [نَ جا بَ ت] (ع: ایضاً): اصالت، شرافت

نجات [نَ جا ت] (ع: ایضاً): رہائی، چھٹکارا

نجاح [نَ جا ح] (ع: ایضاً): چھٹکارا، ترکیب فلاح و نجاح میں مستعمل

نجار [نَ جْ جا ر] (ع:ایضاً): بڑھئی

نجاست [نَ جا سَ ت] : گندگی

نجاشی [نَ جا شی]: بادشاہ حبش کا لقب

نجد [نَ جْ د] (ع:ایضاً): مشرقی عرب میں ایک خطے کا نام جہاں مکہ اور مدینہ دونوں واقع ہیں

نجس [نَ جِ س] (ع:ایضاً): ناپاک

نجیب الطرفین [نَ جی بُ طْ طَ رَ فَ یْ نْ] (ع: طَ رَ فَ یْ ن) : جو ماں باپ دونوں طرف سے خاندانی شریف ہو

نچلا [نِ چْ لا] :(۱) نیچے کا، نچلا حصہ (۲) (ہ: نشچل بے حرکت): موزوں

نچلا نہ بیٹھنا: چین سے نہ بیٹھنا

نحو [نَ حْ و] (ع:ایضاً):(۱) ڈھنگ، طریقہ (۲) قواعد زبان کا وہ حصہ جس میں جملوں سے بحث ہوتی ہے

نحوست [نَ حو سَ ت] (ع: نُ حو سَ ت): منحوس ہونا

نخاس [نَ خْ خا س] (ع:ایضاً) :(۱) چوپایوں کا بازار (۲) وہ بازار جہاں پرانی چیزیں بکتی ہیں

نخچیر [نَ خْ چی ر] (ف:ایضاً) : شکار

نخریلا [نَ خْ رے لا]: نخرے باز

نخست [نُ خْ سْ ت] (ف:ایضاً) : اوّل

نخل بند [نَ خْ ل بَ نْد] (ع.ف:ایضاً): باغبان، مالی

نخوت [نَ خْ وَ ت] (ع:ایضاً): غرور

نخیل [نَ خی ل] (ع:ایضاً):(۱) کھجور کا درخت (۲) عام درخت

نداف [نَ دْ دا ف] : دُھنیا

ندامت [نَ دا مَ ت] (ع:ایضاً): شرمندگی

ندرت [نُ دْ رَ ت] (ع:ایضاً): نیاپن

ندیم [نَ دی م]: یار ہم نشین، گہرا دوست

نڈر [نِ ڈَ ر]: دلیر، بے خوف

نذر [نَ ذْ ر] (ع:ایضاً)...... کرنا:(۱) قربان کرنا (۲) احترام سے بطور تحفہ پیش کرنا

نرد [نَ رْ د] (ف:ایضاً) : چوسر

نردبان [نَ رْ د با ن] (ف:ایضاً): سیڑھی

نرغہ [نَ رْ غا] (اردو اُملا نرغہ):(۱) شکاریوں کا شکار پکڑنے کے لیے بنایا ہوا حلقہ (۲) بھیڑ

نرکل [نَ رْ کَ ل /نَ رْ کُ ل] : ایک قسم کا بانس

نرسنگا [نَ رْ سِ نْگا] : بجانے کا سینگ، بھونپو

نزاع [نِ زآ] (ع: نِ زا ع) : جھگڑا، اختلاف

نزاکت [نَ زا کَ ت] (مفرّس اہل ایران نے نفاست اور نجابت وغیرہ کے وزن پر نازک سے نزاکت بنایا): نازکی

نزع [نَ زْ آ] (ع: نَ زْ ع) : جانکنی

نزول [نُ زُو ل] (ع:ایضاً): نازل ہونا، اُترنا

نزولِ اجلال کرنا : کسی بزرگ ہستی کا تشریف لانا، دیکھیے اجلال

نزولی زمین : پٹہ پر دی جانے والی زمین

نذیر [نَ ذی ر] (ع:ایضاً): عذاب جہنم سے ڈرانے والا

نژاد [نَ ژا د] (ف:ایضاً): نسل، نسب

نسا (۱) [نِ سا] (ع: جمع سماعی: واحد امرأۃ: عورت): عورتیں

(۲) [نَ سا] (ع: ایضاً): ایک رگ کا نام دیکھیے
عِرق النساء

نسب [نَ سَ ب] (ع: ایضاً): شجرہ، خاندان

نستعلیق [نَ سْ تا لی ق] (ع: ......ت عْ......ق):
(۱) ایک رسم خط کا نام جو نسخ اور تعلیق دونوں خطوں کو ملا کر
بنایا گیا ہے (۲) شستہ، وضع دار

نسخ (۱) [نَ سْ خ] (ع: ایضاً): ایک رسم الخط کا نام
......کرنا: منسوخ کرنا

(۲) [نُ سَ خ] (ع: ایضاً جمع: واحد نسخہ): کتابی نسخے

نسخہ [نُ سْ خا] (ع:......خہ): (۱) علاج کے لیے دواؤں
کی پرچی (۲) کتاب کی کاپی

نسق [نَ سَ ق / بول چال نَ سْ ق] (ع: نَ سَ ق):
قاعدہ، قانون جیسے نظم و نسق

نسلاً بعد نسل [نَ سْ لَ نْ با د نَ سْ ل]
(ع: ......غ...... نَ سْ لِ ن): پشت در پشت

نسناک [نَ سْ نا ک] (ف: ایضاً): بن مانس

نسوار [نِ سْ وا ر] : سونگھنی، سونگھنے کا تمباکو

نسواں [نِ سْ وا ں] (ع: جمع: واحد امرأۃ): عورتیں

نسیاً منسیا [نَ سْ یَ نْ مَ نْ سْ یا] ......ہونا: بالکل
بھلا دینا، مٹ جانا۔ (ع: ...... مَ نْ سِ یَا)

نسیاں [نِ سْ یا ں] (ع: ایضاً): فراموشی، بھولنا

نسیہ [نِ سْ یا] (ع: نِ سْ یہ) : اُدھار، نقد کی ضد

نشاۃ [نَ شا ت] (ع: نَ شْ اَ ت : زمانہ، نئی زندگی
پانا): زمانہ، دَور

نشاتین [نَ شْ اَ ت یے ن] (ع: ایضاً: تثنیہ): دو
دنیائیں، دنیا و عقبیٰ

نشاۃ الثانیہ [نَ شْ اَ ثْ ثا نِ یا] (ع:......یہ)
: دورِ ثانی، زندگی بخش زمانہ (Renaissance)

نشاستہ [نِ شا سْ تا] (ف:......تہ): ایسی اشیاء جن سے
خمیر اُٹھے (کاربوہائیڈریٹ)

نشاط [نِ شا ط] (ع: نَ شاط): خوشی ترکیب عیش و نشاط
میں مستعمل

نشان [نِ شا ن / نَ شا ن] (ف: نِ شا ن: علم،
تمغہ، فرمان شاہی) : (۱) علامت (۲) علم

نشانہ [نِ شا نا] (ف:......نہ): ہدف

نشتر [نَ شْ تَ ر] (ف: نِ شْ تَ ر): جراح کا
اوزار

نشر [نَ شْ ر] (ع: ایضاً: پھیلانا): (۱) اشاعت جیسے نشر و
اشاعت (۲) قیامت جیسے حشر و نشر

نشست [نَ شِ سْ ت] (ف: نِ شَ سْ ت فارسی
مصدر نشستن (بیٹھنا) سے بنا حاصل مصدر): (۱) بیٹھنے کی
جگہ (۲) مجلس

نشور [نُ شوُ ر] (ع: ایضاً): محشر، قیامت

نشوونما [نَ شْ وَ نُ ما] (ع.ف: نَ شْ وَ نَ ما): بالیدگی

نشہ [نِ شا] (ف:......شہ): مستی

نشیب [نَ شے ب] (ف: ایضاً): ڈھلان ضد: فراز

نشیمن [نَ شے مَ ن] (ف: ایضاً): گھونسلہ

نشیں [نَ شی ں] (ف: نِ شی ن : نشستن کا امر):
مرکبات پردہ نشیں، دل نشیں وغیرہ میں مستعمل

نصاب [نِ صا ب] (ع: ایضاً): (۱) مال کی ایک سال میں
جمع اتنی رقم جس پر زکوۃ واجب ہو (۲) کورس

نصاریٰ [نَ صا را] (ع:......رٰی جمع: واحد نصرانی): عیسائی لوگ

نصب [نَ صْ بْ] (ع:ایضاً)...... کرنا : گاڑنا

نصب العین [نَ صْ بُ لْ عَ یْ نْ] (ع:ایضاً: جس پر آنکھ گڑی ہو) : مقصد

نصرانی [نَ صْ را نی] (ع:ایضاً): عیسائی

نصرت [نُ صْ رَ ت] (ع:ایضاً: مدد): فتح

نصوح [نَ صوٗ ح] (ع:ایضاً): خالص جیسے توبۃ النصوح: دل سے کی ہوئی توبہ

نصیری [نُ صَ یْ ری] (ع:ایضاً): حضرت علیؓ کو خدا ماننے والا ایک فرقہ

نطع [نَ طآ] (ع:......طْ ع): چمڑے کا بچھونا

نطعِ زمیں : زمین کا چرمی بچھونا، مراد سطحِ زمین

نطق [نُ طْ ق] (ع:ایضاً): گویائی

نظارت [نَ ظا رَ ت] (ع:ایضاً: نگہبانی، دیکھ بھال کرنا) : ناظر کا محکمہ

نظارہ [نَ ظْ ظا را / نَ ظا را] (ع:......رہ): منظر

نظامت [نِ ظا مَ ت] (ع: نَ ظا م ت): جلسہ کا انتظام سنبھالنا

نظریہ [نَ ظْ رِ یا] (ع: نَ ظَ ری یَہ) : نقطہ نظر، اندازِ فکر

نظیر [نَ ظی ر] : مثال

نعش [نا ش] (ع: نَ عْ ش : لاش رکھنے کا تابوت، جنازہ): لاش

نعل بندی [نا لْ بَ نْدی] (ع.ف: نَ عْ لْ بَ نْدی) : (۱) جانوروں کے کھروں میں نعل ٹھوکنا (۲) خراج

نعلین [نا لَ یْ ن] (ع:......عْ......ن: نَعْل کا تثنیہ): جوتوں کی جوڑی

نغز [نَ غْ زْ] (ف: ایضاً): عمدہ بات

نغز گو: فصیح البیان

نفاذ [نِ فا ذ] (ع : نَ فا ذ) : عمل میں لانا، جاری کرنا / ہونا

نعم (۱) [نَ عَ م] (عربی حرف ایجاب): ہاں

(۲) [نِ اَ م] (ع: نِ عَ م جمع: واحد نعمت): نعمتیں، ترکیب ناز و نعم میں مستعمل

نعم البدل [نے مُ لْ بَ دَ ل]

(ع: نِ عْ مَ لْ......ل): بہتر متبادل

نعمتِ غیر مترقبہ [نِ اْ مَ تِ غَ یرِ مُ تَ رَ قْ قَ با] (ع: نِ عْ......قَ بہ): غیر متوقع نعمت، وہ بہت بڑی نعمت جس کا وہم و گمان بھی نہ ہو۔ دیکھیے مترقبہ

نفاس [نِ فا س] : وہ گندہ خون جو بچے کی ولادت کے بعد بھی زچہ کے جاری ہو ترکیب حیض و نفاس میں مستعمل

نفاست [نَ فا سَ ت] (ع:ایضاً): ستھراپن، لطافت، عمدگی

نفاق [نِ فا ق] (ع:ایضاً): پھوٹ

نفخ [نَ فْ خ] (ع:ایضاً): پھونکنا

نفخِ صوٗر : صوٗر کا بجانا

نفر [نَ فَ ر] (ع:ایضاً): (۱) فرد واحد جیسے دو نفر: دو آدمی (۲) نوکر

نفری [نَ فَ ری] (ع:ایضاً): ایک آدمی کا کام

نفری قوّت : تعداد کی قوّت Man power

نفریں [نَ ف ری ں] (ف:نِ فْ ری ں)...... کرنا:
کوسنا، پھٹکار کرنا، ملامت کرنا

نفس (۱) [نَ ف س] (ع:ایضاً):روح، ذات بمعنی
انسان جمع نفوس / انفس

(۲) [نَ فَ س] (ع:ایضاً):سانس جمع انفاس

نفقہ [نَ ف قا](ع: نَ فَ قہ: خرچہ):اردو میں نان
نفقہ مستعمل

نان نفقہ : طلاق کے بعد مطلقہ اور اس کے بچوں کو دی جانے
والی رقم

نفل [نَ فِ ل] (ع: نَ فْ ل:زائد):وہ نماز جو
فرض، واجب اور سنت نہ ہو

نفوذ [نُ فو ذ] (ع:ایضاً: تیر کا نشانہ توڑ کر آگے نکل جانا):
اندر گھسنا، سرایت کرنا

نفور [نُ فو ر] (ع:ایضاً: نفرت، بھاگنا):نفرت کرنے
والے کو بھی کہتے ہیں

نفوس [نُ فو س](ع:ایضاً جمع:واحد نفس):انسان،
دیکھیے نفس

نقاب (۱) [نِ قا ب/ نَ قا ب](ع:نِ قاب):سر
چھپانے کا پردہ

(۲) [نَ قْ قا ب] (ع:ایضاً):نقب زن

نقاط [نُ قا ط](ع:نِ قا ط جمع:واحد نقطہ):نقطے

نقب [نَ قَ ب](ع: نَ قْ ب) : سوراخ، گھر کی
دیوار توڑ کر چوری کی نیت سے اندر گھسنا

نقب لگانا :چوری کرنا

نقد [نَ قْ د/ نَ قَ د] (ع: نَ قْ د):(۱)حاضر
رقم(۲) تنقید ترکیب 'نقد و تبصرہ' میں تلفظ نقْد مستعمل

نقرہ [نُ قْ را] (ف:......رہ): چاندی دیکھیے آب نقرہ

نقص [نَ قْ ص/ بول چال نُ قْ ص]
(ع:نَ قْ ص) : عیب، کمی

نقض [نَ قْ ض] (ع:ایضاً):توڑنا

نقضِ امن: بدامنی

نقط [نُ قَ ط] (ع:ایضاً جمع:واحد نُقْطہ): نقطے، اردو میں
'بے نقط سنانا' مستعمل

نقل (۱) [نَ قْ ل /بول چال نَقَل](فارسی معنی
نصیحت آموز کہانی۔ ع:ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا یا کوئی
چیز لے جانا)...... کرنا: ہو بہو دہرانا

(۲) [نُ قْ ل] : (۱)وہ مزیدار چیزیں جو شراب پینے
کے بعد منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے کھائی جائیں (۲)شیرینی

نقلِ مجلس / محفل : احمق آدمی کی نسبت بولتے ہیں

نقیض [نَ قی ض]: متضاد ہونا دیکھیے متناقض

نکات [نُ کا ت](ع:نِ کات جمع:واحد نکتہ): خاص خاص
باتیں

نکبت [نَ کْ بَ ت] (ع:ایضاً):ذلت و خواری

نک سک [نِ کْ سُ ک](ہ: نک سِک نک: نکھ
ناخن، سِک: شِکھا: سر، مراد سر کے بال)

نِک سِک سے درست ہونا :پاؤں کے ناخن سے لیکر سر
کے بالوں تک سجنا، بناؤ سنگھار کرنا، ناک نقشہ اچھا ہونا

نکو (۱) [نِ کو] (ف:ایضاً: نیک):اردو میں غیر مستعمل

(۲) [نَ کْ کو] : ناک والا

نکو بننا (نکّوں میں ناک والے کی بدنامی ہونا): بدنام ہونا

نکوسنا [نِ کو سْ نا] : دانت نکوسنا: دانت دکھانا، بے ڈھنگے
پن سے ہنسنا

نکوہش [نِ کو ہِ ش] (ف:ایضاً): ملامت، جھڑکی
نکہت [نَ کْ ہَ ت / بول چال نِ کَ ہَ ت]
(ف: نَ کْ ہَ ت): خوشبو
نکیل [نَ کے ل]: اونٹ کے ناک میں بندھی رسّی جو لگام
کا کام دیتی ہے
نگار [نِ گا ر] (ف:ایضاً، نگاشتن (لکھنا، تصویر بنانا) کا امر)
:(۱) خوبصورت محبوبہ (۲) نقش جیسے نقش و نگار (۳) لکھنے
کے معنوں میں ان مرکبات میں بطور اسم فاعل نثر نگار،
افسانہ نگار وغیرہ
نگار خانہ [نِ گا ر خا نا] (ف:......نہ): تصویر خانہ،
اسٹوڈیو
نگراں [نِ گْ را ں] (ف: نِ گَ را ں :
نگریستن (دیکھنا) کے امر 'نگر' سے بنا حالیہ: رکھوالا
نگر (۱) [نَ گَ ر] (ہ:ایضاً): شہر
(۲) [نِ گَ ر] (ف:نگریستن / نگریدن (دیکھنا) کے
امر سے بنے اسم فاعل مندرجہ ذیل مرکبات میں مستعمل
(۱) دست نگر: محتاج (۲) حقیقت نگر: حقیقت دیکھنے والا / والی
نگوں [نِ گوْ ں] (ف:ایضاً): (۱) اوندھا (۲) جھکا ہوا،
سرنگوں: شرمندہ
نگیں [نَ گی ں] (ف:ایضاً): نگینہ دیکھیے زیرِ نگیں
نمد پوش [نَ مَ دْ پو ش] (ف:ایضاً): نمدہ پہننے والا
درویش
نمدہ [نَ مْ دا] (ف:......دہ): اونی کمبل
نمش [نَ مَ ش] (موزّد): جھاگ دار دودھ جسے رات
میں اوس میں رکھ کر تیار کیا جاتا ہے۔ ایک ڈش

نمکین [نَ مْ کی ں] (ف:نَ مَ کی ں): نمک کے
ذائقہ والا، کھاری
نم گیرا [نَ مْ گی را] (موزّد): وہ کپڑا جو کھلے میں بچھے
پلنگ کو اوس سے محفوظ رکھنے کے لیے پلنگ کی چھت کے
اوپر ڈالا جاتا ہے
نمو [نَ موْ] (ف۔ع:ایضاً): اُگنا، بڑھنا
نمودار [نَ موْ دا ر](ف:نَ موْ دا ر)...... ہونا: نظر آنا
نمود [نُ موْ د / نَ موْ د](ف:نُ مود): (۱) دکھائی
دینا (۲) شان و دکھاوا جیسے نام و نمود
نند [نَ نْ د / نَ نَ د] : شوہر کی بہن
ننہال [نَ نِ ہا ل]: نانا / نانی کا گھر
نوا [نَ وا]: (۱) آواز (۲) ساز و سامان دیکھیے بے نوا
نواب [نَ وّا ب / نَ وا ب] (ع:نُوّاب: نائب
بمعنی قائم مقام حاکمِ اعلیٰ کی جمع): اُردو میں بصیغۂ واحد
مستعمل، معنی معروف
نوادر [نَ وا دِ ر] (ع:ایضاً جمع: واحد نادر: انوکھا):
نایاب چیزیں
نوادرات [نَ وا دِ را ت] (ع:......دِ......ت: نوادر کی
جمع الجمع) : نایاب چیزیں
نوار / نواڑ [نِ وا ر / ڑ] : چارپائی بننے کی پٹّی
نوالہ [نِ وا لا](ع: نَ وا لہ) : لقمہ
نوامیس [نَ وا می س] (ع:ایضاً جمع: واحد ناموس:
قاعدہ دستور) : قوانین
نوامیسِ فطرت: قوانینِ قدرت
نواہی [نَ وا ہی] (ع:ایضاً جمع: واحد نہی): وہ اعمال بد جو
شرعاً ممنوع ہوں، ضد: اوامر

نو [نَ وْ]: (۱) (ار: عدد آٹھ جمع ایک) (۲) (ف: نیا): نیا کے
معنوں میں مندرجہ ذیل تراکیب میں مستعمل

نوباوہ [نَ وْ با وا] (ف:......وہ: پھل): تازہ میوہ

نوبہار: نئی بہار مراد بہار

نورستہ [رُ سْ تا] (ف:......تہ): نیا اگا ہوا

نونہال: نیا پودا، درخت مراد بچہ

نوج [نَ وْ جَ] (موّرد): نعوذ باللہ کے پہلے لفظ نعوذ کی
اردو ہیئت): عورتوں کی زبان پر کلمۂ تحقیر

نوحہ [نَ وْ حا] (ع:......حہ): کسی کے مرنے پر رو رو کر
اظہار غم کرنا دیکھیے بَین

نور اللہ مرقدہٗ [نَ وْ رُ لْ لا ہُ مَ رْ قَ دَ ہٗ]
(ع: ایضاً: اللہ اس کی قبر کو منور کرے): کسی بزرگ متوفی
کے لیے دعائے خیر

نورتن [نَ وْ رَ تَ نْ] (ہ: رَتن): (۱) نو (۹) جواہر
(۲) دربار اکبری کے نو دانشوروں اور ماہرین کی جماعت

نورد [نَ وَ رْد] (ف: نوردیدن (بھٹکنا) کا امر): ان
تراکیب میں مستعمل: بیاباں نورد، صحرا نورد

نوعیت [نَ وْ ا یَ ت] (ع:......عِیَّت): قسم

نومید [نَ وْ می د] : ناامید

نہاد [نِ ہا د] (ف: نہادن (رکھنا) کے ماضی سے بنا حاصل
مصدر): بنیاد، طبیعت

نہار (۱) [نِ ہا ر] (ع: نِ ہا ر : دن): ان مرکبات
میں مستعمل: لیل و نہار، نصف النہار
(۲) [نِ ہا ر] : صبح دم خالی پیٹ ہونا

نہارنا [نِ ہا رْ نا] : دیکھنا

نہاری [نِ ہا ری] : ایک قسم کا ناشتہ

نہال [نِ ہا ل] (ع: نِ ہا ل): درخت (۲) (ار:)......
کرنا/ہونا: خوش کرنا/ہونا

نہان [نَ ہا ن] : نہانا کا حاصل مصدر، غسل

نہانی (۱) [نَ ہا نی] : نہانے کی جگہ، موری
(۲) [نِ ہا نی] (ف: نِہانی): پوشیدہ، غم نہانی، اندام
نہانی

نہایت [نِ ہا یَ ت] (ع: نِ ہا یَ ت):
(۱) (اسم) انتہا (۲) صفت : بہت

نہہ [نُہ ہ] (ف : نُہ ہ : فارسی عدد دس میں ایک کم):
ان تراکیب میں مستعمل نہہ فلک، نہہ سپہر (نو آسمان)

نہج [نَ ہْ ج] (ع: نَ ہْ ج): طریقہ، ڈھنگ

نہر [نَ ہْ ر] (ف: نَ ہْ ر) : ندی، نالہ

نہفتہ [نِ ہُ فْ تا] (ف: نِ ہُ فْ تہ : نہفتن
(چھپنا) سے بنا اسم مفعول): چھپا ہوا

نہنگ [نِ ہَ نْگ] (ف: نَ ہَ نْگ): مگرمچھ، گھڑیال

نہوڑانا [نِ ہُ وْ ڑا نا] : جھکانا جیسے سر نہوڑانا

نہی [نَ ہی] (ع: نَ ہْ یَ) : امر کی ضد دیکھیے نواہی
(۲) معدوم

نیابت [نِ یا بَ ت] (ع: ایضاً): قائم مقامی

نیاز [نِ یا ز] (ف: بندگی، خاکساری ناز کی ضد) (ار:): نذر
کا کھانا

نیام [نِ یا م / بول چال نَیام] (ف: ایضاً): تلوار کا غلاف،
میان

نیاگاں [نِ یا گا ں] (ف: جمع: واحد نیا) آباؤ اجداد

نے [نَ ئے]: (۱) (ف: حرف نفی: نہیں)
(۲) (ار): بانسری، نلکی

نیچہ [نَ یْ چا] (ف:...... چہ حرف تصغیر: چھوٹی نلی): حقے کی نلی

نیر [نَ یِّ ر] ، (ع: نَ یِ ر :روشنی دینے والا): روشن ستارہ اردو میں نیر اعظم بمعنی سورج مستعمل

نیرنگ [نَ یْ رَ نگ] (ف: ایضاً): طلسم، جادو

نیرنگ ساز: شعبدہ باز، فریبی

نیرنگی [نَ یْ رَ نگی] : طلسم، جادو

نیرنگیٔ زمانہ :زمانے کا اُتار چڑھاؤ

نیساں [نَ یْ سا ں] (ف: ساتواں رومی مہینہ مطابق فروردیں): فارسی ادبی روایت کے مطابق اس مہینے کی بارش سے جو بوندیں سیپی میں جاتی ہیں، موتی بن جاتی ہیں۔ ایسے بادل کو ابر نیساں کہتے ہیں۔

نیست [نی سْ ت] (ف: نہیں ہے): نابود ہونا، ترکیب نیست و نابود میں مستعمل

نیستاں [نَ یَ سْ تا ں / نَےْ سْتا ں] (ف: ایضاً) : بانس کا جنگل

نیش [نے ش] (ف: نی ش): ڈنک

نیشتر [نی شْ تَ ر] (ف: ایضاً): دیکھیے نشتر

نیشکر [نَ یْ شْ کَ ر] (ف: وہ نَے جس میں شکر ہو) : گنا

نیگ [نے گ] :شادی یا دیگر تقریبات میں تحفہ یا نقدی دینا

نیل (۱) [نی ل] :(۱) ایک دریا کا نام (۲) کپڑا صاف دھونے کا سفوف (۳) ضرب کی وجہ سے جسم پر پڑنے والا نیلا نشان

(۲) [نَ یْ ل] (ع: ایضاً: حاصل کرنا): حصول، اردو میں بے نیل و مرام میں مستعمل

نیلِ مرام [نَ یْ لِ مَ را م] (ع: مَرام: مقصد) : حصولِ مقصد۔ اردو میں بے نیلِ مرام کی جگہ بے نیل و مرام مستعمل۔ بے نیل و مرام لوٹنا: خالی ہاتھ لوٹنا

نیلوفر [نی لو فَ ر] (ف: نی لو فَ ر): کنول

نیمہ آستیں [نی ما آ سْ تی ں] (ف: نیمہ): آدھے آستین کا صدریہ جسے انگرکھے کے اوپر پہنتے ہیں

نین سکھ [نَ نے ن سُ کھ] :ایک قسم کا موٹا کپڑا

نینو [نَ یْ نوْ]: ایک سوتی کپڑا جس پر آنکھ کی شکل کے تارے بنے ہوتے ہیں

نیو [نی وْ] : بنیاد

نیوتا [نے وْ تا] : دعوت

نیوڑھانا [نے وْ ڑھا نا] : دیکھیے نہوڑانا

نیوش [نِ یو ش] (ف: نِ یُو ش : نیوشیدن (سننا) کا امر): جیسے گوشِ نصیحت نیوش: نصیحت سننے والے کان

(و)

وابستہ [وا بَ سْ تا] (ف:...... تہ): متعلق، جڑا ہوا/ ہوئی (وابستن باندھنا سے)

وابستگان [وا بَ سْ تَ گا ن] (ف: جمع: واحد وابستہ): مراد رشتہ دار

واپسیں [وا پَ سی ں] (ف: وا پَ سی ں): آخری، پچھلا

نفسِ واپسیں : آخری سانس

واثق [وا ثِ ق] (ع: ایضاً): مضبوط، یقینِ واثق: پورا یقین

واجبات [وا جِ با ت] (ع:واج بات جمع:واحد: واجب):واجب الادا رقوم

واجبی [وا جْ بی] (ع:وا ج بی:ضروری):مناسب

وادید [وا دی د](ف:دیکھنا):ترکیب دید وادید میں مستعمل :ملاقات

وار [وا ر] : (۱) (ہ : ضرب)(۲)(ف:لاحقہ):ذیل کی ترکیبوں میں مستعمل:بزرگوار، دیوانہ وار، فرقہ وار، ہفتہ وار

واردات [وا رِ دا ت] (ع:......رِ......ت جمع:واحد وارد : آنے والا):اردو میں بصیغۂ واحد مستعمل(۱)واقعہ، حادثہ جیسے موقع واردات (۲)دل پر گذرنے والی کیفیت، حال، دل کی واردات

وارستہ [وا رَ سْ تا] (ف:......تہ): آزاد، بے نیاز

وارفتہ [وا رَ فْ تا](ف:......تہ:بے خبر):دیوانہ

واژگوں [وا ژْ گو ں] (ف:ایضاً):اوندھا، اُلٹا

واسوخت [وا سو خْ ت] (ف:ایضاً):ایک صنفِ سخن جس میں شاعر اپنی محبوبہ سے جلن کا اظہار کرتا ہے

واشد [وا شُ د] (ف:ایضاً): پھول کا کھلنا جیسے واشدِ گل

واشگاف [وا شِ گا ف] (ف:ایضاً):صاف صاف، کھول کر بیان کرنا

واضع [وا ضِع] (ع:وا ضِ ع :رکھنے والا):بنانے والا دیکھیے وضع

واعظ [وا عِ ظ] (ع:واعِ ظ):وعظ کرنے والا

وافر [وا فِ ر](ع:ایضاً):کافی، بہت

واقف کار [وا قِ ف کا ر/واقفِ کار] (ع.ف:واقفِ کار): جاننے والا

واقفیت [وا قِ فِ یَ ت] (ف:وا قِ فِ یَ ت) ...... ہونا: معلوم ہونا

واقعہ [وا قِ آ] (ع:واقِ عہ): بات جو ہو جائے

واقعی [وا قِ ای] (ع: وا قِ عی): حقیقت میں

واگذاشت [وا گُ ذا شْ ت](ف:ایضاً)......کرنا:لوٹانا

والا [وا لا](ف:ایضاً):بلند

والا تبار: عالی خاندان دیکھیے اعلیٰ تبار

والا قدر : بلند مرتبہ

والہ [وا لا] (ع:......لہ):شیدا جیسے والہ وشیدا

واماندگی [وا ما ند گی] (ف:وا ما ند گی): تھک کر پیچھے رہ جانا، تھکاوٹ

واویلا [وا وَ یْ لا](ع: ایضاً:افسوس): ہنگامہ، شور

وتر (۱) [وَ تْ ر](ع:ایضاً):مثلث قائمۃ الزاویہ میں زاویۂ قائمہ کے سامنے کا ضلع

(۲) [وَ تْ ر /بول چال وِ تْ ر] (ع: وَتْ ر): ایک نماز کا نام

وتیرہ [وَ تی را] (ع:ایضاً):عادت

وثوق [وَ ثُو ق] (ع: وُ ثُو ق) : اعتماد

وجاہت [وَ جا ہَ ت](ع:ایضاً) : خوبصورتی، چہرہ کا رُعب

وجدان [وِ جْ دا ن] (ع:ایضاً):وہ قوتِ حسّی جس سے چیزوں کا ادراک ہو، ضد: عقل

وجع [وَ جا] (ع: وَ جْ ع):درد، ان تراکیب میں مستعمل :وجع مفاصل (گٹھیا)، وجع الظہر (پیٹھ کا درد)

وجوب [وَ جو ب] (ع:وُجوب):واجب ہونا

وجود [وَ جو د](ع:وُجود):ہستی

وجوہ [وَ جُوْ ہ] (ع: وُ جوُ ہ) : وجہ کی جمع

وجوہات [وَ جُوْ ہا ت] (ع: وُ جوُ ہا ت) : وجہ کی جمع الجمع۔ اُردو میں کثیر الاستعمال

وجیہہ [وَ جی ہ] (ع: ایضاً): خوبصورت، رعب دار

وجہ [وَ جَ ہ] (ع: وَ جْ ہ : چہرہ، رقم، ذریعہ معاش): اردو میں صرف سبب کے معنوں میں

وحشت [وَ حْ شَ ت] (ع: وَ حْ شَ ت): ہول، گھبراہٹ

وحوش [وَ حوُ ش] (ع: وُ حوُ ش جمع: واحد: وحشی): وحشی جانور

وحی [وَ حی] (ع: وَ حْ + یَ) : پیغامِ ربانی (ترکیبوں میں اصل عربی تلفظ لوٹ کر آتا ہے)

وداع [وِ دا] (ع: وَ دا ع / وِدٰ ع): جدا ہونا، رخصت ہونا

وراثت [وِ را ثَ ت] (ع: ایضاً): ترکہ، میراث

ورثا [وُ رْ ثا] (ع: وُ رَ ثا، جمع: واحد وارث): ورثہ پانے والے

ورثہ [وِ رْ ثا / وَ رْ ثا] (ع: وَ رْ ثہ): میراث

ورطہ [وَ رْ طا] (ع: ..... طہ): بھنور

ورد [وِ رْ د] ..... کرنا: کسی لفظ یا فقرے کو بار بار دہرانا، وظیفہ پڑھنا

وردِ زباں ہونا : ازبر ہونا، نوکِ زبان ہونا

ورع [وَ رَا] (ع: وَ رَ ع): پرہیزگاری

ورق [وَ رَ ق] (ع: ایضاً): (۱) پتہ (۲) کاغذ کے آگے پیچھے کے دو صفحے

ورقی [وَ رْ قی] (ع۔ف: وَ رَ قی): ورق سے متعلق

ورم [وَ رَ م] (ع: ایضاً) : سوجن

ورود [وُ روُ د] (ع : وُ روُ د) : کسی جگہ پر آنا، آمد

ورے [وَ رے]: (۱) ادھر، نزدیک، پرے کی ضد

ورید [وَ ری د] (ع: ایضاً): (۱) رگ (۲) رگِ گردن

وزارت [وِ زا رَ ت] (ع: وَ زا رَ ت): وزیر کا عہدہ

وزن [وَ زْ ن / بول چال وَ زَ ن] (ع: وَ زْ ن) : (۱) بوجھ (۲) تول

وساطت [وِ سا طَ ت] (ع: وَ ..... طَت): واسطے سے، ذریعہ سے

وسط (۱) [وَ سْ ط]: درمیان

(۲) [وَ سَ ط] : متوازن، معتدل جیسے اُمّتِ وَسَط

وسطیٰ [وُ سْ طا] (ع: ..... طیٰ) : وسط کی تانیث جیسے مشرقِ وُسطیٰ

وسع [وُ سْ اَ] (ع: وُ سْ ع) : گنجائش

وسعت [وُ سْ اَ ت / وَ سْ اَ ت] (ع: وُ سْ عَ ت) : پھیلاؤ، فراخی

وسمہ [وَ سْ ما] (ع: ..... مہ): نیل کی پتی جس سے خضاب بناتے ہیں

وصول [وَ صوُ ل] (ع : وُ صوُ ل) ..... کرنا / پانا: حاصل کرنا

وصولی [وَ صوُ لی] (موزد): وصول کی ہوئی رقم

وضع [وَ ضا] (ع: وَ ضْ ع) : (۱) حالت، ڈھنگ ..... کرنا: بنانا جیسے اصطلاح وضع کرنا (۲) منہا کرنا (۳) جننا: جیسے وضع حمل

وضع داری [وَ ضا دا ری] : رکھ رکھاؤ

وضیع [وَ ضی] (ع: ..... ع): کم حیثیت والا، ضد: شریف

وضو [وَ ضوٗ] (ع: وُ ضوٗ) : معنی معروف

وعدہ [وا دا] (ع: وَ عْ دَ ہ) : معنی معروف

وعظ [وا ظ] (ع: وَ عْ ظ) : نصیحت آموز خطبہ

وغا [وَ غا] (ع:ایضاً): جنگ

وفاق [وِ فا ق] (ع:ایضاً: سازگاری): اتحاد، فیڈریشن

وفد [وَ فْ د] (ع:ایضاً جمع: واحد وافد): اردو میں بطور

واحد مستعمل: ایلچی، ڈیلی گیٹ

وفور [وَ فوٗ ر] (ع: وُ فو ر) : بہتات، کثرت

وقار [وِ قا ر] (ع : وَ قا ر) : شان، رعب

وقائع [وَ قا یے] (ع: وَ قا ا ع) : واقعات

وقائع نگار: قدیم زمانے کا ایک عہدہ، واقعات قلمبند کرنے

والا، تاریخ نویس

وقس علی ہٰذا [وَ قِ س اَ لا ہا ذا] (ع:...... علیٰ:

لفظی معنی: اور اسی پر قیاس کر): وغیرہ

وقعت [وَ قْ اَ ت] (ع:......عْ ت): عزت، اعتبار

وقوع [وَ قوٗ] (ع: وُ قو ع) : واقع ہونا

وقوعہ [وَ قو آ] (ع: وُ قو عہ) : واقعہ

وقوف [وَ قو ف] (ع: وُ قو ف) : واقفیت، اُردو

میں بے وقوف مستعمل

وقیع [وَ قیٖ] (ع: وَ قی ع: تیز (تلوار کی صفت) سخت) :

وقعت رکھنے والا، باوقار

وکالت [وَ کا لَ ت / وِ کا لَ ت] (ع: وَکالَ ت)

: وکیل کا پیشہ

وگرنہ [وَ گَ رْ نا] (ف: وَ + اگر + نہ): ورنہ

ولا [وِ لا] (ع:ایضاً): محبت

ولایت [وِ لا یَ ت]: (۱) ولی ہونے کا مقام (۲) غیر ملک

ولد [وَ لَ د] (ع:ایضاً) : بیٹا، دیکھیے لاولد

ولدیت [وَ لْ دِ یَ ت] (ع: وَ لَ دِ یَّ ت):

مراد باپ کا نام

ولولہ [وَ لْ وَ لا] (ع:...... لہ): جوش، اُمنگ

ولی نعمت [وَ لی نِیا مَ ت] (ع: وَلی نِ عْ مَ ت):

آقا

وہاب [وَ ہا ب] (ع: وَ ہْ ہا ب) : بہت بخشش کرنے

والا، خدا کی صفت

وہابی [وَ ہا بی] (ع: وَ ہّا بی) : ایک فرقہ جو

عبدالوہاب نجدی کا پیرو ہے۔ دین میں سخت گیر

وہاج [وَ ہا ج] (ع: وَ ہْ ہا ج : روشن): اردو میں

صرف اسم خاص کے طور پر مستعمل

وہو ہٰذا (ع: وَ + ہُوَ + ہٰذا: اور وہ یہ ہے): مراد حسب ذیل

(ہ)

ہاتف [ہا تِ ف] (ع:ایضاً): غیب سے آواز دینے والا

ہاجرہ [ہا جْ را] (ع: ہا جِ رہ) : حضرت اسمٰعیل کی

والدہ کا نام

ہاشمی [ہا شْ می] (ع: ہا شِ می) : منسوب بہ ہاشم جو

آنحضرتؐ کے خاندان کے مورث اعلیٰ تھے

ہاضمہ [ہا ضِ ما] (ع:ہا ضِ مہ) : ہضم کرنے کا عمل

ہاروت [ہا روٗ ت] (ع:ایضاً): ایک فرشتہ کا نام

ہارون (۱) [ہا روٗ ن] (ع:ایضاً): ایک پیغمبر کا نام

(۲) [ہا رْ وَ ن]: ایک مقام کا نام جہاں کے باشندہ کو

ہارَونی کہتے ہیں جیسے عثمان ہارَونی

ہامون [ہا موٗ ن]: چٹیل میدان، ریگستان

ہامی [ہا می] : اقرار، ہامی بھرنا

ہاون دستہ [ہا وَ ن دَ سْ تا] (ف:......تہ): لوہے کی اوکھلی اور موسل

ہاویہ [ہا وِ یا] (ع:......یہ): دوزخ کا ساتواں طبقہ

ہٰذا [ہا ذا] (ع: ایضاً، ضمیر اشارۂ قریب: یہ): دیکھیے لہٰذا

ہٰکذا [ہا کَ ذا] (ع:......ذا: اسی طرح): دیکھیے کذا

ہبکنا [ہَ بَ کْ نا] : گھبرانا

ہُبَل [ہُ بَ ل] (ع: ایضاً): قبل فتح مکّہ خانہ کعبہ کے ایک بت کا نام

ہبوط [ہُ بُوْ ط] (ع: ایضاً): نیچے اُترنا جیسے ہبوطِ آدم، صعود کی ضد

ہبہ [ہِ با] (ع:......بہ)......کرنا: بخشش کرنا، جائیداد کا بطور ہدیہ دینا

ہتک [ہَ ت ک] (ع: ہَ تْ ک): بے عزتی، توہین

ہتکنڈہ [ہَ تْ کَ نْ ڈا] (ہَتْ کنڈا): ہاتھ کی صفائی، چالاکی، فریب

ہتھ پھول [ہَ تھ پھُوْ ل] : ایک قسم کی آتش بازی

ہجو [ہَ جْ + وْ] (ع: ایضاً) : بُرائی

ہچر مچر [ہِ چَ رِ مِ چَ رِ]......کرنا: پس و پیش کرنا

ہچکا [ہُ چْ کا]: ڈور لپیٹنے کی چرخی

ہچکنا [ہِ چَ کْ نا]: پیچھے ہٹ جانا، ہچکچانا

ہچکولا [ہِ چْ کوْ لا]......کھانا: کشتی وغیرہ کا پانی میں ڈگمگانا

ہدایا [ہَ دا یا] (ع: جمع: واحد ہدیہ): تحفے

ہدف [ہَ دَ ف] (ع: ایضاً): نشانہ

ہدیٰ [ہُ دا]: راہِ راست

ہدیہ [ہَ دْ یا] (ع:......یہ)(۱): نذرانہ، تحفہ (۲) قرآن مجید کے نسخے کی قیمت

ہذیان [ہِ ذْ یا ن] (ع: ہَ ذْ یا ن): بیہوشی کے عالم میں بے ربط گفتگو کرنا

ہر آئینہ [ہَ رْ آ اِی نا]: ہر لحاظ سے

ہرات [ہِ را ت]: افغانستان کے ایک شہر کا نام

ہراج [ہَ را ج] (ع: ہَ رْ را ج) : نیلام

ہراس [ہِ را س]: خوف

ہراول [ہَ را وَ ل] (ت: ہَ را وُ ل): دستہ، وہ فوجی دستہ جو فوج کے پہنچنے سے پہلے کسی مقام کا جائزہ لینے کے لیے بھیجا جائے

ہرجائی [ہَ رْ جا اِی] (ف: ایضاً: آوارہ پھرنے والا): بے وفا محبوب

ہرج [ہَ رْ ج / بول چال ہَ رَ ج] (ع: ایضاً: فتنہ): نقصان

ہرج مرج [ہَ رَ ج مَ رَ ج]
(ع: ہَ رْ ج مَ رْ ج) : مصیبتیں، پریشانیاں

ہرزہ [ہَ رْ زا] (ف:......زہ): بیہودہ بات

ہرزہ گرد: آوارہ گرد

ہرزہ گو : بے ہودہ گو

ہرقل [ہِ رَ قْ ل] (معرب): قدیم شاہانِ روم کا لقب

ہرمز [ہُ رْ مُ ز]: ایک جزیرے کا نام

ہرن (۱) [ہِ رَ ن]: ایک جنگلی چوپایہ، آہو
(۲) [ہَ رَ ن] (ہ: اُٹھالے جانا): جیسے سیتا ہرن، من ہرن

ہرنوٹا [ہِ رْ نَ ڈْ ٹا]: ہرن کا بچہ، چھوٹا ہرن

ہریرہ [ہُ رَ یْ را] (ع:۔۔۔۔۔رہ): چھوٹی سی بلی، ابوہریرہ : (چھوٹی سی بلی والا) ایک مشہور صحابی کا نام

ہریل [ہَ رْ یَ ل] : ایک قسم کا ہرا کبوتر

ہریسہ [ہَ ری سا]: ایک قسم کا حلیم

ہڑبڑانا [ہَ ڑْ بَ ڑا نا]: گھبرا جانا

ہڑبونگ [ہَ ڑْ بَ وْ نگ]: شور ہنگامہ

ہڑدنگا [ہُ ڑْ دَ نگا]: بے ڈھنگا لڑاکا

ہڑکنا [ہُ ڑْ کْ نا]: بچہ کا اس آدمی سے دور ہو جانا جس سے وہ ہلا ہو اور بیمار پڑ جائے

ہزال [ہَ زْ زا ل] (ع: ایضاً): ٹھگو باز، ہجو گو

ہزل [ہَ زْ ل] (ع: ہَ زْ ل): بیہودہ گوئی

ہزیمت [ہَ زی مَ ت] (ع: ایضاً): شکست

ہش [ہُ ش]: اُجڈ، بے ڈھنگا

ہشکارنا [ہُ شْ کا رْ نا]: آوازی اشارے سے کتے کو بھونکنے کی ترغیب دینا

ہضم [ہَ ضْ م / بول چال ہَ ضَ م] (ع: ہَ ضْ م) ۔۔۔۔۔ کرنا: پیٹ میں کھانا پچانا

ہکابکا [ہَ کْ کا بَ کْ کا]: حیرت زدہ

ہلاک [ہَ لا ک] (ع: ایضاً) ۔۔۔۔۔ ہونا : مر جانا

ہلاکت [ہَ لا کَ ت] (ع: ایضاً): موت، بربادی

ہلاکو [ہَ لا کو] (ت: ہَ لا کو) : ہلاک کرنے والا، ایک جابر حکمراں کا نام

ہلاہل [ہَ لا ہِ ل] (ف: ایضاً): زہر قاتل

ہلکورا [ہِ لْ کو را] ۔۔۔۔۔ لینا: موجوں کا اُٹھنا

ہلنا [ہِ لْ نا]: (۱) جنبش کرنا (۲) چھوٹے بچے کا اپنوں سے حد درجہ مانوس ہو جانا

ہما [ہُ ما]: ایک فرضی پرندہ جس کا سایہ پڑنے سے آدمی بادشاہ بن جاتا ہے

ہمتا [ہَ مْ تا]: برابر، مثل: بے ہمتا بمعنی لاثانی مستعمل

ہم شیر [ہَ مْ شی رِ] (ف: سگا بھائی یا بہن): سگی بہن

ہم شیرہ [ہَ مْ شی رہ] (موزّد): سگی بہن

ہمم [ہِ مَ م] (ع: ایضاً جمع: واحد ہمت): ترکیب صاحبِ ہمم بمعنی حوصلہ مند میں مستعمل

ہمیانی [ہَ مْ یا نی / بول چال ہِ مْ یا نی] (ف: ہِ مْ یا نی): کمر سے باندھنے کی روپے پیسوں کی تھیلی

ہنجار [ہَ نْ جا ر] : سیدھا طریقہ، دیکھیے ناہنجار

ہندسہ [ہِ نْدْ سا] (ع: ہَ نْ دَ سہ): جیومیٹری

ہنڈولا [ہِ نْڈو لا]: جھولا

ہنس (۱) [ہَ ں س]: ہنسنا کا امر

(۲) [ہَ نْ س]: ایک قسم کی بط

ہنود [ہُ نو د]: ہندو کی جمع

ہنوز [ہَ نو ز / ہِ نو ز] (ف: ہَ نو ز): ابھی تک

ہوا (۱) [ہَ وا]: (۱) باد (۲) حرص

(۲) [ہَ وّا] : ڈراونی فرضی مخلوق

ہوبہو [ہو بَ ہو] : بالکل ملتا جلتا

ہودہ [ہَ وْ دا] (حوضہ کا موزّد): ہاتھی کا کجاوہ

ہول [ہَ وْ ل] (ع: ایضاً): گھبراہٹ

ہون [ہَ وَ ن] (ہ: ایضاً): آگ جلا کر قربانی کو بھینٹ چڑھانا، ہندوؤں کی ایک رسم

ہونہار [ہو نْ + ہا ر] (ہ: ایضاً: ہونے والا): قابل، لائق (اس بچے کی نسبت بولتے ہیں جس میں عمدہ صلاحیتیں ہوں)

ہونہار بروا [ہو نَ ہا ر ب ر وا]: ہونہار پودا
ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات : یہ کہاوت ایسے موقع پر
بولتے ہیں جب کسی بچے میں بڑے قابل آدمی بننے کے
آثار نظر آئیں
ہویدا [ہُ وَ یے دا] (ف: ایضاً): ظاہر، عیاں
ہیاؤ [ہِ یا وْ] (س: ہِرْدے بمعنی دل کا موڑو): ہمت
ہیئت [ہَ یے اَ ت] (ع: ایضاً املا ہیات): (۱) صورت،
شکل (۲) اجرام فلکی کا علم
ہیئت کذائی: جیسی کہ حالت ہے۔ موجودہ ظاہری شکل و
صورت
ہیٹا [ہے ٹا]: گھٹیا جیسے قسمت کا ہیٹا: بدقسمت
ہیجا [ہَ یے جا] (ع: ایضاً): جنگ
ہیجان [ہَ یے جا ن] (ع: ایضاً): جوش و خروش، ہنگامہ
ہیچ پوچ [ہے چْ پُوْ چ] : بے وقعت، نکما
ہیچ کارہ [ہے چْ کا را] (ف: ہی چْ کا رہ): نکما
ہیچدان [ہے چْ مَ دا ن](ف: ہی چْ م دا ن :
خود کو ہیچ مت سمجھ: نادان کم علم): واحد متکلم کا خود کے
لیے کلمۂ انکسار مراد میں
ہیچمیرز [ہے چْ مَ یَ رْ ز] (ف: ہی چْ مَ یَ رْ ز:
(خود کو بے قیمت نہ جان): نکما، واحد متکلم کا خود کے لیے
کلمۂ انکسار مُراد میں
ہیرا پھیری [ہے را پھے رِی] : ہیر پھیر کرنا، کہاوت:
چور چوری سے جائے مگر ہیرا پھیری سے نہ جائے:
ایسے موقع پر بولتے ہیں جب یہ بتانا مقصود ہو کہ بری
عادتیں آسانی سے نہیں جاتیں

ہیزم [ہَ یے زُ م] (ف: ایضاً): جلانے کی خشک لکڑی،
ایندھن
ہیکڑی [ہے کَ ڑی] : اکڑ
ہیکل [ہَ یے کَ ل](ع: ایضاً): (۱) بڑی عمارت (۲) بت
خانہ کی عمارت (۳) ڈیل ڈول جیسے قوی ہیکل، دیو ہیکل
(۴) طوق (۵) گلے کا وہ زیور جس میں تعویذ کے خانوں کی
طرح خانے بنے ہوتے ہیں (۶) روپے اور اشرفیوں کا ہار
ہیولیٰ / ہیولا [ہَ یُوْ لا] (ع: ایضاً): ابتدائی غیر متشکل مادہ
ہیہات [ہَ یے ہا ت] (ع: ہَ یے ہا ت): کلمۂ تاسف:
افسوس

(ی)

یابس [یا بِ س] (ع: ایضاً): خشک دیکھیے رطب و یابس
یابو [یا بُوْ](ت: ایضاً) : ٹٹو
یادش بخیر [یا دَ شْ ب خَ یے ر](ف: یادش (اُس
کی یاد): کسی دوست کے یاد آنے پر کلمۂ دعائیہ
یارا [یا را] (ف: ایضاً): سکت، طاقت
یارب [یا رَ ب] (ع: یا حرف ندا: اَے): اے خدا
یاسر [یا سِ ر] (ع: ایضاً): بایاں، آسان
یاسمن / یاسمین [یا سْ مَ ن / ......می ن] (ف: ایضاً):
چنبیلی
یافت [یا فْ ت] (ف: یافتن (پانا) سے بنا حاصل مصدر)
: کمائی، آمدنی
یاقوت [یا قُوْ ت] (ع: ایضاً): ایک قیمتی پتھر
یاقوت رَقم: ماہر خوش نویس، خطاط

یامن [یا مِ ن] (ع:ایضاً): یاسر کی ضد، دائیں بازو والا
یمینی، دائیں ہاتھ کے استعمال کا عادی

یاور [یا وَ ر](ف:ایضاً) : مددگار

یاوہ [یا وا](ف: یا و ہ) : بکواس

یاوہ گو: بکواسی

یبوست [یَ بو سَ ت] (ع:ایضاً) : خشکی

یتامٰی [یَ تا ما] (ع:ایضاً جمع: واحد یتیم): یتیم لوگ

یتیم [یَ تی م] (ع: بن ماں باپ کا نابالغ بچہ): یتیم

دُرِّ یتیم: وہ موتی جو صدف میں تنہا ہو، نہایت چمکدار موتی

یثرب [یَ ث رَ ب] (ع: یَ ث رِ ب) : مدینہ
منورہ کا قدیم نام

یخ [یَ خ] (ف:ایضاً) : برف

یخ بستہ [یَ خ بَ سْ تا] (ف:......تہ): جمی
ہوئی برف

ید بیضا [یَ دِ بَ یْ ضا] (ع.ف:ید: ہاتھ۔ بیضا:
سفید، چمکتا ہوا): چمکتا ہوا ہاتھ، حضرت موسیٰ کا ایک معجزہ

ید طولیٰ [یَ دِ طُ و لا] (ع: طولیٰ: اَطول (لمبا) کی
تانیث عربی میں یدؔ مونث ہے): لمبا ہاتھ

ید طولیٰ رکھنا : ماہر ہونا

یراق [یَ را ق] (ت:ایضاً): ہتھیار، سامان (سازو یراق)

یرغمالی [یَ رْ غَ ما لی] : وہ شخص جسے دشمن اپنے حریف
سے اپنی شرطیں منوانے کے لیے قید میں رکھے

یزداں [یَ زْ دا ں] (ف:ایضاً):(۱) آتش پرستوں کے
عقیدے کی رو سے نیکی کا خدا، ضد: اَہْرمن (۲) مسلمان
بھی اپنے خدا کو یزداں کہتے ہیں

یسار [یَ سا ر] (ع:ایضاً): بایاں، یمین (دایاں) کی ضد

یساول [یَ سا وَ ل] (ت:ایضاً): چوبدار، نقیب

یسیر [یَ سی ر](ع:ایضاً: آسان، سہل) : بن ماں کا بچہ

یغما [یَ غْ ما] (ف:ایضاً): ترکستان کے ایک شہر کا نام،
لوٹ کا مال

یکا [یَ کْ کا] (ف: تنہا): اردو میں یکا و تنہا مستعمل

یک بیک [یَ کْ بَ یَ ک] (ف:ایضاً): یکایک

یک جہتی [یَ کْ جَ ہَ تی](ع.ف: یَ کْ ج ہَ تی)
: اتفاق، ہم آہنگی

یکسر [یک سَ ر]: مطلق، بالکل

یکسو [یَ کْ سو] (ف:ایضاً: یک: ایک، سو: طرف):
الگ تھلگ، مطمئن

یکسوئی [یَ کْ سو اِی] (ف:ایضاً): اطمینان، مسائل کو
حل کرنا

یک قلم [یَ کْ قَ لَ م] (ف:ایضاً): بالکل

یک لخت [یَ کْ لَ خْ ت](ف: لخت: ٹکڑا):
یکایک، ایک ساتھ

یکم [یَ کُ م] (ف: یک (ایک) کا عدد ترتیبی): پہلا /
پہلی

یکمشت [یَ کْ مُ شْ ت] (ف: مشت: مٹھی:
یکمشت: ایک مٹھی میں جتنا سما سکے، مٹھی بھر)...... ادا کرنا:
ایک ساتھ ادا کرنا

یکہ [یَ کْ کا] (موزد[?]): ایک قسم کی گھوڑا گاڑی

یکہ تاز [یَ کْ کا تا ز] (ف: یکہ، تاختن (حملہ کرنا)
کا امر 'تاز' اُس سے بنا اسم فاعل): وہ بہادر جو حریف پر اکیلا
ٹوٹ پڑے

یگانگت [یَ گا نْ گَ ت] (ف: یَ گا نَ گَ ت)
: اپناپن

یلدا [یَ لْ دا] (ف: ایضا): سال کی سب سے لمبی رات،
شب یلدا

یلغار [یَ لْ غا ر] (ت: ایضا): ایک ساتھ ٹوٹ پڑنا،
دیکھیے الغاروں برسنا

یمانی [یَ ما نی] (ع: ایضا): منسوب بہ یمن

یم [یَ م] (ع: یَمّ) : سمندر

یمن (۱) [یَ مَ ن] : ایک ملک کا نام
(۲) [یُ مْ ن] (ع: ایضا) : سعادت

یمین [یَ می ن] (ع: ایضا): دایاں

یورش [یُوْ رِ ش] (ت: ایضا): حملہ

یوم السبت [یَ وْ مُ سْ سَ بْ ت] (ع: ایضا: ہفتے
کا دن، سنیچر): جو یہودیوں کے عقیدہ کی رو سے آرام کا دن
ہے

یومیہ [یَ وْ مِ یا] (ع: ...... یہ: یوم سے بنا متعلق فعل):
روزانہ

یہ [یے] (ہ : یَ ہ) : ضمیر اشارۂ قریب

ڈاکٹر عِصمَت جاوید

آمد: ۲/ اگست ۱۹۲۲ء رخصت: ۱۹/ اگست ۲۰۰۲ء